كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ

الحمد للہ والمنۃ کہ درین زمان فیض اقتران کتاب معجز بیان

مسمّٰی بہ

# مرآۃ القرآن
# فی لغۃ القرآن

از تالیف لطیف الحاج مولانا الحافظ عبد الحی صاحب کیلانی مد ظلہ العالی


طابع و ناشر

مکتبۃ السلام کشمیری بازار لاہور

کتاب ھذا مندرجہ ذیل پتہ سے بھی مل سکتی ہے۔

کوٹ شاہ محمد، ڈاکخانہ خاص، ضلع شیخوپورہ، جناب حافظ عبد الحی

الٰہی! تیرے دربار میں

سید المرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین کا ایک ادنیٰ غلام

اپنے والدین اور لواحقین کی طرف سے یہ حقیر ہدیہ پیش کرتا ہے

ع گر قبول افتد زہے عز و شرف!

عبد الحق

۱۴ شعبان المعظم ۱۳۷۴ھ

# منظومہ گذارش احوال واقعی

۱۹۳۷ء کا واقعہ ہے، کہ میرے بڑے بھائی جناب مولانا مولوی نور الٰہی صاحب مرحوم نے بر سبیل تذکرہ فرمایا، کہ لفظ اُمّۃ قرآن مجید میں چار معنوں میں مستعمل ہوا ہے، چنانچہ آپ نے قرآن مجید کی آیات پڑھ کر ان معانی کی طرف توجہ دلائی، میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ قرآن مجید کے تمام الفاظ کی یہی کیفیت ہوگی خیال آہستہ آہستہ میرے دماغ پر کچھ اس طرح چھایا، کہ قرآن مجید کے الفاظ کا تتبع کرنا شروع کیا، حسن اتفاق سے اسی سنہ میں مجھے زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ عزاً و شرفاً کا سفر درپیش آیا، راستہ میں تفکرات عالم ہست و بود سے نسبتاً کچھ فراغت حاصل تھی، مفردات امام راغب اور فتح الرحمٰن کا مطالعہ شروع کیا، لیکن یہ دیکھ کر میری حیرت کی کوئی حد نہ رہی، کہ ان دونوں کتابوں کے مصنفین باوجود جلالت علمی کے قرآن مجید بہت سے الفاظ چھوڑ گئے ہیں، دل نے چاہا کہ اگر کوئی ایسی کتاب مل جائے، کہ جس میں تمام آیتوں کے حوالہ جات، لغوی معانی، ابواب کے تصرفات یکجا مل جائیں، تو اس کا مطالعہ کروں، لیکن افسوس! میری آرزو پوری نہ ہو سکی، خیال آیا، کہ کیوں نہ ایک ایسی کتاب خود تیار کر دوں، ممکن ہے، کہ اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت عطا فرمائے، اور دوسروں کو بھی اس سے فائدہ ہو، اس کے بعد خدا کا نام لے کر اس کام کو شروع کر دیا، خود قرآن مجید سے بلاواسطہ مادوں کا استخراج کیا، بعد میں مفردات اور فتح الرحمٰن سے مقابلہ کیا، تو کئی ایک الفاظ ان میں نہ تھے، پھر آیتوں کی جستجو ہوئی، سہولت تفہیم کے لئے ابواب کا بتلانا، اور گردانوں کا جتلانا بھی ضروری تھا، اس کے علاوہ لغوی تشریح اور محاورات عرب کا بتانا بھی لابدی تھا، اس صورت میں کتاب کافی ضخیم ہو جاتی، مجبوراً ہو کر ابواب اور گردانوں کے نمبر دیئے، اور شروع میں ان کی فہرست دے دی، غرضیکہ چار سال کی طویل مدت اسی کام میں صرف ہو گئی، اس کے بعد نظر ثانی کا معاملہ درپیش تھا، حوائج ضروریہ، مالی مشکلات اور قدرتی رکاوٹیں یکے بعد دیگرے کچھ اس طرح سے پیش آئیں کہ مدت تک اس کے لئے کوئی وقت نہ نکال سکا

۱۹۴۷ء کے ہنگامہ کے بعد پھر اس کو دیکھنے کی نوبت آئی اور اسے دو تین سال کی مدت میں نظر ثانی اور ثالث کے بعد دوبارہ مسودہ پر تحریر کیا، اس کے بعد اس کی اشاعت کے لئے پیسے کا سوال درپیش ہوا، میرے پاس اتنا سرمایہ نہ تھا، کہ اس کی اشاعت ہو سکے، خدا تعالیٰ مسبب الاسباب نے غیبی امداد بہم پہنچائی چوہدری محمد عاشق ولد چوہدری راجہ خاں ورک، سکنہ کوٹ شاہ محمد کے دل میں اللہ تعالیٰ نے خیال ڈالا، کہ اس کی اشاعت کے لئے بہت کچھ کریں چنانچہ چوہدری صاحب کی مساعی جمیلہ سے مجھے اس کی اشاعت کے لئے روپیہ میسر ہو گیا، جس کے لئے میں ان کا شکر گزار ہوں، اللہ تعالیٰ چوہدری صاحب کو دین و دنیا میں اس کا بہتر سے بہتر ثمرہ عطا فرمائے، اور اس کتاب کو ان کی بخشش کا وسیلہ بنائے

آخر میں، میں اپنے حقیقی برادر زادہ مولوی شمس سلیمان ولد مولوی نور الٰہی صاحب مرحوم کا تذکرہ بھی ضروری سمجھتا ہوں، کہ ان کی علمی خدمات سے میں نے بہت فائدہ اٹھایا، لغوی تشریح اور محاورات، حروف عاملہ اور حروف مقطعات کی بحث، مقدمہ اور اس کے محتویات سب انہیں کی مساعی کا نتیجہ ہے [illegible] جانچ پڑتال میں بھی انہوں نے میرا ساتھ دیا، اور اپنا قیمتی وقت صرف کر کے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا، میں نے لغوی تشریح میں چند ایک [illegible] تشریح بھی ضروری ہے جو علامت جمع ہے جمع، تمع الجمع کی، فا۔ فاعل کی، مفعو۔ مفعول کی اور مصمصدر کی علامت ہے،

یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے، کہ اس کتاب میں میں نے اپنی قابلیت یا حافظہ پر بالکل بھروسہ نہیں کیا، بلکہ ترجمہ تک بھی اپنی طرف سے نہیں کیا، اردو ترجمہ مولانا مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی مرحوم کے ترجمہ قرآن سے لیا، اور عربی تفسیر جلالین سے، لغوی تشریح کے لئے میرے سامنے منتہی صراح، منتہی الارب، قاموس وغیرہ ہیں، اور جغرافیائی اور تاریخی حالات قصص الانبیاء، قصص القرآن مولانا حفظ الرحمٰن، تفسیر مولانا ابوالکلام آزاد، ارض القرآن مصنفہ علامہ شبلی، تفسیر ابن کثیر اور سیرت ابن ہشام سے لئے گئے ہیں، اپنی طرف سے کوتاہی نہیں کی، تاہم مجھے اعتراف ہے، کہ میں سراسر غلط و سہو کا پتلا ہوں، اس کے علاوہ میرے علمی معلومات بھی بہت محدود ہیں یقین ہے، کہ اس میں بہت سے مقامات اصلاح طلب ہوں گے، ناظرین حضرات خصوصاً اہل علم حضرات سے توقع ہی نہیں بلکہ یقین ہے، کہ وہ میری اس ناچیز محنت کو بہتر سے بہتر بنانے میں میری مدد فرمائیں گے، آخر میں ان الفاظ کی فہرست بھی دی جاتی ہے، جن کو امام راغب مفردات میں

نہیں لائے اور وہ الفاظ بھی درج کئے جاتے ہیں جن کو فتح الرحمٰن نے ذکر نہیں کیا، لیکن اس سے یہ غرض نہیں ہے، کہ میں ان کے مقابلہ میں اپنے آپ کو پیش کرنا چاہتا ہوں، بلکہ صرف اس غرض سے کہ یہ ایک نہایت مشکل اور ادق کام ہے جسے خاکسار نے اللہ عزوجل کا نام لے کر شروع کو کر دیا لیکن میری بساط سے باہر تھا۔ ایسے کام میں اگر بڑے بڑے امام سہو کر چکے ہیں تو کیونکر ممکن ہے کہ مجھ ایسے بے علم آدمی سے غلطیاں نہ ہوئی ہوں، لیکن پھر بھی نہ کرنے سے کچھ کرنا بہتر ہوتا ہے، آثم نے جو کچھ بھی کیا ہے، دینی خدمت، الٰہی کلام کی محبت کے ماتحت کیا ہے ؎

قبا گر حریر است و گر پرنیاں ــــ بناچار حشوش بود در میاں

جو صاحب علم اس کا مطالعہ فرماویں، اگر کوئی چیز پسند آئے، تو فقیر کے لئے دعاء خیر فرمائیں، ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

فہرست الفاظ متروکہ امام راغب، صاحب مفردات

| الفاظ | حرف | | تعداد |
|---|---|---|---|
| (أ) (۱) امت (۲) امس (۳) امل (۴) امو (۵) انم | الف | = | ۵ |
| (ب) (۱) بسم | ب | = | ۱ |
| (ت) (۱) تقن (۲) تنی | ت | = | ۲ |
| (ث) (۱) ثری | ث | = | ۱ |
| (ج) (۱) جث (۲) جمل (۳) جوف (۴) جبین | ج | = | ۴ |
| (ح) (۱) حث (۲) حلقم | ح | = | ۲ |
| (خ) (۱) خردل (۲) خیم | خ | = | ۲ |
| (د) (۱) دھی | د | = | ۱ |
| (ر) (۱) رخی | ر | = | ۱ |
| (ز) (۱) زلم (۲) زمھرا (۳) زجل (۴) زھر | ز | = | ۴ |
| (س) (۱) سلو (۲) سفح (۳) سنا (۴) سندس | س | = | ۴ |
| (ش) (۱) شأم (۲) شفہ | ش | = | ۳ |
| (ص) (۱) صبح اس کو اصبح میں لکھا ہے (۲) صرخ (۳) صلد (۴) صمت | ص | = | ۴ |
| (ض) (۱) ضجع (۲) ضفدع | ض | = | ۲ |
| (ع) (۱) عنکب | ع | = | ۱ |
| (غ) (۱) غصب (۲) غوط | غ | = | ۲ |
| (ف) (۱) فصم (۲) فردوس (۳) فنی | ف | = | ۳ |
| (ق) (۱) قثاء (۲) قسخ (۳) قلو | ق | = | ۳ |
| (ک) (۱) کسل (۲) کلح (۳) کنس | ک | = | ۳ |
| (ل) (۱) الجلد (۲) لحی (۳) لن (۴) لیس (۵) لقط | ل | = | ۵ |
| (م) (۱) مجس (۲) مزق (۳) مسو (۴) معی (۵) ملق (۶) مھما (۷) مول (۸) مھن | م | = | ۸ |
| (ن) (۱) نصت (۲) نضخ (۳) نفور (۴) نقع (۵) نمرق (۶) نوق (۷) نوی | ن | = | ۷ |
| (و) (۱) وأد (۲) وأل (۳) وطن (۴) ولت (۵) ونی | و | = | ۵ |
| (ہ) (۱) ھرب (۲) ھلع (۳) ھمن (۴) ھیل | ہ | = | ۴ |

(ی) (۱) یقت (۲) یقظ

ی ؍ ۲/۴۸

سہو امام راغب :-

اصیحر - اصل میں صبیحر ہے - اصا بعہم - النمل - کوئی لغت نہیں، اصل میں نمل ہے - علیکم الانامل - مُتَّکَأ - اصل ہے وکاء ہے - شیط اصل شطن ہے - شیطان - شیط لغت نہیں ہے -

ذیل کے "مادہ" قرآنی نہیں ہیں :-

زعق، سرط (صرط) غوص - سبح - سبخ - شعف (شغف) صطو (سطو) صوخ - ان میں بعض اختلافی ہیں، حروف مقطعات کی بحث بھی نہیں ہے، اور اسمائے معرفہ بعض لے آئے ہیں اور بعض چھوڑ گئے ہیں

فہرست الفاظ متروکہ فیض اللہ صاحب فتح الرحمٰن :-

(۱) پہلے وہ الفاظ درج کئے جاتے ہیں جو کہ فیض اللہ صاحب عمداً چھوڑ گئے ہیں، کہ کتاب میں اختصار رہے

ارض - ایۃ - ابن - ال، رب - رسول - عذاب - قوم - کتاب - نفس - نار - ناس - یوم -

(۲) متروکہ افعال اور اس کے مشتقات جیسے جعل - شاء - قال - کفر - کان

(۳) حروف - إذ - إذا - ال - اَلا - اِلّا - الذی - الذان - الذین - التی - التان - الّتی - الّائی - الیٰ - این - ایان - بل - تلک - ثمّ - حتی - حیث - ذو - ذا - ذی - سوف - علی - عن - کم - کیف - لا - لدن - لدیٰ - لدی - لعل - لکن - لِمَا - لمّا - لم - اِلم - لو - لولا - لیس - متی - مع - مَن - نحن - هل - هلم - هنا - هو - وغیرہ وغیرہ فیض اللہ صاحب چھوڑ گئے ہیں

(۴) وہ الفاظ جو کہ فیض اللہ صاحب سہواً چھوڑ گئے ہیں :-

بعض - بعوضۃ - لغت - تحت - ثلۃ - جحیم - حرو - حزن - خشب - سبا - سقر - شمل - عدن - غول - قیل - صَوْ - وتن - وتر - وثن

سہواً فیض اللہ صاحب مولف فتح الرحمٰن

حرد کو حرز میں
حُلّوا اساور - حل میں
مخاض کو خوض میں

لے آئے ہیں، ایسا ہی دالّا کو - مُدَّکِرٌ کو دکر کے مادہ میں لکھ دیا ہے، حالانکہ ذکر ہے۔

ناچیز

حافظ عبد الحی - سکنہ کوٹ شاہ محمد - ضلع شیخوپورہ

۶ ؍ ذی الحج ۱۳۷۴ھ

# پیش لفظ

## آسمانی کتابوں کے نزول کی حکمت اور تحفظِ قرآن مجید

ابن آدم پر بلکہ کائنات کے ہر ذرہ پر اب تک کوئی ایسا دور نہیں آیا جس میں صرف شر ہی شر رہا ہو، اور اس میں خیر کا نام تک نہ آیا ہو، باطل ہی باطل رہا ہو، اور حق کا ذرہ بھر بھی سایہ نہ پڑا ہو، اگر کبھی بدی تھی، تو وہاں نیکی کا گذر ہی نہ ہوا ہو، ظلم و عدوان اور بے رحمی کے طوفانوں پر طوفان تو آتے ہوں لیکن سرزمین کائنات میں عدل اور رحم کی نمی تک باقی نہ رہی ہو، اگر دنیا پر کوئی ایسا لمحہ آجاتا، تو قیامت آجاتی، اور نہ ایک لمحہ کے لئے دنیا کا نظام چل سکتا

بلکہ صورت حال یہ رہی ہے، کہ خیر کے ساتھ شر بھی رہا ہے، حق کے ساتھ باطل بھی دندناتا رہا ہے، نیکی کے ساتھ بدی کی باگیں بھی ڈھیلی رہی ہیں، عدل اور رحم و کرم کے بادلوں میں ظلم و عدوان اور بے رحمی کی بجلیاں کوندتی رہی ہیں، مگر نیکی، خیر، عدل اور حق کے اس تھوڑے بہت عنصر کے باوجود دنیا فساد فی الارض سے کبھی محفوظ نہیں رہی، آخر اس کی کیا وجہ ہے۔ کہ جب بدی کے ساتھ نیکی بھی رہی، باطل کے ساتھ حق کا دامن بھی بالکلیہ نہ چھوٹا، ظلم کے ساتھ عدل کو بھی باری ملتی رہی، شر کے ساتھ دنیا خیر کو بھی نہ بھولی نفس اور شیطان کی دلجوئیوں کے ساتھ ساتھ ضمیر اور ایمان کو بھی شرف باریابی بخشا جاتا رہا، تو پھر عذاب اور عتاب کی کالی گھٹائیں ان کے سروں پر کیوں منڈلاتی رہیں، خدا ان پر کیوں ناراض رہا، ایمان اور اسلام کو کیوں ان سے گلہ رہا، سکھ اور چین کیوں عنقا ہوئے، شرافت اور تقویٰ کا کیوں قحط پڑا، نیازمندوں کی نیازمندی کیوں نہ رنگ لائی، سجدے کیوں بے اثر رہے، فریادیں کیوں رائیگاں گئیں؟

### مقصد حیات اور طریق کار

نظام کائنات کی فلاح و سعادت، حسن اور آبرو، انسان کے صرف فکر و عمل کے دو زاویہائے نگاہ یعنی (۱) مقصد حیات (۲) اور طریق کار سے وابستہ ہے، جب انسان اپنے مقصد حیات اور اس کے حصول کے لئے طریق کار کے متعین کرنے میں ٹھوکر کھاتا ہے، تو دنیا میں اسی تناسب سے خلل اور فساد کا ظہور ہوتا ہے، جب اس مرحلہ میں انسان کو اعتدال اور توازن کا شرف حاصل ہو جاتا ہے، تو اس کی کشتی حیات ساحل مقصود سے ہمکنار ہو جاتی ہے، کیونکہ ان کا نصب العین، مقصد حیات اور طریق کار گھٹیا قسم کے بھی ہو سکتے ہیں، اور بڑھیا بھی، اگر گھٹیا ہوں گے، تو دنیا کا نظام بھی اسی حد تک اس سے غلط متاثر ہوگا، اگر بڑھیا اور اچھے ہوں گے۔ تو دنیا پر اس کا اثر بھی اچھا پڑے گا

### تعینِ مقصدِ حیات

مقصد حیات کیا ہے؟ گو بظاہر اس کا جواب اور تعین آسان نظر آتا ہے لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے، کیونکہ کچھ عقل کی کم مائگی کی وجہ سے، اور کچھ نفسانی خواہشات اور اغراض فاسدہ کے ہجوم کی بنا پر انسان کی مجبوریاں اس حد تک بڑھ جاتی ہیں کہ اگر انہیں اپنے حال اور اپنی ثواب دید کے سپرد کر دیا جائے تو وہ ان حالات میں اس قابل نہیں ہوتا۔ کہ وہ اس کارگاہ ہستی میں اپنے لئے کسی صحیح مقصد حیات کی تعیین کر سکے، جو عقل انسانی حواس کی کمائی سے اپنا پیٹ پال کر اپنا گذارہ کرتی رہتی ہے، وہ تنہا ان امور کو کس طرح معلوم اور محسوس کر سکتی ہے جو انسانی حواس سے بھی وراء الوراء ہیں

آخر وہ کیسے معلوم کرے، کہ کائنات کا آغاز کیسے اور کیوں ہوا، اس کا انجام اور مآل کیا ہوگا، اس کارگاہ عالم میں انسان کی تخلیق سے کیا مقصد تھا، اسے کائنات میں تصرف کرنے کی اتنی بڑی نعمت کیوں دی، انسان کا دنیا میں کیا مقام ہے، زندگی کیوں ملی، نیست سے ہست کیوں ہوا، یہ میلا کس نے لگایا اور کیوں لگایا اس میں شرکت کرنے والے کہاں سے آتے، اور کیوں آئے، کہاں آکر ٹھہرے، اور کیوں آکر ٹھہرے، یہ میلا کیوں درہم ہوتا رہتا ہے، پھر یہ شریک ہونے والے کہاں چلے جاتے ہیں، وہاں کیا ہوتا ہے، شہر خاموشاں میں کیوں سناٹا چھا جاتا ہے، کیا وہاں کچھ نہیں ہوتا، اگر ہوتا ہے، تو وہ کیا ہوتا ہے؟ ابھی تک تو اس قسم کا کوئی آلہ اور مشین تیار نہیں ہوئی جس کی رو سے عقل ان امور اور سوالات کے سلسلہ میں کوئی راہ نمائی حاصل کر سکے، بلکہ یہاں حالت یہ ہے، کہ اگر یہ بسر مو بھی اپنی حد پرواز سے آگے پرواز کی جرات کرنے لگتی ہے، تو اس پر رعشہ طاری ہو جاتا ہے، پھر یہ مقصد حیات کی تعیین کیسے کر سکتی ہے، یا تنہا اس

پر بھروسہ کیسے کیا جا سکتا ہے

**طریق کار** اگر بفرضِ محال صحیح مقصدِ حیات کے متعین کرنے میں اسے کچھ نہ کچھ آگاہی حاصل ہو بھی جائے، تب بھی یہ سوال اپنی جگہ پر باقی رہے گا، کہ اس مقصدِ حیات کی تکمیل اور تحصیل کے لئے طریقِ کار کی کیا نوعیت ہو، ضابطۂ حیات کی وہ کیا شکل ہونی چاہیئے، جو مقصدِ حیات کے حصول کا بھی ضامن ہو، وہ نظامِ زندگی کیسا چاہیئے جس کے صدقے میں یہ شرمندۂ زندگی سرخروئی سے ہمکنار ہو جائے،

**تطہیرِ فکر اور تطہیرِ عمل** اس لئے یہ ضروری تھا، کہ خلاقِ عالم خود ہی اس سلسلہ میں انسان کی دست گیری فرمائے، اور کچھ اس قسم کے سامان پیدا کر دے، جن کے صدقے میں فکر و عمل کی تطہیر ہو جائے، اور وہ ساری کثافتیں دور ہو جائیں، جو امرِ حق اور حقیقتِ ثابتہ کے مشاہدہ کرنے میں حائل ہیں، کیونکہ فکر و عمل کی تطہیر کے بغیر انسان اپنے لئے صحیح مقصدِ حیات اور طریقِ کار کی تعیین نہیں کر سکتا، اور نہ اس کے لئے یہ ممکن ہوتا ہے،

**بعثتِ انبیاء اور انزالِ صحف** اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے کچھ اس قسم کے انسانِ کامل منتخب فرمائے جن کی فکر و عمل اور انسانیت پر اسے کامل اعتماد تھا، اور وہ اس قابل تھے، کہ اللہ اور اس کے بندوں کے درمیان سفارت کے فرائض انجام دے سکیں، اور ان کی زندگی رب العالمین کی پسند کی زندگی بھی ہو، وہ دنیا کے لئے نمونہ کی زندگی ہو، معیاری اسوہ اور مثالی طریقِ حیات ہو، یہ وہ مبارک اور معصوم ہستیاں تھیں، جن کو ہم اپنی زبان میں نبی اور اللہ کے رسول کہتے ہیں، پھر سوں اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال اور افکار کی نگرانی فرمائی، ہر لحظہ اور ہر قدم پر ان کی ردائے معصومیت کے دامن کو اپنے ہاتھ میں رکھا، لغزش اور نسیان کے ہر مرحلہ پر ان کو تھاما، اور دستگیری کی، کیونکہ ان کو مقتدا اور پیشوا بننا تھا، نمونۂ کامل اور معیاری اسوہ پیش کرنا تھا،

اس کے ساتھ ہی احکم الحاکمین اور بادشاہِ حقیقی اپنی باجبروت مملکت اور سلطنت میں وائسرائے یا سفیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے جن کا تقرر فرماتے ہیں ان کو دساتیر اور قوانین کی ایک جامع کتاب بھی مرحمت فرمایا کرتے ہیں، اور یہ ہر ایک حکومت کے لئے ضروری ہوتا ہے، کہ اسے اپنی مملکت کے لئے جیسا کچھ نظامِ زندگی پسند ہو، اسے ایک کتاب کی شکل میں مدون اور مرتب بھی کرے تاکہ بوقتِ ضرورت مقدمات اور دوسرے امورِ زندگی میں اس کی طرف رجوع کیا جا سکے، اور ہر امر میں ہر ایک اسے ایک معیار اور قولِ فیصل کی حیثیت سے قبول کر سکے، اسی طرح حق تعالیٰ کی ذات کبریا نے ہر دور میں ابنِ آدم کی راہ نمائی اور دنیا کی فلاح اور سعادت کے تحفظ کے لئے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرما کر ان پر کتابیں بھی اتاریں، آدم سے لے کر رحمتِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم تک ہر نبی اور رسول کو نبوت اور رسالت کے ساتھ کتاب بھی بخشی، وہ کتاب نئی ہو یا پرانی، بہرحال کوئی نبی اور رسول بے کتاب نہیں رہا، بلکہ ہر ایک "حاملِ کتاب" رہا ہے،

**قرآنِ پاک** جب تک پہلی کتاب اور رسول کی تعلیمات زندہ اور محفوظ ہیں، اس وقت تک کسی نئے رسول اور نئی کتاب کی ضرورت کبھی محسوس نہ ہوتی، جب انسانوں کی نادانیوں کی وجہ سے وہ کتاب ضائع ہو جاتی، تو پھر اس کا نئے سرے سے اہتمام کیا جاتا، یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا، یہاں تک کہ حضرت خاتم الانبیاء والمرسلین جناب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین [illegible] اللہ تعالیٰ نے آپ پر جو کتاب نازل فرمائی، اس کو قرآن مجید کہتے ہیں،

**متن اور نظمِ کلام کا تحفظ** جبرائیل علیہ السلام قرآن حمید کی جو آیات لے کر نازل ہوتے، وہ سب سے پہلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک حافظہ میں نقش کر دی جاتیں، پھر کاتبینِ وحی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حسبِ ہدایات ان کو قلمبند کر لیتے تھے لکھنے کے بعد تمام صحابہ اس ٹکڑے کو حفظ کر لیتے، پھر اس کے معانی اور مطالب کے سیکھنے اور سمجھنے شب و روز مصروف ہو جاتے اور اجتماعی تنظیم کے ساتھ نہایت وسیع پیمانہ پر اس کی نشر و اشاعت کے لئے نقل و حرکت بھی شروع ہو جاتی، اسی تدریج کے ساتھ قرآن حمید کا متن اور نظمِ کلام محفوظ کر دیا گیا،

**قرآنی علوم اور مضامین کا تحفظ** گو قرآن حمید طبیعیات، فلکیات، فلسفہ، طب، حیاتیات، طبقات الارض، لسانیات، جغرافیہ، تاریخ اور ریاضی کی کتاب نہیں ہے، اور نہ ان اغراض کے ماتحت اس کا نزول ہوا ہے، بلکہ یہ ایک پاکیزہ

نظام زندگی اور ضابطۂ حیات کی جامع کتاب ہے، جو محض ان بنیادی تصورات، افکار، اعمال اور حقائق سے بحث کرتی ہے، جن پر ساری کائنات کی عظمت، آبرو، بقا اور انسانی افکار و اعمال کے محاسن اور نوامیس کا انحصار ہے

لیکن پھر بھی اس میں ضمناً بعض امور ایسے بھی آ گئے ہیں، جو مذکورہ بالا مضامین اور علوم کے ساتھ ایک گونہ مناسبت رکھتے ہیں، اور وہ قرآنی علم و عمل کی توضیح، حکمت اور فلاسفی کے سمجھنے میں کافی سے زیادہ مدد دیتے ہیں، کیونکہ قرآن حمید میں کچھ تو حصہ ان علوم و معارف کا ہے جن سے اس نے دوبارہ اصالۃً بحث کی ہے، اور اس کا حقیقی موضوع بحث ہیں، مثلاً توحید اور آخرت، عبادت، خلافت، اخلاق وغیرہ وغیرہ، اور کچھ علوم و افکار ایسے ہیں جو قرآن پاک کا موضوع تو نہیں ہیں لیکن اس میں تبعاً اور ضمناً ان کا ذکر ضرور آ گیا ہے، مثلاً بعض جغرافیائی مقامات کا ذکر، سیارگان کے سلسلہ میں بعض حقایق کا انکشاف جمادات، نباتات اور بعض تاریخی اور حیاتیاتی مسائل کا تذکار

اس لئے یہ ضروری تھا، کہ قرآن حمید کے ان دونوں پہلوؤں میں غور کیا جاتا، اور اس کے اصلی اور ضمنی تمام مباحث اور علوم پر بھی روشنی ڈالی جاتی چنانچہ ائمہ دین نے اس سلسلہ میں بھی پورا اہتمام کیا، اور ان تمام علوم کو منضبط کیا، جو کسی نہ کسی رنگ میں قرآن حمید سے مناسبت رکھتے ہیں، ایک ایک کی تشریح اور توضیح میں کوئی کسر نہ چھوڑی، یہی وجہ ہے، کہ بعض تفاسیر کا حجم اس قدر بڑھ گیا ہے، کہ ان کو دیکھنے کے بعد عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے، مثلاً تفسیر ابن الجوزی (۲۷ جلد) تفسیر سبط ابن الجوزی اور تفسیر اصفہانی (۳۰ جلد) کتاب التحریر والتقریر (۵۰ سے زائد جلد) تفسیر کتاب الاستغنار (۱۰۰ جلد) تفسیر الادفوی (۱۲۰ جلد) تفسیر قزوینی (۳۰۰ جلد) تفسیر حدایق البحجۃ (۵۰۰ جلد) ہے (کشف الظنون)

**کتاب قانون** اس کے علاوہ قرآن حمید کو ایک اور بھی حیثیت حاصل ہے یعنی یہ کتاب نوع انسانی کے لئے ایک مقدس قانون اور ضابطہ حیات بھی ہے، اور قانون کی جو کتاب ہوتی ہے، اس کی عبارت، الفاظ، حروف، نظم کلام اور تراکیب کچھ اس ڈھب کی ہوتی ہیں، کہ اگر ان میں سے کسی ایک میں بھی سرِمو فرق پڑ جائے، تو قانون کا مفہوم بھی بدل جائے

اس لئے امت مسلمہ نے اس پہلو کے اعتبار سے قرآن حمید کے الفاظ، حروف، حرکات، اعراب، تراکیب، نظم کلام، خواص مفردات، معانی اور مطالب کو منضبط اور واضح کرنے کے لئے سینکڑوں علوم اور افکار ایجاد کئے، اگر میں یہ کہہ دوں، کہ امت مسلمہ نے اپنی استعداد اور صلاحیت کے مطابق "خدمت قرآن" کا حق ادا کر دیا ہے، تو بے جا نہ ہوگا، کیونکہ اس سے زیادہ مساعی اور خدمات انسانی بساط میں بھی نہیں ہیں، اور نہ آج تک دنیا میں اتنا بڑا شرف اور مقام کسی اور کتاب کو حاصل ہوا ہے

**قرآنی علم و عمل کی نشر و اشاعت** جو تہذیب اور نظریہ حیات کسی ایک مخصوص دائرہ پر اکتفا کر لیتا ہے، وہ اس میں کبھی زندہ اور تابندہ نہیں رہ سکتا، بلکہ وہ اس میں الٹا سمٹتا اور گھٹنا شروع ہو جاتا ہے یہاں تک کہ ایک وقت ایسا بھی آ جاتا ہے، کہ وہ دنیا میں بالکل بے نام و نشان ہو جاتا ہے، اگر اتفاق سے اس میں کچھ رمق باقی رہ بھی جاتی ہے، تو وہ سامان عبرت سے زیادہ نہیں ہوتی، جیسا کہ ہماری حالت ہے، اور جس تہذیب و تمدن کی عمارت پروپیگنڈے تبلیغ اور نشر و اشاعت کی بنیادوں پر قائم ہوتی ہے، وہ باطل بھی ہوگا تو پھر بھی ایک دفعہ چمک اٹھے گا، جیسا کہ آج کل خداوندان یورپ کے نظام تمدن کی کیفیت ہے،

اس داعی اسلام صلے اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی اجتماعی اور شخصی قوتوں پر قرآنی فکر و عمل اور نبوی اسوۂ کامل کی نشر و اشاعت فرض کر دی ہے، چونکہ زمان اور مکان کی قیود سے بالاتر ہو کر ہر زمان اور ہر مکان میں دین اسلام کی تہذیب و تمدن اور قرآنی نظام حیات کی تبلیغ کرنا اسلامی زندگی کا ایک لازمی جزء ہے، اس لئے ہماری اسلامی زبان میں مسلم صرف وہ نہیں ہے جو ماحول اور معاشرہ کی اصلاح اور دعوت الی الحق سے بے نیاز ہو کر قرآن اور پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو، اور ان کے مطابق زندگی بسر کرتا ہو، بلکہ مسلم کے یہ معنی ہیں، کہ وہ خود بھی قرآنی فکر و عمل کا پابند ہو، اور دوسروں کو بھی حکیمانہ انداز میں اس کی طرف دعوت دیتا ہو یعنی سچا مسلمان بننے کے لئے دو لازمی اجزاء ہیں (۱) اسلام قبول کرنا، اور (۲) داعی اسلام ہونا

بحمد اللہ غیور اور سچے مسلمان بندوں نے اس سلسلہ میں جو جو خدمات انجام دی ہیں، دنیا کی تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے، اور قرآن حمید کی تبلیغ سے دو فائدے ہوئے، ایک تو قرآن پاک کے عقیدتمندوں اور اس پر ایمان لانے والوں کا دائرہ وسیع تر ہوتا رہا، دوسرا یہ کہ قرآنی دعوت (نظام حیات)

علم و عمل اور مقاصد بھی خفا میں نہ رہے۔ اور قرآنی نوامیس کو شہرت اور تواتر کا وہ درجہ اور مرتبہ حاصل ہوا کہ آج تک... اتنا اور کسی کو حاصل نہیں ہو سکا۔ امت مسلمہ کے اس کردار اور سعی و عمل کے صدقے میں جو نتائج پیدا ہوئے، وہ صرف تحفظ اور جاذبیت قرآن پر ہی منتج ہوئے، گویا کہ تحفظ قرآن کی یہ سب سے بڑی اور جامع شکل ہے۔

## حامل کتاب کی زندگی کے مبارک سوانح کا تحفظ

ہو سکتا تھا کہ ان تمام امور اور مطالب میں پوری نیک نیتی اور احتیاط برتنے کے باوجود قرآنی نقطۂ نظر اور فکر و عمل کے متعین کرنے میں کسی قسم کا تساہل یا غلطی ہو جاتی اس لئے پروردگار عالم نے حامل کتاب یعنی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک سوانح اور سیرت طیبہ کی معمولی اداؤں تک کے تحفظ کے لئے بھی ناقابل شکست سامان پیدا کر دیئے، تاکہ اس کی زندگی کے پاک آئینہ میں قرآنی مضامین، معانی اور افکار و اعمال کی جو تصویر منعکس ہو، وہ ہر مرحلہ میں ہمارے لئے مشعل راہ بن سکے اس لئے اللہ تعالیٰ نے رسول عربی صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کو من و عن محفوظ کر دیا، تاکہ قرآن پاک کا ضابطہ حیات صرف کاغذی، معنوی اور فکری حد تک محفوظ نہ رہ جائے۔ بلکہ خارجی اور مرئی طور پر بھی واقعاتی دنیا میں اپنے مخصوص مزاج اور انداز کے مطابق اس کے نظام حیات کے جو نقوش اور نمونے چھوڑے ہیں، وہ بھی محفوظ ہو جائیں اس ذخیرہ کو ہماری اسلامی زبان میں حدیث پاک اور سیرۃ النبی کہتے ہیں

## قرآن فہمی کے اصول اور ضوابط

جہاں تک قرآن فہمی کا تعلق ہے میرے نزدیک اس کے لئے اگر مندرجہ ذیل اصول اور کتب کی پابندی اختیار کی جائے، تو فہم قرآن بھی آسان ہو جاتا ہے، اور اکثر مشکلات پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے

قرآن فہمی کے لئے اصلاح نیت، طہارت اور شغف بالقرآن سب سے اولیں اور بنیادی حقائق ہیں ان کے بغیر قرآن حمید آپ کے سامنے [illegible] نہیں ہوگا، کیوں کہ اصلاح نیت، تقویٰ، طہارت، شغف اور سینہ بہ عشق صادق شجر قرآن کے پھلنے پھولنے کے لئے بہترین زمین ہے، اس کے بغیر اس کے پھل پھول سے متمتع ہونا قطعی ناممکن ہے، قرآن کا مطالعہ محض تلاش حق کے لئے ہو، ذہن صاف اور بالکل خالی ہو کسی سابق [illegible] کی نفیاً یا اثباتاً حمیت اور عصبیت کے لئے ورق گردانی نہ ہو اور الفاظ قرآن کو نظم کلام کے سیاق و سباق کی مدد سے حل کرنے کی کوشش کی جائے یا قرآن حمید کے ایک مقام کو دوسرے مقام کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی جائے کیونکہ قرآن [illegible] اپنے اجمال کی تفصیل [illegible] ہے سیرت طیبہ کو قرآن حمید سے ایک گہرا ربط ہے، قرآن ایک متن ہے اور نظام فکر ہے، پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اس کا مرئی پیکر ہیں، قرآن فہمی کے سلسلہ میں اس کو بہت اہمیت حاصل ہے،

پھر آئمہ صحابہ و تابعین کی تفسیر، تاویل اور تعبیر کو سامنے رکھنا چاہیئے، جو مقامات ان دونوں طبقات میں متفق علیہ کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے خلاف تو سوچنے کی کوشش ہی نہ کی جانے، اور جن امور میں وہ باہم مختلف ہوں، اس سلسلہ میں اہل ترجیح (بعد کے ائمہ دین) انتخاب اور ترک کا حق رکھتے ہیں اور یہ بھی ان اصولوں کی روشنی میں جن پر اوپر کے تینوں طبقات کے تعامل اور تبادل کا دار و مدار ہے۔

جو ائمہ دین یا افاضل امت، قرآنی علم و معرفت میں دستگاہ رکھنے کے علاوہ ملک اور ملت کی سیاسی ذمہ داریوں [illegible] کے اجتماعی نظام اور شعبوں میں بھی مہارت رکھتے ہیں اور قوم اور ملت کا اعتماد بھی ان کو حاصل ہے، میرے نزدیک قرآن [illegible] کی بہ نسبت زیادہ قابل توجہ ہیں یہی وجہ ہے کہ اس سلسلہ میں حضرت امام ابن تیمیہ کا مقام بہت بلند ہے۔

جاہلی ادب اور عربی کے مستند شعراء کے کلام کا مطالعہ از بس ضروری ہے حضرت عبد اللہ بن عباس نے فرمایا کرتے تھے، الشعر دیوان العرب فاذا خفی علینا الحرف من القرآن رجعنا الی دیوانھا

ان اقوام کی تاریخ اور جغرافیہ کا علم حاصل کرنا بھی ضروری ہے جن سے قرآن حمید نے اجمالاً یا صراحتاً بحث کی ہے کیونکہ اقوام قرآن کی [illegible] ان کے نظام معاشرت اور دستور معیشت پر مبنی ہے، اس لئے اگر ان کی تہذیب اور تمدن، اخلاق اور الہیات سے واقفیت نہ ہوگی تو بڑی بڑی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا

عہد عتیق اور جدید کے تمام صحائف کے مجموعہ یعنی بائیبل کا مطالعہ بھی لازمی شے ہے،

علم نحو، بلاغت، اصول حدیث و تفسیر کو بھی سامنے رکھنا چاہیئے،

وہ کتابیں جو بالخصوص لغت قرآن کے موضوع پر لکھی گئی ہیں، یا اس سلسلہ میں کسی حد تک معاون ہو سکتی ہیں، ان کو بھی نگاہ میں رکھنا چاہیئے، اس سلسلہ میں جو چیز ملاک الامر کی حیثیت رکھتی ہے، اور میرے نزدیک سب سے اہم ہے، وہ یہ ہے، کہ ان تمام مراحل کے طے کرنے کے باوجود پہلے کسی مستند اور وسیع النظر استاد سے قرآن حمید سبقاً پڑھا جائے، اس کے بغیر قرآن فہمی قطعاً ناممکن ہے، اور میں اسے ایک دیوانہ اور مجذوب کی بڑ سمجھتا ہوں، جو کسی جامع استاد سے پڑھے بغیر محض اپنے مطالعہ کے بل بوتے پر قرآن حمید کی ترجمانی کرنا چاہتا ہے، اور اگر اختصار کو ملحوظ رکھا جائے، تو پھر خود قرآن، حامل قرآن کی سیرت طیبہ، کلام عرب اور استاد کامل، قرآن فہمی کے لئے قابل اعتماد چیزیں ہیں

**لغات القرآن کی** خدمت قرآن کی کئی شکلیں ہیں، ان میں سے ایک صورت یہ ہے، کہ قرآن حمید کے مشکل الفاظ کے معانی اور لغات لکھے جائیں چنانچہ اس بارے میں متعدد کتابیں تصنیف کی گئی ہیں لیکن ان کا زیادہ ذخیرہ عربی زبان میں ہے، فارسی میں بہت کم ہے، اور اردو میں تو اور بھی کم ہے اور اس وقت عربی لغات کی جو کتابیں ہمارے ہاں زیادہ تر متداول ہیں وہ دو ہیں (۱) اساس البلاغہ للزمخشری (۲) مفردات امام راغب لیکن افسوس! یہ دونوں حضرات قرآنی تشریح اور تعبیر میں اپنا ایک کلامی مسلک رکھتے ہیں، اور بیشتر مقامات میں ان کا یہ رنگ نمایاں طور پر پایا جاتا ہے اس لئے ان سے استفادہ ان لوگوں کے لئے کافی دشوار ہے، جو اس فن میں مہارت تامہ نہیں رکھتے۔ ہاں مفردات امام راغب اساس البلاغت کی بہ نسبت زیادہ مفید ہے، اس سے میری یہ غرض نہیں ہے، کہ ان سے استفادہ نہ کیا جائے، بلکہ میں صرف یہ چاہتا ہوں، کہ اس سلسلہ کی اکثر کتب میں اعتزال وغیرہ کی تھوڑی بہت آمیزش ضرور پائی جاتی ہے اس لئے مناسب یہ ہے، کہ حل لغات قرآن کے بارے میں کسی ایک یا دو کتابوں پر قناعت نہ کر لی جائے، بلکہ ان کے ہمراہ دوسرے ائمہ کی کتب کا مطالعہ بھی کر لیا جائے تاکہ وضوح حق میں کوتاہی نہ ہو جائے،

چونکہ اس سلسلہ کی جتنی کتابیں تھیں، ان میں سے زیادہ تر عربی زبان میں تھیں، اور جو لوگ کم لکھے پڑھے ہیں، وہ ان سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتے، اس لئے اس امر کی ضرورت تھی، کہ اردو زبان میں ایک ایسی کتاب لکھی جائے، جو اردو خوان طبقہ کے لئے بالخصوص اور نیم عربی دان حضرات کے لئے بالعموم مفید ثابت ہو، چنانچہ ہندوستان کے متعدد مشاہیر اور افاضل امت نے "لغت قرآن" پر متعدد کتابیں تالیف کیں، اور نہایت دلچسپ مواد بہم پہنچایا۔ ان سب سے بہتر جو کتاب اس وقت ہمارے سامنے ہے، وہ مولانا محمد عبد الرشید نعمانی رفیق ندوۃ المصنفین کی کتاب "لغات القرآن" ہے، اس میں رجال قرآن، قصص قرآن، ارض قرآن پر بھی یہ تفصیل روشنی ڈالی گئی ہے، اور الفاظ بھی حروف تہجی کے مطابق بیان کئے گئے ہیں، اس پر طرہ یہ کہ ہر لفظ کے اخیر میں ان مقامات کی ایک فہرست بھی دے دی ہے، جہاں جہاں قرآن میں وہ لفظ مستعمل ہوا ہے

**مراۃ القرآن** بھی اسی سلسلہ کی ایک مستند کڑی ہے، اس میں مولف نے ان تمام معنوی اور صوری محاسن کو ملحوظ رکھا ہے، جو مندرجہ بالا کتاب "لغات القرآن" میں پائے جاتے ہیں، اس میں رسل اللہ، ارض قرآن، اقوام قرآن، حروف عاملہ اور حروف مقطعات پر بھی نہایت سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے، گو یہ سب کچھ مختصر ہے مگر جامع ہے،

اس میں جو چیز سب سے زیادہ قابل قدر اور نادر چیز ہے، وہ یہ ہے، کہ "لغات قرآن" کے حل کرنے کے لئے کلام اور محاورات عرب زیادہ پیش کئے گئے ہیں، اور لغات قرآن کے سلسلہ میں یہی چیز سب سے زیادہ مطلوب ہے، کیونکہ فہم قرآن کا دارومدار ہی محاورات عرب پر ہے، کیونکہ قرآن حمید عربی زبان میں نازل ہوا ہے، اور بالکل اہل عرب کے اسلوب بیان اور محاورات کے مطابق نازل ہوا ہے

دوسری خوبی اس میں یہ ہے، کہ صرف لفظی لغات پیش کر کے آگے نہیں نکل گئے، بلکہ جتنی آیات میں وہ لفظ مختلف صیغوں کی شکل میں مستعمل ہوا ہے، ان سب آیات کو ترجمہ سمیت ایک جگہ پر جمع بھی کر دیا ہے

مراۃ القرآن کا انداز بیان نہایت آسان اور جاذب ہے، محاورات کا استعمال نہایت عام فہم ہے صیغوں کی توضیح بھی نہایت ہی سہل رنگ میں کی گئی ہے، معانی کی تشریح میں نہ کوئی الجھاؤ ہے، اور نہ اغلاق، اختصار کے ساتھ اس میں جامعیت بھی ہے، میرے خیال میں اردو زبان میں مراۃ القرآن سے زیادہ عام فہم مختصر اور جامع دوسری کوئی کتاب نہیں ملے گی، اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کو جزائے خیر عنایت کرے، آمین،

# رُسُل اللہ

**حضرت ابراہیم علیہ السلام** آپ عراق کے ایک قصبہ اُدر کے رہنے والے تھے، آپ کا نسب نامہ یہ ہے حضرت ابراہیم خلیل اللہ بن تارخ بن ناحور بن سروج بن رعو بن فالج بن عابر بن شالح بن ارفکشاذ بن سام بن نوح (علیہ السلام) آپ کے باپ کا نام تاریخ کی کتابوں میں تارخ ہی درج ہے، اور قرآن مجید نے اس کا نام آزر لیا ہے، آزر وصفی نام ہے جس کے معنے ہیں "محب صنم" بتوں سے محبت رکھنے والا، یہ تارخ عراق کا مشہور بت تراش تھا، نمرود کی طرف سے شاہی بت خانہ کا مہنت اور محافظ تھا حضرت ابراہیم اس برہمن اور مہنت کے لڑکے تھے جب ہوش سنبھالا، تو دیکھا، کہ باپ اور ساری قوم بت پرستی اور شرک کی لعنت میں گرفتار ہے، باپ سے پوچھا، تو انہوں نے کہا بیٹا یہ چاند، یہ تارے، یہ سورج سارے ہی دیوتا ہیں، یہ مٹی، لکڑی، پتھر کے مجسمے خدا کے مظہر اور روپ ہیں عقل سلیم نے راہ نمائی کی آپ نے فرمایا، ان میں سے کوئی بھی خدا بننے کے قابل نہیں، باپ سے مناظرہ ہوا، قوم سے جھگڑا ہوا، بادشاہ کے دربار میں جا کر اعلان حق کیا، بادشاہ لاجواب ہوا آپ نے ایک دفعہ بت خانہ کے سارے بت توڑ ڈالے، بتوں کے پجاریوں کو غصہ آیا، انہوں نے آگ کا الاؤ روشن کر کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس میں پھینکدیا، اللہ تعالیٰ نے آگ کو ٹھنڈا کر دیا، اور صحیح سلامت آگ سے نکال لیا، جب قوم کی اصلاح سے ناامید ہوئے تو ہجرت کا ارادہ کیا، حضرت ابراہیم، آپ کی بیوی، اور بھتیجے (حضرت لوط) یہ تین آدمیوں کا مختصر سا قافلہ خدا کی راہ میں نکلا، اور فرات کے مغربی کنارہ کے قریب اور کلدانیین کی بستی میں جا کر اقامت کی، حضرت سارہ آپ کی بیوی اور حضرت لوط بھی ان کے ساتھ اسی بستی میں آئے کچھ دنوں کے بعد یہاں سے ہجرت کر کے حران چلے گئے، حران سے فلسطین پہنچے فلسطین میں آپ نے اس علاقہ میں سکونت اختیار کی جو کنعانیوں کے زیر اقتدار تھا پھر یہاں سے چل کر نابلس میں پہنچے، اور یہاں سے مصر پہنچے، مصر میں ملک جبار کے ملازم آپ کی بیوی حضرت سارہ کو پکڑ کر لے گئے جن کے سبب بادشاہ کو کافی تکلیف پہنچی، چنانچہ بادشاہ نے حضرت ابراہیم کو بلا کر آپ کی بڑی عزت کی، اور آپکی بیوی بھی آپ کے سپرد کی بھیڑ بکری اونٹ اور گدھے ہر طرح کا بہت سا مال عنایت کیا، اور یہ معلوم کر کے کہ حضرت ابراہیم بھی سامی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں بادشاہ نے ان کو اپنا ہم نسب سمجھ کر تعلقات کو زیادہ مضبوط بنانا چاہا، اور اپنی ہیلوٹھی بیٹی حضرت ہاجرہ کو حضرت سارہ کی خدمت کے لئے دے دیا، ازاں بعد حضرت سارہ نے انکو حضرت ابراہیم کی زوجیت میں دیدیا، کچھ مدت کے بعد حضرت ابراہیم نے بارگاہ خداوندی میں عرض کی، کہ اے اللہ مجھے ایک بیٹا عطا فرما چنانچہ خدا تعالیٰ نے انکی دعا کو سنا، حضرت ہاجرہ کے بچہ پیدا ہوا اور اس کا نام اسمٰعیل رکھا گیا، اس وقت حضرت ابراہیم کی عمر ۸۶ سال کی تھی، حضرت ابراہیم کو خدا تعالیٰ نے حکم دیا، کہ ہاجرہ اور اس کے بچے کو عرب کے ریگستان میں چھوڑ آؤ، چنانچہ حضرت ابراہیم فرشتہ کی راہ نمائی میں اس بن گھاس کی زمین میں پہنچے، جہاں اس وقت بیت اللہ شریف ہے، پھر حضرت ابراہیم مصر سے فلسطین چلے آئے، اور یہیں اقامت اختیار کی تیرہ سال کی مدت کے بعد حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق پیدا ہوئے، آپ ایک دفعہ عرب میں تشریف لائے، تو دیکھا کہ بیٹا اللہ کے فضل و کرم سے جوان ہو رہا ہے، ہونہار ہے دیکھ کر بہت خوش ہوئے، خدا تعالیٰ نے نیند میں حکم دیا، کہ اس بیٹے کو اللہ کی رضا کے لئے ذبح کر دو، باپ نے بیٹے سے تذکرہ کیا، بیٹا بڑی فراخ دلی سے خدا کے نام پر ذبح ہونے کے لئے تیار ہو گیا چنانچہ باپ بیٹے نے اس حکم کی تعمیل ایسی خوش اسلوبی سے کی کہ دنیا میں یادگار رہ گئی، اللہ نے اسمٰعیل کو بچا لیا "ذبیح اللہ" کا لقب ملا، اور امتحان پورا ہو گیا، پھر آپ نے حضرت اسمٰعیل کی معیت میں خانہ کعبہ کو تعمیر کیا، اور اس کے بعد بیت المقدس کو تعمیر کیا، ایک مسجد کی خدمت ایک بیٹے کے سپرد کی، اور دوسری کی دوسرے بیٹے کے، اپنے بھتیجے حضرت لوط کو شرق اردن کے علاقہ میں (جس کا پرانا نام سدوم ہے) بھیجدیا، اردن کی وہ جانب جہاں آج بحر میت واقع ہے، یہی جگہ ہے جہاں سدوم اور عامورہ کی بستیاں آباد تھیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ۱۷۵ سال کی عمر پائی، خدا تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا ہے، کہ آپ نہایت رحمدل اور

مہربان طبیعت کے مالک تھے، وحدہ لاشریک کے سچے موحد اعظم، دین حنیف کی بنیاد رکھنے والے رضی اللہ عنہ وارضاہ، آپ قدس خلیل میں دفن ہوئے [illegible]

**حضرت ادریس علیہ السلام** قرآن مجید میں ان کا ذکر دو جگہ آیا ہے، نسب نامہ میں اختلاف ہے لیکن صحیح نسب نامہ [illegible]
ابن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام آپ بابل کے علاقہ میں پیدا ہوئے، جوان
ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے نبوت سے سرفراز کیا، قوم نے نہ مانا بہت تھوڑے لوگ ایمان لائے، کفار سے تنگ آکر مصر کی طرف ہجرت کی، آپ بہت سے
علوم کے موجد ہیں، چونکہ وہ زمانہ ابتداء آفرینش کا زمانہ تھا، لوگوں کے ذاتی علم نے ابھی کچھ ترقی نہ کی تھی، اس لئے بعض علوم بذریعہ وحی اللہ تعالیٰ کی طرف سے [illegible]
کو سکھائے گئے، حضرت ادریس علیہ السلام کپڑا بننے اور لکھنے کے استاد اول تھے، علم رمل اور نجوم کا وہ حصہ جو صحیح ہو سکتا ہے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا
تھا، حدیث میں ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے رمل کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ علم ایک نبی کو دیا گیا تھا جو اس کے مطابق [illegible]
ہے، صحیح ہوتا ہے باقی غلط، علم نجوم کی پوری ماہیت، ستاروں کی گردش اور کشش وغیرہ کا علم بھی ان کو دیا گیا، حکمت و فلسفہ کا استاد اول بھی [illegible]
کو مانا گیا ہے، آپ کو ہرمس الہرامسہ کا خطاب دیا جاتا ہے، آپ علم حساب اور ہندسہ کے بھی بانی ہیں [illegible]
آپ نے ان کے لئے قانون کا ایک مجموعہ تحریر کیا جس میں تہذیب نفس، تدبیر منزل اور سیاست کے متعلق قوانین تھے، آپ نے [illegible]
چار آدمی بادشاہ مقرر فرمائے، جن میں ایک کا نام اسقلیبوس تھا، اس کو یونان کے علاقہ میں مقرر کیا گیا، اس نے [illegible]
نے اس بادشاہ کے مجسمے ہیکل میں رکھے، لیکن کچھ مدت کے بعد یونانیوں کے دماغ میں یہ چیز سما گئی، کہ یہ حضرت ادریس کے [illegible]
کرنے لگے، آپ کا رنگ گندم گوں، قد درمیانہ، خوبصورت، گھنی داڑھی، چمکدار آنکھیں، خاموشی پسند [illegible]
آپ نے ۸۲ سال کی عمر پائی لیکن تورات میں آپ کی عمر ۳۶۵ سال دی گئی ہے، واللہ اعلم، مدفن معلوم نہیں۔

**ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام** حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بلا واسطہ مٹی سے پیدا کیا [illegible]
فرمائی۔ فرشتوں نے اس پر اعتراض کیا، تو خداوند تعالیٰ نے ایک امتحان کے ذریعہ [illegible]
سے زیادہ حضرت آدم علیہ السلام ہی خلافت کے مستحق ہیں، آپ کو جنت میں آباد کیا گیا، کچھ عرصہ بعد آپ کی [illegible]
آپ کی طبیعت سے وحشت دور ہو گئی، خداوند تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو فرشتوں سے سجدہ کرایا، ابلیس نے انکار کیا، اور [illegible]
سے انکار کی وجہ پوچھی گئی کہ تو نے سجدہ کیوں نہ کیا، تو اس نے کہا کہ میں آدم سے بہتر ہوں، میں آگ سے [illegible]
مٹی سے افضل ہے لیکن اس کمبخت کو معلوم نہ تھا کہ خدا تعالیٰ کے ہاں فضیلت نسبی کا نام نہیں [illegible]
کی آزادی دی گئی، مگر ایک درخت سے روک دیا گیا، کہ اس کا پھل نہ کھانا، ابلیس کے دل میں حسد کی آگ [illegible]
وسوسہ ڈالنا شروع کیا، کہ اس درخت کا پھل کھانے سے آپ کو بقائے دوام نصیب ہو جائے گی، بالآخر آدم علیہ السلام [illegible]
آپ نے اس درخت کا پھل کھا لیا، کھاتے ہی بہشتی لباس چھین لیا گیا، ننگے ہو گئے، درختوں کے پتوں سے [illegible]
تعالیٰ نے فرمایا، کہ اب تم زمین پر چلے جاؤ، اب امتحان دے کر میری فرمانبرداری کر کے [illegible]
میں آنے والے ہیں تو پھر تم کو جنت میں آباد کیا جائے گا، آپ زمین پر تشریف لائے [illegible]
سے ثابت ہے بعض روایات سے پتہ چلتا ہے، کہ حضرت آدم علیہ السلام نے بیت اللہ [illegible]
گوں تھا، قد بہت لمبا، بعض روایات سے پتہ چلتا ہے، کہ آپ کی زبان عربی تھی۔

**حضرت اسحٰق علیہ السلام** حضرت ابراہیم کی عراق سے ہجرت کے بعد فلسطین کے علاقہ [illegible]
خداوندی بذریعہ فرشتگان پیدا ہوئے، اپنے چچا کی لڑکی سے شادی کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام [illegible]
میں ہی زمین کنعان کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجے گئے، آپ کے دو لڑکے پیدا ہوئے [illegible]
ہوئی، چند روزہ بیماری کے بعد آپ رحلت فرما گئے، آپ کا قد لمبا، سیاہ آنکھیں، چہرہ [illegible]

صلاحیت، شفقت اور رحمت خاص طور پر قابل ذکر ہیں، آپ کی عمر ایک سو اسی برس ہے، عیص نے ان کی تجہیز و تکفین کے بعد قدس خلیل میں اپنے باپ حضرت ابراہیم کے پہلو میں دفن کیا،

**حضرت اسمٰعیل علیہ السلام** آپ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے بڑے صاحبزادے ہیں مصر میں اقامت کے دوران میں آپ پیدا ہوئے اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر ۸۰ سال کی تھی حضرت ہاجرہ اور اسمٰعیل کو حضرت خلیل اللہ بحکم خداوندی عرب کی سرزمین میں اس مقام پر چھوڑ گئے، جہاں نہ پانی تھا نہ کھانا یہی وہ جگہ کہ جس کو مشیت الٰہی نے ازل سے انتخاب کر رکھا تھا آپ کی پرورش بنو جرہم نے کی، شادی بھی انہیں کے خاندان میں ہوئی، ان کی طفیل اللہ تعالےٰ نے ایک چشمہ جاری کیا جس کا نام زمزم ہے، جو آج بھی موجود ہے جب آپ کچھ دنیاوی دوڑ دھوپ کے قابل ہوئے، تو حضرت ابراہیم کو ان کے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا، چنانچہ باپ بھی تیار ہو گیا، اور بیٹا بھی، اپنی طاقت کے مطابق دونوں نے اس حکم کی تعمیل کے لئے کوشش کی، لیکن خدا تعالیٰ کو صرف امتحان مقصود تھا، ذبح کرانا مقصود نہ تھا، آپ کو اس واقعہ سے ذبیح اللہ کا خطاب ملا، پھر آپ نے باپ کے ساتھ مل کر بیت اللہ کی تعمیر میں خاصہ حصہ لیا، یہ وعدہ کے بڑے سچے، اہل و عیال کو نماز زکوٰۃ کی تلقین کرنے والے تھے، ان کی اولاد میں خدا تعالیٰ نے بڑی برکت عطا فرمائی، آپ نے ۱۳۵ سال کی عمر پائی، آپ کی اولاد آپ کی زندگی میں ہی شام مصر فلسطین اور حجاز میں آباد ہو چکی تھی، تورات کا دعویٰ ہے، کہ حضرت اسمٰعیل فلسطین کے علاقہ میں دفن ہوئے ہیں لیکن صحیح روایات سے پتہ چلتا ہے، کہ آپ کی وفات مکہ مکرمہ میں ہی ہوئی، اور اپنی والدہ ماجدہ کے قریب ہی بیت اللہ شریف کے پاس دفن ہوئے،

**حضرت الیاس علیہ السلام** الیاس بن عیزار بن ہارون علیہ السلام مشہور انبیا میں شمار ہیں، الیاس اور الیاسین ایک ہی نام ہے ان کی زندگی سدو لشانہ تھی، ان کی قوم بعل کی پوجا کیا کرتی تھی، آپ نے منع فرمایا، قوم نے انکار کیا، تو اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک ظالم بادشاہ مقرر کیا، آپ نے ہجرت کے بعد بیت المقدس میں اقامت اختیار کی، آپ نحیف بدن، طویل قامت، اور گھونگھریالے بالوں والے تھے، شریعت موسوی کے حامل تھے، ان کی وفات اور قبر کے حالات نامعلوم ہیں، اسرائیلیات میں ہے، کہ یہ بھی زندہ آسمان کی طرف اٹھائے گئے، اور (ایشا کی آمد) انکی دوبارہ آمد سمجھی گئی،

**حضرت الیسع علیہ السلام** ان کے نسب نامہ میں اختلاف ہے۔ وہب بن منبہ کی اسرائیلی روایت میں ان کو خطوب کا بیٹا کہا گیا ہے مشہور مورخ محمد بن اسحاق نے اسی کو ترجیح دی ہے کتب تواریخ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ یہ حضرت الیاس علیہ السلام کے چچازاد بھائی ہیں، ابن عساکر نے تاریخ میں ان کو حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد سے قرار دیا ہے۔ تورات کے بیان کے مطابق ان کے باپ کا نام سفوط ہے بہرحال ان کا راجح نسب نامہ اس طرح ہے۔ الیسع بن عدی بن شوتلم بن افرائیم بن یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ ان کا ذکر قرآن مجید میں صرف دو جگہ آیا ہے۔ سورۃ انعام اور سورۃ ص میں۔ حضرت الیسع حضرت الیاس علیہ السلام کے نائب اور خلیفہ تھے۔ ابتدا میں ان کی رفاقت میں رہے۔ حضرت الیاس علیہ السلام کی رحلت کے بعد اللہ تعالےٰ نے ان کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے نبی بنا کر بھیجا۔ انکی عمر۔ مدت تبلیغ۔ حیات و وفات کے متعلق تفصیلات کا پتہ نہیں چلتا۔ البتہ بنی اسرائیل کی رہائش چونکہ شام کے علاقہ میں تھی اس لئے قیاس یہی چاہتا ہے کہ انکا حلقہ تبلیغ شام ہے اور وہیں ان کی وفات بھی ہوئی۔

**حضرت ایوب علیہ السلام** ایوب بن ساری بن انوال بن عیص بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام، آپ کی والدہ ماجدہ حضرت لوط علیہ السلام کی اولاد سے ہیں، آپ نے رحمہ بنت افرائیم بن یوسف علیہ السلام سے نکاح کیا، آپ کثرت مال و مویشی اور اراضی میں مشہور ہیں، خدا کے شکر اور خدا کے امتحان پر جو صبر آپ نے کیا، وہ زمانہ میں ضرب المثل ہے، آزمائش کے طور پر آپ کا مال املاک برباد ہو گیا، آپ خود بیمار ہوئے، اور کئی سال تک بیمار رہے، لیکن گلہ و شکوہ آپ کی زبان سے نہ نکلا، خداوند تعالیٰ نے ان کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے انا وجدناہ صابرا نعم العبد انہ اواب۔ امتحان کے بعد خدا تعالیٰ نے جب آپ کو صحت دینے کا ارادہ فرمایا، تو آپ کو حکم ہوا کہ اپنی ایڑی زمین پر مارو، اسی وقت وہاں سے ایک چشمہ جاری ہوا، جس کا پانی پینے اور غسل کرنے سے تمام بیماریاں جاتی رہیں، اللہ تعالیٰ نے صحت

کے بعد آپ پر سونے کی بارش کی، اور مال اور اولاد پہلے سے دگنی دی، کعب احبار کے قول کے مطابق آپ کا دور مصائب ۷ سال ہے، آپ نے ۹۳ سال کی عمر پائی جس میں ۷۰ سال عمر نبوت ہے، آپ کی شریعت ابراہیمی ہے، آپ کا قد لمبا، آنکھیں سیاہ، گھونگھریلے بال، بڑا سر، پنڈلیاں اور بازو موٹے تھے، آپ کا رنگ گندم گوں تھا

**حضرت داؤد علیہ السلام** داؤد بن لیشہ بن علیہ بن لوعز بن سلمون بن نحشون بن امینہ داب بن ارام بن حصرون بن فرص بن یہودہ بن یعقوب علیہ السلام، آپ ابتداء میں بکریاں چراتے تھے، بنی اسرائیل کی تباہی ان کے زمانہ میں حد کو پہنچ چکی تھی، آپ کے زمانہ میں بنی اسرائیل نے اپنے زمانہ کے پیغمبر شموئیل علیہ السلام سے درخواست کی کہ ہمارے لئے کوئی بادشاہ مقرر کیا جاوے، کہ ہم اس کے ماتحت ہو کر جالوت سے لڑیں، تو اللہ تعالی نے ان کے لئے طالوت کو مقرر کیا، طالوت جو لشکر لے کر گئے تھے، تو داؤد علیہ السلام اس لشکر میں بحیثیت ایک سپاہی تھے حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ سے جالوت مارا گیا، اور بنی اسرائیل کے ہاتھ میں اس علاقہ کی حکومت آئی تو حضرت داؤد علیہ السلام کو ایک ممتاز عہدہ پر مقرر کیا گیا، طالوت کی وفات کے بعد حضرت داؤد خود مختار بادشاہ بنے، ان کے زمانہ میں بنی اسرائیل نے بڑی ترقی کی، اللہ تعالی نے انکو لوہا اور تانبا پر بطور معجزہ قدرت عطا فرمائی تھی، پہاڑ اور پرندے آپ کے ساتھ تسبیح کیا کرتے تھے، آپ کی ہتھی زرہیں تیار کرتے تھے، اور یہی ان کا ذریعہ معاش تھا، بعد ازاں اللہ تعالی نے آپ کو نبوت عطا فرمائی آپ شریعت موسوی کے حامل تھے، آپ نے اپنے زمانہ نبوت میں بیت المقدس کی بنیاد رکھی، جسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے پورا کیا، آپ نے ۱۲۰ برس عمر پائی، اور بیت المقدس میں ہی رحلت فرمائی، آپ کا جنازہ شاہانہ طریق پر اٹھایا گیا جس میں ....۴۰ کے قریب صرف راہب ہی تھے، عوام کی گنتی کا شمار خدا ہی جانے سورہ ص میں خداوند تعالے نے ان کی دس خوبیاں بیان فرمائی ہیں

**حضرت ذی الکفل علیہ السلام** ان کی شخصیت میں علماء نہایت مختلف ہیں بعض کے نزدیک بشیر بن ایوب علیہ السلام ہیں، اور بعض کے نزدیک حزقیل علیہ السلام ہیں لیکن صحیح یہ ہے، کہ آپ الیسع کے خلیفہ تھے، بعد میں آپ کو نبوت دی گئی آپ شام کے ایک بادشاہ عالقہ کے مقرب تھے، اور بادشاہ کو بنی اسرائیل سے نہایت عداوت تھی اس نے ایک دفعہ بنی اسرائیل پر تاخت و تاراج کی، تو حضرت ذی الکفل نے بنی اسرائیل کو آزاد کرا دیا، بالآخر وہ بادشاہ مسلمان ہوا، اور ذی الکفل سے جنت کا وعدہ لے کر تخت سے دستبردار ہو گیا، بعد ازاں ذی الکفل نے خود حکومت سنبھالی، آپ کے اثر سے ایک دفعہ پھر شام میں اسلام پھیلا، بالآخر شاہی [illegible]

**حضرت زکریا علیہ السلام** حضرت زکریا بنی اسرائیل کے پیغمبر ہیں، آپ کے جوانی میں کوئی اولاد نہ تھی جب عمران کے گھر حضرت مریم علیہا السلام پیدا ہوئیں، تو ان کی پرورش اپنے ذمہ لی، حضرت مریم بچپن ہی سے نہایت صالحہ اور عابدہ تھیں حضرت مریم کی حالت دیکھ کر حضرت زکریا کی ناامیدی اور مایوسی جو بنی اسرائیل کی اصلاح کے متعلق تھی امید سے بدل گئی اور آپ نے اللہ تعالی سے دعا کی، کہ یا الٰہی بنی اسرائیل کی اصلاح کے لئے مجھے بھی ایک صالح لڑکا عطا فرما، چنانچہ اللہ تعالی نے باوجود کبر سنی کے اور والدہ کی [illegible] نہایت معجزانہ طریق پر یحیی علیہ السلام پیدا کئے، بنی اسرائیل نے حضرت زکریا کو حضرت مریم کے متعلق تہمت لگائی، اور حضرت [illegible] حضرت زکریا کو معلوم ہوا، تو آپ نے انکو سمجھایا، بنی اسرائیل باز نہ آئے، اور آخر جب شیطان سیرت آدمیوں نے [illegible] شہید کر دیا

**حضرت سلیمان علیہ السلام** آپ داؤد علیہ السلام کے فرزند ہیں، بنی اسرائیل میں آپ سے بڑا کوئی بادشاہ نہیں ہوا آپ کو تمام جن ہوا، دیو، پرندے آپ کے تابع تھے، آپ کے ذریعہ سے ملکہ سبا مسلمان ہوئی اور وہاں اسلام پھیلا جانوروں کی بولیاں آپ جانتے تھے، ایک دفعہ آپ کہ لشکر کے ساتھ جا رہے تھے کہ راستہ میں چیونٹیوں کی وادی سے گذرے، ایک چیونٹی نے کہا یا ایہا النمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان وجنودہ وھم لا یشعرون تو آپ نے تبسم فرما کر خدا کا شکریہ ادا فرمایا آپ نے بیت المقدس کی تعمیر کو نہایت عالیشان طریقہ پر مکمل کیا، جب آپ کی وفات ہوئی تو اس وقت بیت المقدس کی تعمیر ہو رہی تھی، آپ ایک حجرہ میں عصا پر ٹیک لگائے نماز ادا کر رہے تھے، کہ اللہ تعالے نے آپ کی روح کو قبض فرمایا، جب عصا کو گھن کھا گیا تو آپ کی رحلت کا علم ہوا،

**حضرت شعیب علیہ السلام** خطیب الانبیاء کے لقب سے مشہور ہیں۔ شعیب بن میکیل بن یشجر بن لاوی بن یعقوب۔ ان کی والدہ لوط علیہ السلام کی اولاد سے تھیں۔ ان کو اہل مدین اور ایکہ کی طرف مبعوث کیا گیا۔ ان کی قوم ماپ تول میں کمی بیشی کرتی تھی۔ یہ ابراہیمی شریعت کے پابند تھے۔ مدین میں موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس جا کر ٹھہرے۔ آپ نے دو سو سال عمر پائی۔ قوم کی ہلاکت کے بعد مکہ مکرمہ میں تشریف لائے اور وہیں انتقال فرمایا۔ ان کا رنگ گندم گون۔ قد درمیانہ۔ آخر عمر میں ضعف بصر پیدا ہوا۔ آپ فن مناظرہ میں بے مثل تھے۔ قرآن نے آپ کو شعیب کے نام سے یاد کیا اور بائبل میں آپ کا نام یروت لکھا ہے۔ مدت دعوت ۵۸ برس ہے۔ مشہور ہے کہ انکی قبر رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے۔ مگر حرم میں قبروں کا ہونا خلاف قیاس ہے کیونکہ قبروں میں نماز پڑھنی ناجائز ہے۔ انکی قوم پر ثمود جیسا عذاب اترا۔

**حضرت صالح علیہ السلام** ان کا ذکر قرآن مجید میں آٹھ جگہ آیا ہے۔ نسب نامہ یہ ہے صالح بن عبید بن آسف بن ماشج بن عبید بن جادر بن ثمود۔ اس سلسلے سے معلوم ہوا کہ ثمود آپ کے جد اعلیٰ کا نام ہے اور اسی ثمود کی اولاد قوم ثمود کہلائی۔ اسی کو عاد ثانیہ بھی کہا جاتا ہے اور نسب نامہ سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ یہ قوم سامی قبائل میں سے تھی۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ سام عرب کے ریگستان میں مقیم ہوا۔ قوم ثمود کی بستیاں حجر کے علاقہ میں تھیں۔ حجاز اور شام کے درمیان وادی القریٰ تک انہی کی بستیاں تھیں۔ آج اس علاقہ کو "فج الناقہ" کہا جاتا ہے۔ ان کا زمانہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بہت پہلے کا ہے ان کا مذہب آہستہ آہستہ بت پرستی بن گیا تھا۔ کفر اور شرک کے علاوہ ہر قسم کی بداخلاقیاں ان میں سرایت کر چکی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں میں سے ایک آدمی حضرت صالح علیہ السلام کو نبی بنایا۔ حضرت صالح نے ہر ممکن طریقہ سے قوم کو سمجھانے کی کوشش کی ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ سنگ تراشی میں یہ قوم بڑی ماہر تھی۔ پہاڑوں کے پہاڑ کھود کر شہر بنا دیتی۔ پرانے کھنڈرات جو دستیاب ہوتے ہیں وہ ان کی اعلیٰ صناعی کا نمونہ ہیں۔ حضرت صالح علیہ السلام سے حجت سے جب یہ لوگ مغلوب ہوتے تو انہوں نے کہا کہ اے صالح اگر تو واقعی اللہ کا نبی ہے تو کوئی نشان دکھلاؤ۔ حضرت صالح نے کہا کہ جو نشان کہو اسی کا اللہ سے سوال کروں تب انہوں نے کہا کہ اس سامنے کی پہاڑی سے ایک ہمارے دیکھتے دیکھتے ایک گابھن (حاملہ) اونٹنی پیدا ہو اور بچہ دے تب ہمیں یقین ہو گا کہ آپ واقعی اللہ کے نبی ہیں۔ حضرت صالح علیہ السلام نے اللہ سے التجا کی۔ حسب استدعا اونٹنی پیدا ہوئی۔ غیر معمولی قد و قامت اور جسامت والی لوگوں نے دیکھا بعض خوش قسمت ایمان لے آئے۔ باقی اسی کفر پر اڑے رہے۔ حضرت صالح نے مویشیوں کے چرانے اور پانی پلانے کی باری مقرر کر دی کہ ایک دن تو چراگاہ میں تمہارے مویشی چرا کریں اور چشمہ سے پانی پیا کریں۔ اور دوسرے دن اس اللہ کی اونٹنی کو چرنے کا اور پانی پینے کا موقعہ دیا جائے اور یہ یاد رکھو کہ جس دن اس اونٹنی کو کوئی تکلیف پہنچی وہ دن تمہاری تباہی اور بربادی کا دن ہو گا۔ خیر کچھ عرصہ تو اسی پر کاربند رہے لیکن آہستہ آہستہ اس پابندی کو برداشت کرنا ان کے لئے مشکل ہو گیا۔ آخر دو بدمعاش آدمیوں کو بلا کر کہا کہ تم اس کام کو کرو۔ جب ان سے انکار سنا تو ایک مالدار اور حسین عورت صدوق نے اپنے بدمعاش دوست مصدع کو کہا کہ اگر تو اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو میں تیرے گھر آباد ہو جاؤں گی اور ایک اور عورت عنیزہ نے اپنی خوبصورت بیٹی اس آدمی کو دینے کا اقرار کیا۔ جو اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو قیدار بن سالف تیار ہو گیا۔ ان دونوں نے مل کر اونٹنی کو مار دیا۔ حضرت صالح نے جب سنا تو بہت افسوس کیا اور کہا کہ اب تین دن کی مہلت ہے۔ کھا پی لو۔ آخر تین دن کے بعد یہ نالائق قوم ایک دہشت ناک آواز سے ہلاک کر دی گئی۔ حضرت صالح نے اس بدبخت قوم کی لاشوں پر کھڑے ہو کر بڑے دردناک الفاظ میں اظہار افسوس کیا اور اپنے ساتھ ایمان والے ایک سو بیس آدمیوں کو لے کر فلسطین کے علاقہ میں چلے گئے۔ اور رملہ کے قریب جا کر آباد ہو گئے۔ اور یہیں آپ نے وفات پائی۔ حدیث میں آیا ہے کہ غزوہ تبوک کے سفر میں واپسی پر صحابہ نے ایک دن انہیں برباد شدہ بستیوں کے کھنڈرات میں ڈیرا لگایا۔ آٹے گوندھنے شروع کئے اور ہانڈیاں آگ پر رکھ دیں۔ آپ نے فرمایا کہ رات یہاں نہیں گزاری جائے گی کیونکہ یہ اللہ کے غضب کی جگہ ہے۔ آپ نے آٹے مویشیوں کو کھلا دئے اور ہانڈیاں تلف کرا دیں اور آگے جا کر ڈیرا لگایا۔ ان فی ذلک لآیت لقوم یعقلون۔

**حضرت خضر علیہ السلام:** ان کا ذکر قرآن مجید میں صرف ایک جگہ آیا ہے۔ اگر سورۃ بقرہ والے بزرگ (جن کا گدھا

ان کی آنکھوں کے سامنے زندہ ہوا۔ اور جو خود سو سال کی موت کے بعد زندہ ہوئے) علمائے اختلافات اور روائیت ان ہی کو قرار دیا جائے تو وہ جگہ ان کا ذکر قرآن مجید میں ثابت ہوگا۔ توراۃ میں ایک چھوٹا سا صحیفہ "عزرا" کے نام سے موجود ہے۔ وہ انہی کی طرف منسوب ہے۔ آپ کا زمانہ ساتویں صدی قبل مسیح کا ہے۔ جن دنوں بخت نصر بابلی نے فلسطین پر پے در پے حملے کر کے یروشلم اور فلسطین کے علاقہ کو تباہ و برباد کیا اور توریت کے نسخوں کو جلایا اور بنی اسرائیل کو قید کر کے بابل لے گیا۔ ان دنوں آپ بہت کم سن تھے اور قیدیوں میں یہ بھی گرفتار ہو کر بابل گئے چالیس سال کی عمر میں آپ کو بنی اسرائیل نے "فقیہ" کا لقب دیا۔ اور وہیں آپ کو نبوت سے سرفراز کیا گیا۔ دارا اور اردشیر کے درباروں میں یروشلم کی آبادی کے متعلق جب رکاوٹ ڈالی گئی تو آپ سفارتی وفد کی قیادت کرتے رہے اور توریت کی بربادی کے بعد اس کی تجدید کی آپ حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ یہود ان کو "اللہ کا بیٹا" کہتے ہیں۔ اور آج بھی نواح فلسطین میں یہود کے کچھ قبائل ایسے ہیں جو آپ کو ابن اللہ کہتے ہیں۔ اور ان کے مجسمے بنا کر ہیکلوں میں رکھتے ہیں۔ آپ نے ڈیڑھ سو برس کی عمر پائی عراق کی ایک بستی "ساتر آباد" میں ان کی وفات ہوئی اور وہیں دفن ہوئے۔

**حضرت عیسیٰ علیہ السلام** عیسیٰ ابن مریم بنت عمران ہیں اور ۲۶ واسطہ سے حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملتے ہیں۔ اور بنی اسرائیل کے سب سے آخیری نبی ہیں۔ صاحب شریعت عیسوی ہیں۔ آپ کی ولادت بدوں مس مرد بواسطہ نفخ جبرائیل ہوئی۔ بنی اسرائیل نے آپ کی ولادت کے متعلق شبہ کیا۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ نے والدہ کی گود میں اپنی والدہ کی برأت کی، آپ ناصرہ میں پیدا ہوئے اور بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو بچپن ہی میں نبوت عطا فرمائی، بنی اسرائیل کی شرارت پسند طبیعتیں آپ کی تعلیم پر مائل نہ ہوئیں اور الٹا حضرت عیسیٰ کے قتل کے درپے ہو گئے، آپ نے اپنی نبوت کے بے شمار معجزے دکھائے لیکن بنی اسرائیل پر ان کے معجزات کا کوئی اثر نہ ہوا، بلکہ جادوگر شمار کرنے لگے، چنانچہ آپ نے خدا تعالیٰ کے حکم سے مختلف اطراف میں دین کی تبلیغ کے لئے خلیفے مقرر کئے، بالآخر ایک دن یہودیوں نے آپ کے مکان کا محاصرہ کر لیا، کہ آپ کو گرفتار کر کے صلیب پر لٹکائیں، اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے عیسیٰ علیہ السلام کو بجسد عنصری آسمان کی طرف اٹھا لیا، اور آپ کی جگہ مخبر کو صلیب پر چڑھایا گیا، آپ آخری زمانہ میں آسمان سے زمین پر نازل ہوں گے، دجال کو قتل کریں گے، اسلام پھیلائیں گے، شادی کریں گے اولاد ہوگی، اور پھر اس دار فانی سے رحلت فرمائیں گے، اور روضہ اقدس حضور علیہ السلام میں مدفون ہوں گے،

**حضرت لقمان علیہ السلام** اکثر علماء کا اتفاق ہے کہ آپ پیغمبر نہ تھے حضرت داؤد علیہ السلام کی مجلس میں بہت عرصہ رہے، آپ سے عجیب و غریب چیزوں کا اظہار ہوا، آپ حبشہ کے علاقہ نوبہ کے رہنے والے تھے، آپ کا رنگ سیاہ تھا آپ متقدمین اعراب میں سے ایک اعرابی کے غلام تھے جس نے شام میں سکونت اختیار کر رکھی تھی، آپ نے شام ہی میں وفات پائی، اور رملہ میں مدفون ہوئے، سورہ لقمان میں ان کے نصائح موجود ہیں،

**حضرت لوط علیہ السلام** آپ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے برادرزادہ ہیں، آپ کی نبوت پر ایمان لائے بعد از [illegible] ان کو نبوت سے سرفراز کیا، عراق سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کی [illegible] مصر میں جب ابراہیم مقیم تھے تو آپ کو نبوت عطا ہوئی، اور شرق اردن میں بحر میت یا بحر لوط کے گرد اگرد جہاں کہ سدوم اور عمورہ کی بستیاں تھیں، وہ علاقہ انکی تبلیغ کے لئے مقرر ہوا یہ وہ مقام تھا جہاں سے مصر، عراق، اور ایران کے درمیان آمد و رفت رکھنے والے مسافروں کا گذر ہوتا تھا، حضرت ابراہیم بڑے خوش تھے، کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس علاقہ میں مقرر فرمایا ہے جہاں سے بیرونی ممالک میں بھی پیغام بھیجا جا سکے گا، اس جگہ کی رہنے والی قوم بڑی بدمعاش اور بد طینت تھی، ان لوگوں نے فحش کاری کا ایک ایسا طریقہ ایجاد کیا تھا جو دنیا میں اس سے پہلے نہیں تھا یعنی یہ لوگ بے ریش لڑکوں سے اپنی شہوت پوری کرتے تھے، اس کے علاوہ ڈاکے مارنا، لوگوں کا مال لوٹ لینا، فحش اور بدکاری کے واقعات بھری مجلس میں بیان کرنا تو معمولی بات تھی، بھری مجلسوں میں اس فحش اور ناپاک جرم کا ارتکاب کر لیا کرتے تھے حضرت لوط علیہ السلام ان کو سمجھاتے رہے، یہ باز نہ آئے

بلکہ الٹا حضرت لوط کو بستی سے نکال دینے کی دھمکی دینے لگے، ہنسی اور مذاق اڑانے، بالآخر اس قوم کی تباہی اور بربادی کا وقت آپہنچا، تو آسمان سے فرشتے آئے، جو پہلے فلسطین کے علاقہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے، اور ان کو حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق کی پیدائش کی خوشخبری سنائی، اور کہا کہ ہم لوط کی بستیوں پر عذاب لے کر آئے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نہایت نرم دل اور دردمند تھے، فرشتوں سے جھگڑا کرنے لگے، انھوں نے کہا کہ ابراہیم اس معاملہ کو جانے دو، اب یہ عذاب واپس نہیں ہوسکے گا، پھر یہ فرشتے خوبصورت لڑکوں کی شکل میں لوط علیہ السلام کے گھر میں داخل ہوئے، قوم کو پتہ چلا، تو بدمعاشی کے لئے دوڑتے آئے، حضرت لوط بڑے پریشان ہوئے، ان سے جھگڑتے رہے کوئی فائدہ نہ ہوا، فرشتوں نے کہا، آپ پریشان نہ ہوں، ہم آدمی نہیں فرشتے ہیں، یہ لوگ آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے، اور ہم آپ تک یہ پیغام پہنچانے کے لئے حاضر ہوئے ہیں، کہ آپ رات کے پہلے حصہ میں اس شہر سے نکل جائیں، کیونکہ صبح ہوتے ہوتے اس قوم پر عذاب آجائے گا۔ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَا اَعْيُنَهُمْ نصف رات کے وقت ایک دہشت ناک آواز نے ان کو مبہوت کردیا، پھر فرشتہ نے ان کی بستیوں کے علاقہ کو اکھاڑا، اور آسمان تک لے گیا، ساتھ ہی ساتھ ان پر پتھروں کی بارش بھی ہوتی رہی، اوپر جاتے جاتے یہ منحوس قوم تباہ ہوگئی، پھر ان بستیوں کو پھینک دیا گیا، اور اس زور سے اس کو مارا گیا، کہ یہ زمین سطح سمندر سے ۔۔ سو میٹر نیچے چلی گئی، اور زمین کی سطح پر پانی آگیا یہی پانی بحر میت اور "غرقاب لوطی" ہے، اس طرح اس ناپاک قوم کا خاتمہ ہوا، حدیث شریف میں ہے، کہ حضرت عثمان اپنی اہلیہ محترمہ نبی صلعم کی صاحبزادی کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے لگے، تو آپ نے فرمایا، جاؤ خدا حافظ، خدا کے راستہ میں اس سرزمین میں پہلے مہاجر حضرت لوط تھے، اور دوسرے تم ہو، عمر اور مقام وفات معلوم نہیں، واللہ اعلم،

**حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** آپ کا سلسلہ نسب عدنان سے ہوتا ہوا ۵۳ واسطہ سے حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم علیہ السلام سے جاملتا ہے چونکہ حضرت ابراہیم ۱۸۹۲ قبل مسیح ہیں! اور آپ ۵۷۱ بعد مسیح ہیں اس لیئے درمیانی زمانہ ۲۴۶۳ برس ہے۔ والد کا نام عبداللہ والدہ کا نام آمنہ ہے آپ اپنے باپ کے اکلوتے بیٹے یتیم پیدا ہوئے اور چھ برس کی عمر میں ابوء مقام میں اپنی والدہ کی آغوش محبت سے بھی محروم ہوگئے۔ ۲ برس بعد دادا عبد المطلب بھی فوت ہوگئے۔ تو ابوطالب نے ۲۵ برس کی عمر تک خوب نگرانی کی۔ قبل از نبوت ۲ دفعہ عمارت کعبہ میں شریک ہوئے۔ ۴۰ برس کی عمر میں غار حرا میں قرآن کے نزول کی ابتدا ہوئی۔ تو تمام عرب جو پہلے بڑی عزت کرتا تھا۔ اب دشمنی پر تل آیا۔ ۱۳ برس مکہ میں قرآن مجید آپ سناتے رہے۔ ادھر قریش کی خون آشام طبیعتیں بھڑک اٹھیں۔ دارندوہ میں بیٹھ کر مکہ کے مختلف قبائل کے ۱۴ اکابر نے بوقت رات قتل کا ارادہ کیا۔ اس رات آپ ابوبکر کی معیت میں غار ثور میں ۳ دن کے لیئے چھپ گئے۔ پھر آپ نے مدینہ کا رخ کیا۔ ۱۰ برس مدینہ تشریف اقامت کی۔ قریش کا غیظ و غضب پہلے سے بھی بڑھا۔ اب باقاعدہ لڑائیاں شروع کیں۔ بدر۔ احد۔ خندق اسی کا نتیجہ ہیں۔ دوسری طرف یہود بھی قریش کے مددگار بن گئے۔ چنانچہ بنی قینقاع، بنو نظیر، بنو قریظہ بھی لڑائی پر اترے۔ اور مغلوب ہوکر خیبر چلے گئے اور وہاں سے متفقہ حملہ کا ارادہ کیا۔ بالآخر خیبر بھی فتح ہوگیا۔ مکہ فتح ہوگیا۔ ہوازن حنین بھی رام ہوگئے۔ تو عیسائی بھی شرارت پر اترے۔ موتہ کے مقام پر رومی شکست کھاگئے جو کہ تبوک کے معرکہ کی بنیاد بنی ۹ھ میں تبوک کی جنگ کا واقعہ پیش آیا۔ اس میں آپ بنفس نفیس شامل تھے۔ لیکن اس مقام پر جنگ نہ ہوئی لیکن اس سفر میں بہت سے فوائد آپ کو حاصل ہوتے۔ واپسی پر آپ نے مسجد ضرار کو گرایا۔ اس سال ہی آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا۔ ۱۰ھ میں آپ نے آخری حج فرمایا اور ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ کو دنیا کے سب سے بڑے آدمی اور اللہ کے اس آخری رسول نے عالم بقا کو لبیک کہا۔ آپ مدینہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں دفن ہوئے۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام** بن عمران بن قاہاث بن لاوی بن یعقوب علیہ السلام۔ یہ دونوں بزرگوار بنی اسرائیل انبیا میں سے بڑے پایہ کے پیغمبر ہیں۔ ان دونوں کو اللہ تعالےٰ نے فرعون مصر کی طرف بھیجا۔ جو کہ یوسف علیہ السلام کے کچھ زمانہ بعد ریان بن ولید کی قوم سے مصر پر مسلط ہوگیا تھا۔ اس نے تمام بنی اسرائیل کو اپنا غلام بنا رکھا تھا۔ اللہ

تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے دو مقصد بیان فرمائے ہیں۔ ایک اہل مصر کو ہدایت کی طرف دعوت دینا۔ دوسرا بنی اسرائیل کو آزادی دلوانا۔ آپ کی زندگی کے اکثر واقعات قرآن مجید میں موجود ہیں۔ آپ کی ولادت آپ کی پرورش معجزانہ طور پر ہوئی۔ بچپن میں خداوند تعالیٰ کے حکم سے موسیٰ کی والدہ نے ان کو تابوت میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا۔ فرعون کے گھر والوں نے تابوت کو پکڑا اور بچہ کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئے آپ کے لئے تنخواہ دے کر آپ کی والدہ کو دودھ پلانے پر مقرر کیا۔ اوائل عمر میں آپ نے ایک قبطی کو ایک ٹکر رسید کیا جس سے وہ مر گیا۔ اور موسیٰ علیہ السلام کو مدین کی طرف جلاوطن ہونا پڑا۔ وہاں سے دس سال کے بعد واپسی پر آپ کو نبوت بخشی گئی۔ اور فرعون کی سرکوبی آپ کے سپرد ہوئی۔ آپ نے دعا کر کے ہارون علیہ السلام کو بھی اسی کام پر مقرر کروا لیا۔ چنانچہ حضرت ہارون بنی اسرائیل کی اخلاقی اصلاح اور حضرت موسیٰ فرعون میں مقابلہ میں لگے رہے۔ جب فرعون کسی طرح نہ مانا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو معہ لشکر بحیرہ قلزم میں غرق کر کے بنی اسرائیل کو اس سے نجات دلوائی۔ بنی اسرائیل مصر سے نکل کر ۴۰ سال ارض تیہہ میں بھٹکتے رہے۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس۔ اریحا شام کا سارا علاقہ اور حکومت مصران کو عنایت کی۔ ارض تیہہ میں تیسویں سال حضرت ہارون نے وفات پائی۔ حضرت موسیٰ کی وفات جب قریب ہوئی تو حضرت یوشع بن نون کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ اور خود دنیا ئے فانی سے کوچ کیا۔ حلیہ گندم گون رنگ۔ قد لمبا۔ گھونگریالے بال چہرہ پر خال۔ بولنے میں لکنت۔ طبیعت میں غصہ۔ حلیہ ہارون علیہ السلام۔ کشیدہ قامت۔ رنگ سفید۔ ضخیم البدن۔ حلیم الطبع۔ ابتدا میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے تابع تھے۔ تورات کے اترنے کے بعد مستقل شریعت موسوی کے بانی بنے۔ ہارون علیہ السلام کی قبر کوہ ہور پر واقع ہے۔ غزوہ تبوک میں بنی کثیب احمر سے گذرے تو آپ نے فرمایا کہ میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں۔

## حضرت ہود علیہ السلام

آپ کا ذکر قرآن مجید میں سات جگہ آیا ہے۔ عجیب لطف کی بات ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام اور ان کی قوم عاد کا تذکرہ سوائے قرآن مجید کے اور کسی کتاب میں نہیں ملتا۔ ہاں چند وہ کتبے جو ماہرین آثار قدیمہ نے برآمد کئے ان سے کچھ اس قوم کے حالات پر روشنی پڑتی ہے۔ قوم عاد عرب کے قدیم قبیلہ سامیہ میں سے ایک با عظمت اور با اقتدار جماعت کا نام ہے۔ اس قوم کا زمانہ حضرت مسیح سے کوئی تین ہزار سال قبل ہے اور بعض مورخین کے قول کے مطابق اس کا زمانہ مسیح سے دو ہزار سال قبل تسلیم کیا گیا۔ اس قوم کا وطن احقاف ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے، اور یہ علاقہ حضرموت کے شمال میں اس طرح واقع ہے کہ شمال میں ربع خالی (یعنی عرب کا صحرائے اعظم) اور مشرق میں عمان ہے، مگر آج وہاں کوئی آبادی نہیں ہے، اس قوم کی سلطنت بڑی مضبوط اور بڑی وسیع تھی، حضرموت یمن، خلیج فارس کے کنارے سے عراق تک پھیلی ہوئی تھی، دارالخلافہ یمن تھا، یہ قوم جسمانی طاقت کے لحاظ سے دنیا کی بے مثال قوم ہے، بڑی مغرور اور سرکش قوم تھی، بت پرستی، کفر اور شرک میں مبتلا حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بت ان کے مرنے کے بعد ان کو مل گئے، ان کے علاوہ اور بھی بت بنائے، اور پوجنے لگے، اللہ تعالیٰ نے اسی قوم کے ایک قبیلہ خلود نامی سے حضرت ہود علیہ السلام کو نبی بنایا، یہ نبی نہایت خوبصورت، وجیہ، سرخ و سفید رنگ اور گھنی داڑھی والے تھے، آپ نے قوم کو سمجھانا شروع کیا، قوم نے باقاعدہ کے مظاہرے کئے، آپ نے عذاب الٰہی کی دھمکی دی، تو قوم نے کہا، کہ ہم سے زیادہ طاقت کس میں ہے، یہ بدنصیب قوم یہ کہہ گئی کہ جس خدا نے ان کو پیدا کر سکتا ہے، وہ ان سے زیادہ قوت والا ہے، اس قوم نے حضرت ہود کا کہنا تو نہ مانا، البتہ اپنی حفاظت کے سامان ارے لئے میں مشغول ہو گئی ان لوگوں نے زمین دوز شہر بنائے، بالآخر اس قوم نے خدا سے بھی چیلنج کیا، کہ میاں باپ اپنے خدا کا عذاب لے آؤ، اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر پر مسلط ہوا، خدا تعالیٰ نے اس طاقتور اور جسیم اور قد و قامت والی قوم کو اپنی سب سے زیادہ کمزور، ناتوان اور ضعیف سی مخلوق سے مروایا، اور ان کے غرور کو خاک میں ملایا، اللہ تعالیٰ نے اس قوم پر ہوا کو مسلط کیا، وہ ہوا ان پر سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل اور متواتر چلی جس نے ان کا نام و نشان مٹا دیا، وہ ہوا ان کو پہاڑوں کی غاروں اور زمین دوز سرنگوں میں سے کھینچ کر لاتی، فضائے آسمانی میں تنکوں کی طرح اڑاتی، اور اوندھے کر کے گرا دیتی گردنیں ٹوٹتیں، سر الگ ہوتے، اور دھڑ الگ رہ جاتے، اس طرح اس منحوس اور نامبارک قوم کا فیصلہ ہوا، عاد کی ہلاکت کے بعد آپ نے حضرموت کے شہر میں ہجرت کی اور یہیں وفات پائی، حضرموت کے مشرقی حصہ میں وادی برہوت کے قریب شہر تریم سے دو میل پر آپ کا ایک مزار

ٹیلہ پر دفن کیا گیا آپ کی قبر پر ایک جھاؤ کا درخت تھا، عمر معلوم نہیں ہو سکی۔

**حضرت نوح علیہ السلام** آپ کا نسب نامہ یہ ہے، نوح بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (ادریس علیہ السلام) آپ اللہ تعالیٰ نے پہلے رسول ہیں، آپ کے وقت میں ساری کی ساری قوم کفر اور شرک کی لپیٹ میں آچکی تھی آپ کی دعوت و تبلیغ کا علاقہ وہ علاقہ ہے، جو دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے، اور یہ دونوں دریا آرمینیا کے پہاڑوں سے نکلتے ہیں، اور الگ الگ بہہ کر عراق کے نچلے حصہ میں مل کر خلیج فارس میں گر جاتے ہیں، آپ نے اپنی قوم کو بڑا سمجھایا، آپ اسی قوم کے ایک فرد تھے لیکن قوم میں چالیس آدمیوں کے سوا اور کسی نے نہ مانا۔ اللہ تعالیٰ نے اس ناہنجار قوم کو بڑی مہلت بخشی لیکن اس نے خدا تعالیٰ کے حوصلہ اور حلم سے بد آموزی کے سوا اور کچھ نہ سیکھا حضرت نوح علیہ السلام نے ان کو ساڑھے نو سو سال تک نصیحت کی، لیکن کچھ اثر نہ ہوا، بلکہ اور بیباک ہو گئے اور کہنے لگے، کہ اسے نوح جس عذاب کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو لے آؤ، اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو وحی بھیجی کہ اب تیری قوم سے کوئی آدمی ایمان لانے والا نہیں۔ تب حضرت نوح علیہ السلام نے دعا کی کہ یا الٰہی پھر ان ظالموں کو تباہ ہی کر دیجئے چنانچہ آپ کی دعا منظور ہوئی۔ خدا تعالےٰ نے حکم بھیجا کہ آپ کشتی تیار کریں۔ چنانچہ آپ بامر خدا کشتی تیار کرنے لگے۔ کافر ہنسی کرتے اور مذاق اڑاتے حضرت نوح ان کی کوتاہ اندیشی پر دل میں کڑھتے۔ بالآخر جب کشتی تیار ہو گئی اور قوم کی تباہی کا وقت آ گیا۔ تو اللہ تعالےٰ نے نوح علیہ السلام کو حکم بھیجا کہ آپ اور آپ کے گھر والے (سوا ان کے جن کے متعلق پہلے فیصلہ ہو چکا ہے) اور ایمان دار سب اس میں سوار ہو جاؤ۔ جب سوار ہو گئے تو مینہ برسنا شروع ہوا۔ زمین سے پانی کے سوتے پھوٹ نکلے اور وہ طوفان باد و باران آیا کہ الحفیظ والامان قوم غرق ہونے لگی پانی دمبدم چڑھنے لگا۔ اسی اثنا میں آپ کا ایک بیٹا۔ قرآن نے بیان نہیں کیا۔ پانی میں غوطے کھاتا جا رہا تھا۔ آپ نے اس بدنصیب کو آواز دی کہ آ اور کشتی میں سوار ہو جا لیکن اس نے نہ مانا اور کہا کہ یہ سامنے پہاڑی ہے۔ اس پر چڑھ کر پناہ لے لوں گا آپ نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے بچانے والا کوئی نہیں۔ آج وہی بچے گا جس پر اللہ رحم فرمائے یہی باتیں ہو رہی تھیں کہ پانی کی ایک موج اٹھی اور اس نافرمان بیٹے کو بہا لے گئی۔ آپ نے اللہ تعالےٰ سے التجا کی کہ یا الٰہی یہ میرا بیٹا ڈوبا جاتا ہے اسے بچا لے۔ خدا تعالےٰ نے فرمایا اے نوح یہ آپ کا بیٹا ہی نہیں ہے۔ بیٹا ہوتا تو مخالف ہی کیوں کر ہوتا۔ آپ اس کے متعلق کچھ نہ کہیں۔ غرض اس نالائق اور بدکردار قوم کا اس طرح خاتمہ ہوا کشتی جودی پہاڑ پر آ کر لگی جو جزیرہ میں موصل کے قریب ایک پہاڑی ہے جسے تورات میں اراراط کی پہاڑی کہا گیا ہے تاریخی طور پر ثابت ہے کہ آٹھویں صدی مسیح تک اس جگہ ایک معبد تھا۔ جو معبد کشتی کے نام سے مشہور تھا۔ حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت نوح خدا کی حکم کی خلاف ورزی پر فوراً بھڑک اٹھتے۔ قرآن مجید سے ثابت ہے کہ آپ اپنی قوم میں ۹۵۰ سال رہے۔ اور تورات میں ہے کہ ۶۰۰ سال کی عمر تھی جب طوفان تھا۔ تورات میں بھی آپ کی عمر ۹۵۰ سال بتائی گئی ہے۔ طوفان کے بعد آپ کا سب سے بڑا بیٹا سام ریگستان عرب میں آباد ہوا۔ عرب انہیں کی نسل سے ہیں:۔

**حضرت یحییٰ علیہ السلام** یحییٰ حضرت ذکریا علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں۔ حضرت یحییٰ کو اللہ تعالےٰ نے بچپن میں نبوت عطا فرمائی اور آپ کو ولادت۔ موت اور حشر کے وقت سلامتی کا وعدہ دیا۔ آپ اپنے باپ کے بعد ایک ظالم بادشاہ (ذونواس) کے ہاتھ سے شہید ہوئے:۔

**حضرت یعقوب علیہ السلام** ان کا دوسرا نام اسرائیل ہے۔ حضرت اسحاق کے لڑکے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے ان کی بشارت بھی حضرت ابراہیم کو دی تھی۔ حضرت یعقوب کی اوائل عمر میں حضرت اسحاق نے رحلت فرمائی وصیت کے وقت آپ نے حضرت یعقوب کو کہا کہ کنعانیوں میں شادی نہ کرنا۔ بلکہ اپنے ماموں کی بیٹی سے نکاح کرنا جو کہ شام کے علاقہ میں فدان کے گاؤں میں رہتے تھے۔ حضرت اسحاق نے ان کے حق میں دعائے برکت فرمائی۔ آپ کنعان سے ہجرت کرنے کے بعد جب فدان پہنچے تو آپ کا نام اسرائیل رکھا گیا۔ یہ نام خداوند نے رکھا آپ کے بارہ بیٹے پیدا ہوئے۔ جن میں سے حضرت یوسف بالآخر مصر کے بادشاہ بنے آپ نے بڑھاپے میں بمعہ اہل عیال یوسف کے زمانہ حکومت میں مصر کی رہائش اختیار کی۔ اور وہیں آپ کی رحلت ہوئی۔ آپ

کی لاش آپ کی وصیت کے مطابق قدس خلیل میں لاکر دفن کی گئی۔ حلیہ۔ آپ بالکل اپنے باپ کے مشابہ تھے۔ آپ کے چہرہ پر مو کے بہت تھے۔ آپ طویل القامت اور نحیف البدن تھے۔ آپ صبر، تحمل، اور صدق میں شہرۂ آفاق ہیں۔ آپ نے اپنے اوائل میں بکریاں چرانے کا مشغلہ اختیار کیا۔ اور اپنے لڑکوں کو بھی اسی کام پر مامور کیا۔ آپ کا زمانہ نبوت ۵۰ برس اور عمر ۱۴۷ سال ہے۔ آپ کو تابوت میں دفن کیا گیا۔

**حضرت یوسف علیہ السلام** کریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم (یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام) آپ ہی کا لقب ہے۔ اتفاق ہے کہ لفظ یوسف عجمی ہے۔ آپ حضرت یعقوب علیہ السلام کے چہیتے فرزند تھے کنعان میں پیدا ہوئے بچپن سے ہی سعادت مندی کے آثار نمایاں تھے۔ خدا تعالیٰ نے آپ کے قصہ کو سورۂ یوسف میں [illegible] بیان فرمایا ہے۔ آپ نے بچپن میں ایک خواب دیکھا کہ ستارے اور سورج اور چاند آپ کو سجدہ کر رہے ہیں۔ آپ نے خواب باپ کو بتلایا۔ آپ نے ہدایت فرمائی کہ خواب کو پوشیدہ رکھنا۔ مگر کسی طرح سے بھائیوں کو پتہ چل گیا۔ حسد میں آکر آپ کو ہلاک کرنا چاہا۔ سیر و تفریح کے بہانے گھر سے لے گئے ایک کنوئیں میں گرا دیا۔ ایک قافلہ نے کنوئیں سے نکال کر مصر میں فروخت کر دیا۔ اتفاق سے عزیز مصر نے خریدا۔ اور آپ کی شاہانہ طریق پر پرورش شروع ہوئی۔ جوانی میں ایک عشق اور حسن کا فتنہ آپ کے گرد منڈلانے لگا۔ لیکن خدا تعالیٰ نے آپ کو بالکل محفوظ رکھا۔ لیکن عورتوں کی درخواست کے رد کرنے کا نتیجہ جیل ہوا۔ کئی سال قید میں رہے۔ بالآخر ایک خواب کی تعبیر کے ضمن میں آپ کو قید خانہ سے نکالا گیا۔ اور بعد ازاں آپ کو وزیر خزانہ مقرر کیا گیا۔ کچھ مدت بعد فرعون مصر آپ کے حق میں دست بردار ہو گیا۔ اور آپ مصر کے آزاد فرمانروا تھے۔ آپ کے زمانہ میں دنیا کا تاریخی قحط نمودار ہوا۔ آپ نے حسن تدبیر سے غلہ کا کافی ذخیرہ کر رکھا تھا۔ جس سے نہ صرف مصر بلکہ بیرونی ممالک میں بھی خورد و نوش کی تکمیل ہوتی رہی۔ غلہ کے حصول کے لیے آپ کے بھائی تین دفعہ مصر آئے۔ بالآخر آپ نے تحکم خداوندی اپنا تعارف کرایا۔ اور ہدایت کی کہ آپ سب لوگ مصر آجاؤ۔ چنانچہ تمام افراد بنی اسرائیل مصر آکر مقیم ہو گئے۔ جب آپ مصر میں اپنے بھائیوں کے سامنے تخت پر بیٹھے تو سب نے آپ کو سجدہ کیا۔ اس طرح وہ خدا کا عہد پورا ہوا۔ جو کہ حضرت ابراہیم سے ہوا تھا۔ کہ میں تیری اولاد کو شام اور عرب کی حکومت بخشوں گا۔ آپ بادشاہ کے علاوہ ایک نبی بھی تھے آپ نے ۱۱۰ برس کی عمر پائی۔ اور باپ سے فرقت کا زمانہ ۲۲ سال کا ہے۔ آپ کا حلیہ۔ گھونگریالے بال، سفید رنگ، میانہ قامت، ستوی خلقت، آنکھیں بڑی، صبر اور قناعت میں لاثانی تھے۔ آپ حضرت ابراہیم کی شریعت کے خادم رہے بچپن میں خرید و فروخت کی طرف طبیعت مائل تھی۔ آپ نے مصر میں رحلت فرمائی دریائے نیل کے کنارے آپ کو دفن کیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں آپ کی قبر وسط دریائے نیل میں تھی۔ حضرت موسیٰ نے مصر سے نکلتے وقت آپ کی قبر کھود کر تابوت نکالا اور مشہد خلیل میں لاکر دفن کر دیا۔

**حضرت یونس علیہ السلام** (ذی النون۔ صاحب الحوت) یونس بن متی ہیں آپ کو نبوت عطا ہوئی اور نینوا کے علاقہ میں آپ کو مقرر کیا گیا۔ قوم نے انکار کیا۔ آپ نے ان سے بغیر اطلاع خداوندی عذاب کا وعدہ کر [illegible] آپ نے چالیس یوم مقرر کر دی جب وقت قریب آیا آپ گھبرائے اور خدائی حکم کا انتظار کیے بغیر گھر سے نکل پڑے۔ ایک دریا [illegible] کشتی بھنور میں چکر کھانے لگی۔ ملاحوں نے کہا کہ کشتی میں کوئی غلام اپنے مالک سے بھاگ کر سوار ہے [illegible] ہوا غلام میں ہی ہوں۔ ان کو یقین نہ آیا۔ قرعہ ڈالا گیا۔ مگر قرعہ بھی آپ ہی کے نام پر نکلا اور ملاحوں نے آپ کو دریا میں [illegible] ایک مچھلی نے آپ کو لقمہ بنایا۔ اور دریا میں کچھ مدت لیے پھری۔ بعد ازاں خدا تعالیٰ نے حکم سے مچھلی نے اگل کر کنارے پر ڈال دیا۔ آپ مچھلی کے پیٹ میں تسبیحات کرتے رہے۔ اور اسی برکت سے نجات پائی۔ ان کے نینوا سے نکلنے کے بعد قوم ایمان لے آئی۔ اس لیے عذاب الٰہی سے بچ گئی۔ یونس علیہ السلام کو دوبارہ انہی کی طرف روانہ کیا گیا۔ جن کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ تھی۔ اپنے آخری ایام میں اہل دنیا سے اختلاط بہت کم کر دیا۔ اور زاہدانہ زندگی شروع کی۔ اور وفات کے وقت اپنے شاگرد شعیا کو اپنا خلیفہ بنایا۔ اور وفات پائی۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے شعیا کو نبوت عطا فرمائی۔

محمد سلیمان گیلانی خطیب جامع مسجد [illegible]

# اقوام القرآن

**قوم تبع** یہ قوم یمن میں آباد تھی یمن کی تاریخ نے بڑے انقلاب دیکھے ہیں، قوم سبا یہیں کی رہنے والی تھی سبا بنو قحطان ہیں، یہ لوگ ابتداءمیں عرب کے شمال میں رہتے تھے ۸۰۰ قبل مسیح میں یہ یمن میں آئے، جب کہ آشوریوں نے ان کو جلاوطن کر دیا، ان لوگوں نے یمن میں حکومت قائم کی یہی حکومت سبا اولی کہلاتی ہے، ان لوگوں نے یمن میں بڑی آبادی کی، پہاڑوں پر پانی سنبھالنے کے لئے ایک بڑا بند باندھا، جس سے یہ لوگ زراعت میں کافی فائدہ اٹھاتے تھے، اس قوم کو خدا تعالی نے ہر قسم کا آرام عطا فرمایا لیکن ان لوگوں نے خدا کی ناشکری کی، تو عذاب الٰہی آیا، وہ پانی والا بند ناگہاں ٹوٹ گیا، اور یہ علاقہ تباہ ہو گیا، پھر یہ لوگ عرب میں مختلف مقامات پر پھیل گئے، خزاعہ مکہ میں آباد ہوئے، اوس اور خزرج مدینہ میں، ازد عمان اور یمامہ میں، منز لیقی شام میں، لخم عراق میں، اس طرح اس زبردست حکومت کے پرخچے اڑ گئے، اس کے بعد یمن میں باقی ماندہ افراد میں طوائف الملوکی کا دور رہا، ۱۱۵ قبل مسیح میں ایک شخص علہان نامی پیدا ہوا، اس نے ان متفرق قبائل کو جمع کر کے پھر ایک زبردست حکومت قائم کی، یہ حکومت سبا ثانی کہلاتی، یہ حکومت کافی پھیلی، یہاں تک کہ حضر موت اور مشرقی بلاد اس کے زیر نگین آگئے، ۳۰۰ مسیحی میں ایک شخص شمر یرعش نامی پیدا ہوا، یہ بڑا زبردست بادشاہ تھا، اس نے اپنا لقب تبع رکھا، تبع کا معنی بادشاہ ہے، یہاں سے تبع خاندان کی بنیاد پڑی یمن میں اس خاندان کی حکومت ۲۳۰ سال تک رہی، اس خاندان کے زمانہ میں یمن نے خوب ترقی کی، اس خاندان کا آخری با اقتدار بادشاہ ذونواس تھا جس نے نجران میں عیسائیوں کو آگ سے جلا دیا جس کا ذکر سورۃ البروج میں ہے، اس کے بعد اس کا بیٹا جانشین ہوا، اس کے بعد اس کا بھائی مسروق نامی بادشاہ ہوا، یہ بڑا ظالم آدمی تھا، اور یہ اس خاندان تبع کا آخری بادشاہ تھا جس پر تبع خاندان کی حکومت ختم ہو گئی، اس بیان سے یہ معلوم ہوا کہ خاندان تبع اور ہے، اور قوم تبع اور، قوم تبع قوم سبا ہے، اور خاندان تبع بعد میں پیدا ہوا،

**قوم ثمود** عاد کی قوم کی تباہی کے بعد دنیا میں سب سے پہلی با عظمت یہی قوم ثمود تھی، ثمود اس قوم کے جد اعلیٰ کا نام تھا جس کے نام سے یہ قوم مشہور ہوئی، ثمود کا نسب نامہ اس طرح ہے، ثمود بن عاد بن عوض بن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام، یہ قوم حجر کے علاقہ میں آباد تھی یعنی حجاز اور شام کے درمیان وادی القری تک انہیں کی بستیاں تھیں، جسے آج کل "فج الناقہ" کہتے ہیں حجر کا یہ علاقہ حجر ثمود کے نام سے مشہور ہے، یہ علاقہ شہر مدین کے جنوب مشرق میں اس طرح ہے، کہ خلیج عقبہ اس کے سامنے پڑتی ہے، اس قوم کو ثمود ارم یا عاد ثانیہ بھی کہا جاتا ہے

یہ قوم بھی پہلی قوموں کی طرح مشرک اور بت پرست تھی، اللہ تعالی نے اس قوم کی ہدایت کے لئے حضرت صالح علیہ السلام کو بھیجا، ان لوگوں نے حضرت صالح سے بطور معجزہ پہاڑی سے اونٹنی نکلنے کا مطالبہ کیا، حضرت صالح علیہ السلام کی دعا پر اللہ تعالیٰ نے اس مطالبہ کو پورا کر دیا، اور فرمایا، کہ اس اونٹنی کو تکلیف نہ دینا، ان لوگوں نے اونٹنی کو قتل کر دیا، اور حضرت صالح علیہ السلام کو معہ اہل و عیال شہید کر دینے کے منصوبے تیار کئے، اللہ تعالیٰ کا غضب جوش میں آگیا، ایک خوفناک آواز آئی جس کی ہیبت سے یہ قوم ختم ہو گئی، اس قوم کی تباہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے بہت پہلے ہوئی

**قوم عاد** نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی اولاد میں سے صاحب قوت و اقتدار جماعت کا نام عاد ہے، ان لوگوں کا مرکزی مقام احقاف کا علاقہ ہے، اور احقاف حضر موت کے شمال میں اس طرح واقع ہے، کہ اس کے مشرق میں عمان اور شمال میں ربع خالی ہے، آہستہ آہستہ ان کی حکومت حضر موت اور یمن میں خلیج فارس کے ساحل سے حدود عراق تک وسیع ہو گئی، ان کا دار الخلافہ یمن تھا، پھر کچھ زمانہ بعد یہ قوم مصر، شام اور بابل پر بھی قابض ہو گئی، اور ایک زبردست سلطنت کی بنیاد ڈالی، یہ قوم بڑی طاقتور قوم تھی، سنگ تراشی میں بڑی ماہر، یہ قوم بت پرست اور بت تراش تھی، قوم نوح کی غرقابی کے بعد ان کے مشہور بتوں کو اس قوم نے پوجنا شروع کیا، اور ان کے علاوہ صدا، ہتار، صمود بھی ان کے بت تھے، اللہ تعالی

نے ان کی طرف حضرت ہود علیہ السلام کو ہدایت کے لئے بھیجا، اس قوم نے پیغام الٰہی کو ٹھکرا دیا، اللہ تعالیٰ نے ایمان دار بندوں اور حضرت ہود علیہ السلام کو نجات دی، اور ساری مشرک اور کافر قوم کو ایک ہولناک آندھی سے تباہ کر دیا، یہ قوم مسیح علیہ السلام سے قریباً اڑھائی سو سال پہلے تباہ ہوئی، یہ قوم عاد اولی کہلاتی ہے، اور اسی کو عاد ارم بھی کہا جاتا ہے

**قوم فرعون** متقدمین کے خیال کے مطابق یہ قوم پہلے پہل بدویت کی حالت میں اس صحرا میں رہتی تھی، جو عراق اور حبشہ کے درمیان ہے ان کے چھوٹے چھوٹے قبیلے الگ الگ تھے، ان کی کوئی مستقل حکومت نہ تھی، ان میں سے مالدار آدمی بابل اور مصر کے درمیان تجارت کرتے تھے، پھر بابل کی حکومت ان کے قبضہ میں آگئی، اور یہ واقعہ مسیح سے پچیس سو سال پیشتر ہوا ہے، اس وقت یہ حکومت سامو آبیین کی حکومت کہلاتی تھی، پھر دو سو سال بعد ایک شخص حمورابی ہوا، اس کے نام پر یہ سلطنت حمورابی کہلائی، اور اس حکومت کا سنہ ۲۱ قبل مسیح تک دور دورہ رہا، جب حمورابی سلطنت قائم ہوئی، اس وقت ایک آدمی ہکسوس نامی مصر میں داخل ہوا، اس نے اپنی فوج بحری راستہ سے مصر میں داخل کی، اور ایک چھوٹی سی سلطنت قائم کی جس کا دار الخلافہ صان کا شہر تھا، یہ سلطنت وسیع ہو کر سارے مصر میں چھا گئی، انہی میں سے فرعون تھا چونکہ یہ قوم زراعت پیشہ تھی اس لئے قبطی کہلائی، فرعون کے زمانہ میں بنی اسرائیل غلامی کی زندگی بسر کر رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی آزادی اور مذہبی راہنمائی کے لئے بھیجا، اور ساتھ ہی قبطی قوم اور فرعون کی اصلاح بھی منظور تھی لیکن فرعون اور اس کی قوم نے ماسوائے چند آدمیوں کے موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب کی، اور بنی اسرائیل کو اور زیادہ تنگ کرنے لگے، اور فرعون نے خود خدائی کا دعویٰ کیا، اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا، کہ بنی اسرائیل کو لے کر بحیرہ قلزم سے پار ہو جاؤ، فرعون اور اس کی قوم اور اس کے لشکر نے ان کا تعاقب کیا، اور سارے کے سارے مع فرعون لعین بحیرہ قلزم میں اس مقام پر غرق ہو گئے، جو آج کل عیون موسیٰ کے نام سے مشہور ہے

**قریش** قریش حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی کی اولاد ہیں، یہ بنو اسمٰعیل کہلاتے تھے، یہاں تک کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے ایک شخص فہر نامی پیدا ہوا، اس کا لقب قریش ہوا، وجہ یہ ہوئی، کہ یمن کا ایک حاکم حسان نامی فوج لے کر مکہ پر حملہ آور ہوا، اس کا ارادہ تھا، کہ کعبہ کے پتھر اکھاڑ کر یمن لے جائے، اور وہاں بیت اللہ تعمیر کرے، فہر نے مقابلہ کیا، حسان کو گرفتار کر لیا، اس سے فہر کی قوت کی دھاک بیٹھ گئی، اور اس کو قریش کا لقب دیا گیا، قریش سمندر میں ویل مچھلی کو کہتے ہیں، جو سمندر کے سب جانوروں سے بڑی اور طاقتور ہوتی ہے، فہر کی اولاد قریش کہلائی، ویسے یہ لوگ بنی اسمٰعیل ہی ہیں، حضرت اسمٰعیل کے بعد بیت اللہ پر بنو جرہم کا قبضہ ہو گیا، جو حضرت اسمٰعیل کے سسرال تھے، پھر ان سے عمالقہ نے حکومت چھین لی، پھر بنو جرہم نے دوبارہ حکومت قائم کر لی، بنو جرہم سے بنو اسمٰعیل نے حکومت حاصل کی، اور بنو اسمٰعیل سے، بنو خزاعہ نے حکومت چھین لی، یہاں تک کہ قصی پیدا ہوا، اس کا باپ بچپن ہی میں فوت ہو گیا، قصی کی ماں نے شام کے قریب دوسری شادی کر لی، قصی نے وہیں پرورش پائی، بڑا ہوا، تو مکہ میں آیا، مکہ میں بنو خزاعہ کی حکومت تھی، بنو خزاعہ کے سردار حلیل نے اپنی بیٹی سے اس کا نکاح کر دیا، اور جہیز میں تولیت کعبہ کا حق بیٹی کو دے دیا، ابو غبشان نامی آدمی کو بیٹی کا وکیل مقرر کیا، حلیل کے مرنے کے بعد قصی نے ابو غبشان کو ایک مشکیزہ شراب دے کر تولیت کا حق اس سے خرید لیا، قصی نے قریش کے سارے قبیلوں کو جو عرب میں مختلف مقامات پر بکھر گئے تھے اکٹھا کیا، اور طاقت جمع کر کے بنو خزاعہ سے حکومت چھین لی، [illegible] کے بعد مکہ میں قریش ہی کی حکومت رہی، اور اسلام کے آنے تک یہی مکہ کے متولی اور حکومت کے مالک تھے، یہ لوگ اپنے آپ کو ابراہیمی مذہب کا پیرو خیال کرتے تھے، بعض بعض رسوم بھی مذہب ابراہیمی کی ادا کرتے تھے لیکن ساتھ ہی عمرو بن لحی بدبخت کے کہنے سے بت پرستی بھی شروع کر لی تھی اور مذہب کو اتنا تبدیل کر دیا تھا، کہ جب سرور کائنات ابراہیمی مذہب لے کر آئے تو یہ لوگ اس کو برداشت بھی نہ کر سکے، قریش نے آخری دم تک حضور کا مقابلہ کیا، حالانکہ آنحضرت خود بھی قریشی تھے، آخر مکہ کے فتح ہو جانے پر اس قوم کا زور ٹوٹا، اور قریش حلقہ بگوش اسلام ہوئے مسلمان ہو کر پھر ان لوگوں نے دین حق کی اشاعت و تبلیغ میں کوتاہی نہیں کی

**قوم لوط** حضرت لوط علیہ السلام جب مصر سے نکلے، تو اللہ تعالیٰ نے ان کو شرق اردن کے علاقہ میں نبوت دے کر بھیجا، آپ نے سدوم کے علاقہ میں سکونت اختیار کی، سدوم اردن کی وہ جانب ہے، جہاں بحر میت یا بحر لوط ہے، یہی وہ مقام ہے جہاں سدوم اور

عامورہ کی بستیاں آباد تھیں، یہاں کے باشندے جو بعد میں قوم لوط کے نام سے مشہور ہوئے، نہایت ظالم، بددیانت اور ڈاکہ زنی کرنے والے، سوداگروں کا مال لوٹنے والے، اور سب سے بدتر یہ کہ خلاف وضع فطرت اپنی خواہش نفسانی کو مردوں سے پورا کرنے والے تھے، اور مزید براں یہ ظلم تھا کہ اس کو عیب نہ سمجھتے تھے، بلکہ ایسی بدمعاشی کو بڑے فخر و مباہات سے بیان کرتے، اور بھری مجلسوں میں اس فعل کا ارتکاب کرتے، حضرت لوط علیہ السلام نے اس قوم کو بڑا سمجھایا لیکن یہ بدمعاش قوم کسی طرح باز نہ آئی، بلکہ حضرت لوط علیہ السلام کے مہمانوں کی آبروریزی پر بھی تیار ہو گئے، اللہ تعالیٰ نے اس ظالم قوم پر سب سے زیادہ سخت عذاب نازل کیا پہلے یہ لوگ اندھے ہوئے، پھر زلزلہ آیا پتھروں کا مینہ برسا پھر اس علاقہ کو اٹھا کر اللہ تعالیٰ نے اوندھا کر دیا، حضرت جبرائیل اس علاقہ کو آسمان تک لے گئے، اور وہاں سے الٹا پھینک دیا اور اس زور سے پھینکا کہ یہ علاقہ سطح سمندر سے تقریباً چار سو میٹر نیچے چلا گیا، اور اس گڑھے میں پانی نکل آیا جو نہایت بدبودار اور زہریلا ہے، فاعتبروا

**قوم موسیٰ علیہ السلام** موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل ہے، ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے ہیں، ابراہیم علیہ السلام عراق کے رہنے والے تھے، وہاں سے ہجرت کر کے مصر آئے مصر سے فلسطین میں آباد ہوئے، حضرت ابراہیم کے پوتے حضرت یعقوب نے کنعان میں (علاقہ فلسطین) میں سکونت اختیار کی، آپ کا لقب اسرائیل ہے، آپ ہی کی اولاد بنی اسرائیل کہلائی، آپ کے بارہ بیٹے تھے جن میں حضرت یوسف پیغمبر بھی ہوئے، اور مصر میں اللہ تعالیٰ نے ان کو حکومت بھی بخشی حضرت یوسف علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو کنعان سے بلا کر مصر میں آباد کیا، اس کے بعد بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک مصر ہی میں رہے، مصر میں فرعون نے ان کو سخت سے سخت اذیتیں پہنچائیں، اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو بزرگوں کی اولاد ہونے کے سبب فرعون کے مظالم سے موسیٰ علیہ السلام کے سبب نجات بخشی، ورنہ یہ قوم جس قماش کی تھی، اس کے لئے فرعون کے مظالم اس قوم کا صحیح علاج تھا، اللہ نے ان کو فرعون سے نجات دلائی، موسیٰ علیہ السلام جو بنی اسرائیل کے نجات دہندہ تھے ان سے بھی گستاخیاں کرتے، نافرمانی کرتے، شرک بدمائل، نبیوں کے قاتل، اللہ کی کتابوں کو تبدیل کرنے والے، نبی صلعم کے متعلقہ پیشگوئیوں کو چھپانے والے، یہ تھے بنی اسرائیل، جن کو اللہ تعالیٰ نے وقتاً فوقتاً سخت سزائیں دیں

**قوم نوح علیہ السلام** توراۃ میں ہے، کہ جودی پہاڑ اراراط کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے، اور اراراط جزیرہ کا نام ہے، اور متقدمین کی عبارت میں جزیرہ اس علاقہ کا نام ہے جو دریائے دجلہ و فرات کے درمیان دیار بکر سے بغداد تک چلا گیا ہے، دوسرے لفظوں میں یہ علاقہ عراق عرب کا علاقہ ہے، یہ قوم اسی علاقہ میں آباد تھی، قوم نوح کی بستیاں ایک لاکھ چالیس ہزار کیلومیٹر مربع میں آباد تھیں، نوح علیہ السلام کی بعثت سے پہلے یہ قوم شرک اور بت پرستی میں مبتلا ہو چکی تھی، اور یہ دنیا کی پہلی قوم ہے، جس نے بت پرستی شروع کی، اس قوم کے بڑے بڑے بتوں کے نام ود، سواع، یعوق، نسر، یغوث ہیں، اس قوم کو نوح علیہ السلام نے بت پرستی سے روکا اور خدا پرستی کی تلقین کی بہت زمانہ سمجھانے کے باوجود چند ایک غریب اور نادار لوگوں کے علاوہ کوئی ایمان نہ لایا، بالآخر اللہ تعالیٰ نے اس بدنصیب قوم پر طوفان بھیجا جس میں یہ ساری قوم غرق ہو گئی،

**یاجوج ماجوج** یاجوج اور ماجوج کے متعلق جو عجیب و غریب روایات مشہور ہیں، کہ وہ کوئی انسانی مخلوق نہیں، بلکہ برزخی مخلوق ہیں، یا یہ کہ ان کے کان اتنے بڑے ہیں، کہ ایک کان کو اوپر اوڑھ لیتے ہیں، اور دوسرا نیچے بچھا لیتے ہیں، یا ان میں سے ہر ایک کی اولاد ایک ہزار بچہ ہوتی ہے، یہ سب خرافات ہیں، یاجوج ماجوج آدم کی نسل سے ہیں، یافث بن نوح کی اولاد سے، ان کی شہرت اس لئے ہے، کہ غیر مہذب اور وحشی قبائل ہیں، جو مہذب ملکوں اور قوموں کو لوٹتے رہے ہیں، یاجوج ماجوج کا اصل علاقہ چینی ترکستان اور منگولیا کا وہ علاقہ ہے جو شمال مشرق میں واقع ہے، اور سطح زمین کا بلند ترین حصہ ہے، یہ حقیقت ہے، کہ اس علاقہ سے بے شمار انسانوں کے طوفان اٹھے، اور باقی دنیا پر چھا گئے، یہیں سے اٹھے ہوئے قبائل وسط ایشیا میں پہنچے، یہیں سے یورپ پہنچے، اور یہیں سے ہندوستان آئے، ہندوستان میں بسنے والے آرین کہلائے، وسط ایشیا میں بسنے والے ایرین کہلائے جن کے نام سے ملک ایران مشہور ہوا، یورپ میں یہ لوگ گاتھ ڈانڈیا کہلائے، اور بحیرہ اسود سے دریائے ڈنیوب تک بسنے والے سیتھین کہلائے، اور ایشیا پر چھا لے والے رشین کہلائے، اور ان کے لٹھتے

# ارض القرآن

**روم** روم کے مشرق میں بحیرۂ کیسپین، جنوب میں شام اور عراق، مغرب میں بحیرۂ روم واقع ہیں۔ روم عیص بن اسحاق بن ابراہیم کی اولاد سے ہیں۔ یہ بنی اسرائیل کے چچازاد بھائی ہیں۔ ان کو بنوالاصفر کہا جاتا ہے۔ یعنی زرد رنگ والے یہ لوگ ابتدائی حالت میں یونان کے مذہب پر تھے۔ یہ لوگ سات سیاروں کی پوجا کرتے تھے۔ اور یہ لوگ قطب شمالی تک پھیلے ہوئے تھے۔ انہیں لوگوں نے دمشق آباد کیا تھا۔ رومی بھی انہیں کے دین پر تھے۔ اور مسیح سے تین سو سال بعد تک اسی دین پر قائم رہے۔ ان لوگوں میں سے جن نے شطنطنیہ کو فتح کیا تھا۔ اس کا نام قیصر تھا۔ پھر اس کے بعد رومی بادشاہوں کا لقب قیصر ہوا۔ ان لوگوں کی سلطنت بڑی وسیع تھی۔ تمام مصر ایشائے کوچک اور ٹرکی سب ان کے زیرنگیں تھے۔ ان میں سے ہرقل قیصر روم سب سے آخری رومی بادشاہ تھا جو سب سے جوہم تن عیاس اور اوہام پرست تھا۔ رومی بادشاہوں میں سب سے پہلے قسطنطین بادشاہ عیسائی ہوا۔ اس کے بعد روم کے علاقہ میں عیسائی مذہب پھیل گیا نبی صلعم کی ولادت شریفہ ۵۷۱ء میں ہوئی۔ چالیس سال بعد بعثت ۶۱۰ء میں ہوئی۔ اتفاق سے ۶۰۲ء سے لے کر ۶۱۴ء تک اس زمانہ کی دو عظیم الشان سلطنتیں روم اور فارس آپس میں حریفانہ جنگ کر رہی تھیں۔ رومی عیسائی اہل کتاب تھے اور ایرانی آتش پرست۔ نبی صلعم اور صحابہ کا طبعی میلان اہل کتاب ہونے کی وجہ سے رومیوں کی طرف تھا۔ اور مشرکین کا رجحان بت پرستی کی وجہ سے ایرانیوں کی طرف تھا جب کوئی ایرانیوں کی شکست کی خبر آتی تو مسلمان خوش ہوتے۔ اور رومیوں کی شکست کی خبر آتی تو مشرکین خوش ہوتے۔ آخر ۶۱۴ء میں جب نبی صلعم کی بعثت کا پانچواں سال تھا کیخسرو ثانی (خسرو پرویز) کے زمانہ میں فارس نے روم کو ایک مہلک اور فیصلہ کن شکست دی۔ شام۔ مصر ایشائے کوچک سب رومیوں کے ہاتھ سے نکل گئے۔ ہرقل قسطنطنیہ میں محصور ہوگیا۔ اور رومیوں کا دارالسلطنت قسطنطنیہ بھی خطرہ میں پڑ گیا۔ لیکن فتح نہ ہوا۔ بے شمار عیسائی اور پادری قتل ہوگئے۔ بیت المقدس سے سب سے مقدس صلیب بھی فارسی اتار کر لے گئے۔ اور قیصر روم کا اقتدار ختم ہوگیا۔ قریش بڑے خوش ہوئے اور مسلمانوں کو کہنے لگے کہ جس طرح فارسیوں نے رومیوں کو شکست دی اسی طرح ہم بھی تم کو شکست دیں گے۔ اسوقت سورہ روم کی آیات نازل ہوئیں۔ کہ گو رومی اس وقت اذرعات اور بصریٰ کے میدان میں شکست کھا گئے ہیں۔ لیکن عنقریب یہ غالب آجائیں گے۔ اسوقت رومیوں کے دوبارہ ابھرنے کا بظاہر کوئی امکان نہ تھا۔ قریشیوں نے حضرت ابوبکر سے سو اونٹ کی شرط لگائی۔ ادھر ہرقل نے اپنا اقتدار بحال کرنے کے لئے قسم کھائی۔ کہ میں ضرور فارس کو شکست دوں گا۔ اور نذر مانی کہ اگر خدا نے مجھے فتح دی تو میں حمص سے پیدل چل کر بیت المقدس پہنچوں گا۔ خدا کی قدرت کہ ٹھیک نو سال بعد جس دن کہ بدر کا معرکہ پیش آیا مسلمانوں کو فتح ہوئی اور مشرکین کو شکست ہوئی۔ اسی دن روم کی فتح اور فارس کی شکست کی اطلاع بھی آگئی۔ مسلمانوں کی خوشی میں اضافہ ہوگیا اور قریش کے غم میں والحمد للہ علیٰ ذالک۔

**مدینہ منورہ** مدینۃ الرسول۔ طیبہ۔ یثرب سارے ایک ہی شہر کے نام ہیں۔ ہجرت سے پہلے اس کا نام یثرب تھا ہجرت کے بعد اسکا نام طیبہ ہوا مدینہ سطح سمندر سے ۶۱۹ میٹر بلند ہے۔ اور ۳۹ درجہ اور ۵۵ دقیقہ طول بلد اور ۲۴ درجہ اور ۱۵ دقیقہ عرض بلد پر واقع ہے۔ گرمیوں میں درجہ حرارت ۸۰ تک اور سردیوں میں دن کو صفر سے دس درجہ اوپر اور رات کو درجہ صفر سے پانچ درجے کم ہوتا ہے سردیوں میں رات کو عام طور پر پانی جم جاتا ہے بعض لوگوں نے یثرب کو مصری لفظ "ترییس" سے معرب تسلیم کیا ہے اگر یہ صحیح ہو تو پتہ چلتا ہے کہ اسکے بنانیوالے عمالقہ قوم کے آدمی تھے۔ جو مصر سے نکلے یہ شہر ۲۲۲۲ء قبل ہجرت بنایا گیا۔ مدینہ ایک فراخ اور بلند وادی پر تعمیر کیا گیا ہے عمارتیں اکثر پتھر کی ہیں۔ تقریباً بارہ ہزار مکانات کے لگ بھگ ہیں۔ مکان اور گلیاں بازار اور سڑکیں اکثر تنگ ہیں۔ مدینہ منورہ میں تقریباً ستر قسم کی کھجور پیدا

ہوتی ہے۔ مدینہ والوں کی اکثر تجارت کھجور کی ہے مدینہ منورہ میں نہایت بیش قیمت کتب خانے ہیں۔ مدینہ منورہ سے اخبارات اور رسالہ جات بھی شایع ہوتے ہیں۔ لیکن قابل تذکرہ سکول یہاں نہیں۔ ابتدائی سکولوں کی تعداد ۲ تک ہے۔ مدینہ میں چند ایک حمام بھی ہیں۔ مدینہ کی وادیوں میں احد کی وادی بھی ہے۔ یہاں ۳ھ میں مسلمانوں اور مشرکین میں مشہور جنگ لڑی گئی۔ مدینہ منورہ کا وہ قبرستان جہاں اکثر صحابہ کرام کی خوابگاہیں ہیں بقیع غرقد ہے اس وقت مدینہ منورہ میں بہت سے کنویں ہیں مدینہ منورہ کی شمالی جانب بہت سے پھلدار باغ ہیں۔ جن میں قریباً ہر طرح کے میوے ہوتے ہیں مدینہ منورہ کی آبادی قریباً ستر ہزار کے قریب ہے جن میں سے اکثر ہندوستانی، ترک، شامی اور مصری ہیں۔ مدینہ منورہ کے لوگ نہایت رحمدل، نرم خو، مہمان نواز اور خوش باش آدمی ہیں حتیٰ کہ مدینہ والے کسی عزیز کی موت پر بھی واویلا اور نوحہ نہیں کرتے۔ مدینہ منورہ کی علمی، ادبی، معاشی اور اقتصادی ترقی پہلی تین صدیوں میں بہت زیادہ ہوئی لیکن عربی خلافت کی کمزوری سے یہاں کی حالت بڑی کمزور ہو گئی۔ لوگ ہجوم کر کے حملے کرنے لگے تو الوشبیاع وزیر نے مدینہ کی حفاظت کے لئے اس کے گرداگرد فصیل بنادی اور اس میں سات دروازے رکھے جو آج بھی مشہور ہیں باب مجیدی۔ باب شامی باب کوفہ، باب عنبریہ۔ باب قوبہ، باب العوالی۔ باب الجمعہ۔

مدینہ منورہ حجاز میں شامل ہے اور اس کے شمال میں خیبر، جنوب میں ریان، مشرق میں حناکیہ اور مغرب میں نخل ینبوع واقع ہے یہ شہر بحیرہ احمر بہ نسبت مکہ مکرمہ زیادہ دور ہے۔

جس چیز نے مدینہ منورہ کا احترام دنیا کے دلوں میں پیدا کیا وہ سرورکائنات سید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں مقام کرنا تھا۔ آپ کے زمانہ میں بھی دنیا کے وفد مدینہ پہنچتے تھے۔ اور آپ کے بعد بھی آپ کی مسجد اور روضہ مطہر کی زیارت کرنے کے لئے مسلمان ہر سال لاکھوں کی تعداد میں وہاں پہنچتے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ واتباعہ واہل بیتہ وازواجہ اجمعین۔

**مدین** مدین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے جو آپکی تیسری بیوی قطورا کے بطن سے تھا اسکی اولاد بنو قطورا کہلاتی ہے اس قوم نے جو بستی ابتدائی اسکا نام انہوں نے مدین رکھا۔ یہ بستی حجاز کے آخری حصہ میں شام کے متصل ایسے مقام پر واقع تھی جسکا عرض البلد افریقہ کے جنوبی صحرا کے عرض البلد کے مطابق ہے یہ بستی شام کے متصل معان کے صحرا میں پر آباد تھی قرآن مجید نے اس بستی کے دو نشان بتلائے ہیں ایک یہ کہ یہ بستی بڑی شاہراہ پر واقع ہے اور بڑی شاہراہ عرب میں وہ سڑک ہے جو بحیرہ قلزم کے مشرقی کنارے سے گذرتی ہوئی تجارتی قافلوں کو شام (فلسطین) اور مصر تک لیجاتی ہے اور جس کے ذریعہ سے خشکی اور تری کی تجارت مل جاتی ہے دوسرا نشان قرآن مجید نے بتلایا ہے کہ وہ جھنڈ والے تھے۔ یعنی جہاں باغوں کے سر سبز درخت کھڑے تھے۔ ان نشانوں کے بعد بڑی آسانی سے اس بستی کے مقام کا پتہ چلتا ہے کہ مدین کا قبیلہ بحیرہ قلزم کے مشرقی کنارہ اور عرب کے شمال مغرب میں ایسی جگہ آباد تھا۔ جو شام کے قریب حجاز کا آخری حصہ ہے اور جہاں سے حجاز والوں کو شام فلسطین اور مصر تک جاتے ہیں۔ ان کی بستی راستے میں پڑتی ہے۔ یہ بستی تبوک کے بالکل مقابل واقع تھی۔ اس بستی والوں کی طرف حضرت شعیب علیہ السلام کو اللہ تعالے نے مبعوث فرمایا انہوں نے حضرت شعیب کی نافرمانی کی۔ اور اللہ تعالے نے اس قوم کو ہلاک کر دیا۔ ان کے بعد یہ بستی بھی ویران ہو گئی۔

**مصر** مصر ملک کا نام ہے مصر بن حام بن نوح علیہ السلام کے حصہ میں یہ علاقہ آیا تھا اسی لیئے اسکا نام مصر ہوا۔ مصر افریقہ کے شمال مشرق میں واقع ہے حدود اربعہ یہ ہے شمال میں بحر ابیض متوسط مشرق میں بحیرہ احمر اور بلاد عرب وشام جنوب میں بلاد نوبہ مغرب میں بلاد طرابلس۔ مصر کا رقبہ ایک کھرب اور ستر ارب ایکڑ ہے آبادی تقریباً ایک کروڑ بیس لاکھ ہے جس میں سے ۱۵ غیر مسلم ہیں باقی سب مسلمان ہیں۔ مصر علمی ترقی اور قدیم تمدن کے لحاظ سے مشہور ترین ملک ہے یہاں کے ۳ اہرام اور ابوالہول کا بت عجائبات زمانہ سے ہیں مصر میں مقطم، مقطم، جبل الکبیر، جبل الرخام، جبل آبی نودہ، جبل شیخ الہریدی نامی پہاڑ ہیں۔ مصر کی آبپاشی کا سب سے بڑا وسیلہ دریائے نیل ہے۔ جو تین جھیلوں کے پانی سے بنتا ہے۔ اور بعد میں سوباط، نیل ارزق، سوباط، بحر الغزالی نامی دریا بھی اس میں آگرتے ہیں۔ یہ دریا شمال سے جنوب کو بہتا ہے اور اس کی دو شاخیں ہو جاتی ہیں۔ ایک کا نام دمیاط اور دوسری کا رشید ہے۔ اس کا پانی نہایت میٹھا اور خوشگوار ہے۔ دریائے نیل میں طغیانی آتی ہے تو سیاہ رنگ کی مٹی زمین پر پھینک دیتا ہے۔ جو کھاد کا کام دیتی ہے تقریباً ۱۸ جون سے دریا چڑھنے لگتا ہے ۱۱ ستمبر سے گھٹنا شروع ہو جاتا ہے۔ مصر کی سرزمین حسن اور خوبصورتی کے لئے مشہور ہے مصر میں حضرت ابراہیم

حضرت اسمٰعیل، حضرت سلیمان اور سرور کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہم اجمعین کی شادیاں ہوئیں اور حضرت ہارون اور حضرت موسیٰ اور حضرت یوشع بن نون کی پیدائش یہاں ہوئی۔ یہاں وقتاً فوقتاً حضرت ابراہیم، حضرت یعقوب، حضرت یوسف، حضرت ارمیا، حضرت دانیال، حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور کچھ مدت قیام کیا۔ مصر کے بادشاہ مقوقس کے نام حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط لے کر گئے تھے بادشاہ مسلمان نہ ہوا۔ ۲۰ھ میں عمرو بن عاص نے مصر کو فتح کیا۔ اس لشکر کی تعداد جس نے مصر فتح کیا تھا بارہ ہزار تھی۔ مصر پر مختلف وقتوں میں بنو امیہ، عباسیہ، طولونیہ، اخشیدیہ، عبیدیون، ایوبیہ، ممالیک، چراکسہ، عثمانیہ، خدیویہ خاندانوں کی حکومت رہی۔ قاہرہ اور اسکندریہ مصر کے مشہور شہر ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے وقت مصر نامی شہر قاہرہ ہی کے پاس آباد تھا۔ جو بعد میں ویران ہو گیا۔ اسکندریہ کا کتب خانہ جسے عیسائیوں نے جلا کر مسلمانوں کے نام لگا کر ان کو بدنام کیا دنیا کا مشہور کتب خانہ تھا۔ مصر کی نہر سویز سیاسی اہمیت کی حامل ہے ۱۸۵۹ء میں یہ نہر شروع کر کے دس سال میں مکمل ہوئی۔ یہ نہر بحیرہ ابیض کو بحیرہ احمر سے ملاتی ہے یہ ایک سو ستر کیلو میٹر لمبی ہے مصر کا عجائب خانہ بھی قابل دید چیز ہے اسی میں فرعون کی لاش تھی جسے دنیا کے لوگوں نے شناخت کیا۔ مصر میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کے مزار ہیں۔ یہاں غلامی کی رسم زمانہ قدیم سے چلی آتی تھی۔ جسے اسلام نے ختم کیا۔

مکۃ المکرمۃ } مکہ، بکہ، ام القریٰ، ایک ہی شہر کے نام ہیں۔ مکہ اور بکہ قدیمی نام ہیں۔ صحیح روایات کے مطابق یہ عمالقہ کی لغت کا لفظ ہے جس کا ترجمہ ہے البیت خدا کا گھر۔ بعد میں یہاں آبادی بھی ہو گئی۔ اور بکہ بعد کا نام ہے اور یہ نام اس وقت پڑا جبکہ ابراہہ اثرم کا لشکر تباہ ہوا اور لوگوں نے کہا یہ بکہ ہے یعنی سرکشوں کی گردنیں توڑنے والا۔ مکہ شہر سطح سمندر سے قریباً ۳۳۰ میٹر بلند ہے اور عرض کے لحاظ سے ۲۱ درجہ اور ۲۸ دقیقہ شمال ہے۔ اور طول کے لحاظ سے ۴۰ درجہ اور ۹ دقیقہ پر۔ اس کی آبادی مستقل طور پر عہد ابراہیم و اسمٰعیل علیہم السلام سے شروع ہوئی۔ لیکن ابتدائی آبادی صرف خیموں تک ہی محدود تھی۔ لیکن جب قصی بن کلاب شام سے واپس آیا اور یہاں آباد ہونے کا ارادہ کیا تو اس نے خیموں کی بجائے مکانات تعمیر کئے۔ زاں بعد یہ اپنے علاقے کا سب سے بڑا شہر بن گیا۔ اس شہر کی لمبائی مغرب سے مشرق کی طرف قریباً تین کیلو میٹر ہے۔ اور عرض قریباً اس سے نصف۔ مکہ ایک وادی میں واقع ہے جو شمال سے جنوب کی طرف مائل ہے اس کے تین اطراف یعنی مغرب جنوب مشرق میں ایک سلسلہ کوہ ہے جس کے مختلف حصوں کے مختلف نام ہیں۔ شمال مغربی کونے میں کوہ فلق اور اس کے ساتھ جبل قیقعان پھر جبل ہندی پھر جبل لعلع پھر جبل کدا اور جنوب کی طرف جبل ابی قبیس اور اس کے ساتھ جبل خندمہ واقع ہے۔ شہر مکہ کے سات ہزار مکانات ہیں۔ جو ان پہاڑیوں کی وادیوں میں ہیں۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ ۱۸۹۲ قبل مسیح میں یہاں تشریف لائے اور اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل اور اپنی بیوی ہاجرہ کو یہاں آباد کیا۔ اس وقت یہاں آبادی نہیں تھی۔ البتہ اس کے گرد و نواح میں عمالقہ قوم کے آدمی آباد تھے۔ جو سب کے سب خانہ بدوش تھے۔ اور خصوصاً وادی جیحون کے کنارے ان کی آبادیاں تھیں۔ اور یہ لوگ یہاں کے اصلی باشندے نہ تھے۔ بلکہ بحرین سے منتقل ہو کر یہاں آئے تھے۔ جب زمزم کا چشمہ یہاں پیدا ہوا تو عمالقہ نے بھی یہاں ڈیرے لگا دیئے اور سرداری حضرت اسمٰعیل کی تسلیم کر لی گئی۔ کچھ مدت کے بعد بنو اسمٰعیل کی حکومت کمزور ہو گئی تو عمالقہ نے ان سے حکومت چھین لی۔ پھر کچھ مدت کے بعد بنو جرہم یمن سے سد مآرب کے ٹوٹ جانے کے بعد یہاں آ کر آباد ہو گئے۔ اور انہوں نے عمالقہ سے حکومت چھین لی۔ کچھ عرصہ کے بعد بنو اسمٰعیل نے جرہم کو شکست دے کر ان سے حکومت لے لی اور ان کو شمالی ینبوع کی طرف جلاوطن کر دیا۔ پھر کچھ مدت کے بعد بنو خزاعہ یہاں آئے اور انہوں نے پھر بنو اسمٰعیل سے حکومت لے لی۔ پھر جب قصی بن کلاب شام سے واپس آیا۔ (یہ قصی چھٹی پشت میں حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے ہیں) انہوں نے تھوڑی سی قیمت دے کر بیت اللہ شریف کی تولیت بنو خزاعہ سے خرید لی۔ کچھ عرصہ بعد قصی نے قریش کو اکٹھا کر کے طاقت بہم پہنچائی۔ اور بنو خزاعہ کو وادی فاطمہ کی طرف نکال دیا۔ اور اس وقت سے اسلام کے آنے تک قریش کا اقتدار بدستور قائم رہا۔ قریش میں مناصب اور عہدوں کی تقسیم کے متعلق لڑائیاں ہوتی رہتی تھیں۔ بالآخر انہوں نے اکٹھے ہو کر قریش کی شاخوں میں مختلف عہدے تقسیم کر دئیے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے بعد تمام فضائل اور خوبیاں تمام عہدے اور منصب بنو ہاشم کے ہاتھ میں آ گئے۔

# بحث حروف عاملہ

الف کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے قَائِمٌ میں اس کو لین کہتے ہیں۔ اور کبھی متحرک ہوتا ہے۔ اس کو ہمزہ بولتے ہیں خواہ شکل الف میں لکھا جاوے۔ معنی کے رُو سے ہمزہ استفہام کیلئے ہے جیسے اَقَرَأْتَ کیا تو نے پڑھا۔ اَفَلَمْ تَقْرَأْ کیا تو نے نہ پڑھا۔ کبھی قریب ندا کے لئے آتا ہے اور جب یہ ندا کے لئے ہو تو منادیٰ محذوف کو نصب دیتا ہے۔ اور اگر منادیٰ مضاف نہ ہو تو رفع دیتا ہے جیسا کہ اَعَبْدَ اللّٰہِ اور اَزَیْدُ۔ اَزَیْدُ اَقْبِلْ اے زید نزدیک آ۔ اور کبھی برابری کے لئے آتا ہے۔ لَا اُبَالِیْ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ میرے لئے تیرا کھڑا رہنا بیٹھنا ایک ہی جیسا ہے۔

اِذْ ظرف زمانی۔ ماضی۔ اس کے بعد جملہ ہی آتا ہے اور جملہ محذوف ہوتا ہے اور اس کے عوض تنوین آتی ہے۔ مفاجات کیلئے بھی آتا ہے بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ میں بیٹھا تھا کہ اچانک زید آگیا۔ تنوین کے ساتھ بھی آتا ہے وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ کبھی "اس لئے" کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ضَرَبْتُ اِبْنِیْ اِذْ اَسَاءَ۔ اَیْ لِاَنَّہٗ اَسَاءَ

اِذَا ظرف متضمن بمعنی شرط مستقبل کے لئے اِذَا جَاءَ اَجَلُہُمْ جب ان کی موت آئے گی۔ مفاجات کے لئے بھی آتا ہے فَاِذَا اَنْتُمْ مِنْہُ تُوْقِدُوْنَ۔ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ۔ تِلْکَ اِذًا قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی یہ بانٹنا بہت بھونڈا ہے۔ اسم اشارہ مونث مفرد بعید کیلئے آتا ہے۔

اَلْ حرف تعریف ہے اسم نکرہ کو اسم معرفہ بنا دیتا ہے کبھی عہد کے لئے آتا ہے۔ اِشْتَرَیْتُ عَبْدًا ثُمَّ بِعْتُ الْعَبْدَ یا جنس کے لئے جیسے خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا۔ فعل پر نہیں آتا کبھی اسم موصول ہوتا ہے اور اس صورت میں اسم فاعل اور اسم مفعول پر آتا ہے۔

اَلَا کلام کے شروع میں آتا ہے اور ما بعد کی تحقیق کیلئے آتا ہے جیسے اَلَا اِنَّہُمْ ہُمُ السُّفَہَاءُ۔ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ۔ تنبیہ کے لئے اَلَا یَا صَاحِ قُمْ اور عرض کے لئے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا۔

اَلَّا اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ۔ اَنْ لَا تَطْغَوْا نیز حروف تحضیض کے لئے بھی آتا ہے۔

اِلَّا استثناء کے لئے آتا ہے اِلَّا امْرَاَتَہٗ کَانَتْ مِنَ الْغَابِرِیْنَ صفت بمعنی غیر کے لئے آتا ہے۔ لِیْ رِجَالٌ اِلَّا رِجَالَکَ اور نفی کے بعد حصر کے لئے آتا ہے وَمَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّا اَنْفُسَہُمْ

اَلَّذِیْ اسم موصول ہے مرد کے لئے آتا ہے اس کا تثنیہ اَلَّذَانِ جمع اَلَّذِیْنَ ہے اس کا مونث اَلَّتِیْ جمع اَللَّوَاتِیْ۔ وَاللَّوَاتُ وَاللَّائِیْ اور تثنیہ اس کا اَللَّتَانِ۔ اَللَّتَیْنِ غایت زمانیہ اور مکانیہ کیلئے بھی آتا ہے۔

اِلٰی حرف جر ہے انتہا کیلئے آتا ہے مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ظرف مکان کے لئے لَا یَسْتَجِیْبُوْنَ لَہٗ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ظرف زمانی کے لئے۔ قرآن مجید اس حرف کے ساتھ ضمیر بھی آتی ہیں۔ اِلَیَّ۔ اِلَیْہِ۔ اِلَیْہِمَا۔ اِلَیْہِمْ۔ اِلَیْہَا۔ اِلَیْہِنَّ۔ اِلَیْکَ۔ اِلَیْکُمْ۔ اِلَیَّ۔ اِلَیْنَا۔ عند کے معنی میں آتا ہے۔ کَلَامُہٗ اَشْہٰی اِلَیَّ مِنَ الرَّحِیْقِ۔ برابری کیلئے آتا ہے۔ اَلْاَمْرُ اِلَیْکَ مع کے معنی میں آتا ہے ضَمَّ ہٰذَا اِلٰی ذٰلِکَ مصاحبت کیلئے بھی آتا ہے جیسا کہ لَا تَاْکُلُوْا اَمْوَالَہُمْ اِلٰی اَمْوَالِکُمْ۔ اگر غایت اور مغیا کی جنس ایک ہو تو اس کا ما بعد ما قبل کے حکم میں شمار ہوتا ہے جیسا کہ وَاَیْدِیَکُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ اور اگر ما بعد ما قبل کی جنس سے نہ ہو تو ما قبل کے حکم میں شمار نہیں ہوتا جیسا کہ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی الَّیْلِ۔

اَمْ حرف عطف ہے جبکہ ہمزہ استفہام کے بعد آتا ہے۔ اَاَنْذَرْتَہُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْہُمْ اور بل کے معنی میں بھی۔ ہَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ اَمْ ہَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ

اَمَّا شرط اور تاکید کے لئے آتا ہے اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الْحَقُّ۔ تفصیل کے لئے ف کا جواب پر آنا لازمی ہے۔ اَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْہَبُ جُفَاءً

اِمَّا تفصیل کے لئے ہے اِنَّا ہَدَیْنٰہُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوْرًا۔ شک۔ اباحت۔ تخییر کے لئے بھی آتا ہے۔

اَمْسِ ظرف زمانی ہے بمعنی کل گذرا ہوا دن کَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ

کبھی گذشتہ زمانہ کے لئے بھی آتا ہے۔ فَتَمَنَّوُا مَكَانَہٗ بِالْاَمْسِ

**اَنْ** حرف مصدری ہے کہ مضارع کو نصب دیتا ہے اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا
لون اعرابی گرا دیتا ہے وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ۔ تاکید کیلئے زاید
بھی آتا ہے۔ وَلَمَّا اَنْ جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا۔ کبھی تفسیر کے لئے بھی
آتا ہے وَاَوْحَيْنَا اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ۔ اَنَّ کا مخفف بھی ہوتا
ہے۔ اور یقینی فعل کے بعد آتا ہے۔

**اِنْ** حرف شرط ہے کہ دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے اِنْ يَّنْتَهُوْا
يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ جب شرط کیلئے ہو تو پہلا جملہ
یقیناً فعل ہوتا ہے اور دوسرا کبھی فعل اور کبھی اسم پہلے جملہ کو
شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ شرط اور جزا یا صرف شرط
اگر فعل مضارع ہو تو لازمی طور پر جزم دیتا ہے اور اگر جزا فعل
مضارع ہو اور شرط نہ ہو تو جزم جائز ہے ضروری نہیں۔
نفی کے معنی میں بھی آتا ہے اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ
اِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ نفی کی صورت میں جملہ اسمیہ پر
داخل ہوتا ہے اور کبھی جملہ فعلیہ پر بھی آجاتا ہے۔

**اِنَّ** حرف تاکید ہے۔ جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اِنَّ اللّٰهَ
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ حرف جواب بھی ہے
لَعَنَ اللّٰهُ نَاقَةً حَمَلَتْنِیْ اِلَيْكَ فَاُجِيْبَ وَاِنَّ رَاكِبَهَا۔ اور
عموماً جملہ اسمیہ پر آتے ہیں جب جملہ قائم مقام مصدر۔ یا
لفظ علم کے بعد آئے اَنَّ مفتوحہ پڑھا جاتا ہے۔ ابتداء جملہ
ابتداء صلہ۔ لفظ قول کے بعد اور جب جملہ قائم مقام حال
ہو۔ جب فعل صرف لام سے معلق ہو تو ان صورتوں میں
اِنَّ مکسورہ ہوگا۔ کبھی اِنَّ مکسورہ کی خبر پر لام آجاتا ہے۔
اِذَا فجائیہ اور قسم کے بعد دونوں طرح پڑھا جاتا ہے اِنَّ بھی
اور اَنَّ بھی۔

**اَنَا** ضمیر صرف واحد متکلم کے لئے ہے۔ بمعنی مَیں

**اَنْتَ** اَنْتُمَا۔ اَنْتُمْ۔ اَنْتِ اَنْتُمَا۔ اَنْتُنَّ ضمیریں ہیں مخاطب کیلئے

**اَنّٰی** قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ظرف مکانی کے لئے اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ
الْمُلْكُ عَلَيْنَا۔ استفہام کے لئے بمعنی کیف

**اَوْ** حرف عطف شک کی جگہ آتا ہے لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ
وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ بلکہ کے معنی
میں بھی آتا ہے وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ

**اَوَّل** ضد آخر جمع اَوَائِل۔ اَوَالِی۔ اَوَّلُوْنَ مؤنث اُوْلٰی جمع اُوَل۔ اُوْلَيَات

**اُولٰۤئِ** اولیٰ اسم اشارہ جمع قریب کے لئے خواہ مذکر ہو یا مؤنث اور تنبیہ
کے لئے ھا زیادہ کرتے ہیں بِاَسْمَآءِ هٰۤؤُلَآءِ اور اس کے ساتھ
کاف خطاب بھی لگا لیتے ہیں اُولٰٓئِكَ بمعنی اَلَّذِيْنَ

**اُولُوْ** بمعنی ذُو اس کا واحد ذُوْ۔ اُولُوْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ واحد۔ اِنَّ رَبَّكَ
لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ اس کا مؤنث اُولَاتُ واحد اس کا ذَات
ہے وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ۔ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ

**اِیْ** بمعنی نَعَمْ اس کے بعد قسم ضروری ہوتی ہے قُلْ اِیْ وَرَبِّیْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ

**اَیُّ** استفہام کے لئے اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ۔ اَيًّا مَّا
تَدْعُوْا۔ اور اس کا استعمال ذوی العقول کے لئے خاص ہے
غیر ذوی العقول پر یہ کبھی نہیں آتا۔ نیز اس کے لئے اضافت
بھی لازمی ہے اور اضافت میں کبھی شرط کے معنی بھی پائے جاتے
ہیں۔ اسی کے بعد ھا تنبیہ زیادہ کرتے ہیں يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ۔
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ۔ عورت کے لئے ت زیادہ کرتے ہیں يٰۤاَيَّتُهَا
النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ

**اِیَّا** اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۔ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ۔ نَحْنُ
نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ۔ وَاِيَّایَ فَارْهَبُوْنِ۔ ضمیر منصوب منفصل ہے
جو کہ سب صیغوں کے ساتھ ملتی ہے۔ بمعنی خاص

**اِیْل** عبرانی میں یہ لفظ اللہ کے لئے خاص ہے اس میں معنی قوی اور
قدیر ہیں۔ اسرائیل حضرت یعقوب کا لقب ہے۔ عزرائیل
میکائیل۔ جبرائیل خداوند تعالے کے فرشتوں کے نام ہیں
ان میں ایل کی نسبت اللہ کی طرف ہے۔

**اِیَّانَ** اسم شرط ہے زمانہ کے لئے بمعنی مَتٰی۔ اور اسم استفہام زمانی کے
لئے آتا ہے جیسے اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ

**اَیْنَ** استفہام ظرف مکان مَا اس کے ساتھ اکثر ملحق ہوتا ہے فَاَيْنَمَا
تُوَلُّوْا۔ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا۔ اور عموماً اس میں شرط کے معنی
ہوتے ہیں اور اس کا استعمال مکان کے لئے ہے زمانہ کے لئے نہیں
جیسا اَيْنَمَا تَمْشِ اَمْشِ

**اَحَدَ عَشَرَ** کیونکہ قرآن مجید میں اسی طرح آیا ہے۔ اسی لئے اسی طرح لکھا گیا ہے
عشر۔ عشرون۔ ثلاثون۔ وغیرہ تسعون تک جب اَحَدٌ اور اثنان

کے ساتھ مرکب ہوں تو تمیز کو نصب دیتا ہے۔ یہ اسماء نکرہ پر داخل ہوتے
ہیں اور طریق ترکیب یہ ہے کہ اگر ممیز مذکر ہو تو احد اور اثنان کے ساتھ
اَحَدَ عَشَرَ کے دونوں جز مذکر ہوتے ہیں اور اگر مونث ہو تو دونوں
جز مونث ثَلٰثَةَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک مذکر ہیں تو پہلا جز مونث
ہوتا ہے اور دوسرا مذکر اور مونث ہیں پہلا جز مذکر ہوتا ہے اور
دوسرا مونث اور عشرون سے تسعون تک عطف کے طریق
پر مرکب ہوتے ہیں اور صورت یہ ہوتی ہے کہ اَحَدٌ اور اثنان
کا ممیز اگر مذکر ہو تو دونوں جز مذکر ہوتے ہیں اور اگر مونث
ہو تو پہلا جز مونث ہوتا ہے اور اثنان کے آگے تسع تک
اگر ممیز مذکر ہو تو پہلا جز مونث ہوتا ہے اور مونث ہو تو پہلا
جز مذکر ہوتا ہے۔

**اَصْبَحَ** افعال ناقصہ سے ہے یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے مضمون
جملہ کو وقت کے ساتھ ملانے کیلئے آتا ہے جیسا کہ اَصْبَحَ زَیْدٌ
غَنِیًّا زید صبح کے وقت غنی ہوا اور کبھی صَارَ کے معنی میں بھی
آتا ہے۔ یعنی ایک صفت سے دوسری صفت کی طرف انتقال
کرنے کے لئے جیسا کہ اَصْبَحَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا فقیر غنی ہو گیا کبھی تامہ
ہوتا ہے جیسا کہ اَصْبَحَ زَیْدٌ۔ زید صبح کو داخل ہوا۔

**ب** حرف جر ہے۔ الصاق کے لئے مثلاً مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔ استعانت
کے لئے وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ۔ مصاحبت کے لئے۔ ظرفیت
کیلئے وَبِاللَّیْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔ تعدیہ کے لئے ذَهَبَ اللّٰهُ
بِنُوْرِهِمْ۔ قسم کے لئے بِاللّٰهِ۔ سببیہ کے لئے فَبِمَا نَقْضِهِمْ
مِیْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ۔ تعلیل کے لئے ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ
الْعِجْلَ۔ مقابلہ کیلئے مثلاً اِشْتَرَیْتُ الْعَبْدَ بِالْفَرَسِ۔
استعطاف کے لئے جیسا اِرْحَمْ بِزَیْدٍ زیادت کے لئے
یہ اپنے مدخول کو کسرہ دیتی ہے اور کوئی عمل نہیں کرتی۔

**بَابِلُ** دریائے فرات پر نمرود نے بنوایا تھا۔ یہ کلدانی قوم کا دارالخلافہ
تھا۔ جو حضرت نوح کی اولاد سے تھے۔ اس علاقہ کا قدیمی نام
شنعار ہے۔

**برزخ** دو چیزوں کے درمیان پردہ۔ موت سے قیامت تک کا وقت

**بسمل** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**بَلْ** حرف عطف ہے پچھلی کلام کے رد کے لئے آتا ہے۔ قُلُوْبُنَا
غُلْفٌ بَلْ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

**بَلٰی** حرف تصدیق مثل نعم اکثر استفہام کے بعد آتا ہے خاص جواب
کیلئے ہے خواہ اس کے پہلے مثبت ہو یا منفی

**بَیْنَ** اسم ظرف بمعنی درمیان بینہ۔ بینہم۔ بینکم۔ بینی۔ بیننا

**بِئْسَ** فعل ذم ہے اس کو فعل غیر متصرف شمار کرتے ہیں اس کا فاعل
کبھی تو اسم جنس معرف باللام ہوتا ہے جیسا کہ بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ
اور کبھی اسم مضاف الی معرف باللام جیسا کہ بِئْسَ صَاحِبُ
الرَّجُلِ زَیْدٌ اور کبھی ضمیر مستتر جس کی تمیز نکرہ منصوب ہوتی
ہے۔ جیسا کہ بِئْسَ رَجُلًا زَیْدٌ کبھی مخصوص بالذم محذوف
ہوتا ہے جبکہ قرینہ ہو۔ اور مخصوص بالذم کیلئے لازمی ہے کہ ہر حال
میں فاعل کے مطابق ہو۔ مفرد ہو تو مفرد۔ خواہ جمع ہو یا تثنیہ اور
اسی طرح خواہ مذکر ہو یا مونث۔ مخصوص بالذم مونث ہو تو بِئْسَتْ
آئے گا اور مذکر کے لئے بِئْسَ

**ت** تیسرا حرف ہے۔ مونث ہے۔ ج تاءات ہے یہ ضمیر بھی ہے اور
حرف بھی۔ ضمیر میں فعل کے اخیر میں آتا ہے۔ ضَرَبْتُ۔ ضَرَبْنَا
ضَرَبْتَ۔ ضَرَبْتُمَا۔ ضَرَبْتُمْ۔ ضَرَبْتِ۔ ضَرَبْتُمَا۔ ضَرَبْتُنَّ
ضَرَبَتْ مذکر و مونث دونوں ضمیریں شامل ہیں کبھی جنس کیلئے
واحد بھی آتا ہے۔ شجرۃ۔ مبالغہ کے لئے بھی آتا ہے۔ فَهَّامَةٌ
بڑا سمجھدار۔ حرف جر کے لئے جیسے تَاللّٰهِ مضارع غائب مونث و تثنیہ
کیلئے نیز مضارع کے مخاطب کے صیغوں کیلئے آتی ہے باب تفعل
تفاعل۔ افتعال۔ بعض مصدروں میں جیسے تحریم و تکریم

**تَا** اسم اشارہ مونث واحد ج اولاء ھا تنبیہ اس میں داخل ہوتی ہے۔ هَاتَا
هَاتَانِ۔ هٰؤُلَاءِ مخاطب کے لئے کاف زائد کرتے ہیں۔ تَاكَ
تِلْكَ۔ تِیْكَ۔ تَانِكَ۔ تَالِكَ تِلْكَ اسم اشارہ [illegible]

توریہ ج تورات۔ توریات وہ کتاب کہ موسیٰ علیہ السلام پر خدا
تعالیٰ نے اتری جس کی جعلی تصویر اسفار کے نام سے مشہور ہے
جو کہ پانچ جلدوں میں ہے۔

**ثَمَّ** ثَمَّةَ اسم اشارہ بعید

**ثُمَّ** حرف عطف ہے۔ جو ترتیب کیلئے آتا ہے۔

**جَارَ** زبردستی۔ الجبروت۔ لاجرم۔ لامحالہ

**حَاشَا** حرف جار ہے استثناء کے لئے آتا ہے جیسا کہ مَا جَاءَنِی الْقَوْمُ

حَاشَا زَیْدًا کبھی اس کا مدخول منصوب بھی ہوتا ہے لیکن اس وقت حاشا حرف نہیں ہوتا بلکہ فعل ہوتا ہے۔ اور مدخول کو بنا بر مفعولیت نصب دیتا ہے اور اس کا فاعل اس صورت میں ہمیشہ ضمیر مستتر ہوتی ہے جیساکہ جَاءَ فِی الْقَوْمُ حَاشَا زَیْدًا

حَتّٰی حرف جار ہے زمان اور مکان کی انتہا غایت کیلئے آتا ہے جیساکہ نِمْتُ الْبَارِحَۃَ حَتَّی الصَّبَاحِ۔ سِرْتُ الْبَلَدَ حَتَّی السُّوْقِ مصاحبت کیلئے بھی آتا ہے جیسا قَرَأْتُ الْوِرْدَ حَتَّی الدُّعَاءِ اس کا مابعد کبھی ماقبل کے حکم میں ہوتا ہے اور کبھی نہیں۔ یہ اسم ظاہر کے ساتھ مختص ہے۔ یعنی ضمیر پر داخل نہیں ہوتا۔

حَسِبَ افعال قلوب سے ہے اس فعل شک بھی کہتے ہیں یہ مبتدا اور خبر پر آتا ہے اور دونوں کو بنا بر مفعولیت نصب دیتا ہے۔ اس کے دونوں مفعول ہمیشہ رہتے ہیں ان میں سے کوئی حذف نہیں ہو سکتا۔ جب یہ دونوں مفعولوں کے درمیان آجائے تو اس کا عمل لازمی نہیں رہتا۔ کبھی اس پر ہمزہ بھی داخل ہوتا ہے اس وقت اَحْسَبَ ہوتا ہے۔

حَیْثُمَا شرط کیلئے آتا ہے اس کا مدخول فعل مضارع ہوتا ہے اور جزا اور شرط دونوں کو جزم دیتا ہے اس کا استعمال مکان کے لئے خاص ہے۔

خَلَا بالکل حاشا کی طرح ہے سوائے اس کے کہ اگر اس پر مَا داخل ہو جیسے مَا خَلَا زَیْدًا تو فعلیت کے لئے مخصوص ہے۔

ذَا اسم اشارہ قریب تثنیہ ذَانِ مرفوع ذَیْنِ منصوب۔ مجرور جمع اولٰٓئِک اس کے پہلے ھا تنبیہ داخل کرتے ہیں ھٰذَا اَبْنَا ذَا بمعنی اَلَّذِیْ بھی ہوتا ہے جب کہ مَا استفہامیہ کے بعد ہو مَاذَا اَنْفَقْتَ

ذَاكَ اسم اشارہ متوسط کیلئے ھا اس کے ساتھ نہیں آتا ھٰذَاكَ تصغیر ذَیَّاكَ اس کا مؤنث ذَانِكَ مرفوع اور ذَیْنِكَ منصوب مجرور ہے۔ فَذَانِكَ بُرْھَانَانِ اس کی جمع اُولٰٓئِكَ ہے۔

ذَانِكَ اسم اشارہ بعید کے لئے اس کا تثنیہ ذَانِكَ ہے جمع ذَوَانِكَ تصغیر ذَیَّانِكَ

ذُو اسم بمعنی صاحب تثنیہ ذَوَانِ جمع ذَوُوْنَ۔ لِذِیْ حِجْرٍ۔ اَنْ کَانَ ذَامَالٍ وَّبَنِیْنَ۔ ذَالْاَیْدِ اِنَّہٗ اَوَّابٌ۔ واضح الید۔ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ۔ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ۔ ذُوالْاَرْحَامِ قریبی ذات مؤنث ذو تثنیہ ذَوَاتَانِ۔ ذَوَاتَا اَفْنَانٍ۔ جمع ذوات

ذاتی طور پر۔ عام لفظ مشہور ہے اس میں یٰ نسبتی ہے۔

ذِیْ ھٰذِیْ اسم اشارہ مؤنث قریب

رُبَّ حرف جار ہے تقلیل کے لئے آتا ہے اور کبھی کبھی تکثیر کے لئے بھی اس کا مجرور ہمیشہ نکرہ موصوفہ ہوتا ہے اور اس کا متعلق ہمیشہ فعل ماضی ہوتا ہے جیساکہ رُبَّ رَجُلٍ کَرِیْمٍ لَقِیْتُ کبھی ضمیر مبہم پر داخل ہوتا ہے اس صورت میں اس کی تمیز نکرہ موصوفہ ہوتی ہے جیساکہ رُبَّہٗ رَجُلًا جَوَادًا اس میں چودہ وجہ جائز ہیں جیساکہ رُبَّ رُبَ۔ رَبَّ۔ رَبَّتَہٗ وغیرہ وغیرہ لیکن ان میں سے بعض صورتوں میں اس کا عمل باطل ہو جاتا ہے کبھی اس کے ساتھ مَا بھی آتا ہے جیساکہ رُبَّمَا

رَفْرَف ایک ریشمی کپڑا۔ خیمے کی نچلی جھالر۔

رُوَیْدًا اسمائے افعال سے ہے اسم کو بنا بر مفعولیت نصب دیتا ہے اس کا معنی ہے اَمْھِلْ یعنی مہلت دے یہ ہمیشہ ابتدائے کلام میں آتا ہے رُوَیْدَ زَیْدًا

رَأَیْتُ بالکل حسب کی طرح ہے ماسوائے اس کے کہ حَسِبَ شک کیلئے آتا ہے اور یہ یقین کیلئے اگر اس پر ہمزہ داخل ہو تو تین مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے اس کے مفعول اول کو کسی طرح بھی حذف کرنا جائز نہیں باقی مفعول حذف ہو سکتے ہیں لیکن دونوں اکٹھے نہیں کہ آخری دونوں مفعولوں میں سے ایک حذف ہو جائے اور دوسرا نہ ہو۔

زَعَمْتُ رَأَیْتُ کی طرح افعال قلوب سے ہے یہ شک اور یقین دونوں کے لئے آتا ہے باقی احکام میں حَسِبَ کی طرح ہے۔

رُوَیْدَكَ رُوَیْدًا کی طرح اسماء فعل سے ہے اس کے معنی ہیں "ٹھہر" باقی احکام میں رُوَیْدًا کی طرح ہے۔

سَ اگر مضارع پر داخل ہو تو معنی مستقبل کے کر دیتا ہے باب استفعال میں نائب آتا ہے۔

سَیْطَرَ مسنطبرا۔ سَنْبَلَ الزَّرْعُ

صَرْصَر صَرْصَرَ الرَّجُلُ آدمی چیخا۔ جمع کیا۔ صَرْصَر سرد تیز ہوا صَرْصَر جمع صَرَاصِر جنگل کا ایک چھوٹا سا جانور جو رات کو بولتا ہے۔

صِرَاط سِرَاط، سُرُط بمعنی راستہ صُرَاط تیز اور لمبی تلوار

صَوْمَعَ صَوْمَعَ الشَّیْءَ۔ اکٹھا کیا۔ صَوْمَعَ الْمَکَانَ مکان کو بلند کیا۔ صَوْمَعَۃ

پہاڑ یا بلند مکان جیسے عیسائی راہب کیلئے رہنے کے لئے بناتے تھے - عیسائیوں کا گرجا - سزا - ٹوپی - پہاڑ کی چوٹی

غَیْرَ   غَیْرَ بمعنے سوئی لَا کے معنی میں آتا ہے اور اپنے مدخول کو حال کے طور پر نصب دیتا ہے (۲) اِلَّا کے معنی میں آتا ہے اس صورت میں اسم مضاف ہوتا ہے -

سَاءَ   بالکل ہر حال میں بِئْسَ کی طرح ہے افعال ذم سے ہے -

صَارَ   اصبح کی طرح - افعال ناقصہ سے ہے وہی عمل کرتا ہے جو اصبح کا ہے یہ انتقال کے لئے آتا ہے خواہ حقیقت میں ہو یا صفت میں جیسا کہ صَارَ الطِّیْنُ خَزَفًا و صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا - کبھی یہ تامہ ہوتا ہے یعنی صرف انتقال مکان الی مکان کیلئے آتا ہے لیکن اس وقت اِلٰی کے ساتھ متعدی ہوتا ہے -

ظَلَّ   یہ بھی افعال ناقصہ سے ہے صَارَ کا عمل کرتا ہے یعنی اسم کو رفع خبر کو نصب یہ مضمون جملہ کو وقت کے ساتھ ملانے کے لئے آتا ہے جیسا کہ ظَلَّ زَیْدٌ کَاتِبًا زید نے دن میں لکھا اور کبھی صَارَ کے معنی میں بھی آتا ہے -

ظَنَّ   افعال قلوب سے ہے بالکل حَسِبَ کی طرح اور وہی عمل کرتا ہے -

عَلِمَ   یہ بھی افعال قلوب سے ہے - بالکل رَأَیْتُ کی طرح

عَنْ   حرف جار ہے اپنے مدخول کو جر دیتا ہے بُعد اور مجاوزت کے لئے اس کا استعمال ہوتا ہے جیسا کہ رَمَیْتُ السَّہْمَ عَنِ الْقَوْسِ

عَلٰی   حرف جار ہے استعلا کیلئے آتا ہے جیسا کہ زَیْدٌ عَلَی السَّطْحِ اور الصاق کیلئے جیسا کہ مَرَرْتُ عَلَیْہِ اور فی کے معنی میں بھی آتا ہے جیسا کہ اِنْ کُنْتُمْ عَلٰی سَفَرٍ

عَلَیْکَ   مرکب صورت میں عَلٰی الگ ہے اور کَ ضمیر اور اکٹھی صورت میں اسمائے افعال سے ہے اس کے معنی ہیں "لازم کر لے" بالکل رُوَیْدًا کا عمل کرتا ہے -

عَسٰی   افعال مقاربہ سے ہے غیر متصرف ہے اس کے دو عمل ہیں - پہلا یہ کہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب - اس کا اسم اس کا فاعل ہوتا ہے اس کی خبر فعل مضارع مع اَنْ ہوتا ہے جیسا کہ عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ اس کی خبر ہمیشہ مفرد، تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث غرض ہر حال میں اسم کے مطابق ہوتی ہے - لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ فاعل اسم ظاہر ہو اور اگر مضمر ہو تو مطابقت لازمی نہیں

دوسرا عمل یہ ہے کہ صرف اسم کو رفع دے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جبکہ اس کا اسم مضارع مع اَنْ ہو اور اس وقت یہ قرب کے معنی میں ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ خبر کا محتاج نہیں ہوتا پہلا ناقص کہلاتا ہے اور دوسرا تامہ -

فَ   ترتیب اور تعقیب کیلئے - قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو پہلے زید پھر عمر کھڑا ہوا - سببیہ فَوَکَزَہٗ مُوْسٰی فَقَضٰی عَلَیْہِ پہلے قید کیا پھر قتل کیا - سبب کیلئے فَوَکَزَہٗ مُوْسٰی فَقَضٰی عَلَیْہِ موسیٰ نے اسے گھونسا مارا اس لئے مر گیا - رابطہ جواب کے لئے اور شرط کیلئے اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ شرط کیلئے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ مضارع پر نصب بھی لاتی ہے ذُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ استئناف کے لئے کہ پہلے معانی کاٹے جاویں یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ف زائد بھی آتی ہے خَرَجْتُ فَاِذَا الْاَسَدُ فِی الْبَابِ

فِیْ   حرف جار ہے - ظرفیہ اَلْمَاءُ فِی الْکُوْزِ مصاحبت کیلئے جَاءَ فِی الْقَوْمِ وَقُمْتُ فِیْ شُرُوْقِ الشَّمْسِ تعلیل کیلئے قُتِلَ فِیْ ذَنْبِہٖ قیاس کیلئے مَا عِلْمِیْ فِیْ عِلْمِ الْاَخْطَلِ استعلا کے لئے لَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ کبھی مرادف ب کیلئے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِیْ عَمَلِکَ کبھی مرادف اِلٰی کے لئے اَدْخِلْ یَدَکَ فِیْ جَیْبِکَ کبھی مرادف مِنْ کے لئے عَلٰی ثَلَاثَۃِ اَشْہُرٍ فِیْ ثَلَاثِ سِنِیْنَ

قَدْ   کبھی اسم مستعمل ہوتا ہے اور حَسْبُ کے معنی [illegible] کبھی اسم فعل مستعمل ہوتا ہے اور کفٰی کے معنی دیتا ہے کبھی حرف مستعمل ہوتا ہے تو فعل مثبت متصرف خبری پر داخل ہوتا ہے - [illegible] ہے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہوتا ہے [illegible] کیلئے آتا ہے - تحقیق کیلئے آتا ہے - تقریب [illegible] کیلئے آتا ہے - اور کبھی تکثیر کیلئے بھی آتا [illegible] ساتھ خاص ہوتا ہے -

کَ   ضمیر مذکر مخاطب - مرد کے لئے منصوب عورت کیلئے مجرور - قَالَ رَبُّکَ - قَالَ رَبُّکِ - حرف جار تشبیہ کیلئے - زَیْدٌ کَالْاَسَدِ تعلیل کیلئے وَاذْکُرُوْہُ کَمَا ہَدٰکُمْ - تاکید کیلئے لیکن یہ زائد ہوتا ہے مثلاً لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ - اسم اشارہ کیلئے ذٰلِکَ تِلْکَ ضمیر منفصل و متصل اِیَّاکَ - اِیَّاکُمَا -

**كَادَ** افعال مقاربہ سے ہے۔ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اسکی خبر فعل مضارع اکثر بغیر اَنْ کے ہوتی ہے۔ کبھی مع اَنْ بھی آتی ہے كَادَ کے مشتقات کا بھی یہی حکم ہے اگر اس پر حرف نفی وارد ہو تو بعض کے نزدیک اس کے معنی نفی کے ہو جاتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک اثبات باقی رہتا ہے۔ بعض کے نزدیک ماضی پر داخل ہو تو کسی صورت میں نافیہ نہیں ہوتا مضارع میں نفی کے معنی پیدا کرتا ہے۔

**كَانَ** افعال ناقصہ سے ہے۔ مبتدا پر داخل ہوتا ہے تو اس کو رفع دیتا ہے اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ بمعنی صار بھی آتا ہے وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ اور يَنْبَغِيْ کے معنی میں بھی آتا ہے مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا استقبال کے معنی میں آتا ہے يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ماضی کے معنی میں بھی آتا ہے وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ حال کے معنے میں بھی آتا ہے كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ استمرار کے معنی میں بھی آتا ہے وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا كَانَ زائد بھی ہوتا ہے جیسا کہ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِهِمْ كَانَ زَيْدًا اور اس وقت عمل نہیں کرتا۔ یہ تامہ بھی ہوتا ہے اور ناقصہ بھی۔ ناقصہ دو معنوں میں آتا ہے۔ ایک یہ کہ اس کی خبر کو زمان ماضی میں ثابت کیا جائے خواہ وہ ممکن الانقطاع ہو یا نہ ہو اور دوسرا صار کے معنی میں۔ تامہ ہو تو ثَبَتَ کے معنی میں آتا ہے۔

**كَاَنَّ** كَاَنَّ فِيْ اُذُنَيْهِ وَقْرًا حرف ہے کہ اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ تشبیہ کیلئے كَاَنَّهٗ هُوَ۔ كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا

**كَاَيِّنْ** یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ پہلا کاف تشبیہ ہے اور اَیٍّ یہ لفظ زیادتی کیلئے مستعمل ہے۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ استفہام کیلئے كَاَيِّنْ تَقْرَأُ سُوْرَةَ الْوَاقِعَةِ فِيْ يَوْمٍ فَاَجَابَ مَرَّةً وَاحِدَةً

**كَذَا** قرآن مجید میں نہیں آیا ھا تنبیہ کے ساتھ آیا ہے اَهٰكَذَا عَرْشُكِ کیا تیرا عرش ایسا ہے۔

**كُلّ** استغراق کیلئے ہے۔ اس کے ساتھ مَا لگاتے ہیں كُلَّمَا اَضَاءَ

**كِلَا** كِلْتَا اور كِلَاهُمَا۔ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ یہ دونوں مفرد لفظ ہیں۔ مگر تثنیہ پر انکا اطلاق ہوتا ہے مذکر کیلئے كِلَا اور مؤنث کیلئے كِلْتَا

**كَلَّا** حرف ردع، زجر، تنبیہ مخاطب کیلئے ہے اور کلام سابق باطل کرنے کے لئے ہے۔

**كَمْ** استفہام کے لئے ہے كَمْ لَبِثْتَ۔ خبر کیلئے بھی آتا ہے وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ بَعْدِ نُوْحٍ اس کے معنی ہیں عدد مبہم۔ کم دو طرح کا ہے ایک استفہامیہ یہ تمیز کو نصب دیتا ہے جیسے كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَهٗ دوسرا خبریہ یعنی اگر اس میں استفہام نہ ہو یہ تمیز کو نصب دیتا ہے اگر ان میں فاصلہ ہو جیسے كَمْ عِنْدِيْ رَجُلًا اور اگر فاصلہ نہ ہو تو اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے اضافت کے ساتھ جیسے كَمْ رَجُلٍ ضَرَبْتُ

**كَيْ** حرف تعلیل ہے کہ مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو نصب دیتا ہے كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً سببیۃ کیلئے آتا ہے جیسا کہ اَسْلَمْتُ كَيْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا۔ لِكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ۔ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ۔

**كَيْفَ** اسم مبہم ہے جو کہ مبنی بر فتح ہے اکثر استفہام کیلئے آتا ہے۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ۔ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔

**لَ** تین قسموں پر ہے عامل جزم، عامل جر اور غیر عامل۔ اگر اسم ظاہر ہے تو جر دیتا ہے مثلاً مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ۔ لِلّٰهِ اگر ضمیر ہے تو جر نہ آوے گی لَكَ وَلِيَ۔ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اگر اسم پر داخل ہو تو اس کے معانی ہوتے ہیں خصوصیت اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ۔ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ زیادت کیلئے بھی آتا ہے جیسے رَدِفَ لَكُمْ۔ تعلیل کیلئے بھی آتا ہے جیسے جِئْتُ لِاِكْرَامِكَ۔ معاقبۃ کیلئے مثلاً لَزِمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ۔ لام قسمیہ۔ قرآن مجید میں نہیں آیا۔ اگر لَ فعل پر آجاوے تو آخر کو نصب دیتا ہے۔ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ۔ امر فعل کو جزم دیتا ہے وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ۔ لام غیر عامل ہمیشہ مفتوح ہوگا اور ابتدا میں آئیگا۔ اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ۔ لَا تین طرح پر آتا ہے لا نفی جنس۔ لا نہی۔ لا نفی۔ لا نفی جنس مثلاً لَا رَيْبَ فِيْهِ لا نہی مثلاً لَا تَخَفْ۔ لا نفی مثلاً لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ۔ لَاتَ تا نیت۔ وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ یہ بمعنی لَيْسَ

**لَعَلَّ** حروف مشبہ بالفعل سے ہے۔ اسم کو نصب دیتا ہے خبر کو رفع لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اور ترجی کیلئے آتا ہے جیسے لَعَلَّ السُّلْطَانَ

تکیہ مُنّی لتمنّی اور ترجی میں فرق یہ ہے کہ تمنی ممکن الوقوع اور غیر ممکن الوقوع دونوں پر ہوتی ہے اور ترجی صرف ممکن الوقوع چیزوں پر حروف مشبہ بالفعل سارے کے سارے مَا کافّہ آنے سے عمل نہیں کر سکتے

**لٰکِنْ** لٰکِنْ اصل میں لَاکِنْ تھا۔ الف حذف ہوگیا۔ لٰکِنْ مخفف لٰکِنَّ مشدد دو طرح پر ہے لٰکِنَّ فعلیہ حرف ابتدا ہے۔ دو جملوں پر آتا ہے مگر اس کے ساتھ واو آتی ہے یہاں لٰکن کا کوئی عمل نہیں رہتا۔ لٰکِنْ خفیفہ حرف عطف ہے۔

**لٰکِنَّ** یہ حرف مشبہ بالفعل ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اس کا استعمال استدراک کے لئے ہوتا ہے یعنی جو شک کلام سابق سے پیدا ہوتا ہے، اس کو رفع کرنے کے لئے آتا ہے جیسے غَابَ زَیْدٌ لٰکِنَّ بَکْرًا حَاضِرٌ۔ یہ ہمیشہ دو متغایر جملوں کے درمیان آتا ہے۔

**لَمْ** مضارع پر داخل ہوکر ماضی منفی کے معنی پیدا کرتا ہے۔ حرف علت کو گرا دیتا ہے۔ آخر کو جزم دیتا ہے۔ کبھی اس کے ساتھ ہمزہ استفہام لگا لیتے ہیں اَلَمْ اَقُلْ لَکُمْ کبھی واو بھی استفہام کے ساتھ لاتے ہیں اَوَلَمْ یَکْفِ بِرَبِّکَ

**لَمَّا** لم کی طرح مضارع پر داخل ہوکر ماضی منفی کے معنی کر دیتا ہے لَمَّا ماضی پر بھی داخل ہوتا ہے وَلَمَّا جَاءَهُمْ کِتٰبٌ۔ لمّا حرف استثنا بھی ہے اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ۔ لَمَّا ہر لحاظ سے لَمْ جیسا ہے سوائے اس کے کہ اس کے معنی میں استغراق ہوتا ہے لم میں نہیں ہوتا۔

**لَنْ** حروف ناصبہ سے ہے۔ یہ مضارع کو نصب دیتا ہے نفی مستقبل کی تاکید کیلئے آتا ہے اس کا اصل لَا اَنْ تھا تخفیف ہوتے ہوتے لَنْ رہ گیا۔

**لَوْ** حرف ہے اس کی چھ قسمیں ہیں (۱) یہ کہ اس جیسے حالہ میں مستعمل ہو لَوْ جَاءَنِیْ اَکْرَمْتُهٗ یہ تین فائدے دیتا ہے پہلا شرط دوسرا قید شرط بزمان ماضی تیسرا امتناع جواب بامتناع شرط۔ (۲) مستقبل کیلئے شرط کا حرف ہے لیکن یہ جزم نہیں دیتا۔ اس میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ اگر شرط مستقبل کیلئے ہو تو اِنْ کے معنی میں آتا ہے اور ماضی کیلئے ہو تو امتناع کا فائدہ دیتا ہے (۳) مصدریہ آتا ہے اَنْ کی طرح لیکن یہ نصب نہیں دیتا (۴) تمنی کیلئے آتا ہے اس کا مدخول منصوب ہوتا ہے اور اس پر فَ بھی آتی ہے۔ (۵) عرض کیلئے آتا ہے اس کا جواب منصوب مع الفاء ہوتا ہے (۶) تقلیل کیلئے آتا ہے۔

**لَوْلَا** لولا کی تین قسمیں ہیں امتناع کیلئے آتا ہے مثلاً لَوْلَا زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُکَ اس صورت میں دو جملوں پر آتا ہے ایک ان میں سے اسمیہ ہوتا ہے اور دوسرا فعلیہ تحضیض اور رغبت کیلئے آتا ہے مثلاً لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہوتا ہے ملامت توبیخ کیلئے مثلاً لَوْلَا جَاءُوْا عَلَیْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہوتا ہے۔ اس کا جواب لازمی ہوتا ہے۔ اور اکثر اس کے جواب پر لام آتا ہے سوائے اس صورت کے کہ جواب منفی بلم ہو۔

**لَیْتَ** حرف تمنی حروف مشبہ بالفعل سے ہے یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ تمنی کے لئے آتا ہے جیسے لَیْتَ زَیْدًا قَائِمٌ

**لَیْسَ** لیس کی چار قسمیں ہیں۔ لیس افعال ناقصہ سے ہے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ بعض اس کو حرف بھی کہتے ہیں۔ زمانہ حال میں نفی مضمون جملہ کا فائدہ دیتا ہے بعض کے نزدیک ہر زمانہ کی نفی کے لئے بھی آتا ہے۔ افعال ناقصہ کی خبر اسم سے مقدم بھی ہوتی ہے۔ خبر کبھی عمل ان کا قائم رہتا ہے بلکہ بعض دفعہ ان کی خبر خود ان افعال سے بھی مقدم ہو جاتی ہے سوائے ان افعال کے کہ جن کے پہلے مَا آتا ہے ان کے مشتقات کے عمل بھی وہی ہیں جو ان افعال کا عمل ہے

**م** جمع کے لئے آتا ہے۔ ذٰلِکَ۔ ذٰلِکُمْ کبھی استفہام کے طور پر آتا ہے لِمَ یُجِیْبُ الْمُرْسَلُوْنَ مگر اس کے ساتھ حرف جر آتا ہے

**مَا** حرفیہ بھی، اور اسمیہ بھی اور نافیہ بھی اور موصولہ بھی ہے۔ مَا اسمائے جازمہ سے ہے۔ شرط کیلئے آتا ہے۔ اس کا استعمال غیر ذوی العقول کیلئے خاص ہے اور مضارع کو جزم دیتا ہے

مَا مشبہ بلیس۔ مبتدا خبر پر داخل ہوتا ہے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ اور اس صورت میں معرفہ نکرہ سب پر داخل ہوتا ہے

**مَتٰی** حرف استفہام ہے۔ زمانہ کیلئے۔ اسمائے جازمہ سے ہے شرط کے معنی دیتا ہے مضارع پر داخل ہوتا ہے اور جزم دیتا ہے۔ زمانہ کے ساتھ خاص ہے۔

**مَعَ** اسم ہے۔ مضاف مستعمل ہو تو ظرف ہوتا ہے۔ اور تین معنوں میں آتا ہے۔ مصاحبۃ کیلئے مثلاً اَللّٰہُ مَعَنَا زمانہ اجتماع کیلئے مثلاً جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ عِنْدَ کے معنی میں جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ۔ غیر مضاف ہو تو اس پر حال کی وجہ سے تنوین آتی ہے جیسے جَاءَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو مَعًا۔

**مِمَّا** (مِنْ وَمَا) استفہام کے لئے آتا ہے جیسے مِمَّ خُلِقَ اس کا اصل ہے (مِنْ وَمَا)

**مِنْ** حرف جار ہے۔ ابتداء و غائیت کیلئے آتا ہے جیسے سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوفَةِ۔ اور تبعیض کے لئے جیسے اَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ اور تبیین کے لئے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ اور زیادت کیلئے جیسے يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ

**مَنْ** اسماء جازمہ سے ہے۔ مضارع پر داخل ہوتا ہے اس میں شرط کے معنی پائے جاتے ہیں اور ذوی العقول کے لئے اس کا استعمال خاص ہے

**مَهْمَا** اسمائے جازمہ سے ہے۔ مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ اس میں شرط کے معنی پائے جاتے ہیں۔ مضارع کو جزم دیتا ہے۔ زمانے کے ساتھ خاص ہے مَهْمَا تَذْهَبْ اَذْهَبْ

**نَ** نِ ثقیلہ۔ لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا۔ نِ خفیفہ وَلَيَكُونًا مِنَ الصَّاغِرِيْنَ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ۔ نِ تنوین۔ كِتٰبٌ اَنْزَلْنَاهُ اِلَيْكَ۔ کہ اصل میں كِتَابُنْ ہے۔ نِ ضمیری اناثی خفیفہ ضَرَبْنَ يَضْرِبْنَ اِضْرِبْنَ۔ تَضْرِبْنَ نِ ضمیری اناثی ثقیلہ ضَرَبْتُنَّ مِنْهُنَّ مِنْكُنَّ نِ متکلم اِنَّنِي اَنَا اللّٰهُ نِ ضمیر تثنیہ يَضْرِبَانِ۔ تَضْرِبَانِ نِ مونث جمع مخاطب تَضْرِبْنَ۔ اٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ۔ اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ نِ جمع مذکر يَفْعَلُوْنَ۔ تَفْعَلُوْنَ۔ نَا جمع متکلم قُلْنَا نِ علامت مضارع نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ۔ نَحْنُ ضمیر تثنیہ اور جمع متکلم مذکر و مؤنث کے لئے۔

**نِعْمَ** افعال مدح سے ہے اس کا عمل بہر حال بِئْسَ کی طرح ہے۔ کسی چیز میں اختلاف نہیں۔

**واو** حرف عطف بھی ہے اس صورت میں اس کا کوئی عمل نہیں۔ اور حرف جار بھی ہے۔ ہمیشہ اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے۔ قسم کے لئے آتی ہے مثلاً وَاللّٰهِ لَاَشْرَبَنَّ اللَّبَنَ۔ رُبَّ کے معنی میں بھی آتی ہے۔ جیسے وَعَالِمٍ يَعْمَلُ بِعِلْمِهٖ مَعَ کے معنی میں بھی آتی ہے مثلاً اِسْتَوَى الْمَاءُ وَالْخَشَبَةَ اس صورت میں یہ جارہ نہیں بلکہ ناصبہ ہے۔ منادی مندوب کے لئے بھی آتی ہے۔

**وَجَدْتُ** افعال قلوب سے ہے ہر حال میں عَلِمْتُ کے مطابق ہے

**ہ** ضمیر واحد مذکر غائب قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ۔ اگر ما قبل زیر یا یٰ ہے تو کھڑی زیر کی شکل میں آوے گی۔ مثلاً مِنْ رَبِّهٖ ہٗ ساکن کے بعد اگر آوے گی پھر وہ لا بھی ساکن ہوگی۔ جیسے مَاهِيَهْ

**هَا** اسماء افعال سے ہے اس کے معنی ہیں "پکڑ لے" یہ اسم کو مفعولیت کی بنا پر نصب دیتا ہے۔

**هَيْهَاتَ** اسمائے افعال سے ہے اس کے معنی ہیں "دور ہوا"۔ اس کا ما بعد مرفوع ہوتا ہے۔

**يَا** ندا قریب کے لئے آتا ہے۔ جب منادی مضاف ہو تو نصب دیتا ہے اور اگر مضاف نہ ہو تو رفع دیتا ہے

---

# بحث حروف مقطعات

قرآن مجید کی ۲۹ سورتوں کے ابتدا میں حروف مقطعات نازل کئے گئے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| قسم | حروف | آیت | سورۃ |
|---|---|---|---|
| یک حرفی | ص | والقرآن | ص-۳۸ |
| | ق | والقرآن المجید | ق-۵۰ |
| | ن | والقلم | ن-۶۸ |
| دو حرفی | حم | تنزیل الکتب | جاثیہ-۴۵ |
| | حم | تنزیل الکتب | احقاف-۴۶ |
| | حم | والکتب المبین | دخان-۴۴ |
| | حم | والکتب المبین | زخرف ۴۳ |
| | حم | تنزیل من الرحمن | حم السجدۃ ۴۱ |
| | حم | تنزیل الکتب | المومن-۴۰ |
| | طس | تلک ایات | النمل-۲۷ |
| | طہ | ما انزلنا | طہ-۲۰ |
| | یس | والقرآن الحکیم | یس-۳۶ |
| سہ حرفی | الر | کتاب انزلنا الیک | ابراہیم ۱۴ |
| | الر | تلک ایت الکتب | حجر-۱۵ |
| | الر | کتب احکمت | ہود-۱۱ |
| سہ حرفی | الر | تلک ایت الکتب | یوسف ۱۲ |
| | الر | تلک ایت الکتب | یونس-۱۰ |
| | الم | الله لا اله | آل عمران ۳ |
| | الم | ذلک الکتب | بقرہ-۲ |
| | الم | غلبت الروم | الروم-۳۰ |
| | الم | تنزیل الکتب لا | السجدہ ۳۲ |
| | الم | احسب الناس | عنکبوت ۲۹ |
| | الم | تلک ایات الکتب | لقمان ۳۱ |
| | طسم | تلک ایت الکتب | شعراء ۲۶ |
| | طسم | تلک ایت الکتب | القصص ۲۸ |
| چہار حرفی | المر | تلک ایت الکتب | رعد-۱۳ |
| | المص | کتب انزل الیک | اعراف-۷ |
| پنج حرفی | حم عسق | کذلک یوحی الیک | الشوریٰ ۴۲ |
| | کھیعص | ذکر رحمت ربک | مریم ۱۹ |

حروف مقطعات کی بحث سے پہلے یہ چیز ذہن میں رکھنا نہایت ضروری ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی عادت مبارک جیسا کہ احادیث کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے یہ تھی کہ چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی جو قابل دریافت ہوتی اسے ضرور دریافت کر لیتے۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں [illegible] سوالات احادیث میں مذکور ہیں لیکن حروف مقطعات کے متعلق کسی صحابی کا آنحضرت صلعم سے سوال کرنا مذکور نہیں۔ اس سے [illegible] ہوتا ہے کہ حروف مقطعات کے معانی صحابہ کے ذہن میں ضرور موجود تھے اگر انکے متعلق ان کو کوئی اشتباہ ہوتا تو دریافت کر لیتے۔ باقی رہا یہ سوال کہ صحابہ کے ذہن میں ان کے کونسے معنی تھے۔ سو اس کے متعلق یقینی طور پر کچھ کہنا مشکل ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عربی لغت کے تمام قواعد بالتفصیل دستیاب نہیں ہو سکے۔ بالخصوص حصہ نثر کے متعلق بہت کم معلومات مہیا ہو سکی ہیں۔ [illegible] حروف مقطعات کے قواعد کا ضیاع بھی ہے۔ دوسری چیز یہ بھی یاد رکھنے کی ہے کہ بعض صحابہ سے اس قسم کی روایات منقول ہیں کہ حروف مقطعات اللہ تعالیٰ کے بھید ہیں یا انکے معانی کسی کو معلوم نہیں یا یہ وہ حروف ہیں جن کا علم خدا تعالیٰ نے اپنے لئے خاص کر رکھا ہے۔ ان صحابہ تک ان روایات کی اسناد متصل نہیں ہیں اور جو متصل ہیں وہ صحیح نہیں ہیں۔ غرضیکہ کوئی بھی ایسی روایت متصل اور صحیح سند سے ثابت نہیں جس میں یہ کہا گیا ہو کہ ان کے معانی معلوم نہیں۔ باقی رہی ان معانی کی تخصیص و تشخیص تو اس کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے اور انکی صحیح مراد کو متعین کرنا بہت دشوار ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح آجکل انگریزی

زبان میں اسمائے معرفہ کے ابتدائی حروف دلالت بر اسم لکھے، پڑھے، اور سنے جاتے ہیں۔ ایسا ہی عرب میں بھی دستور تھا۔ مثلاً۔ ایم۔ ایس
کی مراد محمد شفیع، محمد سرور۔ محمد سعید۔ محمد سلیمان۔ محمد سلیم سارے ہی ہو سکتے ہیں۔ ایسا ہی حروف مقطعات میں بہت سے معانی
داخل ہو سکتے ہیں۔ نیز ایک نے اپنی اپنی سمجھ کے مطابق ان کو مشخص کیا ہے۔ اور جب تک خدا تعالیٰ سے یا خدا تعالیٰ کے فرستادہ نبی سے
بالوضاحت ایک معنی کو متعین نہ کر دیا جائے۔ دوسرے معانی کے ترک کے لئے کوئی سند نہیں بن سکتی۔ عربی زبان میں ہر ایک پیشہ اور ہر فن کے
متعلق مختصر حروف کا استعمال آج بھی موجود ہے۔ احادیث میں بھی بعض الفاظ مذکور ہیں۔ جو ایک پورے جملہ کے معنے میں استعمال ہوئے
ہیں۔ مثلاً استرجاع کا معنی انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا۔ تہلیل لا الہ الا اللہ کہنا۔ حیعلتین۔ حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کہنا وغیرہ وغیرہ
یہ لفظ پوری کلام کی بجائے استعمال ہوئے ہیں۔ اور بعض اصطلاحیں ایسی ہیں کہ ان میں حروف پوری کلام کی بجائے استعمال ہوتے ہیں مثلاً رض مخفف
ہے رضی اللہ عنہ کا رح مخفف ہے رحمۃ اللہ علیہ کا صلعم مخفف ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عم مخفف ہے علیہ السلام کا وغیرہ وغیرہ ان چیزوں
سے پتہ چلتا ہے کہ عربی زبان میں حروف مقطعات کا استعمال زمانہ قدیم سے برابر چلا آتا ہے۔ خصوصاً نثر میں اور بعض دفعہ تو نظم میں بھی
ان کا وجود پایا جاتا ہے۔ مثلاً قُلْتَ لَهَا قِفِي لَنَا فَقَالَتْ قَاف اس جگہ حرف "قاف" وَقَفْتُ کے معنی میں استعمال ہوا ہے جیسا کہ ما
للظلیم عال لاب ؛ ینقد عند حلد لا اذاب آخری مصرعہ میں ی کا استعمال یفعل لذا وکذا کے بجائے ہوا ہے یا جیسا کہ
بالخیر خیرات وان شراً ف ؛ ولا ارید الشر الا ان ت اس شعر میں ف کا استعمال فَشَرٌّ کے معنی میں، اور ت کا استعمال
تَشَاءَ کے معنی میں ہوا ہے یا جیسا کہ حدیث من اعان علی قتل مسلم بشطر کلمۃ کی تفسیر میں سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول
ہے کہ اُقْتُلْ کی بجائے صرف اُقْ کہہ دے۔ اس کے علاوہ عربی گرامر میں "ترخیم" کا بیان بحیثیت قاعدہ آج تک مندرج ہے جس کا مطلب یہ ہے
کہ اسماء میں قطع و برید کر کے ان کو مختصر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ یا عثمان کی بجائے صرف یا عثم کہہ دینا کافی ہے تو ان چیزوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسے
الفاظ کا استعمال عرب میں مروج تھا۔ اور آج تک بھی ہے۔ جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ "یہ مہمل الفاظ ہیں ان کے کوئی معنی نہیں۔ یہ چیزیں ان کے
خیال کے خلاف یہ تمام مواد عربی زبان میں موجود ہے۔ اور جو متقدمین سے ایسے الفاظ کو نقل کیا جاتا ہے تو ان کی صحت ثابت نہیں ہوئی۔ اب
مقطعات کے متعلق مروج خیالات کا جائزہ لیجئے۔ ان کے متعلق دو گروہ ہیں ایک وہ جو ان کے معانی کے متعلق توقف کرتا ہے اور دوسرا وہ جو
ان کے معانی بیان کرتا ہے۔ پہلا گروہ جس کو توقف ہے ان کا کہنا ہے کہ چونکہ ہم صحیح معنی اور مراد کو متعین نہیں کر سکتے اس لیے ان کے متعلق توقف کیا
جائے اور دوسرے فریق کا خیال ہے کہ جب میدان وسیع ہے تو جتنے زیادہ سے زیادہ معانی کو ان الفاظ کے تحت لایا جا سکے وہ سب درست ہیں۔
باقی وہ گروہ جو ان الفاظ کو مہمل قرار دیتا ہے وہ سرتا پا غلط ہے اگر ایسا ہو تو نعوذ باللہ قرآن مجید کا ایک حصہ مہمل بیکار اور باطل ٹھیرایا جائے گا حالانکہ
بالبداہت باطل ہے۔ اب جو لوگ ان کے معانی بیان کرتے ہیں ان کے اقوال سن لیجئے۔ (۱) یہ وہ الفاظ ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے خاص
کر رکھا ہے اور کسی کو اس کی اطلاع نہیں دی علامہ قرطبی نے اس قول کو حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی و ابن مسعود رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب کیا ہے
اور علامہ شعبی اور سفیان ثوری اور ربیع بن خثیم اور ابو حاتم بن حبان نے اسی کو ترجیح دی ہے۔ (۲) یہ سورتوں کے نام ہیں عبدالرحمان بن زید
بن اسلم کا یہی خیال ہے علامہ زمخشری نے اس خیال کی تائید کرنے والوں کی ایک بہت بڑی جماعت کا پتہ دیا ہے (۳) مجاہد کا خیال ہے کہ سورتوں
کا افتتاح ان الفاظ سے کیا گیا ہے۔ (۴) ابو نجیح کا قول ہے کہ یہ الفاظ قرآن مجید کے اسماء ہیں۔ (۵) ابن عباس اور سالم بن عبداللہ کا خیال
ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء ہیں۔ (۶) علی بن ابی طلحہ کا قول ہے کہ یہ الفاظ قسم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ قسم کھائی ہے (۷) ابو صالح اور
مرہ ہمدانی کا قول ہے کہ یہ حروف اسماء الٰہی کے ابتدائی حروف ہیں جیسا کہ الف سے مراد اللہ لام سے مراد لطیف اور میم سے مراد مجید وغیرہ ہیں
(۸) ربیع بن انس اور ابو العالیہ کا قول ہے کہ یہ حروف کئی کئی معانی کے حامل ہیں اور وہ سارے ہی صحیح ہیں۔ (۹) ابو الحجاج مزی علامہ ابن تیمیہ
زمخشری۔ فراء اور مبرد کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ کو کفار کے سامنے بطور معارضہ پیش کیا ہے کہ یہی وہ حروف ہیں جن سے قرآن مجید
مرکب ہے اور انہی کو تم اپنی زبان میں استعمال کرتے ہو۔ اگر یہ خدا کا کلام تم نہیں مانتے تو انہیں مفرد الفاظ سے اس کتاب جیسی کوئی کتاب بنا لاؤ۔

(۱۰) یہ الفاظ جن سورتوں میں استعمال ہوئے ہیں ان میں قرآن کریم۔ کتاب مبین۔ اور آیات کا تذکرہ ہے۔ اور ان الفاظ سے بالکل متصل ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ الفاظ قرآن کی بلاغت اور فصاحت کو نمایاں کرنے کیلئے لائے گئے ہیں۔ کہ دیکھو ان مفرد حروف میں کوئی جاذبیت نہیں لیکن جب خدا تعالے نے ان کو کلام میں منظم کیا تو کیسی عجیب کلام مرکب ہوئی (۱۱) ان الفاظ کے مجموعہ میں بحساب عدد حروف اس امت کی مدت ہے زان بعد قیامت قائم ہو جائے گی۔ (۱۲) حروف مقطعات اسمار الٰہی کے اجزا ہیں ان کو جمع کرنے سے اسمار الٰہی کی ترکیب ہوتی ہے مثلاً ایک سورت میں الر دوسری میں حم تیسری میں ن ہے ان کے مجموعہ سے الرحمٰن مرکب ہو گیا۔ علیٰ ہذا القیاس تمام حروف کی ترکیب سے مختلف اسمار مرکب ہوتے ہیں۔

یہ خلاصہ ہے ان اقوال کا جو حروف مقطعات کے متعلق کہے گئے ہیں۔ انہی کی تفصیل سے مفسرین نے انیس اقوال درج کئے ہیں۔ اس کے بعد یہ چیز سمجھنے کے قابل ہے کہ حروف مقطعات کو عام طور پر لوگ "قطع" سے مستخرج سمجھتے ہیں اور مطلب یہ لیتے ہیں کہ چونکہ یہ حروف الگ الگ ہیں اس لئے ان کو مقطعات کہا گیا ہے حالانکہ یہ غلط ہے۔ ان الفاظ کو "مقطع" "ثوب مقطع" سے لیا گیا ہے جس کا معنی ہے "مختصر لباس" عام طور پر جو لباس رات کو پہنا جاتا ہے اسے "مقطع" کہا جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ حروف ایک پوری کلام کا اختصار ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی خیال ہے۔ آپ نے مختلف سورتوں میں جو ایک ہی قسم کے حروف مستعمل ہوئے ہیں ان کے معانی سورت کے مضمون کے لحاظ سے مختلف مرقوم کئے ہیں۔ بعض اور صحابہ اور تابعین سے بھی ان کے معانی منقول ہیں جن میں بظاہر بعض اقوال متعارض بھی معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان حروف میں تمام معانی کا احتمال ہے ہذا ما عندی واللہ ورسولہ اعلم۔

# فہرست سور القرآن بترتیب حروف تہجی

| نمبر شمار | نام سورۃ | نمبر سورۃ | نمبر شمار | نام سورۃ | نمبر سورۃ | نمبر شمار | نام سورۃ | نمبر سورۃ | نمبر شمار | نام سورۃ | نمبر سورۃ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ابراہیم | ۱۴ | ۳۰ | الحدید | ۵۷ | ۵۹ | الاعلیٰ | ۸۷ | ۸۷ | محمد | ۴۷ |
| ۲ | الاخلاص | ۱۱۲ | ۳۱ | الاحزاب | ۳۳ | ۶۰ | العلق | ۹۶ | ۸۸ | المدثر | ۷۴ |
| ۳ | اسراء | ۱۷ | ۳۲ | الحشر | ۵۹ | ۶۱ | عم | ۷۸ | ۸۹ | المرسلٰت | ۷۷ |
| ۴ | اعراف | ۷ | ۳۳ | الاحقاف | ۴۶ | ۶۲ | العنکبوت | ۲۹ | ۹۰ | مریم | ۱۹ |
| ۵ | آل عمران | ۳ | ۳۴ | حم السجدۃ | ۴۱ | ۶۳ | الغاشیۃ | ۸۸ | ۹۱ | المزمل | ۷۳ |
| ۶ | الم نشرح | ۹۴ | ۳۵ | الدخان | ۴۴ | ۶۴ | الفاتحۃ | ۱ | ۹۲ | المطففین | ۸۳ |
| ۷ | الم سجدۃ | ۳۲ | ۳۶ | الدھر | ۷۶ | ۶۵ | الفاطر | ۳۵ | ۹۳ | المعارج | ۷۰ |
| ۸ | الانشقاق | ۸۴ | ۳۷ | الذاریات | ۵۱ | ۶۶ | الفتح | ۴۸ | ۹۴ | الملک | ۶۷ |
| ۹ | الانعام | ۶ | ۳۸ | الرحمٰن | ۵۵ | ۶۷ | الفجر | ۸۹ | ۹۵ | الممتحنۃ | ۶۰ |
| ۱۰ | الانفال | ۸ | ۳۹ | الرعد | ۱۳ | ۶۸ | الفرقان | ۲۵ | ۹۶ | المؤمن | ۴۰ |
| ۱۱ | الانفطار | ۸۲ | ۴۰ | الروم | ۳۰ | ۶۹ | الفلق | ۱۱۳ | ۹۷ | المؤمنون | ۲۳ |
| ۱۲ | الانبیاء | ۲۱ | ۴۱ | الزخرف | ۴۳ | ۷۰ | الفیل | ۱۰۵ | ۹۸ | المنافقون | ۶۳ |
| ۱۳ | براءۃ۔ توبۃ | ۹ | ۴۲ | الزلزال | ۹۹ | ۷۱ | ق | ۵۰ | ۹۹ | ن | ۶۸ |
| ۱۴ | البروج | ۸۵ | ۴۳ | الزمر | ۳۹ | ۷۲ | القارعۃ | ۱۰۱ | ۱۰۰ | الناس | ۱۱۴ |
| ۱۵ | البقرۃ | ۲ | ۴۴ | سبا | ۳۴ | ۷۳ | القدر | ۹۷ | ۱۰۱ | النازعٰت | ۷۹ |
| ۱۶ | البلد | ۹۰ | ۴۵ | الشعراء | ۲۶ | ۷۴ | قریش | ۱۰۶ | ۱۰۲ | النجم | ۵۳ |
| ۱۷ | البیّنۃ | ۹۸ | ۴۶ | الشمس | ۹۱ | ۷۵ | القصص | ۲۸ | ۱۰۳ | النحل | ۱۶ |
| ۱۸ | التحریم | ۶۶ | ۴۷ | الشوریٰ | ۴۲ | ۷۶ | القمر | ۵۴ | ۱۰۴ | النساء | ۴ |
| ۱۹ | التغابن | ۶۴ | ۴۸ | ص | ۳۸ | ۷۷ | القیامۃ | ۷۵ | ۱۰۵ | النصر | ۱۱۰ |
| ۲۰ | التکاثر | ۱۰۲ | ۴۹ | الصافات | ۳۷ | ۷۸ | الکافرون | ۱۰۹ | ۱۰۶ | النمل | ۲۷ |
| ۲۱ | التکویر | ۸۱ | ۵۰ | الصف | ۶۱ | ۷۹ | الکہف | ۱۸ | ۱۰۷ | نوح | ۷۱ |
| ۲۲ | التین | ۹۵ | ۵۱ | الضحیٰ | ۹۳ | ۸۰ | الکوثر | ۱۰۸ | ۱۰۸ | نور | ۲۴ |
| ۲۳ | الجاثیۃ | ۴۵ | ۵۲ | الطارق | ۸۶ | ۸۱ | لقمان | ۳۱ | ۱۰۹ | ھمزۃ | ۱۰۴ |
| ۲۴ | الجمعۃ | ۶۲ | ۵۳ | الطلاق | ۶۵ | ۸۲ | اللیل | ۹۲ | ۱۱۰ | ھود | ۱۱ |
| ۲۵ | الجن | ۷۲ | ۵۴ | طٰہٰ | ۲۰ | ۸۳ | اللھب | ۱۱۱ | ۱۱۱ | الواقعۃ | ۵۶ |
| ۲۶ | الحاقۃ | ۶۹ | ۵۵ | الطور | ۵۲ | ۸۴ | المائدۃ | ۵ | ۱۱۲ | یٰس | ۳۶ |
| ۲۷ | الحج | ۲۲ | ۵۶ | العادیات | ۱۰۰ | ۸۵ | الماعون | ۱۰۷ | ۱۱۳ | یوسف | ۱۲ |
| ۲۸ | الحجر | ۱۵ | ۵۷ | العبس | ۸۰ | ۸۶ | المجادلۃ | ۵۸ | ۱۱۴ | یونس | ۱۰ |
| ۲۹ | الحجرات | ۴۹ | ۵۸ | العصر | ۱۰۳ | | | | | | |

# مرآۃ القرآن

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## الف (۱)

### اَبّ

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲۲ وَّفَاكِهَةً وَّأَبًّا | میوہ اور گھاس | ۳۱-۸۰ |

(ماترعہا البہائم)

خودرو چارہ، گھاس، توڑی ج اَبُّ خواہ خشک ہو یا تر انسان کے لئے میوہ اور جانور کے لئے اَبّ

### ابد

| | | |
|---|---|---|
| وَلَن يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا | کبھی | ۹۵-۲ |
| خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا | ہمیشہ | ۱۶۹-۴ |

(اَبَدَ - يَابِدُ - اُبُودًا) ٹھیرا اَبَدَهٗ - خَلَّدَهٗ - اَبَد (زمانہ) ج آباد - اُبُود - تَأَبَّدَ ابدی ہو گیا - ازلی - قدیم - اَلْاَبَدِيُّ جس کی انتہا نہ ہو - اَبِدٌ کا رد وہ مصیبت جس کا ہمیشہ ذکر ہو - ظرف زمان

### ابق

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ اِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ (ہرب) | بھاگا | ۱۴۰-۳۷ |

اَبَقَ (يَابِقُ) وَاَبِقَ يَابَقُ اِبَاقًا وَاَبْقًا وَاَبَقًا) العبدُ غلام اپنے مالک سے فرار ہوا (تَاَبَّقَ) وہ چھپ گیا یا اس نے انکار کیا اٰبِقٌ ج اُبَّق - اُبَّاق اُبُوق (ابریق ج اباریق درج برق)

### ابل

| | | |
|---|---|---|
| وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ | اونٹ سے دو جوڑے | ۱۴۴-۶ |
| يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ | اونٹ کی طرف دیکھتے ہیں | ۱۷-۸۸ |

| | | |
|---|---|---|
| طَيْرًا أَبَابِيلَ (واحد نہیں ہے) | اڑنے جانوروں کی ٹکڑیاں | ۳-۱۰۵ |

(اَبِلَ - يَابَلُ - اَبَالَةً وَاَبَلَ - يَاْبُلُ - اَبَالَةً) وہ اونٹوں کی سیاست میں ماہر ہوا ایسے آدمی کو کہتے ہیں اَبِلٌ - اٰبِل - اَبَّال - اَبِلَ اس کے اونٹ زیادہ ہو گئے اِبِل - اِبْل ج آبال اونٹ طَيْرًا اَبَابِيل - متتابعة مجتمعة اس کا واحد نہیں ہے پے در پے آئندہ - اس کا اطلاق پرندوں، گھوڑوں، اونٹوں کے لئے ہے

### اب

| | | |
|---|---|---|
| مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ | محمد کسی مرد کا باپ نہیں ہے۔ | [illegible] |
| إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا | اس کا باپ بوڑھا ہے۔ | [illegible] |
| فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي | میرے باپ کے منہ پر ڈال دو | [illegible] |
| وَاغْفِرْ لِأَبِي | اور بخش دے میرے باپ کو | [illegible] |
| قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ | اس کا باپ | [illegible] |
| يَا أَبَتِ إِنِّي | اے میرے باپ | [illegible] |
| يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ | اے میرے باپ | [illegible] |
| يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ | اے میرے باپ | [illegible] |
| وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا | ان دونوں کا باپ | [illegible] |
| وَأَبُونَا شَيْخٌ | ہمارا باپ | ۲۳-۲۸ |
| أَمَرَهُمْ أَبُوهُمْ | ان کے باپ نے حکم دیا | ۶۸-۱۲ |
| أَحَبُّ إِلَىٰ أَبِينَا | ہمارے باپ کو زیادہ پیارا ہے | [illegible] |
| وَجْهُ أَبِيكُمْ | تمہارے باپ کی توجہ | ۹-۱۲ |

اِلٰی اَبِیْہِمْ — ان کے باپ کی طرف — ۱۲-۶۳

عَنْہُ اَبَاہُ — (خواہش کریں گے) اسکے باپ سے — ۱۲-۶۱

اِنَّ اَبَانَا — ہمارا باپ — ۱۲-۸

اِنَّ اَبَاکُمْ — تمہارا باپ — ۱۲-۸۰

وَجَاءُوْا اَبَاھُمْ — آئے اپنے باپ کے پاس — ۱۲-۱۶

وَوَرِثَہٗ اَبَوَاہُ — اس کے ماں باپ وارث ہوں — ۴-۱۱

فَکَانَ اَبَوَاہُ مُؤْمِنَیْنِ — اس کے والدین مومن تھے — ۱۸-۸۰

عَلٰی اَبَوَیْکَ — باپ دادوں پر (تثنیہ) — ۱۲-۶

اٰوٰی اِلَیْہِ اَبَوَیْہِ — جگہ دی اپنے پاس اپنے ماں باپ کو — ۱۲-۹۹

وَلِاَبَوَیْہِ لِکُلِّ — اور واسطے اس کے ماں باپ کے — ۴-۱۰

اَخْرَجَ اَبَوَیْکُمْ — نکالا تمہارے ماں باپ کو — ۷-۲۷

اَشْرَکَ اٰبَاؤُنَا — ہمارے باپ دادوں نے شرک کیا — ۷-۱۴۳

اٰبَاءُکُمْ — تمہارے باپ — ۴-۱۰

کَمَا یَعْبُدُ اٰبَاؤُھُمْ — جیسے ان کے باپ پوجتے تھے — ۱۱-۱۰۹

مِلَّۃَ اٰبَائِیْ — میرے باپ دادوں کا مذہب — ۱۲-۳۸

وَاِلٰہَ اٰبَائِکَ — تیرے باپ دادا کا رب — ۲-۱۳۳

فِیْ اٰبَائِنَا الْاَوَّلِیْنَ — ہمارے باپ دادا پہلے — ۲۳-۲۴

اَوْ بُیُوْتِ اٰبَائِکُمْ — اپنے باپ کے گھر سے — ۲۴-۶۱

وَمِنْ اٰبَائِھِمْ — اپنے ماں باپ سے — ۶-۸۷

(اَبَا۔ یَاْبُو۔ اِبَاوَۃً وَاُبُوَّۃً وَاُبُوًّا) باپ ہوا۔ ابو ایوب شتر ابا الیتیم تیم پالا (ابو علی۔ ابو مالک) بھوک تَاَبَّیْ فُلَانًا۔ اس کو باپ بنالیا۔ اب ۔جَاءَ اَبُوْکَ رَءَیْتُ اَبَاکَ، مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ۔ برائے ندا یا ابی و یا ابت ج آباء۔ اَبُوْن۔ ابو المراۃ خاوند۔ ابو عون۔ نمک۔ ابو یحیی۔ ملک الموت۔ ابو الیقظان مرغ

## ابی

۱-۱ اَبٰی (امتنع) وَاسْتَکْبَرَ — اس نے نہ مانا اور تکبر کیا — ۲-۳۴

۱-۱ فَاَبٰی اَکْثَرُ النَّاسِ — انکار کیا زیادہ خلقت نے — ۱۷-۸۹

۱-۱ فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْھُمَا — انہوں نے نہ مانا کہ ان کو مہمان رکھیں — ۱۸-۷۷

۱-۱ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَھَا — کسی نے بھی اٹھانا قبول نہ کیا — ۳۳-۷۲

۱-۳ وَیَاْبَی اللّٰہُ اِلَّا اَنْ یُّتِمَّ — اور اللہ نہ رہیگا بدوں پورا کئے اپنے نور کو — ۹-۳۲

۱-۳ وَتَاْبٰی قُلُوْبُھُمْ — ان کے دل نہیں مانتے — ۹-۸

۱-۱۳ وَلَا یَاْبَ کَاتِبٌ (ی حذف) — اور لکھنے والا انکار نہ کرے — ۲-۲۸۲

۱-۱۳ وَلَا یَاْبَ الشُّھَدَاءُ (ی حذف) — اور گواہ انکار نہ کریں۔ — ۲-۲۸۲

(اَبٰی یَاْبٰی۔ اِبَاءً۔ اِبَاءَۃً وَتَاَبّٰی) انکار کیا، ناراض ہوا، برا جانا فا آب ج اُبُوْن رَجُلٌ یَاْبٰی اَنْ یُّضَامَ جو اپنے پر ظلم نہ ہونے دے

## اتی

۱-۱ اَتٰی اَمْرُ اللّٰہِ — آپہنچا حکم اللہ کا۔ — ۱۶-۱

۱-۱ وَھَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ مُوْسٰی — کیا پہنچی تم کو بات موسی کی — ۲۰-۹

۱-۱ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی (کان) — اور ساحر جہاں بھی ہوں خلاصی نہیں پاتے — ۲۰-۶۹

۱-۱ فَاَتَی (قصد) اللّٰہُ بُنْیَانَھُمْ — انکی عمارتوں پر اللہ تعالے کا حکم پہنچا — ۱۶-۲۶

۱-۱ اِذَا اَتَیَا اَھْلَ — جب پہونچے دونوں — ۱۸-۷۸

۱-۱ وَلَقَدْ اَتَوْا (مرّوا) عَلَی الْقَرْیَۃِ — گذرے ایک بستی سے — ۲۵-۴۰

۱-۱ یَفْرَحُوْنَ بِمَا اَتَوْا — اپنے کئے پر خوش ہوتے ہیں — ۳-۱۸۸

۱-۱ کُلٌّ اَتَوْہُ دَاخِرِیْنَ — سب چلے آویں اس کے پاس عاجز — ۲۷-۸۷

۱-۱ فَاَتَتْ بِہٖ قَوْمَھَا — پھر لائی اس کو اپنے قوم کے پاس — ۱۹-۲۷

۱-۱ اَتَتْکُمُ السَّاعَۃُ — آوے تم پر قیامت — ۶-۴۰

۱-۱ اَتَتْھُمْ رُسُلُھُمْ — پہونچے ان کے پاس — ۹-۷۰

۱-۱ فَاِنْ اَتَیْنَ بِفَاحِشَۃٍ — اگر وہ عورتیں بے حیائی کریں — ۴-۲۵

۱-۱ اَتَیْتَ الَّذِیْنَ ... بِکُلِّ اٰیَۃٍ — لائے تو ... ہر نشانی — ۲-۱۴۵

۱-۱ اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ — ہم آئے خوشی سے — ۴۱-۱۱

۲-۱ وَاٰتَی الْمَالَ — اور دیا مال — ۲-۱۷۷

۲-۱ وَاٰتٰہُ اللّٰہُ الْمُلْکَ — اور عطا کیا اس کو اللہ نے — ۲-۲۵۱

۲-۱ اٰتٰکُمْ — عطا کیا تم کو — ۲۷-۳۶

۲-۱ فَمَا اٰتٰنِیَ اللّٰہُ — سو جو اللہ نے مجھے دیا — ۲۷-۳۶

۲-۱ مَا اٰتَوْا وَقُلُوْبُھُمْ — جو کچھ دیتے ہیں اور ان کے دل — ۲۳-۶۰

۲-۱ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ — دی انہوں نے زکوٰۃ — ۲-۲۷۷

۲-۱ اٰتَتْ اُکُلَھَا — لایا وہ باغ اپنا پھل — ۲-۲۶۵

۲-۱ اٰتَتْ کُلَّ وَاحِدَۃٍ — اس عورت نے ہر ایک عورت کو دی — ۱۲-۳۱

۲-۱ اٰتَیْتَ فِرْعَوْنَ — دیا تو نے فرعون کو — ۱۰-۸۸

۲-۱ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْکِ — دی تو نے مجھے کچھ حکومت — ۱۲-۱۰۱

۲-۱ اٰتَیْتَھُنَّ کُلُّھُنَّ — جو دیا تو نے ان سب کو — ۳۳-۵۱

۲-۱ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا — بخشے تو چنگا بھلا — ۷-۸۹

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | اٰتیتم بالمعروف | جو دینا ٹھیرایا تھا موافق دستور کے | ۲۳۳-۲ |
| ۲-۱ | اٰتیتموھن | دیا ہوا عورتوں کو | ۲۲۹-۲ |
| ۲-۱ | فخذ ما اٰتیتک | سو لے جو میں نے تم کو دیا | ۱۴۴-۷ |
| ۲-۱ | لما اٰتیتکم من کتاب | جو کچھ میں نے تم کو دیا | ۸۱-۳ |
| ۲-۱ | ولقد اٰتینک | ہم نے تم کو دی ہیں | ۸۷-۱۵ |
| ۲-۱ | واٰتینٰھما الکتاب | ہم نے ان دونوں کو کتاب دی | ۱۱۷-۳۷ |
| ۲-۱ | واذ اٰتینا موسٰی | اور جب دی ہم نے | ۵۳-۲ |
| ۲-۲ | واُتوا بہ متشابھا | اور ان کو ایک صورت کے پھل | |
| | (جیئوا بالرزق) | دئے جاویں گے | ۲۵-۲ |
| ۲-۲ | اُوتی موسٰی | جو ملا موسےٰ کو | ۸۴-۲ |
| ۲-۲ | اُوتوا الکتٰب | اہل کتاب | ۱۴۵-۲ |
| ۲-۲ | واُوتیت من کل شیء | اس عورت کو ہر ایک چیز ملی ہے | ۲۳-۲۷ |
| ۲-۲ | اُوتیت سؤلک | ملا تجھ کو تیرا سوال | ۳۶-۲۰ |
| ۲-۲ | وما اُوتیتم من العلم الا قلیلا | اور تم کو تھوڑا علم دیا گیا ہے۔ | ۸۵-۱۷ |
| ۲-۲ | اُوتیتہ علی علم | یہ (مال) تو مجھے ایک ہنر سے ملا ہے | ۴۹-۳۹ |
| ۲-۲ | واُوتینا من کل شیء | اور دیا ہم کو ہر چیز میں سے | ۱۶-۲۷ |
| ۱-۳ | حتی یاتی اللہ بامرہ | بھیجے اللہ تعالےٰ حکم اپنا | ۱۰۹-۲ |
| ۱-۳ | یات بکم اللہ | لے آئے گا تم کو اللہ | ۱۴۸-۲ |
| ۱-۳ | یات (یصیر) بصیرا | چلا آوے آنکھوں سے دیکھتا ہوا | ۹۳-۱۲ |
| ۱-۳ | لا یاتیکما طعام | نہ آنے پائے گا تم کو کھانا | ۳۷-۱۲ |
| ۱-۳ | والذٰن یاتینھا منکم | وہ دو مرد جو کریں تم سے وہی بدکاری | ۱۶-۴ |
| ۱-۳ | وان یاتوکم اسٰری | آویں | ۸۵-۲ |
| ۱-۳ | یاتونی مسلمین | آویں وہ میرے پاس | ۳۸-۲۷ |
| ۱-۳ | او تاتینا اٰیۃ | یا آئے ہمارے پاس کوئی نشانی | ۱۱۸-۲ |
| ۱-۳ | تاتیھم رسلھم | آتے تھے تمہارے پاس | ۶-۶۴ |
| ۱-۳ | یاتینک سعیا | چلے آویں | ۲۶۰-۲ |
| ۱-۳ | یاتین الفاحشۃ (یفعلن) | کریں بے حیائی صریح | ۱۵-۴ |
| ۱-۳ | مھما تاتنا بہ | جو کچھ تو لائے گا۔ | ۱۳۲-۷ |
| ۱-۳ | بان تاتوا البیوت | کہ اپنے گھروں میں آؤ | ۱۸۹-۲ |
| ۱-۳ | تاتوننا عن | تم ہی آتے تھے ہم پر | ۲۸-۳۷ |
| ۱-۳ | افتاتون (تتبعونہ) السحر | کیوں پھنستے ہو اس کے جادو میں | ۳-۲۱ |
| ۱-۳ | نات بخیر منھا | پہنچا دیتے ہم اس سے بہتر | ۱۰۶-۲ |
| ۲-۳ | واللہ یؤتی (یعطی) ملکہ | اور اللہ دیتا ہے حکومت | ۲۴۷-۲ |
| ۲-۳ | یؤتکم خیرا | دے گا تم کو | ۷۰-۸ |
| ۲-۳ | ان یؤتین | یہ کہ دیوے مجھ کو | ۴۰-۱۸ |
| ۲-۳ | یؤتون ما اٰتوا | دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں | ۶۰-۲۳ |
| ۲-۳ | تؤتی الملک (تعطی) | تو سلطنت دیوے | ۲۶-۳ |
| ۲-۳ | حتی تؤتون موثقا | دو مجھ کو عہد | ۶۶-۱۲ |
| ۲-۳ | وتؤتوھا الفقراء | اور فقیروں کو پہنچاؤ | ۲۷۱-۲ |
| ۲-۳ | نؤتہ منھا | دیویں گے ہم اس کو | ۱۴۵-۳ |
| ۲-۳ | سنؤتیھم اجرا | جلدی دیویں گے ہم | ۱۶۲-۴ |
| ۲-۴ | حتی نؤتی مثل | دیا جاوے ہم کو | ۱۲۴-۶ |
| ۱-۵ | لم یاتوک | تجھ تک نہیں آئے | ۴۱-۵ |
| ۱-۶ | ولم یؤت سعۃ | اور اس کو نہیں ملی کشائش | ۲۴۷-۲ |
| ۱-۶ | وان لم تؤتوہ | نہ دیے جاؤ وہ | ۴۱-۵ |
| ۲-۶ | لم اُوت کتابیہ | نہ ملتا میرا لکھا | ۲۵-۶۹ |
| ۱-۹ | فاما یاتینکم | پھر اگر پہنچے تم کو | ۳۸-۲ |
| ۱-۹ | او لیاتینی | یا لاوے میرے پاس | ۲۱-۲۷ |
| ۱-۹ | لتاتینکم | البتہ آئے گی تم پر | ۳-۳۴ |
| ۱-۹ | لتاتننی بہ | البتہ پہنچا دو گے تم اسکو میرے پاس | ۶۶-۱۲ |
| ۱-۹ | ثم لاٰتینھم | پھر ان پر آوے گا | ۱۷-۷ |
| ۱-۹ | فلناتینک | سو ہم بھی لاویں گے تیرے مقابل ایسا | ۵۸-۲۰ |
| ۱-۱۰ | لاُوتین مالا | مجھ کو مل کر رہے گا مال | ۷۷-۱۹ |
| ۱-۱۱ | فات بھا من المغرب | اب تو لے آ اس کو مغرب سے | [illegible] |
| ۱-۱۱ | الی الھدی ائتنا | چلا آ ہمارے پاس | ۷۱-۶ |
| ۱-۹ | فلناتینھم | ہم پہنچتے ہیں ان پر | ۳۷-۲۷ |
| ۱-۱۱ | ان ائت القوم | جا قوم کے پاس | ۱۰-۲۶ |
| ۱-۱۱ | ائتیا طوعا او | آؤ تم دونوں خوشی سے | ۱۱-۴۱ |
| ۱-۱۱ | فاتیا فرعون | سو جاؤ دونوں فرعون کے پاس | ۱۶-۲۶ |
| ۱-۱۱ | فاتوا بسورۃ | تو لے آؤ ایک سورۃ اس جیسی | ۲۳-۲ |
| ۱-۱۱ | وقال فرعون ائتونی | لاؤ میرے پاس | ۷۹-۱۰ |
| ۱-۱۱ | ائتونی بکتاب | لاؤ میرے پاس کوئی کتاب | ۴-۴۶ |

۱-۱۱ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ لے آوے جو سنتا ہے ۳۸-۵۲
۱-۱۱ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اور آئے دوسری جماعت ۴-۱۰۲
۲-۱۲ رَبَّنَآ اٰتِنَا اے رب ہمارے دے ہم کو ۲-۲۰۰
۲-۱۱ اٰتُوا الزَّكٰوةَ دیا کرو زکوٰۃ ۲-۴۳
۲-۱۱ اٰتُوْهُنَّ (اعطوهن) دو ان عورتوں کو ۴-۲۵
۲-۱۱ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ دیتی رہو زکوٰۃ ۳۳-۳۳
۲-۳ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا اب لاؤں گا تمہارے پاس ۲۰-۱۰
۲-۳ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا اب لاؤں گا تمہارے پاس ۲۷-۷
۱-۱۵ تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ضرور آنے والا ہے ۶-۱۳۴
۲-۱۵ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ اور جو دینے والے ہیں زکوٰۃ کے ۴-۱۶۲
۱-۱۶ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا (اتیا) اس کے وعدہ پر پہونچنا ۱۹-۶۱
۲-۲۲ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ اور زکوٰۃ دینے سے ۲۴-۳۷
۲-۲۲ وَاِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى اور قرابت والوں کے دینے کا۔ ۱۶-۹۰

## اث

۱-۲۲ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا (مالا) اسباب اور استعمال کی چیزیں ۱۶-۸۰
۱-۲۲ اَثَاثًا وَّرِءْيًا سامان اور نمود میں ۱۹-۷۴

اَثَّ (یاَثُّ اَثًّا و اُثُوْثًا واَثَاثَۃً) النبات کھیتی زیادہ ہوئی اَثَّ الفراش بچھونا بچھایا۔ جب رخت خانہ سے مراد ہوگا، تو اس کا واحد نہ ہوگا، جب کل املاک کی طرف اشارہ ہو، تو واحد اثاثہ ہوگا۔ اثاث سے گھوڑے، بھیڑ بکری، اونٹ اور غلام بھی مراد لئے جاتے ہیں۔ اثاثت۔ زنان پر گوشت یا دراز قامت

## اثر

۱-۱ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا (هيجن) پھر اٹھانے والے اسمیں گرد ۱۰۰-۴
۲-۱ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا اور بہتر سمجھا دنیا کا جینا ۷۹-۳۸
۲-۱ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا (فضلك) پسند کر لیا تم کو اللہ نے ۱۲-۹۱
۲-۳ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اور مقدم رکھتے انکو اپنی جان سے ۵۹-۹
۲-۳ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا کوئی نہیں تم بڑھاتے ہو دنیا کے جینے کو ۸۷-۱۶
۲-۷ لَنْ نُّؤْثِرَكَ (نختارك) عَلٰى مَا ہم تمکو زیادہ نہ سمجھیں گے اس چیز سے ۲۰-۷۲
۲-۴ سِحْرٌ يُّؤْثَرُ (ينقل) یہ جادو چلا آتا ہے۔ ۷۴-۲۴
۱-۲۲ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ سجدہ کے اثر سے ۴۸-۲۹
۱-۲۲ مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ پاؤں کے نیچے سے اسکے بھیجے ہوئے سے ۲۰-۹۶
۱-۲۲ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وہ یہ آ رہے ہیں میرے پیچھے ۲۰-۸۴
عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا اپنے پیر پہچانتے ۱۸-۶۴
عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ان ہی کے قدموں پر عیسیٰ کو ۵-۴۶
بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ (ان کے پیچھے) ۱۸-۶
وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ (اچھی بری رسمیں) جو نشان ان کے پیچھے رہے ۳۶-۱۲
وَاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ اور نشانیوں میں جو چھوڑ گئے ہیں زمین پر ۴۰-۲۱
۱-۲۲ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ (بقیہ نقل) یا کوئی علم جو چلا آتا ہو ۴۶-۴

اَثَرَ (یاثُرُ اَثْرًا و اَثَارَۃً و اُثْرَۃً) الحدیث۔ نقل پس حدیث ماثور ہے اَثْرَہٗ۔ اکرمہ۔ اَثَرَہٗ ایثارا۔ اختیار کیا، بزرگی دی۔ اُثْر کسی چیز کی باقی رسم بات سنت۔ اجل ج اثار۔ اثور۔ اُثْر صحت کے بعد زخم کا نشان۔ اثیر یار خاص

## اثل

وَاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ شورگز۔ پھرواں۔ جھاؤ ۳۴-۱۶

اثل ج اثلات اثول اثال۔ اس کا واحد اثالۃ

## اثم

۳-۲۲ لَا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ گناہ میں ڈالنا ۵۲-۲۳
۳-۲۲ لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا (ما يؤثم به) بیہودہ اور گناہ کی بات ۵۶-۲۵
۱-۱۷ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ گنہگار سے ناشکرے سے ۲-۲۷۶
۱-۱۷ كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ج اثماء ہر گنہگار جھوٹے پر ۲۶-۲۲۲
۱-۱۷ خَوَّانًا اَثِيْمًا دغاباز۔ گنہگار ۴-۱۰۷
۱-۲۲ يَلْقَ اَثَامًا (عقوبة) جا پڑا وہ گناہ میں ۲۵-۶۸
۱-۱۵ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ج اثمۃ اس کا دل گنہگار ہے ۲-۲۸۳
۱-۱۵ تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا گنہگار ۷۶-۲۴
۱-۱۵ لَمِنَ الْاٰثِمِيْنَ البتہ گنہگاروں سے ہے ۵-۱۰۶
فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ گناہ اس کا ۲-۱۸۱
اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ (ما ينشأ عنهما من المفاسد) دونوں کا گناہ ۲-۲۱۹
بِاِثْمِيْ میرا گناہ ۵-۲۹
وَاِثْمِكَ اور تیرا گناہ ۵-۲۹
وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا اور گناہ ظاہر ۴-۲۰
فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ کچھ گناہ نہیں ہے۔ ۲-۱۷۳
بِالْاِثْمِ (بالمعصية) ساتھ گناہ کے ۲-

اَحَدُهُمَا اَبْكَمُ — دونوں میں سے ایک گونگا ہے — ۷۶-۱۶

مِنْ اَحَدِهِمَا — دونوں میں سے ایک — ۲۷-۵

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ — ایک ایک چاہتا ہے — ۹۶-۲

فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهُ — ہم تمام سے ایک کو پکڑ لے — ۷۸-۱۲

اَمَّا اَحَدُكُمَا — دونوں میں ایک — ۴۱-۱۲

اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ — کیا کسی ایک کو تم سے پسند آتا ہے — ۲۶۶-۲

اَخَذَ الْمُتَعَدِّدَ ایک بنا دیا۔ اَخَذَ الْعَدَدَ۔ ایک عدد زیادہ کر دیا۔ اِتَّحَدَ بِہٖ اِجْتَمَعَ۔ اتفاق کیا۔ اِسْتَاحَدَ۔ اکیلا ہوا۔ اَحَد۔ واحد۔ وحید۔ پہلا عدد مراحدی۔ احد الاحدین جس کا مثیل نہ ہو۔ احد ج آحاد۔ ہفتہ کا پہلا دن اُحُد۔ مدینہ شریف کے پاس ایک پہاڑ ہے، جہاں ۳ھ میں کفار سے لڑائی ہوئی،

## اخذ

۱-۱ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ — جب لیا اللہ نے — ۸۱-۳

۱-۱ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ — اٹھا لیا تختیوں کو — ۱۵۴-۷

۱-۱ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا — لیا (یعقوب نے) تم سے عہد اللہ کا — ۸۰-۱۲

۱-۱ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ — پکڑا اسے — ۲۵-۷۹

۱-۱ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ — پکڑا ان کو اللہ نے — ۱۱-۳

۱-۱ اَخَذَتِ الْاَرْضُ — پکڑی زمین نے — ۲۴-۱۰

۱-۱ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ — آمادہ کرے اس کو غرور — ۲۰۶-۲

۱-۱ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ — پس پکڑا ان کو زلزلہ نے — ۷۸-۷

۱-۱ فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ — آ لیا تم کو بجلی نے — ۵۵-۲

۱-۱ وَاَخَذْنَ مِنْكُمْ — لے چکیں وہ عورتیں تم سے — ۲۱-۴

۱-۱ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ — تم نے اس شرط پر میرا عہد قبول کیا — ۸۱-۳

۱-۱ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ — پکڑا میں نے ان لوگوں کو — ۲۶-۳۵

۱-۱ ثُمَّ اَخَذْتُهَا — میں نے پکڑا ان کو (بستیوں کو) — ۴۸-۲۲

۱-۱ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ — جب لیا ہم نے تمہارا اقرار — ۶۳-۲

۱-۱ اَخَذْنَا اَهْلَهَا (عاقبنا) — عذاب کیا۔ یا پکڑا — ۹۴-۷

۷-۱ اِتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا — رکھتا ہے اللہ اولاد — ۱۱۶-۲

۷-۱ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ — بنا لیتے تجھ کو — ۷۳-۱۷

۷-۱ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ — بنا لیا بچھڑے کو — ۱۵۲-۴

۷-۱ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ — پکڑ لیا اس عورت نے انکے درے — ۱۷-۱۹

۷-۱ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا — لے لیتا تو اس پر معاوضہ — ۷۷-۱۸

۷-۱ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا — ٹھہرالیا کوئی اور حاکم — ۲۹-۲۶

۷-۱ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ — پکڑ لیا تم نے بچھڑا (پوجنے کو) — ۵۱-۲

۷-۱ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ — کیا لے چکے ہو تم — ۸۰-۲

۷-۱ اِتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ — میں پکڑا ہوتا — ۲۷-۲۵

۷-۱ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا — اور اس کو ڈال رکھا تم نے پیٹھ پیچھے بھلا کر — ۹۲-۱۱

۷-۱ اِتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا — ہم نے انکو ٹھٹھے میں پکڑا تھا — ۶۳-۳۸

۲-۱ اُخِذَ مِنْكُمْ — لیا گیا تم سے — ۷۰-۸

۲-۱ اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا — پکڑے جائیں — ۶۱-۳۳

۳-۱ وَيَاْخُذُ (یقبل) الصَّدَقٰتِ — قبول کرتا ہے صدقات — ۱۰۴-۹

۳-۱ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ — لے رکھے اپنے بھائی کو — ۷۶-۱۲

۳-۱ فَيَاْخُذَكُمْ — پس پکڑ لے تم کو — ۶۴-۱۱

۳-۱ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ — لے لیتے ہیں اسباب — ۱۶۹-۷

۳-۱ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ — نہیں پکڑ سکتی اس کو — ۲۵۵-۲

۳-۱ تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ — جو ان کو آ پکڑے گی — ۴۹-۳۶

۳-۱ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ — لے لو تم جو دیا تم نے ان عورتوں کو — ۲۲۹-۲

۳-۱ لِتَاْخُذُوْهَا — تا کہ تم اس کو لے لو — ۱۵-۴۸

۳-۷ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ — جو بناتے ہیں سوائے اللہ کے — ۱۶۵-۲

۳-۷ اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا — ہم سے ہنسی کرتا ہے — ۶۷-۲

۳-۷ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا — بناتے ہو تم نرم زمین سے — ۷۴-۷

۳-۷ اَتَّخِذُ وَلِيًّا (ارعیں) — بناؤں اپنا مددگار — ۱۴-۶

۳-۷ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا — نہ پکڑتا میں — ۲۸-۲۵

۳-۷ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا — بنا لیں اس کو بیٹا — ۲۱-۱۲

۳-۴ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ — نہیں مواخذہ کرتا تم سے اللہ — ۲۲۵-۲

۳-۴ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا — اگر مواخذہ کرے۔ عذاب کرے — ۵۸-۱۸

۴-۱ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ — کیا ان سے عہد نہیں لیا گیا — ۱۶۹-۷

۴-۱ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ — پس پکڑا جاویگا پیشانی کے بال سے — ۴۱-۵۵

۴-۱ لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا — نہ لیا جاویگا — ۴۸-۲

۱۱-۱ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ — تو ان کو پکڑ — ۱۴۴-۷

۱۱-۱ فَخُذُوْهُ (فاقبلوه) — اس کو قبول کرلو — ۴۱-۵

۱۱-۱ فَخُذُوْهُمْ — پھر پکڑو ان کو — ۹۱-۴

۱۱-۱ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ — پکڑو جو دیا ہے ہم نے تم کو — ۹۳-۲

١-١١ وَلْيَاْخُذُوْا اَسْلِحَتَهُمْ پکڑیں اپنے ہتھیار ٤-١٠٢
٧-١١ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ پکڑلو جگہ ٢-١٢٥
٧-١١ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ پکڑ (مونث برائے نحل) ١٦-٦٨
١-١٣ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ نہ آوے تم کو ان پر ترس ٢٤-٢
١-١٣ فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ نہ لو اس سے ٤-٢٠
٧-١٣ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ نہ بناویں مومن ٣-٢٨
٧-١٣ لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً نہ بناؤ بھیدی ٣-١١٨
٤-١٣ لَا تُؤَاخِذْنِيْ نہ مواخذہ کر مجھ پر ١٨-٧٣
٤-١٣ لَا تُؤَاخِذْنَا نہ مواخذہ کر ہم پر ٢-٢٨٦
١-١٥ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اللہ کے ہاتھ میں اس کی چوٹی ١١-٥٦
١-١٥ اٰخِذِيْنَ مَا اٰتٰهُمْ لینے والے ہوں گے ٥١-١٦
١-١٥ لَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ تم اس کو کبھی نہ لو گے ٢-٢٦٧
٧-١٥ وَلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ اور نہ چھپی یاری کرنے والیاں ٤-٢٥
٧-١٥ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ پکڑنے والا گمراہوں کو ١٨-٥١
٧-١٥ وَلَا مُتَّخِذِيْ اَخْدَانٍ اور نہ چھپی آشنائی کرنے کو ٥-٥
٧-٩ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ میں البتہ لوں گا ٤-١١٨
(لَاَجْعَلَنَّ لِيْ)
٧-٩ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ بنائیں گے ہم ان پر ١٨-٢١
١-٢٢ اَخْذًا وَّبِيْلًا وبال کی پکڑ ٧٣-١٦
١-٢٢ وَاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا اور اس وجہ سے کہ سود لیتے تھے ٤-١٦١
١-٢٢ اَخْذَةً رَّابِيَةً پکڑنا سخت ٦٩-١٠
٧-٢٢ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ بہ بچھڑا بنا کر ٢-٥٤

اَخَذَ۔ يَاْخُذُ۔ اَخْذًا۔ لیا۔ اخذہ بذنبہ۔ عاقبہ۔ عذاب کیا اس کو
اخذ من شاربہ۔ قص۔ مونچھیں کتریں۔ اخذ کا دمؤاخذ کا) ملامت کی
اور جھڑکا۔ اخیذ۔ اسیر

## اخر

١-٣ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا ٧٥-١٣
١-٣ قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ،، ،، ،، ،، برائے نفس ٨٢-٥
١-٣ لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ تم نے مجھے کیوں مہلت نہ دی ٦٣-١٠
١-٣ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى اگر تو مجھے مہلت دے ١٧-٦٢
١-٣ لَوْلَا اَخَّرْتَنَا کیوں نہ مہلت دی تو نے ہم کو ٤-٧٧

١-٣ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ اگر ہم روک رکھیں ١١-٨
١-٥ وَمَنْ تَاَخَّرَ اور جو رہ گیا (منیٰ میں) ٢-٢٠٣
١-٥ وَمَا تَاَخَّرَ اور جو پیچھے رہے ٤٨-٢
٧-٣ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ اور ہرگز نہ ڈھیل دے گا اللہ ٦٣-١١
٣-٣ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ مہلت دیتا ہے ان کو ١٤-٤٢
٣-٣ وَمَا نُؤَخِّرُهٗ اور نہیں مہلت دیتے ہم اس کو ١١-١٠٤
١١-٣ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ نہ پیچھے سرک سکیں گے ٧-٣٤
١١-٣ لَا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ تم ایک گھڑی کی بھی دیر نہ کرو گے ٣٤-٣٠
٤-٣ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ اس کو ڈھیل نہ ہوگی ٧١-٤
١١-٣ رَبَّنَا اَخِّرْنَا اِلٰى ہم کو مہلت دے ١٤-٤٤
١١-١٥ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ جان رکھا پیچھے رہنے والوں کو ١٥-٢٤
١-١٥ وَاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖ کچھ اور ٣٨-٥٨
١-١٥ اِلٰهًا اٰخَرَ دوسرے کی بندگی ١٥-٩٦
١-١٥ وَقَالَ الْاٰخَرُ دوسرے نے کہا ١٢-٣٦
١-١٥ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ یا ٢ اور شخص ہوں ٥-١٠٦
١-١٥ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ اور لوگوں نے ٢٥-٤
١-١٥ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ ایک اور قوم کو ٤-٩١
١-١٥ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى دوسری جماعت آوے ٤-١٠٢
١-١٥ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ (وراءکم) تمہارے پیچھے سے بلاتیں ٣-١٥٣
١-١٥ تَارَةً اُخْرٰى ایک دفعہ اور ٢٠-٥٥
وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ اور دوسری ملتی جلتی ٣-٧
مِنْ اَيَّامٍ اُخَرَ دوسرے دنوں سے ٢-١٨٤
وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اور تمام ان کی دعا ١٠-١٠
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ [illegible] ٥٧-٣
وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قیامت ٢-٨
بِالْاٰخِرَةِ قیامت ٢-٤
لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ پچھلوں میں ٢٦-٨٤
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ پچھلوں سے ٥٦-٤٠
الدَّارَ الْاٰخِرَةَ قیامت ٢٨-٧٧

اَخَّرَ تَاْخِيْرًا ضد رقَدَّمَ۔ تَاَخَّرَ ضد تَقَدَّمَ۔ اٰخَرُ دوسرا۔ اٰخَرُوْنَ جمع
اُخْرٰى واُخْرَاةٌ ج اُخَرُ واُخْرَيَاتٌ۔ اٰخِرُ بمعنی موخر۔ اٰخِرَہ یعنی اخیر

اٰخِر ضد اول ج آخرون ۔ مؤ اُخریٰ ج اُخریات ۔ اخرہ ۔ اخریٰ البقا

## اخ

| | | |
|---|---|---|
| وَلَہٗ اَخٌ | بھائی | ۱۱-۴ |
| فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّہٗ | اس کے بھائی نے | ۷۷-۱۲ |
| وَاذْکُرْ اَخَا عَادٍ | عاد کا بھائی | ۲۱-۴۶ |
| اِخْوَۃُ یُوْسُفَ | یوسف کے بھائی | ۵۸-۱۲ |
| عَلٰٓی اِخْوَتِکَ | اپنے بھائیوں پر | ۵-۱۲ |
| اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ | مومن بھائی ہیں | ۱۰-۴۹ |
| وَاِخْوَانُ لُوْطٍ | لوط کے بھائی | ۱۳-۵۰ |
| وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ | ہمارے بھائی | ۱۰-۵۹ |
| اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ | شیطان کے بھائی | ۲۷-۱۷ |
| لَیُوْسُفُ وَاَخُوْہُ | یوسف اور اس کا بھائی | ۸-۱۲ |
| اِنِّیْٓ اَنَا اَخُوْکَ | میں تیرا بھائی ہوں | ۶۹-۱۲ |
| عُفِیَ لَہٗ مِنْ اَخِیْہِ | اس کے بھائی سے | ۱۷۸-۲ |
| عَضُدَکَ بِاَخِیْکَ | اپنے بھائی کے ساتھ | ۳۵-۲۸ |
| اٰوٰٓی اِلَیْہِ اَخَاہُ | اپنے بھائی کو جگہ دی | ۶۹-۱۲ |
| اِذْ قَالَ لَہُمْ اَخُوْہُمْ | جب ان کے بھائی نے کہا | ۱۰۶-۲۶ |
| وَاِلٰی عَادٍ اَخَاہُمْ | عاد کا بھائی | ۶۴-۷ |
| بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ | دو بھائیوں میں | ۱۰-۴۹ |
| وَاِخْوَانُہُمْ یَمُدُّوْنَہُمْ | اور ان کے بھائی | ۲۰۲-۷ |
| اِنَّ ھٰذَآ اَخِیْ | میرا بھائی | ۲۳-۳۸ |
| اَوْ اُخْتٌ | یا بہن | ۱۱-۴ |
| وَبَنٰتُ الْاُخْتِ | ہمشیرہ کی لڑکیاں | ۲۳-۴ |
| تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ | دو ہمشیرگاں ایک نکاح میں | ۲۳-۴ |
| اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُکَ | تیری ہمشیرہ | ۴۰-۲۰ |
| وَقَالَتْ لِاُخْتِہٖ | موسےٰ کی ہمشیرہ کو اس عورت نے کہا | ۱۱-۲۸ |
| اِلَّا ہِیَ اَکْبَرُ مِنْ اُخْتِہَا | پہلی سے دوسری بڑی | ۴۸-۴۳ |
| کُلَّمَا دَخَلَتْ ..... اُخْتَہَا | دوسری امت کو | ۳۸-۷ |
| وَاَخَوٰتُکُمْ مِّنَ الرَّضَاعَۃِ | دودھ کی ہمشیرہ | ۲۳-۴ |
| اَوْ بَنِیْٓ اَخَوٰتِہِنَّ | بہنوں کے بیٹے | ۳۱-۲۴ |

اٰخار (یا اَخُو، اَخُوَّۃً) اس کا بھائی یا دوست ہو گیا ۔ تاٰخی اسے بھائی کر کے بلایا ۔ تآخیا ۔ دونوں آپس میں بھائی بھائی بن گئے ۔ مواخاۃ ۔ بھائی چارہ ۔ اَخ ۔ اَخ اخو ۔ اَخُوْ ج ۔ اُخوہ ۔ اِخْوان ۔ اُخُوْن ۔ آخاء ۔ اخت ۔ ج ۔ اخوات

## اِدّ

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱-۲۲ شَیْئًا اِدًّا (منکرا) | بھاری چیز | ۸۹-۱۹ |

اَدَّہٗ (یَئُدُّ ۔ اِدًّا) الویل ۔ دھاء ۔ اَدَّ الْاَمْرُ ۔ کام مشکل ہو گیا ۔ ادا الامر اثقلہ وعظم علیہ ۔ اِدّ ۔ اِدّۃ ج ۔ اداد ۔ ادد الامر الفظیع الداھیۃ

## ادم

| | | |
|---|---|---|
| وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ | سکھائے آدم کو نام | ۳۱-۲ |

آدم ابو البشر ۔ مگر اطلاق افراد جنس پر ہے ج اوادم ۔ آدمی ۔ اسی سے مشتق ہے ادم (یادم ۔ ادما) ادم یادم ۔ ادمۃ) گندم گوں ہوا ۔ آدم ۔ پیشوائے قوم ج اوادم ۔ اَدَمَ (آیین اما) صلح کرائی ۔ ادیم رنگا ہوا چمڑا ۔ ادیم السماء ظاہر آسمان ۔ ادیم الارض ۔ روئے زمین ۔ ادیم النہار روشنی دن ابن آدم

## ادی

| | | |
|---|---|---|
| ۳-۳ یُؤَدِّہٖٓ اِلَیْکَ | ادا کر دویں | ۷۵-۳ |
| ۳-۳ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ | ادا کرو تم امانتوں کو | ۵۸-۴ |
| ۳-۱۱ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰہِ | اللہ کے بندے میرے حوالہ کرو | ۱۸-۴۴ |
| ۳-۱۱ فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ | پورا ادا کرے | ۲۸۳-۲ |
| ۱-۲۲ وَاَدَآءٌ اِلَیْہِ بِاِحْسَانٍ | ادا کرنا چاہیے | ۱۷۸-۲ |

اَدّٰی (یادی ۔ ادیا وادی ۔ تادیہ) الشئ اوصلہ ۔ قضاہ ۔ اداء ایضا (اذ ۔ اِذا ۔ اذًا ۔ دیکھو بحث حرف)۔

## اذن

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ (امر) اللّٰہُ | حکم دیا اللہ نے | ۳۶-۲۴ |
| ۲-۱ اَذِنَ (امر) لَکُمْ | حکم دیا | ۵۹-۱۰ |
| ۱-۱ وَاَذِنَتْ (سمعت واطاعت) لِرَبِّہَا فی الانشقاق | اور سنے | ۲-۸۴ |
| ۱-۱ لِمَ اَذِنْتَ لَہُمْ | کیوں اجازت دی تو نے (رخصت) | ۴۳-۹ |
| ۴-۱ فَقُلْ اٰذَنْتُکُمْ (اعلمتکم) | خبر دی میں نے تم کو | ۱۰۹-۲۱ |
| ۴-۱ قَالُوْٓا اٰذَنّٰکَ (اعلمناک) | تم کو کہہ سنایا ہے ۔ | ۴۷-۴۱ |
| ۳-۱ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ | پکاریگا ایک پکارنے والا | ۴۴-۷ |
| ۱۱-۱ اسْتَاْذَنَکَ اُولُوا الطَّوْلِ | رخصت مانگتے ہیں امیر لوگ | ۸۶-۹ |
| ۱۱-۱ اِسْتَاْذَنُوْکَ لِلْخُرُوْجِ | اجازت چاہیں تجھ سے | ۸۳-۹ |

ا-۲ اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ — حکم دیا گیا — ۲۲-۳۹

ا-۳ حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْٓ اَبِیْٓ — حکم دے مجھے میرا باپ — ۱۲-۸۰

ا-۳ اَنْ یَّاْذَنَ اللّٰہُ — حکم دے اللہ — ۵۳-۲۶

ا-۳ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَکُمْ — میں حکم دوں — ۲۶-۴۹

۱۱-۳ لَا یَسْتَاْذِنُکَ الَّذِیْنَ — نہیں رخصت طلب کرتے — ۹-۴۴

۱۱-۳ حَتّٰی یَسْتَاْذِنُوْہُ — آپ سے اجازت نہ لیں — ۲۴-۶۲

۱۱-۳ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَاْذِنُوْنَکَ — جو آپ سے اجازت لیتے ہیں — ۲۴-۶۲

۴-ا یُؤْذَنُ لَھُمْ — تاکہ ان کو رخصت مل جاوے — ۹-۹۰

۴-ا لَا یُؤْذَنُ — نہ ان کو حکم ہوگا — ۱۶-۸۴

۴-ا حَتّٰی یُؤْذَنَ لَکُمْ — اجازت ملے — ۲۴-۲۸

۱۱-ا فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْھُمْ — اجازت دے — ۲۴-۶۲

۱۱-ا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ — پس تیار ہو جاؤ — ۲-۲۷۹

۱۱-ا یَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّیْ — مجھے آپ رخصت دیدیں — ۹-۴۹

۱۱-۳ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ — اور پکار دے لوگوں میں — ۲۲-۲۷

۱۱-۱۱ لِیَسْتَاْذِنْکُمُ الَّذِیْنَ — اجازت طلب کریں — ۲۴-۵۸

۲۲-ا وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ (اعلان) — اور سنا دینا ہے — ۹-۳

۱۵-۳ مُؤَذِّنٌۢ بَیْنَھُمْ — پکارنے والے نے — ۷-۴۴

ھُوَ اُذُنٌ (مستمع) — سن کر سب کچھ قبول کر لیتا ہے — ۹-۶۱

وَتَعِیَھَآ اُذُنٌ وَّاعِیَۃٌ — یاد رکھے کان — ۶۹-۱۲

بِاِذْنِ اللّٰہِ (بارادتہ) — اجازت سے — ۲-۹۷

تَبِعَهٗ (يَتْبَعُ تبعًا وتباعًا وتباعةً واتّبعه) اس کے پیچھے چلا یا اس کے ساتھ گیا۔ اس کا مطیع ہوا تھا۔ تَبَعٌ واحد اور جمع دونوں کے لئے ج اتباع۔ فا۔ تابِعٌ ج تَبَعٌ و تَبَعَةٌ و توابِع و تُبّاع۔ تابِع نوکر، خادم مر تابعۃ۔ اَتْبَعَهٗ۔ لحقہ۔ تِبْع۔ عاشق۔ تُبَّع ج تبابعۃ لقب شاہان یمن۔ تَبِيع ج تِباع۔ تبائع۔ مددگار۔ تابعی، وہ شخص جس نے صحابی کی زیارت کی ہو۔

## تجر

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ اور تجارت ۹-۲۴
عَلٰى تِجَارَةٍ ایک بیوپار پر ۶۱-۱۰
فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ پس فائدہ مند ہوئی ان کی سوداگری ۲-۱۶
وَمِنَ التِّجَارَةِ اور سوداگری سے ۶۲-۱۱

تَجَرَ (يَتْجُرُ تَجْرًا وتِجَارَةً وتاجر واتّجر واتّجر) بضاعۃ تاجرۃ بازار میں مانگ ہے۔ سوداگری کی۔ فا۔ تاجر ج تِجار۔ تُجّار۔ تَجْر

## تحت

تَحْتَ الشَّجَرَةِ درخت کے نیچے ۴۸-۱۸
تَحْتَ عَبْدَيْنِ ہمارے دو بندوں کے گھر ۶۶-۱۰
تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا اس دیوار کے نیچے ایک خزانہ دونوں کا ۱۸-۸۲

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ان باغوں کے نیچے نہریں ۲-۲۵
تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ ان کے نیچے نہریں ۹-۱۰۰
تَحْتَكِ سَرِيًّا تیرے نیچے چشمہ ۱۹-۲۴
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ چل رہی ہیں میرے محل کے نیچے ۴۳-۵۱
تحت ضد فوق ج تُحوت اور تُحوت کمینہ لوگوں کو کہتے ہیں۔

## ترب

عَلَيْهِ تُرَابٌ اس پر مٹی ہو ۲-۲۶۴
خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ پیدا کیا اس کو مٹی سے ۳-۵۹
ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا کیا جب ہم مٹی ہو گئے ۱۳-۵
ذَا مَتْرَبَةٍ خاک میں رل گیا ۹۰-۱۶
قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ نیچے نظر کرنے والیاں ہم عمر ۳۸-۵۲
عُرُبًا اَتْرَابًا پیار دلانے والیاں ہم عمر ۵۶-۳۷
(مستویات فی السن)
وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا اور نوجوان عورتیں ایک عمر کی ۷۸-۳۳
(علی سن واحد)
بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ پیٹھ کے بیچ سے اور سینہ کے بیچ سے ۸۶-۷
(عظام الصدر)

(۱) تَرِبَ (يَتْرَبُ تَرَبًا) المكانُ۔ کثر ترابه۔ تَرِبَ الشيءُ۔ وہ گردآلود ہوئی (۲) تَرِبَ (يَتْرَبُ تَرَبًا و مَتْرَبًا) الرجلُ آدمی اتنا غریب ہوا کہ گویا مٹی سے مل گیا۔ فا۔ تَرِبٌ۔ تُرُوب ج تِراب۔ تَرَّبَ۔ اَتْرَبَ، مال اتنا زیادہ ہوا جیسے کہ مٹی کا ڈھیر۔ تَرَّبَ الشيءَ چیز پر مٹی ڈالی تاریبه۔ کان تِرْبَه ج اَتْراب۔ صد لیقہ اور ہم عمر عورت کے لئے۔ ہم زاد و ہم سن۔ تُراب ج اَتْرِبة۔ مَتْرَبة۔ فاقہ، فقر [illegible] ج تُرْب۔ تِرَب۔ فقیر تَرِبٌ بعد ان اَتْرَب [illegible] اب فقیر ہو گیا تَرِيبَه ج تَرائِب۔ سینہ کی ہڈیاں

## ترف

۱-۲ وَاَتْرَفْنٰهُمْ (انعمناهم) اور ہم نے ان کو آرام دیا تھا ۲۳-۳۳
۲-۲ مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ (نعموا) عیش دئیے گئے اس میں ۱۱-۱۱۶
۲-۲ اُتْرِفْتُمْ (نعمتم) عیش دئے گئے تم ۲۱-۱۳
۱۶-۲ قَالَ مُتْرَفُوْهَا کہا ان کے آسودہ لوگوں نے ۴۳-۲۳
۱۶-۲ اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا (امرنا مترفيها) بھیج حکم بھیجا عیش کرنے والوں کو ۱۷-۱۶

## تنر

وَفَارَ التَّنُّورُ ج تنانیر جوش مارا تنور نے ۱۱-۴۰
تنّار۔ تنور بنانے والا۔ بَنَاتُ التَّنَانِیرِ تنور کی روٹیاں تنور کو بھی کہتے ہیں

## توب

۱-۱ لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ (ادام تَوبَتہٗ) اللہ مہربان ہوا ۹-۱۱۷
۱-۱ فَتَابَ عَلَیْهِ (قبل توبه) پھر متوجہ ہوا اللہ اس پر ۲-۳۷
۱-۱ ثُمَّ تَابَ (رجع) پھر گناہ سے پھرا ۶-۵۴
۱-۱ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا پھر اگر دونوں توبہ کریں ۴-۱۶
۱-۱ تَابُوا وَاَصْلَحُوا (رجعوا عَنْ ذٰلِكَ) گناہ سے پھرے اور درستی کی ۲-۱۶۰
۱-۱ وَاِنْ تُبْتُمْ (رجعتم) اگر تم نے توبہ کی ۲-۲۷۹
۱-۱ تُبْتُ الْاٰنَ بیشک اب توبہ کر دی ہے ۴-۱۸
۱-۱ تُبْتُ اِلَیْكَ میں نے توبہ کر لی تیری طرف ۴۶-۱۵
۳-۱ یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ اللہ انپر معافی دیتا ہے ۴-۱۶
۳-۱ یَتُوبُوْنَ گناہ سے پھرتے ۵-۷۴
۳-۱ لِیَتُوْبُوْا تاکہ توبہ کریں ۹-۱۱۸
۳-۱ اِنْ تَتُوْبَا اِلَی اللّٰهِ اگر دونوں توبہ کرو ۶۶-۴
۳-۱ اَتُوْبُ عَلَیْهِمْ (اقبل توبتهم) انکی توبہ قبول کرونگا ۲-۱۶۰
۵-۱ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ اور گناہ سے پھرے ۴۹-۱۱
۱۱-۱ وَتُبْ عَلَیْنَا اور ہم کو معاف کر ۲-۱۲۸
۱۱-۱ فَتُوْبُوْا اِلٰی بَارِئِكُمْ توبہ کرو پیدا کرنے والے پروردگار کی طرف ۲-۵۴
۱۵-۱ اَلتَّائِبُوْنَ اور توبہ کرنے والے ہیں ۹-۱۱۲
۱۵-۱ تٰٓئِبٰتٍ توبہ کرنے والیاں ۶۶-۵
۱۹-۱ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان ۲-۳۷
۱۹-۱ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا بیشک وہ ہے معاف کرنیوالا ۱۱۰-۳
۱۹-۱ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ دوست رکھتا ہے توبہ کرنیوالوں کو ۲-۲۲۲
۲۲-۱ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ گناہ بخشوانے سے اللہ سے ۴-۹۲
۲۲-۱ لَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ انکی کبھی بھی توبہ قبول نہ ہوگی ۳-۹۰
قَابِلِ التَّوْبِ توبہ قبول فرمانے والا ۴۰-۳
۲۲-۱ وَاِلَیْهِ مَتَابِ اور اسی کی طرف آتا ہوں رجوع کرکے ۱۳-۳۰
۲۲-۱ اِلَی اللّٰهِ مَتَابًا پھر آنے کی جگہ ۲۵-۷۱
اَنْ یَّاْتِیَكُمُ التَّابُوْتُ یہ کہ آوے تمہارے پاس صندوق ۲-۲۴۸
(بموجب خیال صاحب صراح)

تاب (یَتُوبُ تَوْبًا وَتَوْبَةً وَتَابَةً وَمَتَابًا وَتَتُوْبَةً) الی اللہ گناہ چھوڑ کر خدا کی طرف رجوع کیا اور شرمندہ ہوا، فَاَنَا تَائِبٌ ج تَوَّاب
تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ۔ بخشا اس کو اور رحمت کے ساتھ پھرا۔

## التورٰۃ

التورٰۃ ج توراۃ۔ توریات۔ موسیٰ علیہ السلام کی الہامی کتاب، جو کہ در اصل آج کل ناپید ہے، اس کے جعلی نسخے اصلیت سے مسخ ہوکر رہ گئے ہیں۔ یشترون به ثمنا قلیلا۔ ۵ نسخے اسفار موسیٰ کے نام سے بک رہے ہیں۔

## تور

۲۲-۱ تَارَةً اُخْرٰی (مرّةً اخری) دوسری بار ۱۷-۶۹
تَار (یَتُوْرُ تَوْرًا) الماء پانی جاری ہوا۔ تَارَہٗ اَعَادَهٗ بَعْدَ مَرَّةٍ۔ دہرایا اس کو

## تین

وَالتِّیْنِ قسم ہے انجیر کی ۹۵-۱
تین۔ واحد تینۃ ہے اور متانۃ اس جگہ کو کہتے ہیں، جہاں انجیر بہت ہو۔

## تیہ

یَتِیْهُوْنَ (یتحیرون) مارے مارے پھرینگے زمین میں ۵-۲۶
تَاهَ (یَتِیْهُ تَیْهًا وَتَیَهَانًا) حیران ہوکر بھٹکتا رہا، اور بھول گیا، فَا تَائِهٌ۔ تَیْهَانُ۔ تَیَّاهٌ۔ تَیْهَانُ بتکبر۔ ارض تَیْهَاءُ وہ زمین جس میں نشان راہ نہ ہوں، اور اکثر لوگ بھول جایا کریں

# ث (۵۰۰)

## ثبت

۳-۳ وَلَوْلَا اَنْ ثَبَّتْنٰكَ اور اگر ہم تم کو سنبھالے نہ رکھتے ۱۷-۷۴
۳-۳ یُثَبِّتُ اللّٰهُ مضبوط کرتا ہے اللہ ۱۴-۲۷
۳-۳ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ اور جمادے اس سے تمہارے قدم ۸-۱۱
۳-۳ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ جس سے تسلی دیں ہم تیرے دل کو ۱۱-۱۲۰
(نطمئن)

۳-۲ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ — تاکہ ثابت رکھیں ہم اس سے تیرا — ۲۵-۳۲
(نقوی بہ) — دل

۲-۳ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ — اور باقی رکھتا ہے — ۱۳-۳۹

۲-۳ لِيُثْبِتُوكَ (یحبسوک) — تاکہ تجھے قید کریں — ۸-۳۰

۱-۱۱ فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ — پس ثابت قدم رہو — ۸-۴۵

۳-۱۱ وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا — اور جمائے رکھ ہمارے پاؤں — ۲-۲۵۰

۳-۱۱ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ (بالاعانۃ) — تم مسلمانوں کے دل ثابت رکھو — ۸-۱۲

۳-۲۲ وَتَثْبِيْتًا (تحقیقا للثواب) — اور اپنے دل خوب صاف کر — ۲-۲۶۵

۳-۲۲ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا — اور زیادہ ثابت رکھنے والا دین میں — ۴-۶۶
(تحقیق الایمانھم)

۱-۲۲ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا (استقامت علیہا) — بعد اسکے ظاہر ہونیکے — ۱۶-۹۴

فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ — پس نکلو جدی جدی فوج ہوکر — ۴-۷۱

بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ — بات مضبوط کے ساتھ — ۱۴-۲۷

اَصْلُهَا ثَابِتٌ — اسکی جڑ مضبوط ہے — ۱۴-۲۴

(۱) ثَبَتَ (يَثْبُتُ ثَبَاتًا وَثُبُوْتًا) رہا۔ قرار پکڑا۔ ثَبَتَ عَلَى الْاَمْرِ کام کو ہمیشہ کیا۔ فا۔ ثَابِتٌ۔ ثَبِيْتٌ و ثَبْتٌ۔ ثَبَتَ الْاَمْرُ عِنْدَهٗ بات کی تحقیق ہوئی (۲) ثَبُتَ (يَثْبُتُ ثَبَاتَةً وَثُبُوْتَةً) وہ ثبیت اور شجاع ہوا۔ ثَبَّتَ الحق۔ اکّدہ بالبینۃ۔ اثبات۔ ایجاب ضد السلب۔ ثوابت۔ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے ثَبْتٌ مرد ثقہ ج اثبات۔ مردوالا و مثبت اور منفی۔

## ثبر

۱-۲۲ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا — ہلاکت کو پکاریں گے (موت) — ۲۵-۱۳
(ھلاکا)

۱-۱۷ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا (ھالکا) — اے فرعون تو غارت ہوا چاہتا ہے — ۱۷-۱۰۲

(۱) ثَبَرَهٗ (يَثْبُرُ ثَبْرًا) اس پر لعنت کی۔ ہانک دیا۔ ہلاک کیا (۲) ثَبَرَ (يَثْبُرُ ثُبُوْرًا) ہلاک ہوا (۳) ثَبِرَتْ (تَثْبَرُ ثَبْرًا) القرحۃ۔ زخم کھل گیا اور جو کچھ اس میں تھا بہہ نکلا۔

## ثبط

۳-۱ فَثَبَّطَهُمْ — سو روک دیا ان کو — ۹-۴۶

ثَبَطَهٗ (يَثْبُطُ ثَبْطًا۔ ثَبَّطَهٗ) عن الامر۔ اس کو روکا ٹھیرایا۔ اَثْبَطَهُ المرض۔ ایسی مرض نے آدبوچا جس سے خلاصی نہ پا سکا۔ ثَبِطٌ ضعیف احمق ج اَثْبَاط

## ثجج

۱-۱۷ مَآءً ثَجَّاجًا (صبابا) — پانی کا ریلا — ۷۸-۱۴

ثَجَّ (يَثُجُّ ثُجُوْجًا) الماءُ۔ پانی بہنے لگا ثَجَّ (يَثُجُّ ثَجًّا) الماءَ پانی بہایا، ثجیج۔ سیلاب مِثَجٌّ۔ بڑی فصاحت والا کلام جس میں بڑی روانی ہو، پانی کی طرح

## ثخن

۲-۱ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ — جب خوب قتل کرلو انکو — ۴۷-۴
(اکثرتم فیہم القتل)

۲-۳ حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ — جب تک خوب خون ریزی نہ کرے ملک میں — ۸-۶۷
(یبالغ فی قتل الکفار)

ثَخُنَ (يَثْخُنُ ثِخَنًا وَثَخَانَةً وَثُخُوْنَةً) گاہڑا اور سخت ہوا۔ اَثْخَنَ فِي الْعَدُوِّ۔ دشمن کے ساتھ زیادتی کی، اور سختی کے ساتھ ان کو قتل کیا اَثْخَنَ فِي الْاَرْضِ۔ اكثر القتل فيها۔ ثَخِيْنٌ ج ثُخَنَاءُ۔ مرد باحیا

## ثرب

۳-۲۲ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ (عتب) — تم پر الزام نہیں — ۱۲-۹۲

يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ — اے یثرب والو — ۳۳-۱۳

ثَرَبَ (يَثْرِبُ ثَرْبًا وَثَرَّبَ وَاَثْرَبَ) ملامت کی اس کے کام میں قباحت نکالی، گناہ پر بازپرس کی۔ فا۔ اَثْرَبُ ... ثَرِبَاءُ، ملامت کرنے والا،

زمانہ جاہلیت میں مدینہ شریف کا نام یثرب تھا۔ اس کا نام یثرب بوجہ گندی آب ہوا۔ اور برے پانی کے تھا۔ کیونکہ جو آدمی وہاں جاتا بیمار ہوجاتا تا جب رسول اللہؐ مدینہ شریف میں گئے تو صحابہ کرام بھی بیمار ہوئے ان کو پانی لاگ ہوگیا۔ پھر نبیؐ نے دعا کی کہ یا اللہ ... سے اسے دگنی برکت دے۔ اور یہاں امن قائم کر۔ تاریخ شاہد ہے کہ ۱۳۰۰ سو برس گذرنے ہیں طاعون ہیضہ یا دوسری بیماری دوبارہ نہیں پڑی۔ یہ برکت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا مبارک کی۔

## ثری

وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى — اور نیچے ہے گیلی مٹی کے — ۲۰-۶

ثَرِيَ (يَثْرٰى ثَرًى وَاَثْرٰى) التراب۔ زمین نمناک ہوئی رَيِسَ الثَّرٰى بَيْنَهُمْ پہلے دونوں دوست تھے، اب دشمن ہوگئے ہیں رقالا

| | | |
|---|---|---|
| ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً | تیس رات | ۷-۱۴۲ |
| ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ | تیسرا تینوں کا | ۵-۷۳ |
| فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ | قوت دی ہم نے تیسرے سے | ۳۶-۱۴ |
| وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ | اور مناۃ تیسرا | ۵۳-۲۰ |
| فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ | پھر ماں کا ⅓ | ۴-۱۱ |
| فَلَهُنَّ ثُلُثَا | ان عورتوں کے لئے ⅔ | ۴-۱۱ |
| فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ | ان دونوں کے لئے ⅔ | ۴-۱۷۶ |
| مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ | ⅔ رات | ۷۳-۲۰ |
| وَثُلُثَهٗ | اور اس کی ⅓ | ۷۳-۲۰ |
| مَثْنٰى وَثُلٰثَ | دو دو اور تین تین | ۴-۳ |

ثَلَثَ (يَثْلُثُ ثَلْثًا) الشَّيْئَ ⅓ حصہ لیا۔ ثَلَثَ الْقَوْمَ ⅓ حصہ مال لیا۔ ثَلَّثَ الْاِثْنَيْنِ۔ ان دونوں میں خود شامل ہوکر تین بنادیا۔ ثَلَّثَ الشَّيْئَ ایک کام کو تین دفعہ کیا۔ ثَلٰثَ۔ تین۔ مونث کے لئے ثَلٰثٌ ہے۔ ثِلْثٌ تیسری دفعہ۔ ثُلُثٌ تیسرا ج اَثْلَاثٌ۔ ثَلَاثُوْنَ ۳ × ۱۰ = ۳۰۔ تثلیث عیسائیوں کے نزدیک ۳ خدا۔ خدا۔ روح القدس۔ مسیح۔ مُثَلَّثٌ۔ تین اضلاع والی شکل کو مثلث کہتے ہیں △۔ ثالث آدمی۔ یوم الثلثاء منگل۔

## ثل

| | | |
|---|---|---|
| ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ | آدمیوں کی ایک بڑی جماعت | ۵۶-۱۳ |

ثَلَّ۔ بھیڑ بکریوں کا ایک بڑا ریوڑ (فُلَانٌ لَا يُفَرِّقُ بَيْنَ الثَّلَّةِ وَالثُّلَّةِ) اس کو آدمیوں کی جماعت اور بھیڑ بکریوں کے ریوڑ میں تمیز نہیں۔ تلل۔ ہلاکت اور دانت گرنا۔ ثُلَّ الْبِئْرُ۔ جینڈر۔ ثَلَّ عَرْشَهُمْ۔ ان کی عزت جاتی رہی۔ مَثَلٌّ۔ جنگل میں چھپرو

## ثمد

| | | |
|---|---|---|
| وَاِلٰى ثَمُوْدَا | اور ثمود کی طرف | ۷-۷۳ |

ثَمَدَ (يَثْمُدُ ثَمْدًا وَاثْمَدَ وَاسْتَثْمَدَ) الْمَاءَ۔ پانی کیلئے حوض کی طرح جگہ بنائی تاکہ اس میں پانی جمع ہوجائے ثَمَدَ النَّاقَةَ بِالْحَلْبِ اونٹ کے شیردان سے سب دودھ نکال لیا اور اب وہ خالی ہوگیا۔ الثَّمَدُ اس تھوڑے سے پانی پر وارد ہوا جو کہ سردیوں میں موجود ہو اور گرمیوں میں خشک ہوجائے۔ رَجُلٌ مَّثْمُوْدٌ۔ وہ آدمی جس سے اتنا سوال کیا جائے کہ اس کے پاس باقی کچھ نہ رہے۔ لَهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قوم کے پاس پانی قلیل تھا۔ اور اس قوم کی قومیت کی وجہ تسمیہ یہی معلوم ہوتی ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

اِثْمِدٌ۔ سنگ سرمہ

## ثمر

| | | |
|---|---|---|
| ۲-۱ اِذَآ اَثْمَرَ | جب پھل لاوے | ۶-۱۴۱ / ۶-۹۹ |
| وَكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ | اور تھا اس کو پھل | ۱۸-۳۴ |
| كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ | کھاؤ ان کے پھل | ۶-۱۴۱ |
| مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا | پھل سے رزق | ۲-۲۵ |
| مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ | پھلوں سے رزق | ۲-۲۲ |

ثَمَرَةٌ۔ واحد۔ مثل شجرۃ وخشبۃ۔ ثَمَرٌ ج ثِمَارٌ جمع اَثْمَارٌ۔ ثَمَرَ (يَثْمُرُ ثُمُوْرًا) وَاَثْمَرَ الشَّجَرُ درخت کا پھل شروع ہوگیا۔ درخت ثَامِرٌ مُّثْمِرٌ۔ اَثْمَرَ الْقَوْمُ۔ لوگوں کو پھل کھلائے۔ ثَمَّرَ مَالَهٗ كَثَّرَهٗ۔ ثَمَرٌ۔ پھل نسل، اولاد۔ ثامر۔ لوبیا۔ ثَمِيْرٌ۔ پھلدار۔ ابن ثمیر چاندنی رات۔ ثَمَّارٌ۔ میوہ فروش

## ثم

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ | پھر طرف اس کی پھیرے جاؤ گے | ۲-۲۸ |
| اِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ | جب تو وہاں دیکھے | ۷۶-۲۰ |
| فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ | پس وہاں ہی متوجہ ہے اللہ | ۲-۱۱۵ |

ثُمَّ حرف عطف ہے۔ ثمامہ بن اثال مشہور صحابی ہیں۔ ثَمَّ اسم اشارہ بعید بمعنی هُنَاكَ

## ثمن

| | | |
|---|---|---|
| بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ | ناقص قیمت کے ساتھ | ۱۲-۲۰ |
| ثَمَنًا قَلِيْلًا (عوضا يسيرا من الدنيا) | تھوڑی قیمت | ۲-۴۱ |
| فَلَهُنَّ الثُّمُنُ | ان عورتوں کیلئے ⅛ | ۴-۱۲ |
| ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ | آٹھ جوڑے | ۶-۱۴۳ |
| ثَمٰنِيَ حِجَجٍ | آٹھ برس | ۲۸-۲۷ |
| ثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ | آٹھواں کتا | ۱۸-۲۲ |
| ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً | اسی دُرّے | ۲۴-۴ |

(۱) ثَمَنَ (يَثْمُنُ ثَمْنًا) الرَّجُلَ۔ آدمی سے ⅛ حصہ لیا (۲) ثَمُنَ (يَثْمُنُ ثَمَانَةً) الشَّيْئُ۔ چیز مہنگی ہوگئی۔ فهو ثَمِيْنٌ۔ مرتا قیمتی۔ ثَمَّنَ الشَّيْئَ۔ قیمت کا اندازہ کیا۔ ثَمَنٌ قیمت۔ اَثْمَانٌ۔ اَثْمِنَةٌ

اَثْمُنٌ ۔ ثُمُنٌ ج اَثْمَان

## ثنی

۱-۳ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ — وہ دہرے کرتے ہیں اپنے سینے — ۱۱-۵
۱۱-۳ وَلَا يَسْتَثْنُونَ — اور انشاء اللہ نہیں کہتے — ۶۸-۱۸
۱-۱۵ ثَانِيَ عِطْفِهِ — اپنی کروٹ موڑنے والا — ۲۲-۹
وَصِيَّةِ اثْنَانِ — بوقت وصیت دو آدمی — ۵-۱۰۶
اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ — ۲ الٰہ — ۱۶-۵۱
اِثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا — بارہ سردار — ۵-۱۲
اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا — بارہ — ۷-۱۶۰
اِثْنَتَا عَشْرَةَ — بارہ — ۲-۶۰
ثَانِيَ اثْنَيْنِ — وہ دوسرا دو میں کا — ۹-۴۰
فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ — اگر دو عورتیں ہوں — ۴-۱۷۵
اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ — مار چکا تو ہم کو دو بار — ۴۰-۱۱
مَثْنٰى وَثُلٰثَ — دو دو تین تین — ۴-۳
مَثْنٰى وَفُرَادٰى — دو دو اور ایک ایک — ۳۴-۴۶
سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ — سات آیتیں وظیفہ — ۱۵-۸۷
مُتَشَابِهًا مَّثَانِيَ — دہرائی ہوئی — ۳۹-۲۳

ثَنٰى (يَثْنِيْ ثَنْيًا) الشَّيْءَ ۔ عطفہ ۔ طوّاہ ۔ رد بعضہ علیٰ بعض ۔ (ثَنٰى صَدْرَهُ) ای اَسَرَّ فیہا العداوۃ او طوی ما فیہ استخفاءً ۔ ثَنَّى الشَّيْءَ ۔ اس کو دو بنا دیا ۔ ثُنَاء ۔ تعریف ج اَثْنِيَة ۔ یوم الاثنین سوموار ۔ ثانی ۔ دوسرا ۔ ثانیہ ۱/۶۰ دقیقہ ج ثوانی ۔ مثنیٰ ج مثانی ۔ استثناء ۔ ایک چیز کو دوسری سے نکال دینا ۔ انشاء اللہ کہنا ۔ ثَنِيّ ج ثَنَا ثُنْيَان ج ثنایا ۔ اگلے دانت ۔ مثناۃ ۔ بالوں کا رسہ ۔ مثناۃ گانے والیاں ۔ تَثْنِيَة ۔ صیغہ جس کا دو پر اطلاق ہو ۔ مثانی سے قرآن مجید کی وہ سورتیں بھی مراد ہیں جن میں آیتوں کی تعداد ۱۰۰ سے کم ہے ۔

## ثوب

۱-۲ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ (اعطاهم) — پھر دیا ان کو اللہ نے — ۵-۸۵
۱-۲ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا — انعام دیا ان کو ایک فتح — ۴۸-۱۸
۱-۲ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا (جزاكم) — پھر پہنچایا تم کو غم — ۳-۱۵۳
۲-۳ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ (جوزی) — کیا بدلہ دیئے گئے کافر — ۸۳-۳۶
ثَوَابَ الدُّنْيَا (نصرۃ) — انعام دنیا میں — ۳-۱۴۸
ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ (الجنۃ) — انعام آخرت کا — ۳-۱۴۸
مَثَابَةً لِّلنَّاسِ (مرجعًا) — اجتماع کی جگہ — ۲-۱۲۵
لَمَثُوْبَةٌ — بدلہ پاتے اللہ کے نزدیک — ۲-۱۰۳
وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ — اور اپنے کپڑے پاک کر — ۷۴-۴
يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ — اوڑھتے ہیں اپنے کپڑے — ۱۱-۵
يَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا — پہنیں گے کپڑے — ۱۸-۳۱
ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ — کپڑے آگ کے — ۲۲-۱۹

(۱) ثَابَ (يَثُوْبُ ثَوْبًا) عاد ۔ ثاب الناس ۔ لوگ جمع ہوئے ۔ ثاب الماءُ ۔ پانی جمع ہو گیا (۲) ثَابَ (يَثُوْبُ ثَوْبًا و ثَوَبَانًا) او ثَوَّبَ اثوابًا المریضُ ۔ مریض کی طرف صحت لوٹی ۔ ثَوَّبَ المصلی ۔ نمازی نے فرضوں کے بعد نفل پڑھے ۔ ثائب ۔ بارش کے پہلے قطروں کے ساتھ شدید آندھی ۔ ثوب لباس ج ثیاب ۔ اثواب ۔ اثوب ۔ ثویبہ ۔ ابولہب کی لونڈی جس نے آنحضرتؐ کو دودھ پلایا ۔ ثواب ۔ نیک یا بد کام کا بدلہ ۔ مگر زیادہ نیکی میں مستعمل ہے ۔ ثَوَّاب ۔ کپڑے فروخت کرنے والا ۔ مثاب ۔ مثابہ ۔ مجتمع الناس ۔ تثویب الصلوٰۃ ۔ فجر کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کہنا ۔

## ثور

۱-۳ وَاَثَارُوا الْاَرْضَ (حرثوها وقلبوها للزرع) — پھاڑا انہوں نے زمین کو — ۳۰-۹
۲-۳ فَتُثِيْرُ سَحَابًا — وہ اٹھاتی ہیں بادلوں کو — ۳۰-۴۸
۲-۳ لَا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ (تقلبہا للزراعۃ) — جوتتی ہو زمین کو — ۲-۷۱

ثَارَ (يَثُوْرُ ثَوْرًا و ثَوَرَانًا و تَثْوَارًا) العبارُ ۔ غبار اٹھا ۔ ثَوَّرَ الْاَمْرَ ۔ بحث کی ۔ ثَوَّرَ الْكِتَابَ ۔ کتاب کے معنی میں بحث کی ۔ ثوران ۔ شفق لالی ۔ ثور ۔ بیل ۔ ثَوَّار ۔ گاؤزبان ۔ ثورۃ ۔ گائے ۔ مَثْوَرَۃ ۔ ارض کثیر الثیران ۔ غار ثور ۔ ثار ۔ خون کا بدلہ ۔

## ثوی

۱-۱۵ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا (مقیمًا) — اور نہ تھا تو رہنے والا — ۲۸-۴۵
۱-۱۸ وَلَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ (ماوی) — اور برا ٹھکانا ہے ظالموں کا — ۳-۱۵۱
۱-۱۸ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ — عزت سے رکھ اس کو — ۱۲-۲۱
۱-۱۸ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ — ان کی جگہ آگ ہے — ۴۷-۱۲

۱-۸ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ — آگ ہے تمہارا گھر — ۱۲۸-۶
(ماونکم)

۱-۱۸ اَحْسَنَ مَثْوٰىَ — اچھی طرح سے رکھا تجھ کو — ۲۳-۱۲

ثَوَى (يَثْوِى ثَوَاءً وثُوِيًّا) المكانَ۔ مکان میں ٹھیرا۔ ثَوَى الرجلُ آدمی مرگیا۔ ثُوِىَ۔ دفن کیا گیا۔ ثُوَّہ۔ گھر کا اسباب یا سٹرک پر نشان ج ثُوًى ثَوِىّ۔ مہمان یا قیدی ج اَثْوِيَا۔ بھیڑ بکری گلّے اونٹ کا باڑہ۔ عورت کو کہا جاتا ہے (هٰذِهٖ ثَوِيَّةُ فُلَانٍ) مَثْوٰى ج مَثَاوٍ۔ ابو مَثْوٰى۔ گھر کا مالک اُمِّ مَثْوٰى۔ گھر کی مالکہ

## ثیب

۱-۱۷ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا — بیاہیاں اور کنواریاں — ۶۶-۵

تَثَيَّبَتِ (وثَيَّبَتِ) المَرْاَةُ زَوْجَهَا۔ عورت بوجہ طلاق یا موت اپنے خاوند سے الگ ہوگئی، پس وہ عورت ثَيِّب ہے۔ اور نقیض بکر کو بھی کہتے ہیں شادی شدہ مرد اور عورت دونوں اس میں شامل ہیں۔ مرد بغیر عورت اور عورت بغیر مرد۔ بئرٌ ثَيِّبٌ۔ وہ کنواں جس میں پانی جمع ہو،

# (ج)

## جأر

۱-۳ اِذَا هُمْ يَجْئَرُوْنَ — اس وقت وہ چلانے لگتے ہیں — ۶۵-۲۳

۱-۳ فَاِلَيْهِ تَجْئَرُوْنَ — اسی کی طرف چلاتے ہو — ۵۳-۱۶

۱-۳ لَا تَجْئَرُوا الْيَوْمَ — مت چلاؤ آج — ۶۶-۲۳

جَأَرَ (يَجْأَرُ جَأْرًا وجُؤَارًا) اِلَى اللّٰهِ۔ اللہ کی طرف ہاتھ اٹھایا، اور عاجزی کی۔ جَأَرَ الثَّوْرُ۔ بیل بولا۔ جَأَرَ النَّبَاتُ سبزی بلند ہوئی،

## جبب

فِىْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ — گمنام کنویں میں — ۱۲-۱۰

جُبّ۔ گہرا کنواں ج اَجْبَاب۔ جِبَاب۔ جِبَبَة۔ جُبَّة۔ فراخ یا اوور کوٹ اور ذرعۃ یوسف علیہ السلام کا کنواں طبریہ سے ۱۲ میل ہے۔

## جبت

بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ — بتوں اور شیطانوں کے ساتھ — ۴-۵۰
(صنمان لقریش)

جبت۔ بت۔ جادو، جادوگر جس میں بھلائی نہ ہو۔ وکاہن۔ غیر اللہ کی عبادت یا حبشہ کی زبان میں شیطان کا نام ہے،

## جبر

۱-۱۹ عَزِيْزُ الْجَبَّارُ (من الاسماء الحسنٰی) — زبردست دباؤ والا — ۲۳-۵۹

۱-۱۹ جَبَّارًا شَقِيًّا — زبردست خودسر — ۳۲-۱۹

۱-۱۹ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ — سرکش ضدی — ۱۵-۱۴

۱-۱۹ قَوْمًا جَبَّارِيْنَ — قوم زبردست — ۲۲-۵

۱-۱۹ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ — پنجہ مارتے ہو ظلم سے — ۱۳۰-۲۶

دعاء حدیث۔ وَاجْبُرْنِى۔ جَبَرَ يَجْبُرُ جَبْرًا وجُبُورًا وجِبَارَةً وجَبَّرَ العظمَ۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو باندھ دیا، اور وہ درست ہوئی۔ جَبَرَ الفَقِيْرَ فقیر کو غنی کر دیا۔ جَبَرَهٗ۔ اسے مجبور کیا۔ تَجَبَّرَ المريضُ۔ مریض صحت یاب ہوگیا۔ تَجَبَّرَ تکبر کیا، جبر۔ زبردستی، قوت اور ریاضی کا علم۔ جَبَرُوْت۔ مبالغہ بمعنی قدرت۔ شاہی، عظمت۔ ابو جابر۔ روٹی ام جابر۔ ہریسہ۔ جابر صحابی ہیں نَخْلَةٌ جَبَّارَةٌ۔ بڑی کھجور۔ جبریہ خلاف قدریہ مسلمانوں میں ایک فرقہ ہے

## جبریل

جَبْرِيل۔ جبرائیل۔ منتہی الارب والا اس کو جبر میں لایا ہے جبر بمعنی بندہ۔ ایل بمعنی خدا۔ جبریل۔ بندۂ خدا

## جبل

وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ — اگلی خلقت — ۱۸۴-۲۶
(واحد جبیل)

اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا — بہت خلقت کو — ۶۲-۳۶

عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ — ہر پہاڑ پر — ۲۶۰-۲

يٰجِبَالُ اَوِّبِىْ — اے پہاڑو خوش آوازی سے [illegible] — [illegible]

مَوْجٍ كَالْجِبَالِ — لہروں میں جیسے پہاڑ — ۱۱-۴۲

جَبَلَ (يَجْبُلُ) جَبْلًا اللّٰهُ۔ اللہ نے پیدا کیا۔ اَجْبَلَهٗ۔ اسے بخیل پایا۔ اَجْبَلَ المُسَافِرُ۔ مسافر پہاڑ میں داخل ہوگیا۔ جِبِلَّۃ۔ جِبْلَة جِبِلَّة۔ خلقت طبیعت، اصل، قوت۔ جِبِلِّى طبعی۔ جَبَلُ القَوْمِ قوم کا سردار۔ جَبِيْل۔ بدخلق۔ جَبِيْل۔ ٹھیکرا، صحن، مَجْبُوْل بڑے قد والا

## جبن

وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ — اور پچھاڑا اسکو ماتھے کے بل — ۱۰۳-۳۷

جَبُنَ (يَجْبُنُ جُبْنًا وجَبَانَةً) ڈرپوک ہوا۔ نامردی۔ جَبَان۔

اللبنَ - دودھ کو دہی بنایا - جَبُنَ الرجلُ - آدمی کو ڈرپوک پایا - جُبُن - جمے ہوئے دودھ کا ٹکڑا، اور بزدلی - جَبِيْن ج اَجْبُن - جُبُن - ماتھا کے اطراف

## جبہ

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ — داغے جائیں گے انسے انکے ماتھے — ۹-۳۶

جَبَہَ (يَجْبَہُ جَبْهًا) الرجلَ - آدمی کے ماتھے پر مارا - جَبَہَ الشتاءُ القومَ - موسم سرما آیا، اور انہوں نے سامان نہ کیا - جَبْہ ج جِبَاہٌ و جَبَهَات ماتھا - جَبْهَةُ القوم - قوم کا سردار - جَبَّهَہ - اس کا سر الٹا کیا،

## جبی

۱-۷ ثُمَّ اجْتَبٰهُ (قربه) — پھر نوازدیا اسکو — ۱۲۲-۲۰

(اصطفاه)

۱-۷ هُوَ اجْتَبٰكُمْ (اصطفٰكم) — اس نے تم کو پسند کیا — ۷۸-۲۲

۱-۷ لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا (انشاها) — کیوں نہ چھانٹ لایا تو کچھ اپنی طرف سے — ۲۰۳-۷

من قبل نفسك)

۱-۷ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ (اخترهم) — اور ہم نے ان کو پسند کیا — ۸۷-۶

۱-۷ وَاجْتَبَيْنَا (اخترنا) — اور ہم نے پسند کیا — ۵۸-۱۹

۳-۷ اللّٰهُ يَجْتَبِيْ (يختار) — اللہ چھانٹ لیتا ہے — ۱۷۹-۳

۳-۷ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ — برگزیدہ کریگا تم کو رب تیرا — ۶-۱۲

۱-۴ يُجْبٰى اِلَيْهِ (يجمع ويحمل) — کھنچے چلے آتے اس کی طرف — ۵۷-۲۸

وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ — اور لگن جیسے تالاب — ۱۳-۳۴

جَبٰی (يَجْبُو اجْبَاءً و جَبْوًا و جِبْيًا و جَبْوَةً و جِبَاوَةً و جَبٰی يَجْبِيْ جِبَايَةً) الخراجَ - خراج اکٹھا کیا - جَبَى الماءَ في الحوض، پانی حوض میں جمع کیا - جَبّٰی - وقت سجود دونوں ہاتھ زمین پر رکھے - اِجْتَبٰی اختیار کیا، چنا - جَبَا ج اَجْبَاءٌ و جَابِيَة ج جَوَابٍ - الحوض الذی يُجْبٰی فيه الماءُ للإبلِ - مَجْبٰى - خراج - مگر فتح الرحمان والہ اس کو جوب میں لایا ہے

## جث

۲-۷ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ — اکھاڑ پھینکا گیا — ۲۶-۱۴

(استوصلت)

جَثَّ (يَجُثُّ جَثًّا و اِجْتَثَّہُ) جڑ سے اکھاڑ دیا - جُثَّة - انسانی وجود زیادہ استعمال مردہ کے لئے ہے ج جُثَث - مِجَثَّة - درخت اکھاڑنے کا اوزار

## جثم

۱-۱۵ فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ (باركين) — اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے — ۷-۷۸ ، ۷-۹۱ ، ۱۱-۶۷ ، ۱۱-۹۵

على الركب ميتين - خامدين ميتين)

جَثَمَ (يَجْثِمُ جَثْمًا و جُثُومًا) الرجلُ - تلبّد بالارض فا - جاثم ج جُثَّم - اوندھا پڑنے والا - جَاثُوْم - جُثَام - مرض کابوس - ہلاکت کے لئے سینہ زمین پر رکھا - صراح - جُثُوْم - زیادہ سونے والا - جَثَمَ الليلُ - رات آدھی ہوگئی،

## جثو

۱-۱۵ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً — گھٹنوں کے بل بیٹھے ہوئے — ۲۸-۴۵

۱-۲۲ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا — زانو کے بل گرے ہوئے — ۶۸-۱۹ ، ۷۲-۱۹

جَثٰی (يَجْثُو جُثُوًّا و جَثٰى يَجْثِي جِثِيًّا و جُثِيًّا) زانوں کے بل بیٹھا - فا - جاث ج جُثِيّ جِثِيّ - م - جَاثِيَة

## جحد

۱-۱ وَجَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ — منکر ہوئے — ۵۹-۱۱

۱-۳ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَا — اور وہی منکر ہوتا ہے — ۴۷-۲۹

۱-۳ بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ — اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں — ۵۰-۷

جَحَدَ (يَجْحَدُ جَحْدًا و جُحُوْدًا) کفر کیا اور جھوٹا پایا، باوجود علم کے

## جحم

فِي الْجَحِيْمِ — آگ کے ڈھیر میں — ۹۷-۳۷

اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا — بیڑیاں اور آگ کا ڈھیر — ۱۲-۷۳

جَحَمَ (يَجْحَمُ جَحْمًا) النارَ - آگ جلائی - جَحِمَتْ (تَجْحَمُ جَحَمًا و جَحُمَتْ تَجْحُمُ جُحُوْمًا) النارُ - آگ نے شعلہ مارا، جَاحِم - کوئلہ سخت جلنے والا - جَحِيْم - دوزخ - مکان کے اندر سخت تیز آگ، یا سخت گرم مکان

## جدث

مِنَ الْاَجْدَاثِ — قبروں سے — ۵۱-۳۶

يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ — نکلیں گے قبروں سے — ۷-۵۴

جَدَثَ القبرَ - قبر بنائی - اِجْتَدَثَ - اجتدانا - جَدَث ج اَجْدَاث - اَجْدَاث

## جد

وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا — اونچی ہے شان ہمارے رب کی — ۷۲-۳

(تنزها جلاله)

جُدَدٌ بِيْضٌ — گھاٹیاں سفید — ۲۵

۱-۱۷ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۔ نئی پیدائش ۔ ۱۴-۵

(۱) جَدَّ يَجِدُّ جَدًّا لوگوں کی نظر میں بڑا ہوا (۲) جَدَّ يَجِدُّ جِدَّةً الثوبُ کپڑا نیا ہوا۔ فا۔ جدید (۳) جَدَّ يَجُدُّ جِدًّا اجتہاد کیا جَدَّ فی الامر تحقیق کی جَدَّ يَجَدُّ جَدَدًا الضَّرعُ تھن سے دودھ کم ہوگیا۔ سوکھ گیا۔ جَد۔ دادا۔ نانا۔ ج اَجْدَاد۔ جد ود۔ م جَدَّة ج جَدَّات۔ جِد۔ اجتہاد۔ عَالِمٌ جِدٌّ۔ عالم صاحب اجتہاد، عظیم جِد۔ بہت بڑا، جُدَّة۔ سمندر کا کنارہ، عرب میں مکہ کی مشہور بندرگاہ ہے۔ جُدَّة۔ علامت۔ طریق ج جُدَد۔ جادّة۔ رستہ ج جواد۔

## جدر

۱-۲۱ وَاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا اور اسی لائق ہیں کہ نہ سیکھیں ۹-۹۷

(اولیٰ)

وَاَمَّا الْجِدَارُ اور وہ جو دیوار ۱۸-۸۲

فِيْهَا جِدَارًا دیکھی ایک دیوار ۱۸-۷۸

مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ دیواروں کے اوٹ میں ۵۹-۱۴

(۱) جَدُرَ يَجْدُرُ جَدَارَةً اس کا خلیق اور لائق ہوا (۲) جَدَرَ يَجْدُرُ جَدْرًا الجدار۔ دیوار کھینچی۔ جَدَرَ الرجلُ آدمی نے دیوار کی اوٹ کی (۳) جَدَرَ يَجْدُرُ جَدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ اسے چیچک نکلا۔ جَدر ج جُدْرَان۔ جِدَار ج جُدُر۔ دیوار۔ جدری ایک نہایت متعدی مرض چیچک ہے۔ جدر۔ آبلہ چیچک، مُجدور جو آدمی چیچک سے بیمار ہے۔

## جدل

۱-۴ جَادَلُوْا بِالْبَاطِلِ جھوٹا جھگڑا کیا ۴۰-۵

۱-۴ وَاِنْ جَادَلُوْكَ اگر تیرے ساتھ انہوں نے جھگڑا کیا ۲۲-۶۸

۱-۴ قَدْ جَادَلْتَنَا (خاصمتنا) تو نے ہمارے ساتھ جھگڑا کیا ۱۱-۳۲

۱-۴ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ جھگڑا کیا تم نے ان سے ۴-۱۰۹

(خاصمتم)

۳-۴ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ پس اللہ سے کون جھگڑے گا ۴-۱۰۹

۳-۴ يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ ہمارے ساتھ جھگڑتا تھا ۱۱-۷۴

۳-۴ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ وہ جھگڑتے ہیں ۱۳-۱۳

۳-۴ يُجَادِلُوْنَكَ تیرے ساتھ جھگڑتے ہیں۔ ۸-۶

۳-۴ لِيُجَادِلُوْكُمْ تاکہ تمہارے ساتھ جھگڑا کریں ۶-۱۲۱

۳-۴ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا جواب سوال کرے گا اپنی طرف سے ۱۶-۱۱۱

۳-۴ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا تیرے ساتھ جھگڑتی تھی ۵۸-۱

(تراجعك)

۱۳-۴ وَلَا تُجَادِلْ اور نہ جھگڑ ۴-۱۰۷

۱۳-۴ وَلَا تُجَادِلُوْا اور مت جھگڑو ۲۹-۴۶

۳-۴ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ کیا تم میرے ساتھ جھگڑتے ہو ۷-۷۱

۱۱-۴ وَجَادِلْهُمْ اور الزام دے ان کو ۱۶-۱۲۵

۲۲-۴ وَلَا جِدَالَ (خصام) اور نہ جھگڑا کرنا ۲-۱۹۷

۲۲-۴ فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا زیادہ کیا تو نے ہمارے ساتھ جھگڑا ۱۱-۳۲

۱-۲۲ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا سب چیز سے زیادہ جھگڑالو ۱۸-۵۴

(خصومۃ بالباطل)

۱-۲۲ اِلَّا جَدَلًا مگر جھگڑنے کو ۴۳-۵۸

جَدِلَ يَجْدَلُ وجَدَلَ يَجْدُلُ جَدْلًا الحبُّ۔ دانہ بالی میں پک گیا۔ جَدِلَ الولدُ۔ لڑکا مضبوط، طاقتور اور بڑا ہوگیا۔ جادَلَہ خاصمہ۔ جَدْل۔ مضبوط عضو۔ اَجْدَل شکرا۔ جَدَل جھگڑا۔ جَدْوَل ج جداول۔ الضرب فی الحساب۔ نیز چھوٹی نہر جدول۔

## جذ

۱-۱۶ غَيْرَ مَجْذُوْذٍ بے انتہا ۱۱-۱۰۸

۱-۱۶ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ۲۱-۵۸

(مقطوعا)

جَذَّ يَجُذُّ جَذًّا ٹکڑے ٹکڑے کیا، انْجَذَّ ٹکڑے ٹکڑے ہوا۔ جُذَاذ۔ جو چیز ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ جُذاذۃ ... ایک ٹکڑا ج اَجْذَاذ

## جذع

جِذْعِ النَّخْلَةِ کھجور کی جڑ ۱۹-۲۵، ۱۹-۲۳

فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ کھجور کے تنہ پر ۲۰-۷۱

جِذْع ج جذوع۔ اَجْذَاع کھجور کا تنہ۔ جِذْعُ الانسان سر پاؤں۔ ہاتھ کے بغیر انسان کا دوسرا وجود۔ مُجَذَّع۔ مُجَذَّع جس چیز کا اصل اور ثبات نہ ہو۔ جَذَع۔ جِذَاع۔ جُذْعَان، چھوٹے بالتو جانور بھیڑ بکری ۲ سال، اونٹ پانچ سال جَذَعَ يَجْذَعُ جَذْعًا الدابۃ

جانور کو بغیر چارہ کے باندھ دیا۔

## جذو

اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ   یا انگارہ آگ سے   ۲۸-۲۹

جُذْوَة ج جُذًى و جِذَاءٌ۔ روشن انگارا۔ "فلان جذوة شرٍّ" [4]

## جرح

۱-۱ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ   جو کر چکے ہو تم بوقت دن   ۶-۶۰

(کسبتم)

۱-۷ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ   کمائی ہیں برائیاں   ۴۵-۲۱

(اکتسبوا)

وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ   اور زخموں کا بدلہ انکے برابر   ۵-۴۵

۱۵-۱ مِّنَ الْجَوَارِحِ   شکاری جانوروں سے   ۵-۴

جَرَحَ (يَجْرَحُ جَرْحًا) زخم دیا۔ جَرَحَ بِلِسَانِهِ۔ زبان سے ایذا دی جَرَحَ الشَّهَادَةَ۔ گواہی میں جرح کی۔ ساقط کیا۔ جَرَحَ الرَّجُلُ۔ کمایا جَارِحٌ۔ کمائی کرنے والا۔ جُرْحٌ۔ جُرُوحٌ، اَجْرَاحٌ۔ زخم۔ جُرْحَة شہادت میں جرح کرنی۔ جَارِحَةٌ ج جَوَارِح۔ شکاری جانور، کتے، شیر گیدڑ، باز وغیرہ۔ مجروح ج مجاریح۔ جریح ج جرحی۔ زخم خوردہ جوارح الدھر۔ مصیبتیں

## جرد

جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ   ٹڈی پھیلی ہوئی   ۵۴-۷

الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ   طوفان اور ٹڈی   ۷-۱۳۳

جَرَدَ (يَجْرُدُ جَرْدًا و جَرَّدَ) العود۔ قشرہٗ۔ جَرَدَ الجلد چمڑے کے بال اتارے۔ جَرِدَ (يَجْرَدُ جَرْدًا) المكانُ۔ جگہ کو ٹڈی پہنچی جُرِدَ۔ اکیلا ہوا۔ جَرِدَ الفَرَسُ۔ گھوڑے کے بال چھوٹے ہوگئے جُرِدَتِ الارضُ۔ زمین کو ٹڈی پہنچی جَرِيدَة۔ لمبی ٹہنی، خواہ خشک ہو یا تر۔ اخبار کو بھی جریدہ کہتے ہیں۔ مجرد۔ اکیلا۔ تجرد۔ برہنہ ہوا جراد دو قسم کی ہوتی ہے فصل تباہ کرنے والی، جو کہ نہایت بہتات سے آتی ہے، دوسرا لکڑا جو کہ بہت تھوڑا اڑ سکتا ہے۔

## جرّ

۱-۳ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ   اس کو اپنی طرف کھینچتا تھا۔   ۷-۱۵۰

جَرَّ (يَجُرُّ جَرًّا) کھینچا۔ جَرَّ الكلمةَ۔ حرف کو زیر دی۔ هَلُمَّ جَرًّا۔ جَرَّ عَلٰی نفسہٖ۔ گناہ کمایا۔ جَرَّ (اجْتَرَّ البعيرُ) اونٹ نے جگالی کی۔ رطعام کو معدہ سے جگالی کے لئے کھینچا)۔ جگالی والی چیز کو جِرَّة کہتے ہیں۔ جَرُّ الجَبَلِ۔ اسفلہ۔ جَارَّة۔ اسے آزاد چھوڑا۔ جو چاہے کرے۔ لشکر جَرَّار۔ بڑا بہادر لشکر۔ اَجَرَّان۔ انسان اور جن

## جرز

إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ   میدان چٹیل   ۳۲-۲۷

(ریابسًا)

صَعِيدًا جُرُزًا   زمین چٹیل کی طرف   ۱۸-۸

(رابسة لا نبات فیہا)

(۱) جَرِزَتِ (يَجْرَزُ جَرَزًا) الارض۔ صارت جُرُزًا۔ فاجارزة ج جوارز (۲) جَرَزَ (يَجْرُزُ جَرْزًا) کاٹا۔ جڑ سے اکھاڑا (۳) جَرَزَ (يَجْرُزُ جَرَازَةً) کان جَرُوزًا۔ کھایا گیا، کہ خوانچہ پر کوئی چیز باقی نہ رہی۔ نہ جمنے والی عورت، اور کھیتی نہ اگانے والی زمین۔ رَمَاهُ اللهُ بِجُرْزَةٍ۔ اللہ نے اسے ہلاک کیا مجرز۔ کھیت کا دوڑھ۔ جُراز۔ تلوار۔ جَرَزَهُ الزمانُ۔ زمانہ نے اسے محتاج بنا دیا

## جرع

۳-۵ يَتَجَرَّعُهُ (ريبتلعه مرة بعد مرة)   گھونٹ گھونٹ پیئے گا اس کو   ۱۴-۱۷

جَرَعَ (يَجْرَعُ جَرْعًا و جَرِعَ يَجْرَعُ جَرَعًا و اجترع) الماءَ پانی کا ایک گھونٹ پیا۔ تَجَرَّعَ الماءَ۔ پانی کو ایک ایک گھونٹ کر کے پیا۔ يَجَرَّعَ الغَيْظَ۔ غصہ پی گیا۔ اَجْرَعَتِ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کا دودھ ایک ہی گھونٹ رہ گیا۔ جُرْعَة۔ پانی کا گھونٹ

## جرف

عَلٰى شَفَا جُرُفٍ   ایک کھائی کے کنارہ پر   ۹-۱۰۹

جَرَفَ (يَجْرُفُ جَرْفًا و جَرَفَ و تَجَرَّفَ و اجترف) بہالے گیا اَجْرَفَ المكانُ۔ جگہ کو سیل پہنچا۔ جُرُف ج جِرَفَة۔ زمین کا وہ ٹکڑا جس کو پانی کی باربار ٹکر لگے، اور اس سے زمین کا ٹکڑا گر پڑے (فلانٌ يَبْنِي عَلٰى جُرُفٍ هَارٍ) لا يدري ما الليلُ من النهار۔ جُرَاف۔ سیل جو کہ ہر چیز کو بہالے جائے۔ رَجُلٌ جُرَاف۔ وہ آدمی جو کہ ہر چیز ہو۔ مُجَرَّف جس کا مال ضائع ہو گیا ہو

## جرم

۲-۱ اَجْرَمُوا   انہوں نے جرم کیا   ۶-۱۲۴

[4] وہ شرارت کا انگیارہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | اَجْرَمْنَا | ہم نے جرم کیا | ۲۵-۲۴ |
| ۲-۳ | تُجْرِمُوْنَ | تم جرم کرتے ہو | ۲۵-۱۱ |
| ۱-۹ | وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ (یکسبنکم) | اور نہ باعث ہو تم | ۵-۲ |
| ۱-۹ | وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شِقَاقِیْ (یکسبنکم) | نہ کمائیو میری ضد کرکے | ۸۹-۱۱ |
| | لَا جَرَمَ | بے شک | ۲۲-۱۱ |
| ۲-۱۵ | یَوَدُّ الْمُجْرِمُ | چاہیگا مجرم | ۱۱-۷۰ |
| ۲-۱۵ | یَّاْتِ رَبَّہٗ مُجْرِمًا | آوے اپنے رب کے پاس مجرم ہوکر | ۲۰-۷۴ |
| ۲-۱۵ | اَکٰبِرَ مُجْرِمِیْھَا | گنہگاروں کے سردار | ۶-۱۲۳ |
| ۲-۱۵ | اَیُّھَا الْمُجْرِمُوْنَ | اے گنہگارو | ۵۹-۳۶ |
| ۲-۱۵ | عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ | گناہ گاروں سے | ۴۱-۷۴ |
| ۲-۲۲ | فَعَلَیَّ اِجْرَامِیْ (عقوبتہ) | میرا جرم | ۳۵-۱۱ |

(۱) جَرَمَ یَجْرِمُ جَرِیْمَۃً واَجْرَمَ گناہ کیا (۲) جُرِمَ یُجْرَمُ جَرِیْمَۃً اس کا گناہ بڑا ہوا۔ جُرْمٌ ج جُرُوْمٌ۔ اَجْرَامٌ خطا اور گناہ، لَا جَرَمَ لَا جُرْمَ بے شک۔ جِرْمٌ ج اَجْرَامٌ جسم جسمانی اور ستارے وغیرہ۔

## جری

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | وَجَرَیْنَ بِھِمْ | اور ان کو لے کر چلیں | ۲۲-۱۰ |
| ۱-۳ | کُلٌّ یَّجْرِیْ | ہر ایک چلتا ہے | ۲-۱۳ |
| ۱-۳ | تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ | جاری ہوتی ہے سمندر میں | ۱۶۴-۲ |
| ۱-۳ | عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ | دو چشمہ جاری | ۵۰-۵۵ |
| ۱-۱۵ | عَیْنٌ جَارِیَۃٌ | ایک چشمہ جاری ہے | ۱۲-۸۸ |
| ۱-۱۵ | حَمَلْنٰکُمْ فِی الْجَارِیَۃِ | ہم نے تم کو کشتی میں سوار کیا | ۱۱-۶۹ |
| ۱-۱۵ | فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا | اور کشتیاں آسانی سے چلنے والیاں | ۵۱-۳ |
| ۱-۱۵ | وَمِنْ اٰیٰتِہِ الْجَوَارِ | کشتیاں جاری | ۳۲-۴۲ |
| ۱-۱۵ | الْجَوَارِ الْکُنَّسِ | سیدھے چلنے والوں دبک کر چھپنے والیاں | ۸۱-۱۶ |
| ۱-۲۲ | بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا | اس کا چلنا | ۴۱-۱۱ |

جَرٰی یَجْرِیْ جَرْیًا و جَرَیَانًا و جِرْیَۃً الماءُ۔ پانی چلا، جَرَی الْفَرَسُ۔ گھوڑا دوڑا۔ جَرَی الْاَمْرُ۔ بات واقع ہوئی۔ اَللَّذَیْنِ والرَّھْنُ یَتَجَارِیَانِ۔ قرض اور رہن دونوں ہر وقت جاری رہتے ہیں۔ جَرّٰی فُلَانًا۔ اس کو وکیل بنا کر روانہ کیا۔ جَرِیٌّ۔ وکیل، رسول نوکر۔ جَرَایَۃ۔ وظیفہ۔ جِرَایَۃ۔ وکالت۔ جَارِیَۃٌ۔ لڑکی، لونڈی سورج، کشتی، سانپ ج جَارِیَات۔ جَوَار۔ صل تو جاریہ

## جزء

| | | |
|---|---|---|
| مِنْھُمْ جُزْءٌ | ان دوزخیوں میں سے ایک فرقہ | ۱۵-۴۴ |
| مِنْ عِبَادِہٖ جُزْءًا | اس کے بندوں سے ایک حصہ | ۴۳-۱۵ |
| مِنْھُنَّ جُزْءًا | ان کے بدن کا ایک ٹکڑا | ۲-۲۶۰ |

جَزَءَ (یَجْزَءُ جَزْءًا) الشَّیْءَ۔ چیز کو حصوں میں تقسیم کیا۔ جَزَّءَ ٹکڑے کیا۔ جزء مص۔ بعض۔ جُزْءٌ۔ چیز کا حصہ ج اَجْزَاءٌ۔ جُزْئِیّ خلاف کُلّی۔ جُزْئِیَّۃ ج جُزْئِیَّات

## جزع

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | اَجَزِعْنَا اَمْ صَبَرْنَا | ہم بے قراری کریں یا صبر | ۱۴-۲۱ |
| ۱-۱۹ | مَسَّہُ الشَّرُّ جَزُوْعًا | جب برائی پہنچے تو بے صبرا | ۷۰-۲۰ |

جَزِعَ (یَجْزَعُ جَزَعًا و جُزُوْعًا) بے قرار ہوا اور غم ظاہر کیا جَزِعَ عَلَیْہِ۔ اَشْفَقَ فَا جَزِعٌ۔ جَازِعٌ۔ جَزُعٌ۔ جَزَاعٌ و جَزُوْعًا جَزَّعَہٗ۔ اس کی بے قراری دور کی۔ مَجْزَاع ج مَجَازِیْع۔ بہت بے صبرا

## جزی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | وَجَزٰھُمْ بِمَا | اور بدلہ دیا ان کو | ۷۶-۱۲ |
| ۱-۱ | اِنِّیْ جَزَیْتُھُمُ الْیَوْمَ | میں نے ان کو بدلہ دیا | ۲۳-۱۱۱ |
| ۱-۱ | ذٰلِکَ جَزَیْنٰھُمْ | ہم نے انکو یہ بدلہ دیا | ۶-۱۴۶ |
| ۱-۳ | لَا یَجْزِیْ وَالِدٌ (لا یغنی) | نہ بچا سکے گا والد | ۳۱-۳۳ |
| ۱-۳ | لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ | تاکہ بدلہ دے | ۵۳-۳۱ |
| ۱-۳ | لِیَجْزِیَکَ | تجھے بدلہ دے | ۲۸-۲۵ |
| ۱-۳ | سَیَجْزِی اللّٰہُ | جلد ہی بدلہ دے گا | ۳-۱۴۴ |
| ۱-۳ | سَیَجْزِیْھِمْ | جلدی بدلہ دے گا ان کو | ۶-۱۳۹ |
| ۱-۳ | لَا تَجْزِیْ نَفْسٌ | نہ بچا سکے گی کوئی جان | ۲-۴۸ |
| ۱-۳ | نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ | بدلہ دیتے ہیں ہم | ۶-۸۴ |
| ۱-۳ | نَجْزِیْہِ جَھَنَّمَ | ہم بدلہ دیں گے اس کو | ۲۱-۲۹ |
| ۱-۳ | وَسَنَجْزِی الشّٰکِرِیْنَ | بدلہ دیں گے ہم شاکروں کو | ۳-۱۴۵ |
| ۴-۳ | وَھَلْ نُجٰزِیْ | اور نہیں ہم بدلہ دیتے | ۳۴-۱۷ |
| ۱-۹ | وَلَنَجْزِیَنَّ الَّذِیْنَ | ضرور انکو بدلہ دیں گے ہم | ۱۶-۹۶ |

۱-۹ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ ضرور ہم ان کو بدلہ دیں گے ۲۷-۱۴

۱-۴ يُجْزٰىهُ الْجَزَاءَ بدلہ دیا جاویگا ۴۱-۵۳

۱-۴ فَلَا يُجْزٰى إِلَّا پھر نہ بدلہ دیا جاویگا ۱۶۰-۶

۱-۴ يَعْمَلْ سُوْءًا يُّجْزَ بِهٖ بدلہ دیا جاوے گا ۱۲۳-۴

۱-۴ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بدلہ دیئے جاویں گے ۷۵-۲۵

۱-۴ سَيُجْزَوْنَ وہ جلدی بدلہ دیئے جاوینگے ۱۲۰-۶

۱-۴ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰى بدلہ دیا جاوے ۱۹-۹۲

۱-۴ لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ تاکہ بدلہ دیا جاوے ۱۵-۲۰

۱-۴ هَلْ تُجْزَوْنَ نہ بدلہ دئے جاؤ گے تم ۹۰-۲۷

۱-۱۵ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ وہ ہے اپنے باپ کو بچانیوالا ۳۳-۳۱

حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ جزیہ دیں ۲۹-۹

۱-۲۲ فَمَا جَزَاءُ کیا ہے بدلہ ۸۵-۲

۱-۲۲ فَجَزَاؤُهٗ جَهَنَّمُ اس کا بدلہ جہنم ہے ۹۳-۴

۱-۲۲ جَزَاؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ ان کا بدلہ بخشش ہے ۱۳۶-۳

۱-۲۲ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً تمہارا بدلہ پورا بدلہ ہے ۶۳-۱۷

جَزٰی (يَجْزِیْ جَزَاءً) الرجلَ۔ آدمی کو بدلہ دیا یا بچایا۔ جِزْيَةٌ ج جِزًی۔ جِزًی۔ جِزَاءٌ۔ ذمی سے زمین کا خراج۔ جَزَيْتُكَ الْجَوَازِیْ تونے اپنے کئے کا بدلہ پالیا۔

## جسد

عِجْلًا جَسَدًا بچھڑا ایک بدن ۱۴۸-۷

جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا بنائے ہم نے ان کے ایسے بدن ۸-۲۱

عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا اس کے تخت پر ایک ڈھیر ۳۴-۳۸

جَسِدَ (يَجْسَدُ جَسَدًا) الدَّمُ۔ خون خشک ہو کر چمٹ گیا۔ جَسَّدَ اس کو زعفران سے رنگا۔ جِسَادٌ۔ زعفران۔ جَسَدٌ۔ جسم انسان۔ زعفران۔ خشک لہو ج اَجْسَادٌ۔ جَسَدِیٌّ۔ بدنی۔ جَسِيْدٌ۔ خشک لہو، جُسَادٌ۔ پیٹ کی درد،

## جسس

۵-۱۳ وَلَا تَجَسَّسُوْا اور کسی کا بھید نہ ٹٹولو ۱۲-۴۹

جَسَّ (يَجُسُّ جَسًّا و اجْتَسَّ) پہچاننے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولا، جَسَّ الْاَرْضَ۔ وَطِئَهَا۔ جَسَّهٗ بِعَيْنِهٖ۔ تیز نظر سے اس کی طرف دیکھا۔ جَسَّ الْاَخْبَارَ۔ خبر سے بحث کی (جَسِيْسٌ ج اَجِسَّةٌ

جَاسُوْسٌ ج جَوَاسِيْسُ۔ جَسَّاسٌ) خبر کی تحقیق کرنے والا مَجَسَّةٌ وہ جگہ جہاں طبیب اپنی انگلیاں کلائی پر رکھتا ہے۔ تاکہ مرض کی تشخیص کرے جَوَاسُّ الْاِنْسَانِ۔ حواس خمسہ

## جسم

فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ علم اور جسم میں ۲۴۷-۲

تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ اچھے لگتے تجھے ان کے ڈیل ۴-۶۳

جَسُمَ (يَجْسُمُ جَسَامَةً) وہ بڑے جسم والا ہوا، جُسَامٌ۔ جَسِيْمٌ ج جِسَامٌ۔ جَسْمٌ۔ موٹا بڑا یا جسم۔ بدن یا جس چیز کا طول، عرض اور گہرائی یا اونچائی ج اَجْسَامٌ۔ جِسْمِيٌّ جسمانی مُجَسَّمٌ۔ بت،

## جعل

۱-۱ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ پیدا کیا ۲۲-۲

(خلق)

۱-۱ جَعَلَنِیْ اور کیا مجھے ۳۰-۱۹

۱-۱ وَجَعَلُوْا اور ٹھہرائے انہوں نے ۷-۳۶

۱-۱ جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ کر ڈالے اس کو چورا ۷۲-۵۱

۱-۱ اَجَعَلْتُمْ کیا تم نے کر دیا ۱۹-۹

۱-۱ جَعَلْنٰهَا بنائے ہم نے وہ درخت ۲-۵۶

۱-۱ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مقرر کیا ہم نے خانہ کعبہ ۱۲۵-۲

۱-۲ جُعِلَ السَّبْتُ مقرر کیا گیا ۱۲۴-۱۶

(فرض تعظیمہ)

۱-۳ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ بھیجے اپنے پیغام ۱۲۴-۶

۱-۳ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ... حَسْرَةً تاکہ اللہ ڈالے ۱۵۶-۳

۱-۳ وَيَجْعَلُوْنَ اور ٹھہراتے ہیں وہ ۵۷-۱۶

۱-۳ اَتَجْعَلُ فِيْهَا کیا تو کریگا تو ۳۰-۲

۱-۳ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً تاکہ ہم تم کو نمونہ بنائیں ۲۵۹-۲

۱-۷ لَنْ يَّجْعَلَ لَكُمْ کبھی نہ مقرر کریں گے ۱۸-

۱-۹ لَاَجْعَلَنَّكَ ضرور ڈالوں گا تم کو ۲۶-

۱-۱۱ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ اے رب مقرر کر واسطے ۲-

۱-۱۱ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ اور رکھ بول میرا سچا ۸۴-۲۶

(اعطنی)

۱-۱۱ اِجْعَلْ لَّنَا اِلٰهًا بنا ہماری عبادت کے لیئے ۱۳۸-۷

۱-۱۱ اِجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ — رکھ دو ان کی پونجی — ۱۲-۶۲
۱-۱۳ لَا تَجْعَلْنِیْ — نہ ملا مجھ کو (شمار نہ کر) — ۷-۱۵۰
۱-۱۳ لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً — نہ جانچ ہم پر — ۶۰-۵
۱-۱۳ لَا تَجْعَلُوا — مت ٹھہراؤ — ۵۱-۵۱
۱-۱۵ اِنِّیْ جَاعِلٌ — بنانے والا ہوں — ۲-۳۰
۱-۱۵ جَاعِلُكَ — بنانے والا ہوں تجھے — ۲-۱۲۴
۱-۱۵ لَجَاعِلُوْنَ مَا — ضرور کرنے والے ہیں — ۱۸-۸
۱-۱۵ وَجَاعِلُوْهُ — اور اس کو کرنے والے ہیں — ۲۸-۷

جَعَلَ (یَجْعَلُ جَعْلًا) بنایا۔ پیدا کیا۔ ٹھہرایا۔ جُعْل۔ مزدوری

## جفا

فَيَذْهَبُ جُفَاءً — جاتا رہتا ہے سوکھ کر — ۱۳-۱۷

جَفَأَ (یَجْفَأُ جَفَاءً) النَّهْر۔ دریا نے جھاگ اور گھاس پھونس ایک طرف پھینک دیا۔ جَفَأَ الْقِدْرُ۔ ہانڈی ابلی۔ اور جو ہانڈی میں تھا۔ وہ ضائع ہوگیا۔ جَفَأَ الرجلَ۔ آدمی کو کشتی سے زمین پر گرایا۔ جُفَاء۔ جو چیز دریا دونوں طرف پھینک دے

## جفن

۱-۲۲ جِفَانٍ كَالْجَوَابِ — اور لگن جیسے تالاب — ۳۴-۱۳

جَفَنَ (یَجْفِنُ جَفْنًا) النَّاقَةَ۔ اونٹنی کو ذبح کیا۔ پکایا اور لگن میں ڈال کر کھلایا۔ جَفَنَ نَفْسَهٗ۔ اپنے نفس کو برے کاموں سے روکا۔ جَفْن آنکھوں کے اوپر اور نیچے والے پپوٹے اور پلک ج اَجْفَان۔ جُفُوْن اَجْفُن۔ جَفْنَة۔ بڑا لگن یا چھوٹا کنواں ج جِفَن۔ جِفَان۔ جَفْنَات

## جفو

۶-۳ تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ — جدا رہتی ہیں ان کی کروٹیں — ۳۲-۱۶

(۱) جَفٰی (یَجْفُوْ جَفَاءً وجَفَاءَةً) جگہ چھوڑی۔ جَفٰی جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ۔ بستر پر بے قرار رہا (۲) جَفٰی (یَجْفُوْ جَفْوًا وجَفَاءً وَجَفًا) ظلم کیا۔ روگردانی کی۔ تَجَافٰی تَنَحّٰی۔ اپنی جگہ پر نہ ٹھیرا۔ جَافِیْ بدخو۔ تَجَافَی السَّرْجُ عَنْ ظَهْرِ الْفَرَسِ۔ گھوڑے سے کاٹھی اتر گئی۔ جَفْو۔ معاشرت میں سختی (ظلم)

## جلب

۲-۱۱ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ — اور چڑھا لا ان پر اپنے سوار — ۱۷-۶۴
مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ — اپنی چادریں — ۳۳-۵۹

جَلَبَ (یَجْلِبُ جَلْبًا وجَلَبًا) ہانکا اور لے آیا۔ جَلَبَ الْجُرْحُ زخم بھر آیا۔ اور اچھا ہوا۔ اَجْلَبَ الْقَوْمَ۔ لوگوں کو اکٹھا کیا۔ جُلْبُ۔ گھوڑے کو ڑھانا۔ اَجْلَبَهٗ۔ تَوَعَّدَهٗ بِالشَّرِّ۔ جَلَبٌ گناہ۔ جَلَّاب۔ وہ آدمی کہ غلاموں کو ایک ملک سے دوسرے ملک لے جاوے۔ جُلَّاب شہد اور گلاب کا قوام کیا ہوا شربت۔ جَلْبَبَهٗ۔ اس کو چادر پہنائی،

## جلت

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ — داؤد نے جالوت کو قتل کیا — ۲-۲۵۱

جَلَتَ (یَجْلِتُ جَلْتًا واجتلتہ) مارا۔ جالوت۔ زیادہ مارنے والا (مرد) اس کی بہادری اور شجاعت مفسرین میں مسلم ہے۔ اِجْتَلَتَهٗ۔ تمام کی تمام چیز کھا پی جانا۔ بعض کہتے ہیں، کہ یہ بادشاہ بہت ہی پیٹو تھا اسی لئے اس کا نام جالوت رکھا گیا۔ جالوت اور اس کی قوم مصر اور فلسطین کے علاقہ میں رہتی تھی، جس کی سطوت نے موسیٰ علیہ السلام کے بعد اسرائیل کے بچوں کو قید بنایا، اور خود بنی اسرائیل کو جلاوطن کیا۔ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَائِنَا

## جلد

۱-۱۱ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ — ہر ایک کو مارو — ۲۴-۲
مِائَةَ جَلْدَةٍ — سو درّے — ۲۴-۲
نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ — جل جاوے گی ان کی کھال — ۴-۵۶
بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا — بدل دیں گے ہم اور کھال — ۴-۵۶

(۱) جَلَدَ (یَجْلِدُ جَلْدًا) کوڑا مارا۔ جَلَدَ بِہِ الْاَرْضَ اس کو زمین پر گرایا (۲) جَلُدَ (یَجْلُدُ جَلَدًا وجَلَادَةً وجُلُوْدَةً ومَجْلُوْدًا) صاحبِ قوت، صبر اور صلابت ہوا۔ جَلَّدَ الْكِتَابَ۔ کتاب کی جلد بنائی۔ جَالَدَهٗ۔ اس کو تلوار سے مار ڈالا۔ جِلْد ج جُلُوْد و اَجْلَاد چمڑہ۔ جِلْدَة ج جِلَد۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا۔ جَلَّاد [illegible] یا تلوار مارنے والا۔ جَلَدَ الشَّاةَ۔ بکری کی کھال اتاری۔

## جلس

۱-۱۸ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ — کھل کر بیٹھو مجلسوں میں — ۵۸-۱۱

جَلَسَ (یَجْلِسُ جُلُوْسًا ومَجْلِسًا) بیٹھا۔ فا۔ جَالِس ج جُلُوْس جُلَّاس۔ جَلَّسَهٗ۔ جلوس میں اسے جگہ دی۔ جِلْسَة اسم جلسہ بیٹھنے کی حالت۔ مَجْلِس۔ بیٹھنے کی جگہ ج مَجَالِس۔ جَالَسَهٗ اپنے ساتھ اسے بٹھایا۔ فا۔ جَلِيْس ج جُلَسَاء

## جل

ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ — بزرگی اور عظمت والا — ۵۵-۲۷

(ذوالعظمۃ)

ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ — بڑائی اور عظمت والا — ۵۵-۷۸

جَلَّ (یَجِلُّ جَلَالًا وجَلَالَۃً) صاحب عزت ہوا۔ جَلَّ فِیْ عَیْنِیْ
جل عمر مرتبہ میں میری آنکھوں میں بڑا ہوا۔ فا۔ جَلِیْلٌ ج اَجِلَّاءُ وَاَجِلَّۃٌ
وجِلَّۃٌ۔ جِلٌّ وجَلٌّ وجَلَال وجُلَال۔ جَلَّ الفَرَسَ۔ گھوڑے
کو جل پہنایا۔ جَلَّ (یَجُلُّ جُلُولًا وجَلًّا) ایک ملک سے دوسرے ملک
چلا گیا۔ فا۔ جَالٌّ ج جَالَّۃ۔ جُلٌّ۔ چارپایوں کا کپڑا ج جِلَال۔ اَجَلّ
بہت بڑا۔

## جلو

۱-۳ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا — جب اس کو روشن کرے — ۹۱-۳

۱-۵ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ — پھر جب روشنی کی (تجلی کیا) — ۷-۱۴۳

(ظہر من نورہ)

۱-۵ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی — جب روشنی کی — ۹۲-۲

(بان وظہر)

۳-۳ لَا یُجَلِّیْهَا (یظہرھا) — نہ کھول دکھلا دیگا اسکو — ۷-۱۸۷

۱-۲۲ عَلَیْهِمُ الْجَلَاءَ — انپر جلاوطن ہونا — ۵۹-۳

(۱) جَلَا (یَجْلُو جَلَاءً) ظاہر ہوا۔ جَلَا عَنْ بَلَدِہٖ۔ اپنے ملک سے نکلا
جَلَا الشَّیْءَ۔ عَلَا (۲) جَلَا (یَجْلُو جَلْوًا وجَلَاءً) الامر کَشَفَہٗ
جَلَی الرَّجُلَ۔ آدمی کو وطن سے نکالا (۳) جَلَا (یَجْلُو وجَلّٰی) الزوجُ
عُرُوسَہٗ۔ خلوت میں مرد نے عروس کو کچھ دیا۔ اس چیز کو جِلْوَہ کہتے ہیں
جَلَی السَّیْفَ۔ صَقَلَہٗ۔ جَلَّی الفَرَسُ۔ گھوڑا میدان میں سبقت
لے گیا۔ جِلَاءٌ۔ سرمہ

## جمح

۱-۳ وَهُمْ یَجْمَحُوْنَ — وہ رسیاں تڑاتے ہیں — ۹-۵۸

(یسرعون سراعًا)

جَمَحَ (یَجْمَحُ جَمْحًا وجِمَاحًا وجُمُوحًا) الفرسُ۔ گھوڑے
نے سوار کو بے بس کر دیا، اور اس کے قابو سے نکل گیا (توسنی کرد اسپ)
فا۔ جامحٌ ج جوامحُ۔ جَمَحَتِ المَرْاَۃُ زوجَہا۔ عورت نے
اپنے گھر اور خاوند سے بے وفائی کی۔ اور زبردستی میکے گھر چلی گئی جَمَحَ
الرجلُ۔ آدمی مرضی کا غلام ہوا، کہ اسے کوئی روک نہ سکے۔ جُمَّاح
وہ لشکر جو ہزیمت میں دوڑ جائے اور روکا نہ جاسکے

## جمد

۱-۱۵ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً — گمان کرے تو انکو جمنے والا — ۲۷-۸۸

(ثابتۃ فی مکانہا)

جَمَدَ (یَجْمُدُ جَمْدًا وجُمُودًا) الماءُ۔ پانی ٹھہر گیا، اور بے
حس و حرکت ہو گیا، یا جم کر برف ہو گیا۔ جَمَدَ الدَّمُ۔ خون خشک ہو
جَمَدَتْ یَدُہٗ۔ وہ بخیل ہو گیا۔ جَمَدَ عَیْنُہٗ۔ اس کی آنکھیں رونے
سے بس ہو گئیں۔ اَجْمَدَ۔ بخیل ہوا۔ یا ماہ جمادی میں داخل ہو گیا
جَمَاد ج جَمَادَات۔ پتھر وغیرہ بے جان چیزیں سَنَۃٌ جَمَادٌ جس
سال بارش نہ ہو۔ جامدٌ ج جوامد۔ جمادی الاول، جمادی
الآخرہ پانچواں اور چھٹا مہینہ قمری سال میں

## جمع

۱-۱ جَمَعَ مَالًا — سمیٹا مال — ۱۰۴-۲

۱-۱ فَجَمَعَ کَیْدَهٗ — اکٹھا کیا اپنا داؤ — ۲۰-

۱-۱ لَجَمَعَهُمْ عَلَی — جمع کر دیتا اُن کو — ۶-

۱-۱ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ — جمع کیا ہے انہوں نے — ۳-

(المجموع لیستأصلوکم)

۱-۱ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ — جب ہم انکو جمع کریں گے — ۳-

۱-۱ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا — جمع کریں گے ہم — ۱۸-

۱-۲ وَاَجْمَعُوْا (عزموا) — اور متفق ہوئے — ۱۲-

۱-۲ اِذْ اَجْمَعُوْا اَمْرَهُمْ — جب ٹھہرایا انہوں نے اپنا کام — ۱۲-

۱-۷ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ — اسکے لئے سب جمع ہو جاویں — ۲۲-

۱-۷ اِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ — اگر جمع ہو جاویں انس — ۱۷-

۱-۲ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ — اکٹھے کئے گئے جادوگر — ۲۶-

۱-۲ وَجُمِعَ الشَّمْسُ — اور اکٹھے کئے جاویں سورج چاند — ۷۵-

۱-۳ یَجْمَعُ اللّٰهُ — جمع کرے گا اللہ — ۵-

۱-۳ مِمَّا یَجْمَعُوْنَ — وہ جمع کرتے ہیں — ۱۰-

۱-۳ وَاَنْ تَجْمَعُوْا — اور یہ کہ اکٹھا کرو — ۴-

۱-۷ اَنْ لَّنْ نَّجْمَعَ — کبھی نہ اکٹھا کریں گے ہم — ۵-

۱-۹ لَیَجْمَعَنَّکُمْ — ضرور تم کو اکٹھا کرے گا — ۴-

۱۱-۶ اَجْمِعُوْا اَمْرَكُمْ — مل کر مقرر کر و اپنا کام — ۱۵-۷۱
۱۵- اِنَّكَ جَامِعُ — تو جمع کرنے والا ہے — ۳-۹
۱۵- عَلٰی اَمْرٍ جَامِعٍ (كالحرب — کسی جمع ہونے کے کام میں — ۲۴-۶۲
والجمعة والمشورة)
۱۵- هَلْ اَنْتُمْ مُجْتَمِعُوْنَ — تم بھی اکٹھے ہوگے — ۲۶-۳۹
۱۶- مَجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ — اس (دن) کیلئے سب لوگ اکٹھے کئے جائینگے — ۱۱-۱۰۴
۱۶- لَمَجْمُوْعُوْنَ — البتہ اکٹھے کئے جاؤ گے — ۵۶-۵۰
۱۸- مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ — جگہ ملنے دو دریاؤں کی — ۱۸-۶۰
۱۷- لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا — نہ لڑیں گے تمہارے ساتھ اکٹھے ہوکر — ۵۹-۱۴
(مجتمعين)
۱۷- وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ — اور ہم تمام — ۲۶-۵۶
۱۷- وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ — اور جو اس کے ساتھ ہیں سب — ۲۶-۶۵
وَجُنُوْدُ ... اَجْمَعُوْنَ — اور ابلیس کا لشکر سب — ۲۶-۹۵
۲۲-۱ لِيَوْمِ الْجَمْعِ — جمع ہونے کے دن — ۶۴-۹
۲۲-۱ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ — دن ملنے دو جماعت کے — ۸-۴۱
۲۲-۱ مَاۤ اَغْنٰى ... جَمْعُكُمْ — تمہاری جماعت نے — ۷-۴۸
(مالكم وكثرتكم)
۲۲-۱ وَاَكْثَرُ جَمْعًا — اور زیادہ مال کی جمع — ۲۸-۷۸
۲۲-۱ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ — ہزیمت دی جاوے گی فوج — ۵۴-۴۵
فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا — گھس جانے والے اس وقت فوج میں — ۱۰۰-۵
۲۲-۱ وَجَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ — اس کا اکٹھا کرنا — ۷۵-۱۷
مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ — دن جمعہ کے — ۶۲-۹

جَمَعَ (يَجْمَعُ جَمْعًا) اکٹھا کیا۔ جُمِعَتِ الجمعة۔ نماز جمعہ کی اقامت ہوگئی۔ اَجْمَعَ القَوْمُ۔ قوم متفق ہوگئی۔ جَمْعٌ ج جُمُعٌ وجُمُعَاتٌ۔ جماعت ج جماعات۔ جامع ج جوامع وہ مسجد جہاں جمعہ پڑھا جاوے۔ جامع کلام جس کلام میں لفظ تھوڑے ہوں اور معانی بہت ہوں۔ جميع۔ جماعت، فوج۔ جمعية ج جمائع اجمع۔ تاکید کے لئے ج اَجْمَعُوْن۔ مَجْمَع۔ اکٹھا یا جمع ہونے کی جگہ۔

## جمل

۱۶-۱ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ — اور صبر ہی بہتر ہے — ۱۲-۱۸
۱۷-۱ سَرَاحًا جَمِيْلًا — اچھی طرح سے رخصت کرنا — ۳۳-۲۸
۲-۱ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ — کنارہ کر اچھی طرح کنارہ — ۱۵-۸۵
۲۲-۱ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ — اور تمہارے لئے ان میں عزت ہے — ۱۶-۶
(زينة)
حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ — گھس جائے اونٹ — ۷-۴۰
كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ — گویا وہ اونٹ ہیں زرد — ۷۷-۳۳
جُمْلَةً وَّاحِدَةً — سارا ایک جگہ ہو کر — ۲۵-۳۲

جَمَلَ (يَجْمُلُ جَمْلًا) الشيءَ۔ اکٹھا کیا۔ جَمُلَ (يَجْمُلُ جَمَالًا) شکل اور سیرت میں خوبصورت ہوا۔ فا۔ جَمِيْلٌ م جَمِيْلَة۔ اَجْمَلَ الشيءَ مختصر بیان کیا۔ اَجْمَلَ فِي الْعَمَلِ۔ کام اچھا کیا۔ تَجَمَّلَ خوبصورت ہوا، خوبی دکھائی۔ جَمَلٌ ج جِمَال۔ اَجْمَال۔ جُمَل۔ اونٹ۔ جَمَّال۔ شتربان۔ مُجْمَل۔ حساب مختصر

## جمم

۲۲-۱ حُبًّا جَمًّا (كثيرًا) — جی بھر کر — ۸۹-۲۰

جَمَّ (يَجُمُّ جُمُوْمًا) الماءُ۔ پانی زیادہ جمع ہوگیا۔ جَمَّ (يَجُمُّ جَمًّا وجِمَامًا وجُمَامًا وجَمَامًا) الكيلُ۔ ماپ کو چوٹی لگا کر بھرا۔ اِسْتَجَمَّ البئرَ۔ کنواں چھوڑ دیا تاکہ پانی سے پھر بھر جائے۔

## جنب

۳-۵ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى — بچ رہے گا اس سے — ۸۷-۱۱
(يبعد عنها)
۳-۷ يَجْتَنِبُوْنَ — جو بچتے ہیں — ۵۳-۳۲
۳-۷ اِنْ تَجْتَنِبُوْا — اگر بچتے رہو گے — ۴-۳۱
۹-۴ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى — اور ایک طرف کیا جاویگا اس سے — ۹۲-۱۷
۱۱-۱ وَاجْنُبْنِيْ (بعدني) — اور دور رکھ مجھ کو — [illegible]
۱۱-۷ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ — سو بچتے رہو گندگی سے — ۲۲-۳۰
۱۱-۷ فَاجْتَنِبُوْهُ — پس بچتے رہو اس سے — ۵-۹۰
فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ — اللہ کی بندگی میں — ۳۹-۵۶
(في طاعته)
وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ — اور پاس بیٹھنے والے — ۴-۳۶
دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ — بلاتا ہے ہم کو لیٹا ہوا — ۱۰-۱۲
(مضطجعًا)
وَعَلٰى جُنُوْبِهِمْ — اور کروٹ پر لیٹے ہوئے — ۳-۱۹۱

| | | |
|---|---|---|
| وَعَلٰی جُنُوبِكُمْ | اور اپنی کروٹوں پر | ۱۰۲-۴ |
| وَجَبَتْ جُنُوبُهَا | جب گر پڑے ان کی کروٹ | ۳۶-۲۲ |
| وَالْجَارِ الْجُنُبِ | ہمسایہ اجنبی | ۳۶-۴ |
| عَنْ جُنُبٍ | اجنبی ہوکر | ۱۱-۲۸ |
| وَلَا جُنُبًا | اور نہ اسوقت کہ غسل کی حاجت ہو | ۴۳-۴ |
| جَانِبِ الطُّورِ (ج جوانب) | طور کے کنارے یا طرف | ۲۹-۲۸ |
| بِجَانِبِهٖ | اپنا پہلو | ۸۳-۱۷ |

جَنَبَ (يَجْنُبُ جَنْبًا) دفعہ کیا، اور دور رہا ۔ اور ذات الجنب پہنچا، جَنَبَ (يَجْنُبُ جُنُوبًا) الريحُ ۔ جنوب کی ہوا چلی ۔ جَنُبَ (يَجْنُبُ جَنَابَةً) الرجلُ ۔ تنجّس ۔ پلید ہوا ۔ جُنِبَ ۔ اس کو ذات الجنب ہو گیا اور وہ آدمی مَجْنُوب ہے ۔ جَنْب ج اَجْنَاب ۔ جُنُوب ۔ پہلو ۔ جَنِبَ اِلَيْهِ ۔ اس کی طرف مائل ہوا، جُنُب ۔ سرکش ۔ مسافر ۔ دور ۔ جنبی ۔ جنوب الٹ شمال ۔ اَجْنَب ج اَجَانِب ۔ وہ اجنبی ہوا ۔ جُنَّاب ۔ اجنبی ۔ قا جانب ج جُنَّاب ۔ جناب ۔ درگاہ،

## جنح

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ وَإِنْ جَنَحُوا (مالوا) | اگر جھکیں وہ | ۶۱-۸ |
| ۱-۱۱ فَاجْنَحْ لَهَا (مل) | پھر جھک اسی کی طرف | ۶۱-۸ |
| جَنَاحَ الذُّلِّ | کندھے عاجزی کر کر | ۲۴-۱۷ |
| يَدَكَ إِلٰى جَنَاحِكَ | اپنا ہاتھ اپنی بغل سے | ۲۲-۲۰ |
| وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ | اور اپنے بازو نیچے رکھ | ۲۱۵-۲۶ |
| يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ | اڑتا ہے اپنے دونو بازوؤں پر | ۳۸-۶ |
| أُولِي أَجْنِحَةٍ | جن کے پر ہیں | ۱-۳۵ |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ | اس پر گناہ نہیں ہے | ۱۵۸-۲ |

جَنَحَ (يَجْنَحُ جُنُوحًا) جھکا ۔ جَنَحَتِ السَّفِينَةُ ۔ کشتی تھوڑے پانی میں آکر زمین سے لگ گئی ۔ جَنَحَ اللیلُ ۔ رات آگئی ۔ جَنِحَ (يَجْنَحُ جَنَحًا) الطيرُ ۔ پرندہ کے پر پر چوٹ آگئی ۔ جَنَّحَ الرجلَ ۔ آدمی کو گناہ کی نسبت دی ۔ جَنْحُ الطريق ۔ راستہ کے پہلو ۔ جناح ۔ پرندہ کے بازو ۔ آدمی کے ہاتھ ۔ بغل ۔ ڈولے ۔ کندھا ۔ طرف ج اَجْنُح ۔ اَجْنِحَة

## جند

| | | |
|---|---|---|
| وَأَضْعَفُ جُنْدًا | کس کی فوج کمزور ہے | ۷۵-۱۹ |
| هُوَ جُنْدٌ لَكُمْ (اعوانکم) | فوج تمہارے لیئے | ۲۰-۶۷ |
| مِنْ جُنْدٍ مِنَ السَّمَآءِ | کوئی فوج آسمان سے | ۲۸-۳۶ |
| طَالُوتُ بِالْجُنُودِ | فوجیں لے کر | ۲۴۹-۲ |
| وَجُنُودُ إِبْلِيسَ | ابلیس کا لشکر | ۹۵-۲۶ |
| جُنُودَ رَبِّكَ | تیرے رب کے لشکر | ۳۱-۷۴ |
| رِيحًا وَجُنُودًا | ہوا اور فوجیں | ۹-۳۳ |

جَنَّدَ (الجنود) لشکر اکٹھا کیا ۔ تَجَنَّدَ ۔ وہ لشکری بنا ۔ جُنْد ج اَجْنَاد ۔ جُنُود ۔ اجناد الشام ۔ دمشق، حمص، قنسرین، اردن، فلسطین،

## جنف

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲۲ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا (میلا عن الحق) | طرفداری کا | ۱۸۲-۲ |
| ۱۵-۶ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ (مائل) | نہ مائل ہونے والا | ۳-۵ |

جَنَفَ (يَجْنِفُ جُنُوفًا و جَنِفَ يَجْنَفُ جَنَفًا) عن الطريق راستہ چھوڑ دیا ۔ جَنِفَ " " " " ۔ وَاَجْنَفَ (فی وصیتہ) وصیت میں طرفداری کی ۔ قا ۔ جَنِفٌ واَجْنَفُ م جَنْفَاء ج جُنْف ۔ جَانَفَ اَهْلَهُ (جِنَافًا) بعض پر اپنے اہل سے الگ ہوگیا ۔ تَجَانَفَ لِلْاِثْمِ ۔ گناہ کی طرف مائل ہوا ۔ مُتَجَنِّف ۔ جو طبعًا حق کے خلاف ہو

## جنن

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ | اندھیرا کیا اس پر رات نے | ۷-۶ |
| جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ | ایک باغ کھجور سے | ۶۶-۲ |
| أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ | جنت والے | ۴-۷ |
| وَادْخُلِي جَنَّتِي | داخل ہو میری جنت میں | -۸۹ |
| جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ | دو باغ دائیں بائیں | -۳۴ |
| جَنَّتَانِ | دو باغ | -۵۵ |
| جَنَّتَيْنِ | دو باغ | -۳۴ |
| بِجَنَّتَيْهِمْ | دو باغوں کے بدلے | -۳۴ |
| جَنّٰتُ عَدْنٍ | بہشت ہمیشہ کے | -۱۳ |
| لَهُمْ جَنّٰتٌ | ان کے لیئے بہشت ہیں | ۵-۲ |
| إِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ | جب تم بچے تھے | ۵۳ |

| | | |
|---|---|---|
| اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً | ڈھال | ۱۶-۵۸ |
| شُرَكَاءَ الْجِنَّ | شریک جنوں کو | ۱۰۰-۶ |
| بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ | خدا اور جنوں کے درمیان | ۱۵۸-۲۷ |
| عَلِمَتِ الْجِنَّةُ | جانا جنوں نے | ۱۵۸-۲۷ |
| مِنَ الْجِنَّةِ | جنوں سے | ۶-۱۱۴ |
| وَالْجَانَّ خَلَقْنٰهُ | اور جنوں کے باپ کو ہم نے پیدا کیا | ۲۷-۱۵ |
| وَخَلَقَ الْجَانَّ | اور بنایا جن کو | ۱۵-۵۵ |
| اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ | کسی انسان اور نہ جن نے | ۳۹-۵۵ |
| كَاَنَّهَا جَآنٌّ | سانپ کی رنگت سفید پتلا سانپ | ۱۰-۲۷ |
| مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ | تمہارے صاحب کو دیوانگی نہیں | ۱۸۴-۷ |
| بِهٖ جِنَّةٌ | اس کو سودا ہے | ۲۵-۲۳ |
| سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ | جادوگر یا دیوانہ | ۵۲-۵۱ |
| مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ | سکھلایا ہوا، باؤلہ | ۱۴-۴۴ |

(۱) جَنَّ (يَجُنُّ جَنًّا وَجُنُوْنًا) اللَّيْلُ۔ رات نے پردہ کیا (۲) جَنَّ (يَجِنُّ جَنًّا) الْجَنِيْنُ فِي الرَّحِمِ جنین رحم میں چھپا (۳) جُنَّ (جَنًّا وَجُنُوْنًا) عقل زائل ہو گئی یا بگڑ گئی مفعو مَجْنُوْن ج مَجَانِيْن۔ جَنَّ عَنْهُ اس سے چھپ گیا، جَنَّ الْاَرْضُ۔ زمین نے انگوری نکالی، اور چھپ گئی۔ اَجَنَّ الْمَيِّتَ۔ مردہ کو کفن پہنایا، اور دفن کر دیا۔ تَجَنَّنَ۔ دیوانہ ہو گیا تَجَانَّ، جان بوجھ کر دیوانہ بنا رہا) جِنٌّ۔ مخلوق واحد جِنِّيٌّ۔ دیوانگی جَانٌّ اسم جمع جن کے لئے ج جِنَّانٌ۔ جَنَّة۔ باغ ارضی یا سماوی ج جِنَانٌ جَنَّاتٌ۔ جُنَّةٌ ج جُنَنٌ۔ ڈھال۔ جَنَنٌ۔ قبر، کفن، میت ج اَجْنَانٌ جَنَانٌ۔ دل، رات۔ جَنِيْنٌ، ہر چیز مستور۔ قبر یا مقبور، بچہ جب تک ماں کے پیٹ میں رہے ج اَجِنَّةٌ و اَجْنُنٌ

## جنی

| | | |
|---|---|---|
| وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ | اور دو باغوں کا میوہ | ۵۴-۵۵ |
| (۷) رُطَبًا جَنِيًّا | پکی کھجوریں | ۲۵-۱۹ |

(۱) جَنٰى (يَجْنِيْ جَنْيًا وَجَنًى) الثَّمَرَ۔ پھل کو درخت سے آتارا، (۲) جَنٰى (يَجْنِيْ جَنْيًا) الذَّهَبَ۔ سونے کو کان سے چنا، (۳) جَنٰى (يَجْنِيْ جِنَايَةً) اس نے گناہ کمایا۔ فا۔ جَانٍ ج جُنَاةٌ م۔ جَانِيَةٌ ج جَوَانٍ۔ اَجْنَى الشَّجَرُ۔ درخت بار آور ہوا۔ جَنًى ج اَجْنَاءٌ و اَجْنٍ۔ ہر چیز چنی جاوے، خواہ میوہ ہو یا سونا یا شہد ثَمَرٌ

جَنٰى پھل تروتازہ

## جوب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ | تراشا پتھر کو | ۹-۸۹ |
| | (قطعوا) | | |
| ۲-۱ | اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ | تم نے کیا جواب دیا رسولوں کو | ۶۵-۲۸ |
| ۱-۱۱ | فَاسْتَجَابَ لَهُمْ | قبول کی انکی دعا | ۱۹۵-۳ |
| ۱-۱۱ | اِسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ | حکم مانا اللہ کا | ۱۷۲-۳ |
| ۱-۱۱ | فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ | میری بات کو تم نے مان لیا | ۲۲-۱۴ |
| ۱-۱۱ | فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ | ہم نے اس کی فریاد سنی | ۷۶-۲۱ |
| ۲-۲ | اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا | تم دونوں کی دعا قبول کی گئی | ۸۹-۱۰ |
| ۲-۲ | مَاذَا اُجِبْتُمْ | تم کو کیا جواب دیا گیا | ۱۰۹-۵ |
| ۲-۱۱ | مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ | اسکو مانا جا چکا | ۱۶-۴۲ |
| ۳-۲ | يُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ | کون پہنچتا ہے بے قرار کو | ۶۲-۲۷ |
| ۳-۲ | وَمَنْ لَّا يُجِبْ | اور جو نہ مانے گا | ۳۲-۴۶ |
| ۳-۲ | اُجِيْبُ | قبول کرتا ہوں میں | ۱۸۶-۲ |
قَنِعَ (یَقْنَعُ قَنَعًا و قَنَاعَۃً و قُنْعَانًا) تھوڑے پر صبر کیا۔ قَنَعَ (یَقْنَعُ قُنُوْعًا) سوال کیا اور عاجزی کی۔ اَقْنَعَ رَاْسَہٗ او صَوْتَہٗ اپنا سر یا آواز بلند کیا۔ اَقْنَعَ الشَّاۃُ۔ بکری دودھ پر چڑھ آئی۔ اَقْنَعَ یَدَیْہِ فِی الصَّلٰوۃِ۔ نماز میں ہاتھ لمبے کئے اور دعا کی۔ تَقَنَّعَ۔ قناعت ظاہر کی۔ قَانِعٌ ج قَانِعُوْنَ۔ قُنَّاعٌ

## قنو

قِنْوَانٌ دَانِیَۃٌ (عذاقین) گچھے جھکے ہوئے ۶-۹۹

قَنَا (يَقْنُو قَنْوًا و قُنْوَانًا و قُنُوًّا و اَقْتَنٰى) المالَ۔ مال جمع کیا اور اس کو اپنے لئے رکھا قَنًا۔ قِنَا۔ قِنْو۔ گچھا ج اَقْنَاء۔ قِنْيَان۔ قِنْوَان

## قنی

۲-۱ اَغْنٰى وَ اَقْنٰى اسی نے دولت دی اور خزانہ دیا ۵۳-۴۸

قَنٰى (يَقْنِيْ وَ قَنِيَ يَقْنٰى قَنْوًا و قُنًّا و اَقْنٰى وَ اقْتَنٰى وَ اسْتَقْنٰى) الحیاءَ۔ حیا کو خزانہ بنایا۔ یا لازم پکڑا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ۔ اللہ نے اسے غنی بنایا۔

## قوب

۱-۱ قَابَ قَوْسَيْنِ (قدر) فرق دو کمان کی برابر ۵۳-۹

قَابَ (يَقُوْبُ قَوْبًا) الرجلُ۔ قَرُبَ۔ هَرَبَ۔ قِيْب۔ قَاب مقدار (نصف وتر قوس (هو علٰى قَابِ قَوْس) کنایہ از قرب قُوْبَة ایک جلدی بیماری ہے جس میں بدن سے چھلی کی طرح چھلکے اترنے لگتے ہیں

## قوت

۲-۱۵ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا قدرت رکھنے والا ۴-۸۵

(مقتدر ا)

وَقَدَّرَ فِيْهَا اَقْوَاتَهَا اور ٹھہرائی اس میں خوراکیں اس کی ۴۱-۱۰

قَاتَ (يَقُوْتُ قَوْتًا و قِيَاتَةً) الرجلَ۔ رزقه۔ عاله قوت ج اقوات خوراک۔ مُقِيْتٌ۔ المقتدر الحافظ الشيء من اسماء الحسنٰى

## قوس

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى دو کمان یا اس سے بھی نزدیک ۵۳-۹

قَوِسَ (يَقْوَسُ قَوَسًا و تَقَوَّسَ) الرجلُ۔ کبڑا ہو گیا۔ تَقَوَّسَهُ الشيبُ۔ اسے بڑھاپے نے کبڑا کر دیا۔ قَوْس۔ کمان مؤنث۔ ذکر، اسم تصغیر قُوَيْسَة۔ اَقْوَس کبڑا۔ قَوْس۔ ڈاٹ، پل یا دروازہ، کبڑا پن۔ آسمان میں ایک برج کا بھی نام ہے۔

## قوع

قَاعًا صَفْصَفًا (منبسطا) صاف میدان ۲۰-۱۰۶

كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ (واحد قاع) ریت جنگل میں ۲۴-۳۹

قاع۔ میدان ج اَقْوَاع۔ اَقْوُع۔ قِيْعٌ۔ قِيْعَان۔ قِيْعَةُ الدار۔ قاع الدار۔ دالان (پنجابی ویہڑا)

## قول

۱-۱ قَالَ رَبُّكَ کہا تیرے رب نے ۲-۳۰

۱-۱ قَالَا رَبَّنَا بولے دونوں اے رب ہمارے ۷-۲۳

۱-۱ قَالُوْا اِنَّا مَعَكُمْ بولے ہم سب تمہارے ساتھ ہیں ۲-۱۴

۱-۱ قَالَتْ رَبِّ کہنے لگی ۳-۴۷

۱-۱ قَالَتِ الْيَهُوْدُ کہا یہود نے ۲-۱۱۳

۱-۱ قَالَتَا اَتَيْنَا وہ بولے دونوں ۴۱-۱۱

۱-۱ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ وہ بولیں حاشا للہ ۱۲-۳۱، ۱۲-۵۱

۱-۱ ءَاَنْتَ قُلْتَ کیا تو نے کہا ۵-۱۱۶

۱-۱ وَاِذْ قُلْتُمْ جب تم نے کہا ۲-۶۱

۱-۱ مَا قُلْتُ لَهُمْ میں نے ان کو کچھ نہیں کہا ۵-۱۱۷

۱-۱ قُلْنَا ہم نے کہا ۲-۳۴

۵-۱ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا اور یہ بنا لایا ہم پر ۶۹-۴۴

۵-۱ تَقَوَّلَهٗ (اختلق القرآن) قرآن خود بنا لایا ۵۲-۳۳

۳-۱ مَنْ يَّقُوْلُ جو کہتا ہے ۲-۸

۳-۱ يَقُلْ مِنْهُمْ کہے ۲۱-۲۹

۳-۱ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ اب کہیں گے بے وقوف ۲-۱۴۲

۳-۱ حَتّٰى يَقُوْلَا کہتے ہیں دونو ۲-۱۰۲

۳-۱ تَقُوْلُوْنَ وہ سب ضرور کہتے ہیں ۲-۶۴

۳-۱ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ وہ بولے کیا کچھ اور بھی ہے ۵۰-۳۰

۱۳-۱ لَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ نہ کہہ ان کو ہوں ۱۷-۲۳

۳-۱ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ یا کہتے ہو اللہ پر ۲-۸۰

۱۳-۱ لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا نہ کہو راعنا ۲-۱۰۴

۳-۱ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اور میں نہیں کہتا تم کو ۱۱-۳۱

۵-۱ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ کیا میں نے نہ کہا تم کو ۲-۳۳

۳-۱ اِنْ نَّقُوْلُ ہم تو یہی کہتے ہیں ۱۱-۵۴

۹-۱ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ ضرور کہے گا ۱۱-۱۰

۹-۱ لَيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ضرور کہیں گے ۱۱-۸

۹-۱ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ ہم ضرور کہیں گے ۲۷-۴۹

۴-۱ مَا يُقَالُ لَكَ تجھے وہی کہا جاتا ہے ۴۱-۴۳

۱۱-۱ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کہو اللہ ایک ہے ۱۱۲-۱

۱۱-۱ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا کہو دونوں اسے بات ۲۰-۴۴

۱۱-۱ قُوْلُوْا حِطَّةٌ کہو بخشش ۲-۵۸

۱۱-۱ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ کہیو میں نے مانا ہے رحمٰن کا ۱۹-۲۶

قَلَّ يَقِلُّ قُلًّا وقِلَّةً (ضد كثر) قَلَّ الرجلُ۔ مال کم ہوگیا۔ اَقَلَّ الشئ
کم کیا۔ اَقَلَّتْهُ الرِّعْدَۃُ۔ اس کو کپکپی پہنچی۔ قُلَّۃٌ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ایک انسان کی
ایک جماعت۔ قَلِيْلٌ ج قَلِيْلُوْنَ۔ اَقِلَّاءُ۔ قُلَلٌ قُلُوْنَ۔ اِسْتِقْلَال
مُسْتَقِلٌّ برداشت کرنا، برداشت کرنے والا۔ قُلَّۃٌ چھوٹی دیوار

## قلم

| | | |
|---|---|---|
| ن وَالْقَلَمِ | قسم ہے قلم کی | ۱-۶۸ |
| عَلَّمَ بِالْقَلَمِ | علم سکھایا قلم سے | ۴-۹۶ |
| مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ | جتنے درخت ہیں قلم ہوں | ۲۷-۳۱ |
| يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ | ڈالتے تھے اپنے قلم | ۴۴-۳ |

قَلَمَ يَقْلِمُ قَلْمًا وَقَلَّمَ۔ اَلْقَلَمَ۔ قلم کو تراشا۔ قَلَّمَ الظُّفُرَ۔ ناخن اتارا
سر قلم کرنا۔ مار ڈالنا۔ قَلَمٌ ج اَقْلَامٌ۔ قِلَامٌ۔ مگر یہ لفظ قلم تراشنے کے بعد
مستعمل ہوتا ہے۔ قلم تراشنے سے پہلے قلم کو یَرَاعَۃٌ یا قَصَبَۃٌ کہا جاتا ہے
قُلَامَۃٌ۔ جو قلم تراشنے میں قلم سے اترے۔ اِقْلِيْمٌ ج اَقَالِيْمُ۔ مُقَلَّمَۃٌ۔
وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو۔ مِقْلَامٌ مرجاتو۔ مَقْلُوْمٌ جس کی حجامت بن
چکی ہے۔ مِقْلَمَۃٌ ج مَقَالِمُ۔ قلمدان لہ ہزار دن میں قلمیں ڈالنے والے ۹۹ آدمی

## قلی

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ وَمَا قَلٰی (بغضاک) | نہ بیزار ہوا | ۳-۹۳ |
| ۱۵-۱ مِنَ الْقَالِيْنَ | البتہ بیزار ہوں | ۱۶۸-۲۶ |

(المبغضین (اسی بغضا))

قَلٰی يَقْلِي قَلْيًا (دَقْلِيَ يَقْلِيٰ قِلًى وَقَلَاءً) وَمَقْلِيَةً۔ اَبْغَضَہٗ
قا۔ قَالٍ ج مِنَ الْقَالِيْنَ۔ قَلَى اللَّحْمَ۔ گوشت بھونا۔ مِقْلَاۃٌ مِقْلٰی
ج مَقَالٍ۔ فری پان یا کڑاہی۔ قَلَاءٌ بادرچی۔ قُلَلٌ۔ پہاڑوں کی چوٹیاں یا انسانی
کھوپڑی۔

## قمح

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶-۲ فَهُمْ مُقْمَحُوْنَ | پھر انکے سر اونچے ہو رہے ہیں | ۸-۳۶ |

(رافعون رؤسہم)

قَمَحَ يَقْمَحُ قُمُوْحًا وَقِمَاحًا وَتَقَمَّحَ وَاقْتَمَحَ البَعِيْرُ۔
اونٹ پانی پی چکا اور سر اونچا کیا۔ اَقْمَحَ الغُلُّ الاَسِيْرَ۔ طوق نے قیدی
کا سر اونچا کر دیا۔ اَقْمَحَ الرجلُ وَغَضَّ بَصَرَہٗ۔ آدمی نے سر اٹھایا
اور دور دیکھا۔ قُمْحٌ۔ گندم۔ ایک دانہ کو قُمْحَۃٌ کہتے ہیں۔

## قمر

| | | |
|---|---|---|
| وَالْقَمَرُ | اور چاند | ۱۸-۲۲ |
| قَمَرًا مُّنِيْرًا | چاند روشن | ۶۱-۲۵ |
| كَلَّا وَالْقَمَرِ | قسم ہے چاند کی | ۳۲-۷۴ |
| وَالْقَمَرَ | اور چاند کو | ۴-۱۲ |

قَمِرَ يَقْمَرُ قَمَرًا) الشئ۔ بہت روشن ہوئی۔ اَقْمَرَ اللَّيْلُ۔ رات
چاندنی ہوئی۔ قَمْرَاءُ۔ چاندنی رات۔ اَقْمَرَ الهِلَالُ۔ ہلال قمر ہوگیا۔ تَقَمَّرَ
چاندنی رات میں شکار کو نکلا۔ قَمَرٌ جدید معلومات کے مطابق زمین سے ۲۴۰۰۰۰
میل کے فاصلے پر زمین کے گرد چکر لگانیوالا ایک سیارہ ہے جو کہ خود روشن نہیں
بلکہ اس کی روشنی سورج سے مستعار ہے۔ ۳۰ دن یا ۲۹ دن میں ایک دور ختم کرتا
ہے اور اس کو قمری ایک ماہ شمار کیا جاتا ہے۔ تیس سال میں سے ۱۹ سال ۳۵۴
دن کے اور ۱۱ سال ۳۵۵ یوم کے ہوتے ہیں۔ اسے دور صغیر کہتے ہیں۔ اس
دور میں ۳۰ یا ۲۹ کی تاریخیں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے۔ تیس
سال کے بعد وہی جنتری کام دے گی مگر دنوں میں فرق رہے گا۔ اب ۷ دور
صغیر کا ایک دور کبیر ہوگا۔ جو کہ ۲۱۰ سال کا ہوتا ہے۔ ۲۱۰ سال گذرنے کے بعد وہی
وہی تاریخیں بالترتیب کام دینگی۔ مختلف حالتوں میں قمر کے عرب نے مختلف نام رکھے
ہیں پہلے ۳ یوم کو ہلال پھر قمر پھر بدر پھر قمر پھر ۲۶ یا ۲۷ کے بعد پھر ہلال ہو جاتا [illegible]
ج اَقْمَار۔ قَمَرَان۔ حروف قمری جن کے ساتھ ال پڑھا جاوے۔ یہ چودہ
حروف ہیں۔ قَمَرَان۔ سورج و چاند۔ قِمَار۔ بازی۔ جوا۔ قُمْرِيٌّ۔ ایک
جانور کا نام ہے۔

## قمص

| | | |
|---|---|---|
| اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ | اگر ہے کرتہ اس کا | ۱۲ |
| عَلٰى قَمِيْصِهٖ | اس کے کرتہ پر | ۱۲ |
| وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ | پھاڑا اس کا کرتہ | ۱۲ |
| اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ | لے جاؤ قمیص میری | ۱۲ |

قَمَّصَ وَتَقَمَّصَ الْقَمِيْصَ۔ قمیص پہنی۔ تَقَمَّصَ لِبَاسَ
عزت کا لباس کا پہنا۔ تَقَمَّصَ الثَّوْبَ۔ کپڑے سے کرتہ کا کپڑا
علیحدہ کیا۔ ج اَقْمِصَۃٌ۔ قُمُصٌ۔ قُمْصَان

## قمطر

| | | |
|---|---|---|
| عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا | اداسی والے سختی سے | |

(شدیدا)

کَبُرَ یَکْبَرُ کِبَرًا) عمر میں بڑا ہوا۔ کَبُرَ یَکْبُرُ کِبَرًا) اس سے عمر میں بڑا ہوا۔ کَبُرَ یَکْبُرُ کِبَرًا وکُبْرًا وکَبَارَۃً) عزت میں بڑا ہوا اور جسیم ہوگیا۔ کَبَّرَ (تکبیرًا وکِبَّارًا) اللہ اکبر کہا یا بڑا کہا، یا بڑا بنایا۔ اَکْبَرَ اَلْاَمْرَ۔ کام بڑا معلوم کیا۔ تَکَبَّرَ۔ خود بڑا بننا۔ مُکَابَرَۃ۔ خاندانی فضیلت، ایک کا دوسرے پر بڑھ چڑھ کر بیان کرنا۔ کُبَّار۔ کِبَار کابر۔ کَبِیْر۔ کَبِیْر متکبر من اسماء الحسنیٰ

## کبکب

رباعی فَکُبْکِبُوْا فِیْهَا (القوا) اوندھے ڈالے جائیں گے ۲۶-۹۴

کَبْکَبَہ۔ کَبْکَمَۃ۔ کَبْکَبَۃ۔ قلبہ وصرعہ۔ اس کو اوندھا پٹخا یا۔

## کتب

۱-۱ کَتَبَ اللّٰہُ لَکُمْ جو کچھ لکھا اللہ تعالیٰ نے ۲-۱۸۷

۱-۱ کَتَبَ رَبُّکُمْ عَلٰی نَفْسِہٖ لکھ دیا اللہ نے تمہارے لئے اپنی ۶-۱۲
(قضیٰ) رحمت

۱-۱ کَتَبَتْ اَیْدِیْهِمْ لکھا انکے ہاتھوں نے ۲-۷۹
(من المختلق)

۱-۱ لِمَ کَتَبْتَ عَلَیْنَا کیوں فرض کی تو نے ہم پر ۴-۷۷

۱-۱ وَکَتَبْنَا عَلَیْهِمْ (فرضنا) حکم کرتے ہم اس پر ۴-۶۵

۱-۷ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ اکْتَتَبَهَا نقلیں ہیں پہلوں کی جنکو اس نے لکھ رکھا ہے ۲۵-۵
(استکتبها وانتسخها من ذلك القوم)

۲-۱ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فرض ہوا تم پر برابری کرنا ۲-۱۷۸
(فرض)

۲-۱ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ فرض کئے گئے تم پر روزے ۲-۱۸۳

۲-۱ مَاکُتِبَ لَهُنَّ (فرض) جو ان کے لئے مقرر کیا ہے ۴-۱۲۷

۲-۱ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ فرض ہوئی ان پر لڑائی ۴-۱۵۴

۲-۱ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِتَالُ فرض ہوئی تم پر لڑائی ۲-۲۱۶

۳-۱ وَاللّٰهُ یَکْتُبُ (یامر بکتب) اور اللہ لکھتا ہے ۴-۸۱

۳-۱ یَکْتُبُوْنَ الْکِتٰبَ لکھتے ہیں کتاب ۲-۷۹

۳-۱ فَسَاَکْتُبُهَا سو اس کو لکھ دوں گا ۷-۱۵۵

۳-۱ سَنَکْتُبُ مَاقَالُوْا اب لکھ رکھیں گے ہم ۳-۱۸۱
(نامر بکتب)

۳-۱ نَکْتُبُ مَاقَدَّمُوْا اور ہم لکھتے ہیں جو آگے بھیج چکے ۳۶-۱۲

۴-۱ سَتُکْتَبُ شَهَادَتُهُمْ ابھی لکھی جاویگی انکی شہادت ۴۳-۱۹

۱-۱۱ وَاکْتُبْ لَنَا (اوجب) اور لکھ ہمارے لئے ۷-۱۵۶

۱-۱۱ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ سو تو لکھ ہم کو ۳-۵۳

۱-۱۱ فَاکْتُبُوْهُ لکھو اس کو ۲-۲۸۲

۱-۱۱ وَلْیَکْتُبْ بَّیْنَکُمْ اور چاہیے کہ لکھے ۲-۲۸۲

۱-۱۱ فَلْیَکْتُبْ سو لکھے ۲-۲۸۲

۴-۱۱ فَکَاتِبُوْهُمْ (مکاتبہ) سو ان کو لکھ کر دیدو ۲۴-۳۳

۱-۳ اَلَّا تَکْتُبُوْهَا یہ کہ اسے نہ لکھو ۲-۲۸۲

۱-۱۵ کَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ لکھنے والا عدل سے ۲-۲۸۲

۱-۱۵ وَلَمْ تَجِدُوْا کَاتِبًا نہ ملے تم کو کاتب ۲-۲۸۳

۱-۱۵ وَاِنَّا لَهٗ کٰتِبُوْنَ ہم اس کے لکھنے والے ہیں ۲۱-۹۴

۱-۱۵ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ عزت والے عمل لکھنے والے ۸۲-۱۱

۱-۱۶ یَجِدُوْنَهٗ مَکْتُوْبًا پاتے ہیں اس کو لکھا ہوا ۷-۱۵۷

ذٰلِكَ الْکِتٰبُ (قرآن مجید) یہ کتاب ۲-۲

یُعَلِّمُهُ الْکِتٰبَ (الکتابة) سکھائیگا اس کو لکھنا یا کتاب ۳-۴۸

کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ کتاب بیان کرنے والی ۵-۱۵
(قرآن ولوح محفوظ)

یَبْتَغُوْنَ الْکِتٰبَ (مکاتبہ) چاہیں لکھت آزادی کی ۲۴-۳۳

یَبْلُغَ الْکِتٰبُ (عدۃ المکتوب) پہنچ جائے مدت ۲-۲۳۵

اِذْهَبْ بِّکِتٰبِیْ هٰذَا (خط) لے جا میرا یہ خط ۲۷-۲۸

کِتٰبَ الْفُجَّارِ (اعمال الکفار) اعمالنامہ گنہگاروں کا ۸۳-۷

کِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ (مکتوبا) ایک تحریر کہ پڑھیں گے اس کو ۱۷-۹۳

کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا (مکتوبا) فرض ہے اپنے مقرر وقتوں میں ۴-۱۰۳

کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا (مکتوبا) لکھا ہوا ایک وقت مقرر ۳-۱۴۵

فِیْ کِتٰبِ اللّٰهِ (لوح محفوظ) اللہ کی کتاب میں ۹-۳۶

تُدْعٰی اِلٰی کِتٰبِهَا (اعمال) بلایا جاوے اپنے دفتر کی طرف ۴۵-۲۸

اِقْرَاْ کِتٰبَكَ (اعمال) پڑھ لے اپنا لکھا ۱۷-۱۴

هٰذَا کِتٰبُنَا (اعمال) یہ ہے ہمارا دفتر ۴۵-۲۹

اقْرَءُوْا کِتٰبِیَهْ (اعمال) پڑھیو میرا لکھا ۶۹-۱۹

وَکُتُبِهٖ اس کی کتابوں پر ۲-۲۸۵

فِیْهَا کُتُبٌ قَیِّمَةٌ کتابیں ہیں لکھی ہوئی مضبوط ۹۸-۳

کَتَبَ (یَکْتُبُ کَتْبًا وکِتٰبًا وکِتْبَةً وکِتَابَةً) اس نے لکھا۔ کَتَبَ اللّٰہُ مقرر

کیا اس نے۔ کَتَبَ عَلَیۡهِ۔ قَضٰی بِهٖ عَلَیۡهِ۔ کَتَّبَ الۡوَلَدَ۔ لڑکے کو لکھنا سکھلایا۔ کَاتَبَهٗ مُکَاتَبَةً۔ ایک دوسرے کی طرف لکھا یا غلام کو آزاد ہونے کی رقم مقرر کر کے لکھ دی۔ اِکۡتَتَبَ الۡکِتَابَ۔ اس سے خط لکھوایا۔ اِکۡتَتَبَ الۡغُلَامَ۔ لڑکے کو کتابت سکھلائی۔ کِتَابٌ ج کُتُبٌ۔ اَھۡلُ الۡکِتَابِ کتاب والے۔ مراد یہود اور عیسائی۔ اُمُّ الۡکِتَابِ۔ فَاتِحَةُ الۡکِتَابِ۔ کِتَابَةٌ خوشنویسی۔ یا غلام آزاد ہونے کے لئے رقم مقرر کرنا۔ کَاتِبٌ ج کَاتِبُوۡنَ کَتَبَةٌ کُتَّابٌ لکھنے والا۔ مَکۡتَبَةٌ لکھنے یا پڑھنے کی جگہ ج مَکَاتِبُ۔ مَکۡتَبَةٌ کتب خانہ۔ مَکۡتُوۡبٌ ج مَکَاتِیۡبُ خط کُتُبِیٌّ۔ تاجر کتب،

## کتم

۱-۱ کَتَمَ شَهَادَةً (اخفی) چھپائی گواہی ۲-۱۴۰
۳-۱ یَکۡتُمُ اِیۡمَانَهٗ چھپاتا تھا اپنا ایمان ۴۰-۲۸
۳-۱ وَمَنۡ یَّکۡتُمۡهَا اور جو چھپائے اس کو ۲-۲۸۳
۳-۱ یَکۡتُمُوۡنَ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا چھپاتے ہیں جو اتارا ہم نے ۲-۱۵۹
۳-۱ لَیَکۡتُمُوۡنَ الۡحَقَّ البتہ چھپاتے ہیں حق کو ۲-۱۴۶
۳-۱ اَنۡ یَّکۡتُمۡنَ مَا خَلَقَ یہ کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا اس نے ۲-۲۲۸
۳-۱ کُنۡتُمۡ تَکۡتُمُوۡنَ (تسرون) تم چھپاتے تھے ۲-۳۳
۳-۱ تَکۡتُمُوۡنَ الۡحَقَّ تم حق چھپاتے ہو ۳-۷۱
۳-۱ وَلَا تَکۡتُمُوا الشَّهَادَةَ اور مت چھپاؤ حق کو ۲-۲۸۳
۳-۱ وَلَا تَکۡتُمُوۡنَهٗ اور نہ چھپاؤ گے تم اس کو ۳-۱۸۷
۳-۱ وَلَا نَکۡتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اور ہم نہیں چھپاتے اللہ کی گواہی ۵-۱۰۶

کَتَمَ (یَکۡتُمُ کَتۡمًا وَکِتۡمَانًا فَاکۡتَتَمَ) چھپایا۔ کَتُوۡمٌ بھید چھپانے والا، اَکۡتَمُ۔ بڑے پیٹ والا،

## کثر

۱-۱ اَوۡ کَثُرَ یا زیادہ ہو ۴-۶
۱-۱ وَلَوۡ کَثُرَتۡ اگرچہ بہت ہوں ۸-۱۹
۲-۱ فَاَکۡثَرُوۡا فِیۡهَا الۡفَسَادَ پھر بہت ڈالی ان میں خرابی ۸۹-۱۲
۲-۱ فَاَکۡثَرۡتَ جِدَالَنَا بہت جھگڑا کر چکا تو ۱۱-۳۲
۳-۱ فَکَثَّرَکُمۡ پھر تم کو بڑھا دیا ۷-۸۶
۱۱-۱ قَدِ اسۡتَکۡثَرۡتُمۡ (اغویتم) تم نے بہت کچھ تابع بنائے ۶-۱۲۸
۱۱-۱ لَاسۡتَکۡثَرۡتُ مِنَ الۡخَیۡرِ تو بہت کچھ بھلائیاں حاصل کر لیتا ۷-۱۸۸
۱۱-۳ وَلَا تَمۡنُنۡ تَسۡتَکۡثِرُ اور ایسا نہ کر کہ احسان کرے اور بہت چاہے ۷۴-۶
۱۲-۱ یُضِلُّ بِهٖ کَثِیۡرًا گمراہ کرتا ہے ان مثالوں سے بہت لوگوں کو ۲-۲۶
۱۷-۱ وَدَّ کَثِیۡرٌ مِّنۡ اَهۡلِ دل چاہتا ہے بہت سے اہل ۲-۱۰۹
۱۷-۱ مَغَانِمُ کَثِیۡرَةٌ بہت غنیمتیں ہیں ۴-۹۴
۱۹-۱ اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ہم نے بے شک تم کو دیا کوثر ۱۰۸-۱
۲۱-۱ وَمَاۤ اَکۡثَرُ النَّاسِ اور اکثر لوگ نہیں ہیں ۱۲-۱۰۳
۲۱-۱ بَلۡ اَکۡثَرُهُمۡ بلکہ زیادہ ان میں ۲-۱۰۰
۲۱-۱ وَاَکۡثَرَ نَفِیۡرًا زیادہ تمہارے لشکر ۱۷-۶
۲۲-۱ کَثۡرَةُ الۡخَبِیۡثِ ناپاک کی کثرت ۵-۱۰۰
۲۲-۱ کَثۡرَتُکُمۡ تمہاری زیادتی ۹-۲۵
۲۲-۶ اَلۡهٰکُمُ التَّکَاثُرُ غفلت میں رکھا تم کو بہتات کی حرص نے ۱۰۲-۱
۲۲-۶ وَتَکَاثُرٌ بہتات ڈھونڈنی ۵۷-۲۰

کَثُرَ (یَکۡثُرُ کَثۡرَةً وَکَثَارَةً) زیادہ ہوا۔ فَاکۡثَرَ کَثِیۡرٌ۔ کُثَارٌ۔ کَاثَرَ۔ کَیۡثَرٌ۔ اَکۡثَرَ الرَّجُلُ آدمی مال میں زیادہ ہو گیا۔ اَکۡثَرَ الشَّیۡءَ چیز کو زیادہ کیا۔ تَکَاثَرَ الۡقَوۡمُ۔ تَغَالَبُوۡا فِی الۡکَثۡرَةِ۔ اِسۡتَکۡثَرَ الشَّیۡءَ اس کو زیادہ دیکھا۔ کُثۡرٌ ضد قُلٌّ۔ مِکۡثَارٌ۔ یاوہ گو،

## کدح

۱۵-۱ کَادِحٌ اِلٰی رَبِّکَ تکلیف اٹھاتی ہے اپنے رب کے ۸۴-۶
(جاهد فی عملك) پہنچنے ہیں
۲۲-۱ کَدۡحًا کھپ کھپ کر ۸۴-۶

کَدَحَ (یَکۡدَحُ کَدۡحًا) فِی الۡعَمَلِ۔ کام میں نمایاں کوشش کی۔ کَدَحَ لِاَهۡلِهٖ کمایا۔ کَدَحَ رَأۡسَهٗ بِالۡمُشۡطِ کنگھی سے بال کھول دیئے۔ کَدۡحٌ ج کُدُوۡحٌ خراش،

## کدر

۸-۱ النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ جب تارے جھڑ پڑیں ۸۱-۲

کَدَرَ (یَکۡدُرُ) وَکَدِرَ (یَکۡدَرُ) وَکَدُرَ (یَکۡدُرُ کَدَرًا وَکُدۡرَةً وَکُدُوۡرَةً وَکَدَارَةً وَکُدۡرَةً) گدلا ہو گیا، اِنۡکَدَرَتِ النُّجُوۡمُ۔ تَنَاثَرَتۡ (المنجد) انقضت وتساقطت (جلالین) کُدَارَةٌ (گھروڑی کی) مَکۡدَرٌ ہونا، ہمارے ہاں عام بولا جاتا ہے،

## کدی

۲-۱ اَعۡطٰی قَلِیۡلًا وَّاَکۡدٰی لایا تھوڑا سا اور سخت نکلا ۵۳-۳۴

کَدٰی (یَکۡدِیۡ کَدۡیًا) الرَّجُلُ۔ بخل فی العطاء۔ کَدٰی اَکۡدٰی (کُدۡیَةٌ) سخت زمین کو پہنچا۔ اب امکان نہیں کہ زمین کھود کر کنواں بنایا جائے

إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ (رجعۃ) اس وقت پھرنا ہے ٹوٹے کا ۷۹-۱۲

الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ نظر کو ۲-۲ بار ۶۷-۴

كَرَّ (يَكُرُّ كُرُورًا) پھر لوٹا - كَرَّ (يَكُرُّ كُرُورًا و تَكْرَارًا) سوار نے پھر پھر کر دشمن پر حملہ کیا - حَيْدَرِ كَرَّار - یہ لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہے (اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ) فَرَّ لِلْجَوْلَانِ ثُمَّ رَجَعَ لِلْقِتَالِ - كَرَّ (يَكُرُّ كَرِيرًا) الْمَرِيضُ - جَادَ بِنَفْسِهِ عِنْدَ الْمَوْتِ - اہل ہیئت کے حساب میں ۱۰۰×۱۰۰۰=۱۰۰۰۰۰۰۰۰ برس کا ایک کَرَّہ ہے - اس کی جمع کَرَّات ہے - كُرَةُ الْأَرْضِ - زمین گول ہے - ۲۴ گھنٹے میں اپنے محور پر چکر لگاتی ہے - اور سال میں سورج کے گرد چکر لگاتی ہے - کُرَّہ ہوائی - زمین کے گرد ہوا کا چکر جو کہ سطح زمین سے ۴۷ میل تک ہے

## کرسی

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ گنجائش ہے اس کی کرسی میں ۲-۲۵۵

وَأَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهِ اور ڈال دیا ہم نے اس کے تخت پر ۳۸-۳۴

كُرْسِيُّ الْمَلِكِ - بادشاہی تخت، کرسی، چارپائی - اہل علم کو بھی کہتے ہیں - هُوَ أَهْلُ الْكُرْسِيِّ - كَرَّسَ الْبِنَاءَ - مکان کی بنیاد رکھی - كُرْسِيٌّ - بنیاد - كُرْسِيٌّ ج كَرَاسِيُّ، كَرَاسٍ

## کرم

۱-۲ فَأَكْرَمَهُ پھر اس کو عزت دی ۸۹-۱۵
۱-۲ أَكْرَمَنِ مجھ کو عزت دی ہے ۸۹-۱۵
۱-۳ كَرَّمْتَ عَلَيَّ (فضلت) تو نے مجھ پر بڑھا دیا ۱۷-۶۲
۱-۳ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ (فضلنا) ہم نے عزت دی ہے آدم کی اولاد کو ۱۷-۷۰
۲-۳ لَا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ کوئی نہیں پر تم عزت نہیں رکھتے ۸۹-۱۷
۲-۱۱ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ آبرو سے رکھ اس کو ۱۲-۲۱
۲-۱۵ مِنْ مُكْرِمٍ (مسعل) کوئی عزت دینے والا ۲۲-۱۸
۲-۱۶ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ بلکہ وہ بندے ہیں عزت دئے ہوئے ۲۱-۲۶
۲-۱۶ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ الْمُكْرَمِينَ ابراہیم کے مہمانوں کی جو کہ عزت والے تھے ۵۱-۲۴
۲-۱۶ مِنَ الْمُكْرَمِينَ عزت دئے ہوئے ہیں ۳۶-۲۷
۳-۱۶ فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ لکھا ہے عزت کے ورقوں میں ۸۰-۱۳
۱-۱۷ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ اپنے رب کریم پر ۸۲-۶
۱-۱۷ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ سو میرا رب بے پرواہ ہے عزت والا ۲۷-۴۰
۱-۱۷ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ بے شک یہ قرآن ہے عزت والا ۵۶-۷۷
۱-۱۷ رَسُولٍ كَرِيمٍ رسول عزت والا ۴۴-۱۷
۱-۱۷ رَسُولٍ كَرِيمٍ (جبریل) ایک بھیجے ہوئے عزت والے کا ۸۱-۱۹
۱-۱۷ مَلَكٌ كَرِيمٌ (یوسف) فرشتہ ہے بزرگ ۱۲-۳۱
۱-۱۷ كِتَابٌ كَرِيمٌ (خط سلیمان) ایک خط عزت کا ۲۷-۲۹
۱-۱۷ أَجْرٌ كَرِيمٌ ثواب ہے عزت کا ۵۷-۱۱
۱-۱۷ رِزْقٌ كَرِيمٌ روزی عزت کی ۸-۴
۱-۱۷ زَوْجٍ كَرِيمٍ خاصی چیزیں ۲۶-۷
۱-۱۹ كِرَامٍ بَرَرَةٍ بڑے درجے والے نیک کار ۸۰-۱۶
۱-۱۹ مَرُّوا كِرَامًا (معرضین) نکل جائیں بزرگانہ ۲۵-۷۲
۱-۱۹ كِرَامًا كَاتِبِينَ عزت والے عمل لکھنے والے ۸۲-۱۱
۱-۲۱ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ اور رب تیرا بڑا کریم ہے ۹۶-۳
۱-۲۱ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ بڑی عزت والے تم میں ۴۹-۱۳
۲-۲۲ وَالْإِكْرَامِ عظمت والا ۵۵-۷

كَرُمَ (يَكْرُمُ كَرَمًا وَكَرَامَةً وَكَرَامَةً) عزت پائی - كَرُمَ (يَكْرُمُ كَرَمًا) بخشش میں زیادہ ہوا - كَرُمَ السَّحَابُ - بارش ہوئی - كَرَّمَ تَكْرِيمًا عزت دی - كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ - اللہ نے اسے عزت دی یا دے - أَكْرَمَ - كَرَامَة - كَرَامَات - اولیاء اللہ سے جیسے نبی سے معجزہ ہوتا ہے - كَرِيمَتَان دو آنکھیں

## کرہ

۱-۱ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ اگرچہ ناراض ہوں گنہگار ۸-۸
۱-۱ وَكَرِهُوا أَنْ يُجَاهِدُوا اور گھبرائے یہ کہ جہاد کریں ۹-۸۲
۱-۱ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ بیزار ہیں اللہ کی نازل کتاب سے ۴۷-۹
۱-۱ فَكَرِهْتُمُوهُ گھن آتا ہے تم کو اس سے ۴۹-
۱-۱ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ اگر وہ عورتیں تمہیں نہ بھاویں ۴-۱۸
۲-۱ وَمَا أَكْرَهْتَنَا جو زبردستی کروایا تو نے ہم سے ۲۰-
۳-۱ وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ نفرت ڈال دی تمہارے جی میں ۴۹
۱-۲ مَنْ أُكْرِهَ جس پر زبردستی کی گئی ۱۶-
۱-۳ مَا يَكْرَهُونَ جس کو اپنا جی نہ چاہے ۱۶-
۱-۳ عَسٰى أَنْ تَكْرَهُوا شاید کہ تم کو بری لگے ایک چیز ۲-۲
۲-۳ وَمَنْ يُكْرِهْهُنَّ جو کوئی انپر زبردستی کرے گا ۲۴-
۲-۱۳ وَلَا تُكْرِهُوا اور زبردستی نہ کرو ۲۴-

## کشط

۱-۲ وَاِذَا السَّمَآءُ کُشِطَتْ جب آسمان کی کھال اتاری جاوے ۸۱-۱۱

کَشَطَ (یَکْشِطُ کَشْطًا) الشیٔ. پردہ دور کیا. کَشَطَ الجُلَّ عن الفرس گھوڑے سے تاہر و اتار دیا. کِشَاط. اِنکِشَاف. کَشَّاط. کھال اتارنے والا. مراد قصاب ہے۔

## کشف

۱-۱ کَشَفَ الضُّرَّ عَنْکُمْ جب کھولتا ہے سختی کو ۱۶-۵۴

۱-۱ کَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْہَا کھولیں اپنی پنڈلیاں ۲۷-۴۴

۱-۱ لَئِنْ کَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ اگر تو نے دور کر دیا ہم سے یہ عذاب ۷-۱۳۴

۱-۱ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَاءَکَ کھول دی ہم نے تجھ سے تیری ۵۰-۲۲

(ازلنا غفلتک) اندھیری

۱-۳ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْہِ دور کر دیتا ہے اس مصیبت کو کہ ۶-۴۱

۱-۴ یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ جب کھولی جاوے پنڈلی ۶۸-۴۲

۱-۱۱ رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اے رب ہمارے کھول دے ہم سے یہ آفت ۴۴-۱۲

۱-۱۵ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ (دافع) کوئی نہیں دور کرنے والا اسکو ۶-۱۷

۱-۱۵ اِنَّا کَاشِفُوا الْعَذَابِ ہم کھول دیتے ہیں یہ عذاب ۴۴-۱۵

۱-۱۵ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃٌ سوائے اللہ کے کھول کر دکھانے والا ۵۳-۵۸

۱-۱۵ ھَلْ ھُنَّ کَاشِفَاتُ ضُرِّہٖ کیا وہ ایسے ہیں کہ کھول دیں اسکی تکلیف ۳۹-۳۸

۱-۲۲ کَشْفُ الضُّرِّ عَنْکُمْ کہ کھول دیں تکلیف کو ۱۷-۵۶

کَشَفَ (یَکْشِفُ کَشْفًا و کَاشِفَۃً) پردہ دور کیا. ننگا کیا. ظاہر کیا. کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ. غم دور کیا. کَاشَفَہٗ. اس کو اطلاع دی. کَاشِفٌ ج کَشَفَۃٌ کھولنے والا، دور کرنے والا. اِنْکِشَاف. حالات معلوم ہونا. تَکَاشَفَ الْقَوْمُ ایک دوسرے کے عیب نکالے. مُکَاشَفَہ. نیک آدمی نے غیب سے اطلاع پائی. کَشْفِ کرامت. کرامت کا ظاہر ہونا

## کظم

۱-۱۵ وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ اور دبانے والے غصہ ۳-۱۳۴

۱-۱۵ لَدَی الْحَنَاجِرِ کَاظِمِیْنَ گلوں کو اور وہ دبا رہے ہونگے ۴۰-۱۸

(ممتلئین غما)

۱-۱۶ اِذْ نَادٰی وَھُوَ مَکْظُوْمٌ جب پکارا اور وہ غصہ میں بھرا تھا ۶۸-۴۸

(مملوءًا غمًا)

۱-۱۷ فَھُوَ کَظِیْمٌ وہ آپ کو گھونٹ رہا تھا ۱۲-۸۴

۱-۱۷ وَھُوَ کَظِیْمٌ (مملوءا غما) اور جی میں گھٹ رہا ہے ۱۶-۵۸

کَظَمَ (یَکْظِمُ کَظْمًا و کُظُوْمًا) غصہ کو دبا گیا، برداشت کر گیا. کَظْمٌ ج اَکْظَام. کِظَام. مخرج سانس. کَظِیْمَۃٌ ج کَظَائِمُ. دو کنویں زمین میں بذریعہ نالی آپس میں ملے ہوں، مگر باہر سے الگ الگ نظر آئیں

## کعب

اِلَی الْکَعْبَیْنِ ٹخنوں تک ۵-

بَالِغَ الْکَعْبَۃِ پہنچنے والی کعبہ کو ۵-

کَوَاعِبَ اَتْرَابًا نوجوان عورتیں ایک عمر کی سب ۷۸-

کَعَبَتْ (تَکْعُبُ کُعُوْبًا و کُعُوْبَۃً و کِعَابَۃً) الجاریۃُ. لونڈی کے ابھرے اور بڑے ہوئے. کَعَّبَ الشیٔ. مکعب کر دیا. کَعْبٌ ج کُعُوْبٌ ٹخنہ اور ہر اونچی چیز اَعْلَی اللّٰہُ کَعْبَہُمْ. اللہ نے ان کا شان بلند کیا. ذَھَبَ کَعْبُہُمْ. ان کا شان جاتا رہا. کُعُبٌ. عورت کے ابھرے پستان. کُعْبَۃٌ. کنوارپن. کَاعِبٌ ج کَوَاعِبُ. نوجوان عورتیں جن کے پستان ابھی ابھرے ہوں. مُکَعَّبٌ. علم حساب میں ایک چیز جو کہ ہر جہت سے مساوی ہے مثلاً اگر ایک طرف ایک گز ہے تو دوسری، تیسری، چوتھی، نچلی، اوپر کی غرض سب اطراف ایک گز ہونگی. کَعْبَۃٌ ج کِعَابٌ. کعبہ جس کا نام بیت الحرام. یا مسجد الحرام یا بیت اللہ شریف. امت محمدیہ کا یہ مرکز ہے جس کی بنیادیں ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل علیہما السلام نے مقام ابراہیم پر کھڑے ہو کر اونچی کیں. دنیا کے مسلمان اسی طرف متوجہ ہو کر اپنی نماز ادا کرتے ہیں. یہ مقدس گھر تقریباً چورس ہے. اس لئے اس کو کعبہ بولتے ہیں. حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب یہ گھر تیار کیا تو اس وقت حطیم اس میں شامل تھا. قریش نے جب اسے حلال روزی سے مسقف کرنا چاہا. تو سارے ملک میں اتنی روزی نہ تھی کہ ایک مکان پر حلال روزی سے چھت ڈال سکیں. (نیز دیکھو بابہ تحت عنوان ارض القرآن)

## کفت

۴-۲۲ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کِفَاتًا ہم نے بنایا زمین کو سمیٹنے والی ۷۷-۲۵

(ضامۃ)

کَفَتَ (یَکْفِتُ کَفْتًا و کِفَاتًا و کُفِیْتًا و کَفَتَانًا و تَکَفَّتَ) سمیٹا. (اَللّٰھُمَّ اکْفِتْہُ اِلَیْکَ) اے اللہ اسے سمیٹ. اسے مار دے. کَفَتَ الشیٔ. چیز الٹ پلٹ ہو گئی. کَفَّتَ الشیٔ. قبضہ کیا. کَفْتٌ چیز کا الٹ پلٹ ہونا. سمیٹنا.

# کفر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١-١ | وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ | اور کفر نہیں کیا سلیمان نے | ٢-١٠٢ |
| ١-١ | فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ | جب وہ منکر ہو گیا | ٥٩-١٦ |
| ١-١ | اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | بے شک جو لوگ کافر ہو چکے | ٢-٦ |
| ١-١ | فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ | پھر ناشکری کی اللہ کے احسانوں کی | ١٦-١١٢ |
| ١-١ | اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ | کیا تو منکر ہو گیا اس سے | ١٨-٣٧ |
| ١-١ | وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ | اور اگر تم ناشکری کرو گے | ١٤-٧ |
| ١-١ | اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَا | مجھے قبول نہیں جو تم اسے | ١٤-٢٢ |
| ١-١ | كَفَرْنَا بِكُمْ (انکرنا کم) | ہم منکر ہوئے تم سے | ٦٠-٤ |
| ٣-١ | كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ | ان پر سے اتاریں ان کی برائیاں | ٤٧-٢ |
| | (غفر لھم) | | |
| ٣-١ | لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ | تو ہم دور کر دیتے ان سے | ٥-٦٥ |
| ٢-١ | لِمَنْ كَانَ كُفِرَ | جس کی قدر نہ کی جاتی تھی | ٥٤-١٤ |
| ٣-١ | بِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ | جو منکر ہیں رحمان سے | ٤٣-٣٣ |
| ٣-١ | وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ | اور جو کوئی منکر ہو گیا اس سے | ٢-١٢١ |
| ٣-١ | يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ | منکر ہوں گے تمہارے شرک سے | ٣٥-١٤ |
| ٣-١ | يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | انکار کرتے ہیں اللہ کے حکموں سے | ٣-٢١ |
| ٣-١ | اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ | کہ اس کو نہ مانیں | ٤-٦٠ |
| ٣-١ | كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ | کس طرح تم کافر ہوتے ہو | ٢-٢٨ |
| ٣-١ | اَمْ اَكْفُرُ | یا میں ناشکری کرتا ہوں | ٢٧-٤٠ |
| ٣-١ | وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ | اور نہیں مانتے بعضوں کو | ٤-١٥٠ |
| ٣-٢ | وَيُكَفِّرْ عَنْهُمْ | اور اتار دی ان سے | ٤٨-٥ |
| ٣-٩ | لَاُكَفِّرَنَّ | البتہ دور کروں گا ان سے | ٣-١٩٥ |
| ٣-٢ | نُكَفِّرْ عَنْكُمْ | معاف کر دیں گے تم سے | ٤-٣١ |
| ١-٤ | يُكْفَرُ بِهَا | انکار کیا جاتا اس سے | ٤-١٤٠ |
| ١-٨ | فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ | ہرگز نہ ناقدری کی جاوے گی اس کی | ٣-١١٥ |
| ١-١١ | اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ | جب کہے انسان کو منکر ہو | ٥٩-١٦ |
| ١-١١ | وَمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ | جو چاہے نہ مانے | ١٨-٢٨ |
| ٢-١١ | وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا (حط) | دور کر دے ہم سے برائیاں | ٣-١٩٣ |
| ٢-١١ | فَلَا تَكْفُرْ | سو تو کافر مت ہو | ٢-١٠٢ |
| ٢-١١ | وَلَا تَكْفُرُوْنِ | اور میری ناشکری نہ کرو | ٢-١٥٢ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | مَا اَكْفَرَهٗ | کیسا ناشکرا ہے | ٨٠-١٧ |
| | (من افعال التعجب) | | |
| ١-١٥ | كَافِرٍ بِهٖ | اول منکر اس کے | ٢-٤١ |
| ١-١٥ | اَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ | اے منکرو | ١٠٩-١ |
| ١-١٥ | وَلِلْكٰفِرِيْنَ | اور کافروں کے واسطے | ٢-٩٠ |
| ١-١٥ | وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ | تو ہے ناشکرا | ٢٦-١٩ |
| | (جمع الجمع من لفظ) | | |
| ١-١٥ | وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ | اور دوسری فوج کافروں کی ہے | ٣-١٣ |
| ١-١٥ | بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ | ناموس کافر عورتوں کے | ٦٠-١٠ |
| ١-١٥ | هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ | جو منکر ہیں ڈھیٹھ | ٨٠-٤٢ |
| ١-١٥ | اَعْجَبَ الْكُفَّارَ | خوش لگتا کسانوں کو اس کا سبزہ | ٥٧-٢٠ |
| ١-١٥ | وَهُمْ كُفَّارٌ | وہ کافر ہی رہے | ٢-١٦١ |
| ١-١٥ | كُفَّارًا حَسَدًا | کافر بنا دیں بسبب اپنے دل کی جلن کے | ٢-١٠٩ |
| ١-١٥ | اَكُفَّارُكُمْ | کیا تم میں جو منکر ہیں | ٥٤-٤٣ |
| ١-١٩ | وَاِمَّا كَفُوْرًا | یا ناشکری کرنے والا ہے | ٧٦-٣ |
| ١-١٩ | لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ | ناامید ہے ناشکرا | ١١-٩ |
| ١-١٩ | لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ | بے انصاف ہے ناشکرا | ١٤-٣٤ |
| ١-١٩ | فَاجِرًا كَفَّارًا | ڈھیٹھ حق کا منکر | ٧١-٢٧ |
| ١-١٩ | كَفَّارٍ اَثِيْمٍ | ناشکر گنہگار سے | ٢-٢٧٦ |
| | فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ | سو وہ گناہ سے پاک ہو گیا | ٥-٤٥ |
| | ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ | یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا | ٥-٨٩ |
| | اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ | یا کفارہ چند | ٥-٩٥ |
| | فَكَفَّارَتُهٗ اِطْعَامُ | سو اس کا کفارہ [illegible] | [illegible] |
| ١-٢٢ | وَكُفْرٌ بِهٖ | اور اس کو نہ ماننا | ٢-٢١٧ |
| ١-٢٢ | بِكُفْرِهِمْ | ان کے کفر کے سبب | ٢-٨٨ |
| | (الحاصل قبول لعمل) | | |
| ١-٢٢ | فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ | سو اکارت نہ کریں گے اس کی سعی کو | ٢١-٩٤ |
| ١-٢٢ | اِلَّا كُفُوْرًا | نہیں رہا جاتا بے انصافوں سے بن ناشکری کے | ١٧-٩٩ |
| | مِزَاجُهَا كَافُوْرًا | جس کی ملونی ہے کافور | ٧٦-٥ |

كَفَرَ (يَكْفُرُ كَفْرًا) ڈھانپا۔ كَفَرَ اللَّيْلُ الشَّيْءَ، رات نے چیز کو ڈھانپا

كَفَرَ يَكْفُرُ كُفْرًا وَكُفُوْرًا وَكُفْرَانًا (ضد امن۔ کفران نعمت

کَفر۔ ڈھانپا یا کفارہ دیا۔ کِفر۔ کُفرَۃ۔ رات کی سیاہی۔ کافر۔ سمندر، بادل۔ زراعت۔ رات ج کافِرُون۔ کَفَرَۃ۔ کُفّار و کِفارًا۔ کافور سرد خشک اور سفید رنگ کی ایک دوائی ہے۔ جو کہ کافور درخت سے اترتی ہے ج کوافِر و کوافِیر۔ کَفّار۔ ایمان سے خالی۔ کَفَرَۃ۔ نعمت کے کفر کرنے والے۔ کُفّار۔ کسان۔

## کفف

۱-۱ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ — پھر روک دئے انکے ہاتھ — ۵-۱۲

۱-۱ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ — اور روکا میں نے بنی اسرائیل کو — ۲-۱۱۳

۳-۳ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ — بند کردے لڑائی کافروں کی — ۴-۸۳

۱-۳ حِينَ لَا يَكُفُّونَ — جب روک نہ سکیں گے — ۲۱-۳۹

(یدفعون)

۱-۳ (لم) يَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ — اور اپنے ہاتھ نہ روکیں — ۴-۹۰

۱-۱۱ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ — تھامے رکھو اپنے ہاتھ — ۴-۷۶

كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ — جیسے کسی نے پھیلائے اپنے دونوں ہاتھ — ۱۳-۱۵

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ — رہ گیا ہاتھ نچاتا — ۱۸-۴۲

كَافَّةً — پورے کے پورے — ۲-۲۰۸

إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ — سو سارے لوگوں کے واسطے — ۳۴-۲۸

كَفَّ (يَكُفُّ كَفًّا) عَنِ الْأَمْرِ۔ کام سے بند رہا۔ کام ترک کیا۔ كَفَّفَ۔ اس کو بند کیا۔ كُفَّ بَصَرُهٗ۔ وہ نابینا ہوا۔ تَكَفَّفَ النَّاسَ۔ لوگوں کی طرف ہتھیلی کی۔ كَفَّفَ۔ سوال کے لئے ہاتھ لمبا کیا۔ كَفّ ج اَكُفّ۔ كُفُوف۔ کف۔ ہتھیلی مع پانچوں انگلیاں۔ كَفَّ الاناءَ۔ برتن بھرا۔ كَفَّ الثوبَ۔ کپڑے کا حاشیہ الٹا دوسری بار سیا۔ كَفاف۔ گذران کا رزق۔ كِفَّةُ المیزان۔ چھابہ۔ كُفَّةٌ مِنَ النَّاسِ۔ جماعت۔ كَافَّة۔ ہر جماعت

## کفل

۱-۳ وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا — اور سپرد کی زکریا کو — ۳-۳۷

۱-۳ يَكْفُلُ مَرْيَمَ (یربی) — پرورش میں لے مریم کو — ۳-۴۴

۱-۳ عَلَىٰ مَنْ يَكْفُلُهُ — جو اس کو پالے — ۲۰-۴۰

۱-۳ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ — کہ اس کو پال دیں تمہارے لئے — ۲۸-۱۲

(یرضعونہ لکم)

۲-۱۱ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا — کہا حوالے کردے میرے وہ بھی — ۳۸-۲۳

۱-۱۷ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا — اپنا ضامن — ۱۶-۹۱

۱-۲۲ يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا — ایک بوجھ اس میں — ۴-۸۵

(نصیب من الوزر)

۱-۲۲ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ (نصیبین) — دو حصے اپنی رحمت سے — ۵۷-

وَذَا الْكِفْلِ — ذوالکفل کو — ۲۱-۸۵

(۱) كَفَلَ (يَكْفُلُ كَفْلًا وَكَفَالَةً) فلانًا۔ اسے پالا، اس پر خرچ کیا
(۲) كَفَلَ (يَكْفُلُ) كَفِلَ (يَكْفَلُ) كَفُلَ (يَكْفُلُ كَفْلًا وَكُفُولًا) اسے ضامن دیا۔ یا اس کا ضامن بنا۔ كَفَّلَهٗ و اَكْفَلَهٗ۔ اسے پالا۔ اپنے ساتھ ملا لیا۔ انا و كافل الیتیم كهاتين فى الجنة۔ میں اور یتیم کا پرورش کنندہ جنت میں اس طرح ہیں اور انگلی شہادت اور وسطی کی طرف اشارہ کیا۔

## کفو

كُفُوًا أَحَدٌ — اس کے جوڑ کا کوئی — ۱۱۲-

الكُفُؤ (والكُفْء)۔ المثل والنظير

## کفی

۱-۱ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَلِيًّا — کافی ہے اللہ حمایتی — ۴-

۱-۱ وَكَفَىٰ بِهِ إِثْمًا — کافی ہے کہ یہ گناہ — ۴-

۱-۱ وَكَفَىٰ بِجَهَنَّمَ — کافی ہے دوزخ — ۴-

۱-۱ إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ — ہم کافی ہیں تیری طرف سے — ۱۵-

۱-۳ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ — سو اب کافی — ۲-

۱-۵ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ — کیا تیرا رب تھوڑا ہے — ۴۱-

۱-۵ أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ — کیا انکو یہ کافی نہیں — ۲۹-

۱-۷ أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ — کیا تم کو کافی نہیں — ۳-

۱-۱۵ بِكَافٍ عَبْدَهُ — کافی اپنے بندے کو — ۳۹-

كَفَىٰ (يَكْفِي كِفَايَةً) پورا ہوگیا۔ فا۔ كافٍ۔ كَفِيٌّ۔ جو چیز کافی ہو۔ ج كُفَىٰ۔ خوراک۔ كَفِيٌّ۔ کافی پورا۔ مُكَافَاة۔ احسان کا بدلہ احسان۔ الرجل۔ نائب۔

## کلأ

۱-۳ مَنْ يَكْلَؤُكُمْ (یحفظکم) — کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری — ۲۱-

كَلَأَ (يَكْلَأُ كَلْأً وَكِلَاءً وَكِلَاءَةً) اللہ۔ حفاظت کی۔ كَلَأ۔ گھاس۔ كَلَأَ المكانُ۔ گھاس زیادہ ہوا۔ كَلَأ ج اَكْلَاء۔ گھاس زیادہ۔ مَكْلَأ ج چراگاہ۔ كَلَّا۔ دریا کا کنارہ۔ مُكَلَّاء۔ بندرگاہ۔ دریا کا ساحل

یہ لفظ ۱۰ دفعہ آتا ہے اور ہر روز تلاوت ہوتی ہے۔

تکلّل تاج پہنا۔ اکلیل۔ تاج کلیات جس میں ایک شاعر کے شعروں کو جمع کیا جاتا ہے۔ کلل کی تشریح کے لئے دیکھو بحث حروف

## کلم

۳-۱ كَلَّمَ اللّٰهُ — کلام فرمایا اللہ نے — ۲-۲۵۳
۳-۱ كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ — کلام فرمایا اس سے اسکے رب نے — ۷-۱۴۳
۳-۱ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى — باتیں کرتے ان سے مردے — ۶-۱۱۱
۳-۲ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى — بولیں ان سے مردے — ۱۳-۳۱
۳-۳ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ — باتیں کرے گا لوگوں سے — ۳-۴۶
۳-۳ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ — اس سے باتیں کرے اللہ — ۴۲-۵۱
۳-۳ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ — اور نہ بات کرے ان سے اللہ — ۲-۱۷۴ ۳-۷۷
۳-۳ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ — کیوں نہیں بات کرتا ہم سے اللہ — ۲-۱۱۸
۳-۳ تُكَلِّمُهُمْ (مونث) — ان سے باتیں کریگا — ۲۷-۸۲
۳-۳ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ — بولینگے ہم سے ان کے ہاتھ — ۳۶-۶۵
۳-۳ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ — یہ کہ نہ بولے تو لوگوں سے — ۳-۴۱ ۱۹-۱۰
۳-۳ وَلَا تُكَلِّمُوْنِ — اور میرے ساتھ کلام نہ کرو — ۲۳-۱۰۸
۳-۳ فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ — ہرگز نہ کلام کرونگی آج — ۱۹-۲۶
۳-۳ كَيْفَ نُكَلِّمُ — ہم کیسے کلام کریں — ۱۹-۲۹
۵-۳ فَهُوَ يَتَكَلَّمُ — سو وہ بول رہی ہے — ۳۰-۳۵
۵-۳ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ — بول نہ سکیں گے — ۷۸-۳۸
۵-۳ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ — بات نہ کرسکے گا کوئی انسان — ۱۱-۱۰۵
(ت حذف ہے)
۵-۳ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا — یہ کہ منہ پر لائیں یہ — ۲۴-۱۶
۲۲-۱ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ — چڑھتا ہے کلام ستھرا — ۳۵-۱۰
(لا الہ الا اللہ ونحوھا)
۲۲-۱ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ — بدلتے ہیں کلام کو — ۴-۴۶ ۵-۱۳
(من نعت محمد)
۲۲-۱ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ — اور تیرے رب کی بات پوری ہو گئی — ۶-۱۱۵
(بالکلم والمواعید)
۲۲-۱ كَلِمَةٍ مِّنْهُ — اس کی بات — ۳-۴۵
۲۲-۱ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ (الکفر) — گندی بات — ۱۴-۲۶

۲۲-۱ كَلِمَةً طَيِّبَةً — بات ستھری — ۱۴-۲۴
(لا الہ الا اللہ)
۲۲-۱ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ — اور اللہ کی بات — ۹-۴۰
(کلمۃ الشہادۃ)
۲۲-۱ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ — اگر نہ ایک بات پہلے ہو چکتی — ۱۰-۱۹
(بتاخیر الجزاء)
۲۲-۱ كَلِمَةُ الْعَذَابِ — حکم عذاب کا — ۳۹-۱۹ ۳۹-۷۱
(لاملان جہنم)
۲۲-۱ كَلِمَةُ الْفَصْلِ — بات فیصلہ کی — ۴۲-۲۱
۲۲-۱ كَلِمَةَ التَّقْوٰى — ادب کی بات — ۴۸-۲۶
(لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ)
۲۲-۱ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا — اور اس کا کلام ہے جو ڈالا اس کو — ۴-۱۷۱
۲۲-۱ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا — پہلے ہو چکا ہمارا حکم — ۳۷-۱۷۱
(بالنصر)
۲۲-۱ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ — چند باتیں — ۲-۳۷
(ربنا ظلمنا)
۲۲-۱ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ — کئی باتوں میں سو وہ انسے پوری کیں — ۲-۱۲۴
(باوامر ونواہی)
۲۲-۱ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ — اللہ کی باتیں — ۶-۳۴
۲۲-۱ لِكَلِمٰتِ رَبِّيْ — میرے رب کی باتیں — ۱۸-۱۰۹
(لکلمات علمہ وحکمتہ)
۲۲-۱ مَا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ — نہ تمام ہوں اللہ کی باتیں — ۳۱-۲۷
(المعبر بہا عن معلوماتہ)
۲۲-۱ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ — کوئی بدلنے والا اس کی بات کو — ۱۸-۲۷
(مواعیدہ)
۲۲-۱ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا (بشرائعہ) — اپنے رب کی باتوں کو — ۶۶-۱۲
كَلَامَ اللّٰهِ (فی التورٰۃ) — اللہ کا کلام — ۲-۷۵
وَبِكَلَامِيْ (تکلیمی ایاک) — اور اپنے کلام کے ساتھ — ۷-۱۴۴
۲۲-۲ تَكْلِيْمًا — بول کر — ۴-۱۶۴

كَلَمَهٗ (يَكْلِمُهٗ كَلْمًا) زخم دیا۔ كَلَمَهٗ۔ زخم دیا یا بات کی۔ کالمہ اس سے مکالمہ کیا۔ تکلّم (تکلّما وتکلّاما) بات کی۔ كَلْمٌ ج كُلُوْمٌ وكِلَامٌ

زخم۔ کَلِمَۃٌ ج کَلِمٌ۔ کَلِمٰتٌ۔ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ کَلَام۔ بات۔ کَلِیْمُ اللّٰہ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ مُتَکَلِّمٌ کلام کرنے والا۔ مُتَکَلِّمِیْن منطقی لوگ

## کِلَا

اَوْ کِلٰھُمَا — یا دونوں — ۱۷-۲۳

کِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ — دونوں باغ — ۱۸-۳۳

یوں تو دونوں لفظ مفرد ہیں، مگر معانی میں تثنیہ کے معنی میں مستعمل ہیں۔ مرد کے لئے کِلَا آئے گا، اور عورت کے کِلْتَا آئے گا۔ رءیتُ کِلَا الرجلَیْنِ ورئیتُ کِلْتَا المرأتَیْنِ۔ جَاءَ الرَّجُلَانِ کِلَاھُمَا۔ رءیتُ رجلَیْنِ کِلَیْہِمَا۔ رءیتُ المرأتَیْنِ کِلْتَیْہِمَا۔ زَیْدٌ وعَمْرٌو کِلَاھُمَا قَائِمَانِ

## کمل

۲-۱ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ — میں پورا کر چکا تمہارے لئے دین — ۵-۳

۲-۱۱ وَلِتُکْمِلُوا الْعِدَّۃَ — اور اس واسطے کہ پوری کرو گنتی — ۲-۱۸۵

۱-۱۵ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ — دو برس پورے — ۲-۲۳۳

۱-۱۵ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ — دس روزے ہوئے پورے — ۲-۱۹۶

۱-۱۵ لِیَحْمِلُوْا اَوْزَارَھُمْ کَامِلَۃً — تاکہ بوجھ اٹھائیں اپنے پورے — ۱۶-۲۵

کَمَلَ (یَکْمُلُ) کَمُلَ (یَکْمُلُ) کَمِلَ (یَکْمَلُ کَمَالًا وکُمُوْلًا وتَکَمُّلًا وَاکْتَمَلَ) پورا ہوا۔ اَکْمَلَ۔ کَمَّلَ۔ اِسْتَکْمَلَ۔ پورا کیا، تکمیلہ۔ تتمہ۔ کَامِلٌ ج کَمَلَۃٌ۔ کَمِیْلٌ۔ کَامِلٌ ج کَمَلَۃٌ

## کمّ

وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَکْمَامِ — کھجور جن کے میوہ پر غلاف — ۵۵-۱۱

مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَکْمَامِھَا — اپنے غلاف سے — ۴۱-۴۷

(راو عینہا)

کَمَّ (یَکُمُّ کَمًّا) الشیءَ۔ ڈھانپ دیا۔ کَمَّ البعیرَ اونٹ کے منہ چھکا دیا تاکہ کاٹ نہ سکے۔ کَمَّتِ (یَکُمُّ وکَمَّتْ کَمًّا وکُمُوْمًا) النَّخْلَۃُ کھجور نے اکمام نکالے۔ کُمٌّ آستین ج اَکْمَامٌ کِمَمَۃٌ۔ اَکَمَّتْ القمیصَ۔ آستین بنائی۔ کِمٌّ ج اَکِمَّۃٌ۔ اَلْکِمَامُ کِمَامٌ۔ اَکَامِیْمُ غلاف شگوفہ۔ کِمَامَۃٌ چھلکا۔ کَمْ۔ بہت۔ سَلْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ کَمْ اٰتَیْنٰھُمْ۔ کَمْ لَبِثْنَا۔ کَمْ مِنْ فِئَۃٍ قَلِیْلَۃٍ۔ کُمْ ضمیر جمع مذکر مخاطب تم تمہارا۔

## کمہ

۱-۲۱ وَتُبْرِئُ الْاَکْمَہَ — اور تو اچھا کرتا تھا مادر زاد اندھے کو — ۵-۱۱۰

۱-۲۱ وَاُبْرِئُ الْاَکْمَہَ — اور میں اچھا کرتا ہوں مادر زاد اندھے کو — ۳-۴۹

(ولن اعمٰی)

کَمِہَ (یَکْمَہُ کَمَھًا) عَمِیَ وصَارَ اَعْشٰی فھو اَکْمَہُ۔ م کَمْھَاءُ ج کُمْہٌ۔ پیدائشی اندھا۔ کَمِہَ النَّھَارُ۔ دھوپ میں غبار پیدا ہو گیا اور سورج نظر نہ آیا۔ تَکَمَّہَ فِی الْاَرْضِ۔ زمین میں حیران و پریشان پھرا مُکَرَّمٌ مُعَمَّرُ العَیْنَیْنِ جس کی آنکھیں نہ کھلیں (ذَھَبَتْ اِبِلُہٗ کُمَّھٰی) معلوم نہیں کہ اونٹ کدھر آوارہ ہو گیا

## کند

۱-۱۹ لِرَبِّہٖ لَکَنُوْدٌ (لکفور) اپنے رب کا ناشکرا ہے — ۱۰۰-۶

کَنَدَ (یَکْنُدُ کُنُوْدًا) النِّعْمَۃَ نعمت کی ناشکری کی۔ کَنُوْدٌ۔ نمک حرام مذکر اور مؤنث کے لئے۔ کَنُوْد۔ جو مصیبتوں کو گنے اور آرام کو بھول جائے۔ نمک حرام۔ کافر، بخیل، عاصی اَرْضٌ کَنُوْدٌ جس میں کچھ نہ اگے

## کنز

۱-۱ مَا کَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ — جو گاڑھ رکھا تھا تم نے اپنے لئے — ۹-۳۵

۱-۳ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ — گاڑھ کر رکھتے ہیں سونا — ۹-۳۴

۱-۳ مَا کُنْتُمْ تَکْنِزُوْنَ — جو تھے تم گاڑتے — ۹-۳۵

۱-۲۲ لَوْلَا اُنْزِلَ عَلَیْہِ کَنْزٌ — کیوں نہ اترا اس پر خزانہ — ۱۱-۱۲

۱-۲۲ اَوْ یُلْقٰی اِلَیْہِ کَنْزٌ — یا آ پڑتا اس پر خزانہ — ۲۵-۸

۱-۲۲ وَکَانَ تَحْتَہٗ کَنْزٌ لَّھُمَا — اور اسکے نیچے مال گڑا تھا ان دونوں کا — ۱۸-۸۲

۱-۲۲ وَکُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ کَرِیْمٍ — اور خزانے اور عمدہ مکان — ۲۶-۵۸

۱-۲۲ وَاٰتَیْنٰہُ مِنَ الْکُنُوْزِ — اور ہم نے دیئے [illegible] — [illegible]

کَنَزَ (یَکْنِزُ کَنْزًا) المالَ جمع کیا، دفن کیا۔ [illegible] موسم سرما کے لئے اپنے مکانات میں کھجوروں کا ذخیرہ کیا۔ کَنِیْزٌ۔ وہ کھجوریں جو سرما کے موسم کے لئے ذخیرہ کی جائیں۔ کَنَزَ اللَّحْمُ موٹا اور طاقتور کِنَازٌ۔ لونڈی یا اونٹنی بہت طاقتور اور موٹی۔ کَنَّازٌ۔ زیادہ جمع کرنے والا مَکْنَزٌ ج مَکَانِزُ۔ وہ صندوق جس میں خزانہ جمع ہو

## کنس

اَلْجَوَارِ الْکُنَّسِ — سیدھا چلنے والے دبک جانیوالے — ۸۱-۱۶

کَنَسَ (یَکْنِسُ کُنُوْسًا وتَکَنَّسَ) الظَّبْیُ۔ ہرن غائب ہوا اور

کناس میں چھپ گیا۔ تکنّس الرجل۔ آدمی خیمہ کے اندر چلا گیا۔ کنیسۃ ج کنائس یہود کے عبادت خانے۔ کناس ج اکنسۃ۔ کنس ہرن کا گھر۔ کانس ہرن کناس میں رہنے والا ج کنّس۔ کنوس۔ کوانس۔ مکنس وحشی جانوروں کے رہائش کی جگہ۔ الجوار الکنّس۔ یہ پانچ ستارے ہیں۔ زحل۔ مشتری۔ مریخ۔ عطارد۔ زہرہ۔ جن کی چال اس ڈھب کی ہے کہ کبھی مغرب سے مشرق کو چلیں یہ سیدھی چال ہے کبھی ٹھٹک کر الٹے پھریں اور کبھی سورج کے پاس جاکر کتنا عرصہ غائب رہیں۔ جیسے یہ ستارے کبھی ظاہر کبھی چھپتے ہیں اسی طرح روحانی طور پر انبیاء علیہ السلام ستارے ہیں جن کی روحانی تبلیغ سے دنیا روشن ہوئی۔ اور کبھی خنزہ ہوا آخر میں فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جو کہ بمنزلہ سورج ہیں جنکی روشنی میں سب انبیاء علیہم السلام کی شریعت دھیپ گئی منسوخ ہو گئی۔

## کنن

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | اَوْ اَکْنَنْتُمْ (اضمرتم) | یا پوشیدہ رکھو اپنے جی میں | ۲-۲۳۵ |
| ۲-۳ | مَا تُکِنُّ صُدُوْرُھُمْ | جو چھپ رہا ہے انکے سینوں میں | ۲۸-۲۹ |
| | (تخفی قلوبھم) | | |
| | عَلٰی قُلُوْبِھِمْ اَکِنَّۃً | انکے دلوں پر ڈال رکھے ہیں پردے | ۶-۲۵ |
| | (اغطیۃ) | | |
| | قُلُوْبُنَا فِیْٓ اَکِنَّۃٍ | ہمارے دل غلاف کے اندر ہیں | ۴۱-۵ |
| | مِنَ الْجِبَالِ اَکْنَانًا | پہاڑوں سے چھپنے کی جگہیں | ۱۶-۸۱ |
| ۱-۱۶ | کَاَنَّھُنَّ بَیْضٌ مَّکْنُوْنٌ | گویا وہ انڈے ہیں چھپے دھرے | ۳۷-۴۹ |
| | (مستور) | | |
| ۱-۱۶ | اللُّؤْلُؤِ الْمَکْنُوْنِ | موتی کے دانے اپنے غلاف کے اندر | ۵۶-۲۳ |
| | (المصون) | | |
| ۱-۱۶ | فِیْ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ | لکھا ہوا ایک پوشیدہ کتاب میں | ۵۶-۷۸ |

کَنَّ (یَکُنُّ کَنًّا وکُنُوْنًا وکَنَّتَ وَاَکَنَّ) ڈھانپا اور دھوپ سے بچایا۔ کَنَّ العِلْمَ علم چھپایا۔ اِکْتَنَّتِ المَرْاَۃُ۔ بوجہ حیا عورت نے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔ کِنٌّ ج اَکْنَان۔ اَکِنَّۃ۔ بچاؤ۔ پردہ۔ گھر۔ کَنَّۃٌ۔ بیٹے یا بھائی کی عورت ج کَنَائِن۔ کُنَّۃٌ ج کُنَّات۔ کِنَان۔ دروازے کا چھجہ۔ کانُوْن ج کَوَانِیْن۔ چولہا جب کہ گرم ہے۔ بنو کنانہ۔ آنحضرت کا نسب ہے

## کوب

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ ذَھَبٍ وَّاَکْوَابٍ | سونے کی اور آبخورے | ۴۳-۷۱ |

(اقداح بلا عری)

| | | |
|---|---|---|
| بِاَکْوَابٍ وَّاَبَارِیْقَ | آبخورے اور کوزے | ۵۶-۱۸ |
| وَاَکْوَابٍ کَانَتْ قَوَارِیْرَا | اور آبخورے جو ہو رہے ہیں شیشے کے | ۷۶-۱۵ |
| کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ | جیسے ایک ستارہ | ۲۴-۳۵ |
| اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا | گیارہ ستاروں کو | ۱۲-۴ |
| رَاٰ کَوْکَبًا | دیکھا ایک ستارہ | ۶-۷۶ |
| بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ | ایک رونق جو تارے ہیں | ۳۷-۶ |

کَابَ (یَکُوْبُ کَوْبًا وَاکْتَابَ) کوب سے پانی پیا۔ کوب اس پیالہ یا برتن کو کہتے ہیں جس کو پکڑنے کی مٹھی نہ ہو ج اَکْوَاب۔ کَوْکَبٌ ج اَکْوَاب ستارہ سخت گرمی، قوم کا سردار۔ کَوْکَبُ البئر سرچشمہ چاہ۔ پانی نکلنے کی جگہ۔

## کود

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | مَا کَادَ یَزِیْغُ | قریب تھا کہ پھر جاویں | ۹-۱۱۶ |
| ۱-۱ | اِنْ کَادَ لَیُضِلُّنَا | یہ تو ہم کو بچلا ہی دیتا | ۲۵-۴۲ |
| ۱-۱ | وَمَا کَادُوْا یَفْعَلُوْنَ | اور وہ لگتے نہ تھے کہ ایسا کرتے | ۲-۷۱ |
| ۱-۱ | وَکَادُوْا یَقْتُلُوْنَنِیْ (قاربوا) | اور قریب تھے کہ مجھ کو مار ڈالیں | ۷-۱۵۰ |
| ۱-۱ | وَاِنْ کَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَکَ | اور وہ لوگ تو چاہتے تھے کہ تجھے بچلا دیں | ۱۷-۷۳ |
| ۱-۱ | وَاِنْ کَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَکَ | اور وہ تو چاہتے تھے کہ گھبرا دیں تجھ کو | ۱۷-۷۶ |
| ۱-۱ | اِنْ کَادَتْ لَتُبْدِیْ بِہٖ | قریب تھی کہ ظاہر کر دے بے قراری کو | ۲۸-۱۰ |
| ۱-۱ | لَقَدْ کِدْتَّ تَرْکَنُ اِلَیْھِمْ | تو لگ جاتا جھکنے | ۱۷-۷۴ |
| | (قاربت) | | |
| ۱-۱ | اِنْ کِدْتَّ لَتُرْدِیْنِ | تو تو ڈالنے لگا تھا مجھے گڑھے میں | ۳۷-۵۶ |
| ۱-۳ | یَکَادُ الْبَرْقُ (یقرب) | قریب ہے کہ بجلی | ۲-۲۰ |
| ۱-۳ | وَلَا یَکَادُ یُسِیْغُہٗ | اور اس کو گلے سے اتار نہیں سکتا | ۱۴-۱۷ |
| ۱-۵ | لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا (لم یقرب) | لگتا نہیں کہ اس کو سوجھے | ۲۴-۴۰ |
| ۱-۳ | لَا یَکَادُوْنَ یَفْقَھُوْنَ | ہرگز نہیں لگتے کہ سمجھیں | ۴-۷۸ |
| | (لا یقاربون) | | |
| ۱-۳ | تَکَادُ السَّمٰوٰتُ | ابھی آسمان پھٹ پڑیں | ۱۹-۹۱ |
| ۱-۳ | اَکَادُ اُخْفِیْھَا لہ | میں مخفی رکھنا چاہتا ہوں | ۲۰-۱۵ |

کَادَ (یَکُوْدُ کَوْدًا وَمَکَادًا وَمَکَادَۃً) کام کرنے کے لئے نزدیک تو آیا مگر کیا نہیں، یہ افعال مقاربہ سے ہے (کَادَ یَفْعَلُ۔ کِیْدَ یَفْعَلُ) دونوں طرح ہے لہ ارادہ کے معنی میں بھی آتا ہے (اَکَادُ اُخْفِیْھَا) ای اُرِیْدُ۔ اور کبھی کلام کے صلہ میں بھی آتا ہے (لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا) لَمْ یَرَھَا

## کور

۲- اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ — جب سورج کی دھوپ تہ ہو جاوے — ۱-۸۱

(کوّرت)

۳- يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ — لپیٹتا ہے رات کو دن پر — ۵-۳۹

(ربی-خل)

۳- وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ — اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر — ۵-۳۹

(يُكَوِّرُ كَوْرًا) العمامة۔ پگڑی کو سر پر لپیٹا۔ كَوَّرَ الْمَتَاعَ۔ اسباب ایک دوسرے پر رکھ دیا۔ كَوَّرَ اللهُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ۔ رات کو دن میں داخل کیا۔ كُوِّرَتِ الشَّمْسُ۔ روشنی اکٹھی کی جاوے گی، یا کہ روشنی کو پگڑی کی طرح لپیٹا جاوے گا۔ كَوْر۔ پگڑی کے پھیر اور طبیعت۔ مِكْوَر۔ پگڑی

## کوکب

(دیکھو کوب)

## کون

۱- وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ — وہ تھا وہ کافروں میں کا — ۳۴-۲
۱- وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ (ينبغي) — اور نبی کا کام نہیں — ۱۶۱-۳
۱- وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ — اور مومن کا کام نہیں — ۹۲-۴
۱- مِمَّا كَانَا فِيْهِ (من النعیم) — تھے دونوں اس میں — ۳۶-۲
۱- كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ — تھے وہ حکم عدولی کرتے — ۵۹-۲
۱- وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً — اگر وہ ایک لڑکی ہے — ۱۱-۴
۱- كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ — دونو عورتیں تھیں ماتحت — ۹-۶۶
۱- اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ — اگر وہ عورتیں ایمان دار ہیں — ۲۲۸-۲
۱- اِنَّ كَيْدَكُنَّ — بے شک تمہارا فریب بڑا — ۲۸-۱۲
۱- وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ — اور تھا تو فساد کرنیوالوں میں — ۹۱-۱۰
۱- لَكُنْتُمْ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ — ہوتے تم خسارہ اٹھانے والے — ۶۴-۲
۱- اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِيْنَ — تھی تو خطاکار — ۲۹-۱۲
۱- اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ — اگر ہو تم چاہتی — ۲۸-۳۳
۱- اَيْنَمَا كُنْتُ — میں جہاں کہیں ہوں — ۳۱-۱۹
۱- اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ — مگر ہم تم پر ہوتے ہیں — ۶۱-۱۰
۱-۱ وَمَا اسْتَكَانُوْا (خضعوا) — اور نہ دب گئے — ۱۴۶-۳
۱-۱ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ — پھر نہ عاجزی کی انہوں نے — ۷۶-۲۳

(تَوَاضَعُوْا)

۱-۳ مَا يَكُوْنُ لِيْ — مجھ کو لائق نہیں — ۱۱۶-۵
۱-۳ فَيَكُوْنُ — ہو جاتا ہے — ۱۱۷-۲
۱-۳ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا — اور ہو جائیں گے ان کے مخالف — ۸۲-۱۹
۱-۳ لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ — باقی نہ رہے فساد — ۱۹۳-۲
۱-۳ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ — ہو وہ پتھر میں — ۱۶-۳۱
۱-۳ فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاءً — ہو جاؤ تم برابر — ۸۹-۴
۱-۳ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ — یہ کہ ہوں میں جاہلوں میں — ۶۷-۲
۱-۳ اَكُنْ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ — میں ہو جاؤں گا نقصان والوں میں — ۴۷-۱۱
۱-۳ اَكُنْ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ — میں ہو جاؤں بے عقل — ۳۳-۱۲
۱-۵ لَمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ — جس کے گھر والے نہ رہتے ہوں — ۱۹۶-۲
۱-۵ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ — پھر نہ ہوا کہ کام آئے — ۸۵-۴۰
۱-۵ اِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ — اگر نہ ہوں دو مرد — ۲۸۲-۲
۱-۵ اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ — نہ تھی زمین اللہ کی — ۹۷-۴
۱-۵ وَلَمْ اَكُ بَغِيًّا — نہیں تھی بدکار — ۲۰-۱۹
۱-۵ لَمْ نَكُ نُطْعِمُ — ہم نہ کھلاتے تھے — ۴۴-۷۴
۱-۹ لَيَكُوْنَنَّ اَهْدٰى — البتہ ضرور ہونگے — ۴۲-۳۵
۱-۹ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ — ہم ضرور ہوں گے خسارہ اٹھانیوالے — ۲۳-۷
$\frac{1}{9-13}$ فَلَا تَكُوْنَنَّ — تو کبھی نہ ہو — ۱۴۷-۲
۱-۱۱ فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ — پھر وہ ہٹ جاویں تمہارے پیچھے — ۱۰۲-۴
۱-۱۱ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ — چاہیئے کہ ہوں — ۱۰۴-۳
۱-۱۱ كُنْ فَيَكُوْنُ — ہو جا — ۱۱۷-۲
۱-۱۱ كُوْنُوْا قِرَدَةً — ہو جاؤ بندر — ۶۵-۲
۱-۱۱ يَا نَارُ كُوْنِيْ — اے آگ ہو جا ٹھنڈی — ۶۹-۲۱
۱-۱۳ وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ — اور نہ ہو ساتھ کافروں کے — ۴۲-۱۱
۱-۱۳ وَلَا تَكُوْنُوْا — اور نہ ہو — ۱۴۷-۸
وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ — اور ضرور ہوگا بے عزت — ۳۲-۱۲

(نون خفیفہ سے)

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ — ہر جگہ سے — ۲۲-۱۰
اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا — وہ برا ہے درجہ میں — ۶۰-۵
اِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ — اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا — ۱۴۳-۷
مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ — کھڑے رہو تم اپنی اپنی جگہ — ۲۸-۱۰

عَلٰی مَکَانَتِھِمْ — جہاں کہ جگہ (اپنی جگہ پر) — ۶-۳۶-۶۷

عَلٰی مَکَانَتِکُمْ — تم اپنی جگہ پر — ۶-۱۳۶

نوٹ:۔ اہل لغت استکانوا کو کین میں بھی لاتے ہیں معنی میں کوئی فرق نہیں مکان کو مکن میں بھی درج کرتے ہیں، اور کون میں بھی لکھ دیتے ہیں۔

کَانَ (یَکُوْنُ کَوْنًا وَکِیَانًا وَکَیْنُوْنَۃً) ہوگیا، وجود میں آیا۔ افعال ناقصہ میں آتا ہے۔ کَوَّنَ (تَکْوِیْن) الشَّیْءَ۔ اَحْدَثَہٗ او جعلہٗ۔ اِسْتَکَانَ۔ عاجز اور ذلیل ہوا۔ کَوْن۔ عالم وجود دنیا۔ کَائِن۔ حادث۔ کَائِنَۃ ج کَوَائِن کائنات۔ مَکَان ج اماکن۔ مَکَانَۃ ج مَکَانَات

## کوی

۱-۴ فَتُکْوٰی بِھَا (تحرق) — داغ دئے جاوینگے اس سے اُن سونے چاندی — ۹-۳۵

کَوٰی (یَکْوِیْ کَیًّا) فلانًا۔ کاویہ کے ساتھ اس کے چمڑے کو جلادیا۔ کَوَتِ العقربُ۔ بچھو نے کاٹا۔ کَاوٰی (مکاواۃ) الرجلَ گالی دی۔ کَوَّاء بدزبان۔ کَوّٰی نفسہٗ۔ اپنی بے جا تعریف کی۔ مِکْوٰی ج مَکَاوِی۔ استری کَاوِیَۃ۔ داغ دینے کا آلہ۔ کَوَانِیْ بِعَیْنِہٖ۔ مجھے گھور کر دیکھا

## کہف

اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ — غار والے — ۱۸-۹

عَنْ کَھْفِھِمْ — ان کی کھوہ سے — ۱۸-۱۷

فِیْ کَھْفِھِمْ — اپنی کھوہ میں — ۱۸-۲۵

تَکَھَّفَ الجبلُ۔ پہاڑ پھٹا اور غار ہوگئی۔ اِکْتَھَفَ الْکَھْفَ۔ غار میں داخل ہوا۔ غار اور کہف میں فرق ہے۔ کہف اگر چھوٹی ہو، تو اسے غار کہتے ہیں۔ ج کھوف

## کہل

فِی الْمَھْدِ وَکَھْلًا — گود میں اور جبکہ پوری عمر میں ہوگا — ۳-۴۶ / ۵-۱۱۳

کَھَلَ (یَکْھَلُ کُھُوْلًا وَکَھِلَ یَکْھَلُ کُھُوْلَۃً) کہل میں آیا۔ کہل ۳۰ برس سے ۵۰ برس کی درمیانی عمر ج کُھُوْل۔ کِھَال۔ کُھْلَان۔ کَاھِل ج کَوَاھِل پشت۔ فلانٌ شدیدُ الکاھل۔ بڑی برادری والا کُھُوْل۔ عنکبوت

## کہن

۱-۱۵ وَلَا بِقَوْلِ کَاھِنٍ — اور نہ کہا ہریوں والے کا — ۶۹-۴۲

۱-۱۵ بِکَاھِنٍ — جنوں سے خبریں لینے والا — ۵۲-۲۹

کَھَنَ (یَکْھَنُ کَھَانَۃً وَتَکَھَّنَ) تَکَھُّنًا) غیب کی باتیں بتایا اور مقدر بتایا کَھُنَ (یَکْھُنُ کَھَانَۃً) وہ کاہن ہوگیا۔ کَھَانَۃ۔ کسب کاھن کُھُوْنَۃ۔ کاہن کی مزدوری۔ کَاھِن ج کُھَّان۔ کَھَنَۃ۔ اسرار غیب بتانے والا۔

## کھیعص

دیکھو بحث حروف مقطعات

## کی

دیکھو بحث حروف

## کید

۱-۱ کِدْنَا لِیُوْسُفَ — داؤ بتایا ہم نے یوسف کو — ۱۲-

۱-۱ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ — وہ لگے ہیں ایک داؤ کرنے میں — ۸۶-

۱-۳ فَیَکِیْدُوْا لَکَ — پھر وہ فریب بناویں گے تیرے لئے — ۱۲-

۱-۳ وَاَکِیْدُ کَیْدًا — اور میں لگا ہوں ایک داؤ کرنے میں — ۸۶-

۱-۹ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ — میں علاج کرونگا تمہارے بتوں کا — ۲۱-

۱-۱۱ ثُمَّ کِیْدُوْنِ — پھر برائی کرو میرے حق میں — ۷-

۱-۱۱ فَکِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا — سو برائی کرو میرے حق میں سب مل کر — ۱۱-
(اختالوا ھلاکی)

۱-۱۴ ھُمُ الْمَکِیْدُوْنَ — وہی داؤ میں آجاتے ہیں — ۵۲-
(المغلوبون المھلکون)

۱-۲۲ اِنْ کَانَ لَکُمْ کَیْدٌ — اگر کچھ تمہارا داؤ ہے — ۷۷-

۱-۲۲ اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطٰنِ — بے شک فریب شیطان کا — ۴-

۱-۲۲ ھَلْ یُذْھِبَنَّ کَیْدُہٗ — کچھ جاتا رہا اس کی تدبیر سے — ۲۲-

۱-۲۲ کَیْدُھُمْ شَیْئًا — کچھ ان کے فریب سے — ۳-

۱-۲۲ بِکَیْدِھِنَّ عَلِیْمٌ — ان کا فریب تو جانتا ہے — ۱۲-

۱-۲۲ فَصَرَفَ عَنْہُ کَیْدَھُنَّ — دفع کیا ان سے انکا فریب — ۱۲-

۱-۲۲ فَاَجْمِعُوْا کَیْدَکُمْ — مقرر کر لو اپنی تدبیر — ۲۰-

۱-۲۲ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ — بے شک یہ تمہارا بڑا فریب ہے — ۱۲-

۱-۲۲ اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ — بے شک میرا داؤ پکا ہے — ۶۸-

کَادَ (یَکِیْدُ کَیْدًا) مکر کیا، فریب دیا۔ فریب سکھایا۔ لڑا۔ برا ارادہ کیا۔ حیلہ کیا۔ کَیْد ج کِیَاد۔ حیلہ مکر خبث۔ لڑائی۔ مَکِیْدَۃ مکر خبث۔ کَیَّاد۔ بڑا حیلہ گر۔

## لبب

| | | |
|---|---|---|
| یٰاُولِی الْاَلْبَابِ | اے عقل مندو | ۲-۱۷۹ |
| اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ | مگر عقل والے | ۳-۷ |

لَبَّ (یَلِبُّ لَبًّا ولُبًّا ولَبَابَۃً) صاحب عقل ہوا۔ لُبٌّ ج اَلْبَاب
اَلَبَّ لَبَّیْکَ۔ ای الباباً بعد الباب واقامۃ علی اطاعتک
بعد اقامۃ واجابۃ بعد اجابۃ۔ میں تیرا حکم مانتا ہوں۔ لُبٌّ لُبَاب
ہر چیز کا مغز اور اصل بعض صرفی اس کو لَبُبَ یَلْبُبُ میں لاتے ہیں مگر مضاعف
میں یہ باب نادر ہے۔

## لبث

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ (ما تاخر) | پھر دیر نہ کی | ۱۱-۶۹ |
| ۱-۱ | فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ | پھر رہا قید میں | ۱۲-۴۲ |
| ۱-۱ | لَلَبِثَ فِیْ بَطْنِہٖ | رہتا اسی کے پیٹ میں | ۳۷-۱۴۴ |
| ۱-۱ | وَلَبِثُوْا فِیْ کَہْفِہِمْ | اور مدت گزری انپر غار میں | ۱۸-۲۵ |
| ۱-۱ | کَمْ لَبِثْتَ (مکثت ہہنا) | تو کتنی دیر یہاں رہا | ۲-۲۵۹ |
| ۱-۱ | فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ | پھر تو ٹھہرا رہا کئی برس | ۲۰-۴۰ |
| ۱-۱ | اِنْ لَبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا | دیر نہیں لگی تم کو مگر تھوڑی | ۱۷-۵۲ |
| ۱-۱ | کَمْ لَبِثْتُمْ فِی الْاَرْضِ | کتنی دیر رہے تم | ۲۳-۱۱۲ |
| ۱-۱ | قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا (مکثت) | رہا میں ایک یوم | ۲-۲۵۹ |
| ۱-۱ | لَبِثْتُ فِیْکُمْ | ٹھہرا میں تم میں | ۱۰-۱۶ |
| ۱-۱ | قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا | بولے ہم رہے ایک دن | ۲۳-۱۱۳ |
| ۱-۵ | وَمَا تَلَبَّثُوْا بِہَا | اور دیر نہ کریں اس میں | ۳۳-۱۴ |
| ۱-۳ | وَاِذًا لَّا یَلْبَثُوْنَ | اس وقت نہ ٹھہریں گے | ۱۷-۷۶ |
| ۱-۵ | کَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْا | جیسے کہ نہیں ٹھہرے | ۱۰-۴۵ |
| ۱-۱۵ | لٰبِثِیْنَ فِیْہَآ اَحْقَابًا | رہا کریں اس میں قرنوں | ۷۸-۲۳ |

لَبِثَ (یَلْبَثُ لُبْثًا ولَبْثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَۃً ولَبِیْثَۃً) ٹھہرا۔
تَلَبَّثَ۔ ٹھہرا۔ توقف کیا۔ لَبَّثَ۔ اَلْبَثَ ٹھہرایا۔ اَللُّبْثَۃُ۔ توقف

## لبد

| | | |
|---|---|---|
| عَلَیْہِ لِبَدًا | اس پر جھرمٹ | ۷۲-۱۹ |
| مَالًا لُّبَدًا | مال ڈھیروں | ۹۰-۶ |

لَبَدَ (یَلْبُدُ لُبُوْدًا) بالشئی۔ ایک چیز دوسری پر چڑھ گئی لُبْدَۃٌ
(ج لِبَدٌ لُبَدٌ۔ اَلْبَادٌ۔ لُبُوْدٌ) الاسد شیر کے ایال۔ اَبُو لُبَدٍ شیر
لَبِدٌ۔ گھوڑے کا تاہرو۔ لِبَدٌ۔ قوم مجتمعون۔ لُبَدٌ۔ وہ مرد کہ گھر
نہ چھوڑے اور سفر نہ کرے (گھر بلو) مَالٌ لُبَدٌ۔ لَبَّدَ الَّیْلُ بَصَرَ
المُصَلِّی۔ نمازی کی نظر سجدہ گاہ پر جمی رہی

## لبس

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | وَلَلَبَسْنَا عَلَیْہِمْ (شبہنا) | اور انکو اس شبہ میں ڈالتے | ۶-۹ |
| ۱-۳ | اَوْ یَلْبِسَکُمْ شِیَعًا | یا بھڑا دے تم کو مختلف کر کے | ۶-۶۵ |
| ۱-۳ | مَا یَلْبِسُوْنَ | جس شبہ میں اب پڑ رہے ہیں | ۶-۹ |
| ۱-۳ | لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ | کیوں ملاتے ہو سچ میں جھوٹ | ۳-۷۱ |
| | (لم تخلطون) | | |
| ۱-۵ | وَلَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَہُمْ | اور نہیں ملایا انہوں نے اپنے یقین | ۶-۸۲ |
| | (یخلطوا) | | |
| ۱-۱۱ | وَلِیَلْبِسُوْا عَلَیْہِمْ | اور ملادیں ان پر | ۶-۱۳۷ |
| ۱-۱۳ | وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ | اور نہ ملاؤ صحیح میں | ۲-۴۲ |
| ۱-۳ | یَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا | اور پہنیں گے کپڑے سبز | ۱۸-۳۱ |
| ۱-۳ | حِلْیَۃً تَلْبَسُوْنَہَا | گہنا جو پہنتے ہیں | ۱۶-۱۴ |
| ۱-۱۹ | لَبُوْسٍ لَّکُمْ (درع) | ایک تمہارا لباس ہے | ۲۱ |
| | لِبَاسَہُمَا | ان دونوں کا لباس ہے | ۷ |
| | وَلِبَاسُہُمْ فِیْہَا | اور انکی پوشاک اس میں | ۲۲ |
| | ہُنَّ لِبَاسٌ لَّکُمْ | وہ عورتیں تمہاری پوشاک ہیں | ۲ |
| | وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّہُنَّ | اور تم اپنی عورتوں کے لباس ہو | ۲ |
| | لِبَاسُ التَّقْوٰی | اور لباس پرہیزگاری کا | ۷ |
| | (العمل الصالح) | | |
| | لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ | تن کے کپڑے ہوگئے بھوک اور ڈر | ۱۶-۱۱۲ |
| | اللَّیْلَ لِبَاسًا | اور رات کو اوڑھنا | ۷۸-۱۰ |
| | (ساتر بسواد کا) | | |
| ۱-۲۲ | بَلْ ہُمْ فِیْ لَبْسٍ (شک) | بلکہ وہ دھوکہ میں | |

لَبَسَ (یَلْبِسُ لَبْسًا) عَلَیْہِ الامر۔ ملا دیا۔ مشکوک کردیا خلط ملط
لَبِسَ (یَلْبَسُ لُبْسًا) الثوب۔ کپڑا پہنا۔ اَلْبَسَہٗ۔ اسے پہنایا
پہنا اور شبہ میں پڑنا دونوں معنی ہیں۔ لِبْسٌ ج لُبُوْسٌ۔ لِبَاسٌ
ج لُبُسٌ۔ لَبُوْسٌ۔ درع یا زیادہ کپڑے تَلْبِیْسٌ حقیقت چھپا
ظاہر ہونا۔ مَلْبَسٌ ج مَلَابِسُ۔ جو چیز پہنی جائے۔ لُبْسٌ۔

لَبُوسَۃٌ و اِلتِبَاس۔ شبہ میں پڑنا

## لبن

لَبَنًا خَالِصًا ‏ دودھ خالص ‏ ۱۶-۶۶

وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ ‏ اور نہریں دودھ کی ‏ ۴۷-۱۵

لَبَنَ (یَلْبُنُ لَبْنًا) الرجل۔ آدمی کو دودھ پلایا۔ لَبَنَ بِالعَصَا۔ بڑا سخت مارا۔ لَبِنَ (یَلْبَنُ لَبَنًا) الرجلُ۔ زیادہ کھایا۔ لَبِن۔ لِبْن۔ اینٹ۔ اس کا واحد لَبِنَۃٌ ہے۔ لَبِن۔ لَبُون۔ دودھ چاہنے والا ج لِبَان۔ لُبْن۔ لُبُن لَبِنَۃٌ۔ دودھ پلانے والی۔ بِنتِ لَبُون ۳ سالہ اونٹنی کا بچہ۔ لِبَان مِن الشَّجرۃ۔ گوند وغیرہ۔ لُبَان۔ صنوبر۔ کندر۔ ایک درخت ہے جو کہ بخور دوائی کام آتا ہے۔ لَبِیْن جسے دودھ کی غذا دی جائے۔ لَبَّان اینٹ بنانے والا

## لجأ

